گرم نزلہ کھانسی کا تریاق ہے۔ صفراء اور بلغم کی کھانسی، نزلی کھانسی، سل کی کھانسی ان سب میں نہایت مفید ہے۔ صمغ عربی، کتیرا، شکر تیغال، افیون ہر ایک ۴ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، شکر سفید ۲ تولہ، شہد سفید ۲ تولہ، بطور معجون کے بنائیں۔

خوراک: ۲ رتی سے ۵ رتی تک صبح و شام۔ (ز)

اکسیر نزلہ و زکام:

اسطوخودوس تولہ، برگ کشمیری ۲ تولہ، کلونجی ۲ تولہ، کائفل ۱ تولہ، پوست بندق ہندی ۶ ماشہ، الائچی خورد ۶ ماشہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، سب دواؤں کو کوٹ چھان کر نسوار بنالیں۔ (ز)

زکام:

جند بیدستر ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، رب السوس ۶ ماشہ، دارچینی ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، صمغ عربی ۵ ماشہ، کتیرا ۵ ماشہ، نشاستہ ۵ ماشہ، حب بقدر فلفل بنالیں۔ عجیب شئ ثابت ہوتی ہے۔ (ز)

نسوار نزلہ:

(۱) چاول ساٹھی کو شیر مدار میں اچھی طرح تر کر کے پیس کر محفوظ رکھیں۔ استعمال اوراق میں دیکھنا۔

(۲) خولجان تولہ، لونگ ۶ ماشہ پیس کر وزن کر کے ملائیں۔ (از: حکیم عبدالمجید صاحب)

نسوار نزلہ و شقیقہ وغیرہ:

نوشادر، مشک، کافور، گیرو، ہر ایک ۳ ماشہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں، اور بوقت حاجت بطور نسوار ذرا سی ناک میں چڑھائیں۔ چھینکیں آ کر مرض رفع ہو جائے گا۔

فوائد: دردِ سر، شقیقہ، نزلی، بند نزلہ، بے ہوشی ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ (ز)

حب تریاق شفاء:

نزلہ قدیم اور جدید کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

رب السوس، بزرالبنج ہر ایک ۶ ماشہ، صمغ ببول، افیون، آرد، اصل السوس مقشر ہر ایک ۴ ماشہ بدستور جملہ ادویہ مسحوق آب کے ساتھ حبوب بقدر مرچ سیاہ بنالیں۔

خوراک: ایک تا تین حب رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ، چاول اور روغن سے پرہیز نہایت ضروری ہے۔ (ز)

نوٹ: دودھ اول خوب گرم کر کے بعدہ چھان کر پئیں۔ تا کہ ملائی کھانے میں نہ آئے۔ (ز)

اکسیر نفوخ نزلہ:

تخم سرس نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ ایک سرخ مریض کو نفوخ کرایا جائے۔

فوائد: آنکھ میں اگر سرخی کسی علاج سے نہ جاتی ہو تو نفواخ نزلہ کے استعمال سے فوری فائدہ ہوتا ہے۔ نفوخ نزلہ کا تکرار وقفہ دے کر کیا جائے۔ امراض چشم میں نفوخ نزلہ ہی اکثر میرا استعمال ہے، یعنی معمول مطب ہے۔ (ز)

زکام و نزلہ (زکام و نزلہ بارد و حار و تقویت دماغ) (از: حکیم محمد قاسم سورت)

ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، کشتہ فولاد، اصل السوس مقشر ہم وزن حب نخودی در شہد سازند، صبح و شام یک حب ہمراہ مسکہ یا آب تازہ۔ (ب)

حب نزلہ وزکام وکھانسی:

پھٹکری بریاں، افیون، رب السوس، صمغ عربی، ہم وزن حب خورد از نخود سازند۔ بارد وحار دونوں میں مفید ہے۔ نیز مزمن غیر مزمن۔ اگر دائمی نزلہ وزکام ہو۔ دو ہفتہ تک استعمال کافی ہے۔ یک یک حب صبح وشام۔ (ب)

حب فولاد عنبری:

جوہر سم الفار ۱، سلاجیت ۶، کشتہ فولاد ۶، عنبر اشہب ۳، عرق گاؤزبان میں کھرل کرکے حبوب بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

خوراک: صبح اور سوتے وقت ایک ایک گولی۔

فوائد: پرانے نزلہ وزکام کے لیے جو کسی دوا سے اچھا نہ ہوتا ہو، بارہا کی مفید اور مجرب ہے۔ (ب) (بیاض الاطباء، ص: ۹۸)

نسخہ نزلہ وبائیہ (انفلوئنزا):

دارچینی ایک ڈرام، لونگ ۱۰ گرین، زنجبیل ۳۰ گرین۔ ایک سیر پانی میں پندرہ منٹ تک جوش دیا جائے۔ ہر تین گھنٹے کے بعد ایک چھٹانک پلایا جائے۔ (ب) (از حضرت والد صاحب، بحوالہ الحکیم ۱۹۱۹ء انگریز ڈاکٹر نے اعلان کیا تھا)

صرع:

گل منڈی ایک ماشہ پان میں رکھ کر ۴۰ روز تک کھلائیں۔ (ز)

معجون صرع اسراری:

عاقر قرحا ۵ تولہ کا سفوف پارچہ بیز کریں۔ پھر اس کو ۵ تولہ سرکہ انگوری میں حل کریں۔ پھر اس کو ۵ تولہ عسل مصفی میں ملا کر محفوظ رکھیں۔ اور بقدر ۳ ماشہ کھا کر دوپہر ۴ تولہ شربت اسطوخودوس خانہ ساز پلائیں۔ واقعی پر اسرار چیز ہے۔ (ز)

صرع:

جند بیدستر ۱۱ ماشہ، عود صلیب ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲/۱ تولہ، تنکار بریان ۲ تولہ، باریک کرکے ۵ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان کے دیں۔ (ز)

صرع:

پوست ریٹھہ مثل غبار کرلیں۔ اس میں سے ہر روز ۲/ ۳ ماشہ لے کر چار تولہ میں نقوع کرکے لعاب نکال لیا کریں۔ اس میں سے چند قطرہ ناک میں ٹپکا لیا کریں، باقی پی لیا کریں۔ دس روز تک اس کا عمل جاری رکھیں۔ اس سے غالباً خشکی معلوم ہوگی۔ اگر ایسا ہو تو شیر، مغز بادام پئیں، اور روغن بادام سر پر ملیں۔

نوٹ: حاملہ عورت کو اس نسخہ کا استعمال نہ کرائیں۔ مارگزیدہ کے لئے بھی مفید ہے۔ سم الفار اور افیون کے زہر کے ازالہ کے لئے بھی مفید ہے۔ (ز)

حب جند:

ام الصبیان، صرع، برودت اعصاب، تشنج اور بلغمی امراض کے لئے لاجواب ہے۔

جند بیدستر، کندر، صبر زرد، ہم وزن بذریعہ شہد دانہ خشخاش سی گولیاں تیار کرلیں۔

ترکیب استعمال: ننھے بچوں کو ایک ایک گولی شیر مرضعہ کے ساتھ دیں اور بڑوں کو ۲/ ۳ گولیاں ماء العسل یا آب تازہ کے ہمراہ دیں۔ (ز) (انتخاب از بیاض الاطباء، الحکیم: ۸۲)

ام الصبیان:

قرنفل کے چند دانے باریک کپڑے میں منڈہ کر کے بطور تعویذ بچے کے گلے میں ڈالیں۔ اس کے بعد شرطیہ درد نہیں پڑے گا۔ دورہ کی حالت میں قرنفل سنگھائیں، فوراً صحت ہوگی۔ (ز)

ام الصبیان:

اگر بچہ کو پیدائش کے روز مسور مسلم کو پانی میں جوش دے کر غسل کرا دیں۔ تو تمام عمر یہ مرض نہ ہوگا۔ (ز)

ثری:

افیون ۶ ماشہ، گلقند ۵ تولہ، سکنجبین سرکہ ۲ تولہ، افیون کو بہت باریک پیس کر اور گلقند کو خشک پتھر کی سل پر پیس کر اور ہر دو کو سکنجبین سرکہ ملا کر کھلائیں۔ (ز) (طب یونانی)

شری:

نوشادر ایک رتی، سکنجبین سرکہ ۲ تولہ، نوشادر کو پیس کر اول کھالیں۔ اوپر سے سکنجبین پی لیں۔ (ز) (طب یونانی)

برائے مصرع آزمودہ ہے:

شیر مدار روزانہ پاؤں کے تلووں پر یا وسط سر پر حلق (سر منڈانے) کے بعد مالش کریں۔ (ب)

* * *

فالج اور لقوہ

فالج اور درد فم معدہ:

ہینگ بقدر نخود کھلانا صاحب فالج کو مفید ہے۔ نیز درد فم معدہ کو نافع ہے۔ (ز)

لقوہ:

اگر سیاہ مرچوں کو باریک پیس کر روغن میں ملا کر لقوہ کے مقام پر لیپ کیا جائے تو اس سے بہتر اور کوئی دوا نہیں ہے۔ (ز)

لقوہ وفالج واختناق:

برائے لقوہ وفالج وغدد کواز تشنج اختناق الرحم وصرع وغیرہ امراض عصبانیہ باردہ بلغمیہ، جدوار ۳، شورہ قلمی ۳، مصطگی رومی ۳، جند بیدستر ۳، عود صلیب ۳، عاقر قرحا ۳، فادزہر حیوانی ۱، مشک خالص ۱، کوٹ چھان کر شیرہ مویز منقی میں حبوب نخودی بنائیں۔ (ب) (ماخوذ از رموز الاطباء ۱ / ۲۰۸) تذکرہ مولوی حکیم عبدالحی بریلوی، از مجربات حکیم محمد قاسم چیچی)

اختناق وصرع اطفال:

عود صلیب ۱۷، جند بیدستر ۱، مشک ۱، زعفران ۹ سرخ، عرق دارچینی قدرے حاجت میں حبوب بقدر عدس بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق دارچینی ۳ تولہ۔ اگر مزاج گرم ہو تو عرق نہ دیں۔ (ب) (الطرائف للشیخ التھانوی، ص: ۷۱)

مالیخولیا:

افسنتین ۵ ماشہ، گل سرخ ۳ ماشہ، مصطگی ۴ ماشہ، گل گاؤزبان ۳ ماشہ، عود ۲ ماشہ، الائچی کلا ۱ ماشہ، طباشیر ماشہ، یہ سفوف مراق میں اکسیر اعظیم ہے۔

خوراک: ۱ ماشہ صبح ۱ ماشہ شام۔ (از ڈاکٹر عبدالحمید صاحب) (ز)۔

کرم دماغ:

پوست بیضہ مرغ ایک تولہ، لال مرچ ۳ ماشہ خوب باریک پیس کر مثل غبار کر لیں۔ اور اس میں سے تھوڑا سا لے کر نسوار بنا لیں۔ اس سے کرم دماغ سب خارج ہو جائیں گے۔ (ز) (طبی فارماکوپیا)

* * *

امراضِ چشم

رمد (آشوبِ چشم، آنکھ آنا)

اکسیر رمد چشم:

رسوت مصفٰے تولہ، بورک ایسڈ ۱ ماشہ، پھٹکری ۵ رتی، زنک سلفیٹ ۲ رتی، عرق گلاب ۱۰ تولہ میں حل کر کے نتھار کر نرم آگ پر بقوام رب خشک کر لیں، رمد و آشوب چشم میں اکسیر ہے۔ سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔ (ز) (از ایڈیٹر)۔

دواء رمد:

(آشوب چشم، سرخی زخم، درد رو ہے بچوں اور جوانوں میں مستعمل ہے)

رسوت ۲ تولہ، املی ۲ تولہ، اناردانہ ۲ تولہ، رات کو پانی میں بھگو دیں، صبح صاف کر کے اس میں پھٹکری بریان ایک تولہ، افیون ۲ ماشہ، ملا کر آہنی ظرف میں اس قدر پکائیں کہ غلیظ القوام ہو جائے، اس میں سے بقدر ۳ ماشہ لے کر عرق گلاب ۵ ماشہ میں حل کر کے شیشی میں رکھیں، ۲/۳ قطرے صبح دوپہر شام آنکھوں میں ٹپکائیں۔ (ز)

شدت درد رمد:

لعاب بہدانہ عورت کے دودھ میں ملا کر دو دو گھنٹہ بعد ٹپکائیں۔ (ز)

درد رمد:

تنکار ایک ماشہ، شب یمانی ۲/۱ ماشہ، عرق گلاب ۲۰ تولہ میں حل کر کے ٹپکائیں۔ (ز)

درد رمد:

سہاگہ ۱ ماشہ، شب بریان ۱ ماشہ، رسوت ۲ ماشہ، افیون ۳ رتی، عرق گلاب میں حل کر کے نتھار لیں۔ پھر کام میں لائیں۔ (ز)

آشوب چشم کے لئے اکسیری نسخہ (ہتھیلی میں سرسوں)

پھٹکری خام ۳ ماشہ، رسونت ۴ ماشہ، مصری خالص ۱ ماشہ، افیون ۶ رتی، نیلہ تھوتھا ۲ رتی۔

ترکیب: رسونت افیون کو ۱ تولہ عرق گلاب میں حل کرلیں۔ بعدہٗ دوسری دوائیں جدا جدا باریک کر کے رسونت والے پانی میں ملا دیں۔ اور اچھی طرح حل کرلیں۔ پھر ململ کے پارچہ سے چھان لیں۔ نیلی شیشی میں رکھ لیں۔ ضرورت کے وقت اس عرق سے ایک دو قطرے آنکھ میں صبح وشام ڈال لیا کریں۔ (ز)

سرخی چشم (پانی جانا):

پرانی مہندی ۶ ماشہ، پھٹکری پھل کردہ ۲ ماشہ ملا کر پوٹلی بنالو اور گرم پانی میں پوٹلی بھگو کر اس کی ٹکور کریں، سرخی دور ہوگی اور درد و کرب رفع ہوجائے گا۔ (ز)

برائے رمد وکھیل (ردھے) وسرخی چشم:

شب یمانی بریان تولہ، گیرو تولہ، لودھ تولہ، صندل سرخ سودہ تولہ، ہلیلہ سیاہ تولہ، ایلوہ مصفی ۶، گلنار (خام کلی) تولہ، چاکسو مقشر تولہ، اصل السوس مقشر تولہ، پارہ گجراتی تولہ، مردار سنگ تولہ، بوریک ایسڈ تولہ، ست مازو (ایسڈ ٹینک) ۶، آنبہ ہلدی ۶، افیون ۶، زعفران ۳، کافور ۳، رسوت مصفی ۵ تولہ، آب برگ تمر ہندی ۱۰ تولہ، آب انار ترش قندھاری ۱۰ تولہ، ادویہ کوفتہ بیختہ ب آب مذکور سحق بلیغ نمودہ حبوب سازند و بعدازاں عندالضرورۃ بہ سلیٹ یا بہ کوزہ گلی بہ آب سانیدہ بربالائے چشم نماد نمایند۔ (ب)

دواء رمد، آشوب چشم، سرخی زخم، درد، ردھے:

بچوں اور جوانوں دونوں میں مستعمل ہے۔ مجرب

رسوت ۲ تولہ، املی ۲ تولہ، انار دانہ ۲ تولہ، رات پانی میں بھگودیں۔ صبح صاف کر کے پھٹکری بریاں تولہ، افیون ۲، ملا کر آہنی برتن میں اس قدر پکائیں کہ قوام غلیظ ہوجائے۔ اس میں سے بقدر ۳ ماشہ لے کر عرق گلاب ۵ ماشہ میں حل کر کے شیشی میں رکھیں ۲ / ۳ قطرے صبح اور شام آنکھوں میں ٹپکائیں۔ (ب)

برائے آشوب چشم (سرخی وغیرہ بے حد مفید مجرب) عطیہ: حکیم مولانا محمد حسن وحدی صاحب

خمیر گاؤ زبان سادہ تولہ بورق نقرہ پیچانیدہ ہمراہ شیرہ مغز تخم کدو، شیرین شیرہ مغز تخم تربوز ۵، لعاب بہدانہ ۳، شیرہ عناب ۵ دانہ، شربت نیلوفر ۲ تولہ، بالائش نوش کند۔

پرہیز: گوشت مچھلی وغیرہ گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔ (ب)

برائے آشوب چشم (سرخی وغیرہ):

عرق گلاب ۲ تولہ، زنک سلفاس ۲ گرین، بورک ایسڈ ۱۰ گرین۔ (ب)

برائے سرخی چشم:

مہندی ۶، پھٹکری بریان ۲، گرم پانی میں پوٹلی باندھ کر آنکھوں کو سینکیں۔ (ب)

برائے آشوب چشم (عطیہ: جناب حکیم نظام الدین صاحب عثمانی)

رسوت تولہ، پھٹکری خام ۳، مصری ۶، کافورا، افیون ایک رتی، رسوت کے زلال میں جو آدھ سیر ہو ادویہ کو حل کریں۔ (ب)

اکسیر جرب الاجفان (از: ایڈیٹر)

رسوت مصفی تولہ، گل کاسنی تولہ، نبات خانہ ساز تولہ، سرمہ بنالیں۔ ککروں کے لئے اکسیر اعظم ہے۔ (ز) (مخزن المرکبات)

جرب الاجفان یعنی ککرہ چشم:

مازو سبز پیس کر پلکوں کے اندر چھڑکنا جالینوس کے نزدیک اس سے بہتر دوائی اور کوئی نہیں ہے۔ (ز)

آب انار ترش پلکوں پر ملنا ایسے جرب کو مفید ہے، جس سے کحال عاجز آئے ہوں۔ مرکبات صغیر وکبیر آنکھوں میں بطور سرمہ لگانا جرب الجفن کو چند یوم میں زائل کرتا ہے۔ (ز) (مخزن المرکبات)

لیموں میں سلائی گھس کر چشم میں بطور سرمہ لگانا بھی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ (ز)

جرب الاجفان:

انار دانہ ۵ تولہ، عرق گلاب ۱۰ تولہ میں رات کو بھگو کر صبح مل کر چھان لیں۔ اور چند گھنٹے پڑا رہنے دیں۔ جب اچھی طرح نتھر جائے تو مقطر کر لیں اور پھر اس میں افیون خالص ۶ ماشہ، رسوت خالص ۹ ماشہ، پھٹکری سفید بریان ۶ ماشہ، نیلا تھوتھا بریان ۲ رتی، کافور دیسی ۱ ماشہ حل کر کے محفوظ رکھیں اور آنکھ میں ڈالیں، درد کو فوراً آرام اور چند مرتبہ کے استعمال سے گندی سے گندی آنکھ بھی درست ہو جائے گی۔ عجیب نسخہ ہے۔ (ز) (ڈاکٹر ویسبراج لاہور)

خارش:

مازو کو خوب پیس کر پلکیں الٹیں اور چٹکی سے ڈالیں تو بہت فائدہ ہوگا۔ (ز)

دمعہ یا ڈھلکہ:

پھٹکری اور سہاگہ ہر دو بریان کر کے برابر وزن لے کر عرق گلاب میں حل کر کے آنکھوں میں لگایا کریں۔ (ز)

دمعہ:

جوز بوا منہ میں رکھنا آنکھوں کو قوت دینے میں زود اثر تدبیر ہے۔ (ز) (علاج المرکبات)

سنبل الطیب، مازو، ہم وزن کا صلایہ کریں اور لگائیں۔ (ز)

سبل:

جست کا پھول ۲۰ ماشہ، سرمہ سیاہ ۲۰ ماشہ، سفیدہ ۴ ماشہ، زنگار ۲ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، سرمہ بنا لیں اور آنکھوں میں لگائیں۔ (ز)

زاج بریان، شورہ قلمی، کف دریا، زرد چوب، نبات سفید ہم وزن سائیدہ لگائیں۔ (ز)

اندھراتا:

سیاہ مرچ، کمیلہ، پیپل (دار فلفل) ہم وزن باریک پیس کر مثل سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ (ز)

پھولا چشم:

چنبیلی کی کلی سایہ میں خشک شدہ ایک حصہ فلفل گرد سفید نصف حصہ۔ ہر دو کو کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ صبح، دوپہر، رات کو سوتے وقت دو دو سلائی آنکھ میں لگائیں۔ کہنہ پھولا انشاء اللہ جاتا رہے گا۔ نہایت مجرب ہے۔ (ز) (حکیم اکبر حسین صاحب، الہ آباد)

پھولا چشم:

زہرہ دنبہ یا نمبز کا پانی ۳ تولہ، افیون خالص ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ، پھٹکری ۱ ماشہ، سب کو ملا کر رکھیں۔ چندروز صاف پانی اوپر سے نتھار لیں اور ایک ایک قطرہ روزانہ دن میں دو مرتبہ پھولا پر ڈالیں۔ چندروز میں کہنہ سے کہنہ پھولا جاتا رہے گا۔ (ز)

دوائی پھولا، جالا:

ظفرہ، شقیقۃ العین، عصابہ اور رمد ہر قسم عمدہ مازو، کوکنار ہر ایک ایک تولہ، پوست انار، رسوت، املی، پھٹکری، پوست ہلیلہ زرد، ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں آٹھ پہر (شبانہ روز) بھگو رکھیں۔ پھر مل چھان کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو افیون، زعفران ہر ایک ۶ ماشہ (جو باریک کر کے پاس رکھے ہوں) ڈال کر نرم آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ گاڑھا سا لیپ بن جائے بس تیار ہے۔ دو وقت سلائی سے لگا کر آنکھ میں ڈالنا چاہئے۔ (ز)

شقیقۃ العین:

یا احتباس نوازل یا مادہ منجمدہ نزلہ ابروؤں میں زنجبیل کو باریک پیس کر کپڑا چھان کر کے تھوڑی سی نسوار دو تین دن لیں۔ بس اللہ تعالیٰ کے فضل سے صحت آپ کی قدم بوسی کرے گی۔

قروح چشم (حکیم عبدالعزیز صاحب، سنگرور)

سفیدہ کاشغری ۱ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، کندر ۱ ماشہ، انزروت ۲ ماشہ، کتیر ۲۱ ماشہ، صمغ عربی ۸ ماشہ، شیاف بنا کر لگائیں۔ (ز)

دوا پھلی:

شب یمانی ۳ تولہ، نیلا تھوتھا ۲ تولہ، رسوت مصفی ۵ تولہ، عرق لیموں کاغذی ۲۰ تولہ میں ایک شب تر کر کے صبح حل کر کے پارچہ بیز کریں اور ظرف آہنی میں پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے اتار لیں۔ سرد ہو جانے پر شیاف بنا رکھیں ہر روز صبح چند قطرے پانی میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں، پھولے، جالے اور پرانی سرخی، رد ہے وغیرہ امراض چشم میں نہایت مفید دوا ہے ہزار ہا پھولوں والوں کو اس سے صحت مکمل بھی ہو گئی۔ (ز)

روہوں کا کامیاب علاج:

شورہ ۴ تولہ، طوطیا ۱ تولہ، پھٹکری ۴ تولہ، تینوں کو آگ پر گداخت کریں۔ اور حالت گداخت میں کافور ۲ ماشہ، افیون محلول ایک ماشہ، پھول جست ۲ ماشہ، ملا کر آگ سے اتار لیں۔ اب کاجل مذکورہ ۶ ماشہ، سفوف شورہ ۱ ماشہ ملا کر رکھیں۔ ہر روز دن میں تین مرتبہ لگائیں۔ اس سے بہتر روہوں کا کامیاب اور مجرب نسخہ آپ کو نہیں ملے گا۔ (حکیم طاہر حسین صاحب عارفی)

پرانے ککروں اور جملہ امراض چشم:

مامیراں چینی، کافور بھیم سینی، کاجل ہر ایک ایک ماشہ کو آب پیاز میں گھس کر شہد ایک تولہ میں ملا کر رات کو سوتے وقت سیدھے لیٹ کر قطرہ قطرہ آنکھ میں ٹپکائیں، مجرب ہے۔ (ز)

اکسیر گل چشم:

زنجبیل، شب بریاں، نمک لاہوری ہم وزن سرمہ بنا کر لگائیں۔ (ڈاکٹر عبدالحمید صاحب)

ضماد برائے ورم:

خارش، ثبورا جفان مجرب اور زود اثر ہے۔

گلیسرین، زنک ایکسائیڈ ہر ایک دو ڈرام دونوں دوائیں کھلے منہ والی شیشی میں یا چینی کی پیالی میں حل کر کے محفوظ رکھیں۔ دو وقت پلکوں پر ضماد کر دیا کریں۔

نوٹ: یہ دوائیں انگریزی دوا فروشوں سے ملیں گی۔ (ز)

شیاف برائے جملہ امراض چشم (مجربہ وعطیہ: محبی حکیم مولوی عظمت اللہ سیالوی)

سرمہ سیاہ تولہ، چاکسو مد بر تولہ، سمندر جھاگ ۶ ماشہ، پھٹکری بریاں ۶ ماشہ، کشتہ جست یعنی جست پھول شدہ ۶ ماشہ، مصری کالی ۶ ماشہ، سب دوائیں باریک کھرل کریں۔ اور رسونت ایک تولہ پانی میں حل کر کے اس کے شیاف بنائیں۔ اور پانی میں رگڑ کر لگائیں۔ (ز)

حدقہ یا شقیقۃ العین:

سرکہ خالص کے چند قطرے کسی پتھر وغیرہ پر گرا کر اوپر سے صدف خورد کو گھسنا شروع کریں۔ یہاں تک کہ پتلا سا لیپ تیار ہو جائے۔ درد والی کنپٹی سے لگا کر اوپر تک ہلکا ہلکا لیپ کریں۔ انشاء اللہ خشک ہونے سے پہلے درد کو آرام ہوگا۔ ابتداء مرض میں بے حد مفید ہے۔

(ماخوذ از کنز المجربات ۱/ ۲۴)

ایضاً:

زردی بیضہ مرغ تازہ لے کر اس میں چونہ آب نارسیدہ حسب ضرورت ملا کر کنپٹی اور ابرو پر جلد لیپ کر دیں۔ کیونکہ دیر کرنے سے لیپ بھربھرا ہو جاتا ہے۔ لیپ پوری طرح سے خشک بھی نہ ہوا ہوگا کہ بفضلہٖ تعالیٰ درد بند ہو جائے گا۔ (ب) (کنز ۱/ ۲۵)

سرمہ سفید برائے جرب الاجفان (ککرے):

جست شگفتہ تولہ، سمندر جھاگ ۶، شورہ قلمی ۳۔ (ب)

ایضاً:

پھٹکری بریاں، سمندر جھاگ، شورہ قلمی۔ (ب)

برائے دھند:

جست کشتہ شدہ تولہ، پھٹکری بریان ۲، نیلا تھوتھا بریان ۶ رتی، چاکسو مدبر ۳ سرمہ بنا کر ایک ایک سلائی لگائیں۔ برائے خوراک اطریفل اسطوخودوس۔ (ب) (انجام، مورخہ ۲۵ ستمبر ۱۹۵۸ء)

ناصور چشم:

ہڑتال طبقی، سوڈا بائیکارب ۲۵، دونوں خوب کھرل کر کے دو گرین مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ چھپکلی سیاہ روغن گجد میں ملا کر ناصور میں ٹپکائیں۔ (ب)

سرمہ:

تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے، جو باعلاج ہوں۔

جست شیریں ۱۰ تولہ، لوہے کی کڑہائی میں ڈالیں۔ کوئلہ کی آگ پر رکھیں اور لوہے کی سیخ سے ہلائے جائیں، نوشادر کی چٹکی ڈالیں، بہت دیر بعد جست پھولنا شروع ہوگا، جب پھول جائے، عرق گلاب میں تین دن کھرل کر کے رکھیں۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی بصر نسخہ ہے۔ دھند سرخی ککرے، چبھن اور دیگر امراض چشم میں مفید ہے۔ (ز)

سفوف شیخ الوقت برائے تقویت البصر:

گل منڈی ۵ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ، سفوف بنا کر بقدر ۹ ماشہ تازہ پانی سے استعمال کریں۔ تقویت بصر کے لئے یہ سفوف بہت عمدہ ہے۔ (ز)

سرمہ عجیب:

ایسڈ بورک ایک اونس، کیلومل اڈرام، زنگ اوکسائڈ ۲ ڈرام، زنگ سلفیٹ، ا گرین ملا کر سرمہ بنالیں اور سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ اکثر امراض چشم میں مفید ہے۔ (ز)

سرمہ بے نظیر:

آنکھوں کو قوت دیتا ہے، نظر کو تیز کرتا ہے۔

سرمہ سیاہ ساڑھے سات تولہ، دانہ الائچی ۳ ماشہ شامل کر کے کھرل کیا جائے اور سونف کو پانی میں جوش دے کر اس کے پانی سے کھرل کریں۔ کم از کم ایک پاؤ پختہ پانی کھرل کرنے کے ذریعہ جذب کرنا چاہئے۔ سلائی سے آنکھو میں لگائیں، ۲ کے سرمہ سے دوروپیہ کماسکے ہو۔ (ز)

سرمہ لاجواب جملہ امراض چشم:

سرمہ سیاہ کی ایک ڈلی بکرے کے پتہ میں ڈال کر منہ ڈورے سے باندھ دیں۔ چھت میں لٹکا ئیں، بالکل خشک ہونے پر سرمہ کو کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ دو دو سلائی دن میں اور شب میں لگایا کریں۔ آنکھوں کی طرف سے بے نیازی حاصل ہوگی۔ ہاں اتنی احتیاط ضروری ہے کہ رات کو سرمہ لگانے کے بعد پانی نہ پیا جائے۔ (ز)

سرمہ عجیب النفع:

گل نیم تولہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ، کافور ا ماشہ سرمہ بنالیں۔ (ز)

سرمہ مقوی بصر:

خصوصاً بوڑھوں کے لئے ایک عجیب تحفہ ہے، ہمارا بارہا کا تجربہ ہے۔ اگر سن رسیدہ اصحاب اس کی مداومت کریں تو ان کی بصارت جوانوں سے بھی زیادہ تیز ہوگی۔ (علامہ زماں استاذ الاطباء حضرت استاذی ومخدومی جناب مفتی حکیم سلیم اللہ صاحب) کے صندوقچہ کا نسخہ ہے جو بلادریغ شائع کیا جاتا ہے، ناظرین اس کی قدر کریں، نسخہ یہ ہے:

سرمہ اصفہانی ۲ تولہ، تخم نیل، کباب چینی ہر ایک ۶ ماشہ، سیماب ۲ ماشہ، اشیاء مذکورہ سرمہ کی طرح کھرل کر کے کافور باریک شدہ دو ماشہ، روح کیوڑہ ۲ تولہ ملا کر دو گھنٹہ تک اور کھرل کریں، بس تیار ہے۔ دو وقت ایک ایک سلائی لگانا چاہئے۔ (ز)

سرمہ محافظ البصر:

سرمہ سیاہ ۵ تولہ، بورک ایسڈ ۲ تولہ، زنگ اوکسائڈ (جست کا پھول) ۲ تولہ، سکہ ا تولہ، پارہ مصفیٰ ا تولہ، مشک کافور ۳ ماشہ، پیپرمنٹ (ست پودینہ) ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: پہلے سکہ کو پگھلا کر پارہ میں شامل کر کے سحق بلیغ کریں۔ پھر باقی ادویہ کو پیس کر شامل کرلیں اور مانند غبار ہوجانے پر مشک کافور اور پیپرمنٹ کو ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت دو دو سلائیاں اور صبح کو بھی دو دو سلائیاں لگایا کریں۔

فوائد: آنکھوں کے جملہ امراض مثلاً ضعف بصر، دھند غبار، جالا، سرخی، ڈھلکہ وغیرہ کے لئے معجز نما اکسیر صفت اور مجرب المجرب تحفہ ہے۔ جو بصارت کا محافظ اور عینک کی عادت چھڑانے کے لئے بھی لاجواب ہے۔ (ز)

سرمہ (ہدیہ: جناب حکیم مولانا محمد ہاشم جان مجددیؒ)

انگار تولہ، جست کشتہ تولہ، افیون تولہ، سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔ (ب)

سرمہ (ہدیہ: مولانا بدر عالم صاحبؒ)

سرمہ قندھاری ۱۲ تولہ، سوہن مکھی ۳، مرجان ۴، ممیرا چینی ۳، مروارید ناسفتہ ۴، صدف سوختہ ۳، یاقوت سرخ ۳، ورق نقرہ ۲ تولہ، ورق طلا ۴، کافور ۶، زعفران ۳، جست کشتہ ۲ درعرق گلاب و کیوڑہ کھرل نمودہ مثل غبار باریک ساختہ باستعمال می برند۔ (ب)

* * *

امراض اذن (کان کی بیماری)

درد گوش، عصبہ ہو یا سوزش اور بثور سے

کاسٹرائیل ۴ ڈرام، کاربالک ایسڈ ۵ ڈرام، کلورل ہیڈریٹ ۱۰ گرین، کافور ۱۰ گرین، خوب ملالیں دو تین قطرے کان میں ٹپکائیں، اکسیر ہے۔ (ز)

برائے درد کان جادو اثر:

سمندر جھاگ باریک پیس لیں اور ایک چٹکی بھر کان میں ڈالیں، بعد میں دو تین قطرہ آب لیموں کے ٹپکائیں، اگر لیموں نہ مل سکیں تو سرکہ عمدہ استعمال میں لائیں۔ دوائی ڈال کر مریض کو ہدایت کریں کہ وہ دس منٹ تک لیٹا رہے، غالباً دوبارہ ضرورت نہ رہے گی بشرطیکہ کان بہتا نہ ہو۔ (ز)

برائے وجع الاذن و بہرا پن:

لہسن کا پانی اور دنبہ کے پتہ کا پانی گرم کر کے کان میں دو تین قطرہ ڈالنا بہرا پن اور درد کو زائل کرتا ہے۔ (ز)

سیلان الاُذن:

بطریق یونانی زرد کوڑی سہاگہ پیس کر اس کی چٹکی کان میں ڈالیں۔ لیموں کا رس کان میں ڈالنے سے بھی ہائیڈروجن پرآکسائیڈ جیسا فائدہ ہوتا ہے۔ مواد گوش کھل کر صاف ہو جاتا ہے۔ (ز)

قرحہ گوش:

آب ترب اور شہد ہم وزن کو اس قدر جوش دیں کہ پانی خشک ہوجائے۔ قرحہ گوش میں اکسیر ہے۔ (ز)

امراض اذن، وجع الاذن:

گائے کا خالص گھی جس قدر پرانا ہو، سریع الاثر ہے۔ دو چار قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔ (ب) (از رموز الاطباء ۲/۱۱۷)

کرم گوش:

صرف شیرۂ برگ شفتالو کان میں ڈالنے سے کرم مرجاتے ہیں۔ (ز) (طبی فارماکوپیا)

* * *

امراض اُنف

رعاف (نکسیر)

نکسیر:

شب یمانی سفید کو مثل غبار کر کے اس کی ناس لیں۔ فوراً خون بند ہو جائے گا۔ (ز)

(از اسرار الاطباء)

دافع نکسیر:

دال نخود ۶ ماشہ، شیر گاؤ ۳ تولہ، شکر سرخ ۶ ماشہ، رات بھر دودھ میں ڈال کر بھگو رکھیں۔ صبح رگڑ کر شکر سرخ ملا رکھیں اور نہار منہ چٹائیں، جتنے روز استعمال کریں گے، اتنے سال نکسیر بند رہے گی۔ (ز) (الطبیب لاہور، جنوری، فروری ۱۹۴۰ء)

اکسیر رعاف:

مازو سبز عمدہ لے کر باریک پیس کر مطب میں رکھیں اور جب کوئی نکسیر والا مریض آئے تو اس کی نسوار دیں۔ نکسیر فوراً بند کرتی ہے۔ (ز) (بیاض الاطباء، الحکیم، ص: ۱۰۵)

اکسیر نفث الدم:

آملہ خشک ۲ تولہ، گلنار تولہ، دم الاخوین ۲ تولہ، گولہ خشک ۲ تولہ، گیرو تولہ سب کو علیحدہ پیس کر نبات ۴ تولہ آمیز کریں اور بقدر ۵ ماشہ صبح کے وقت شیرہ انجبار ۵ ماشہ کے ساتھ دیں، تعریف سے بے نیاز ہے۔

اکسیر الدم:

نکسیر نفث الدم، قے الدم، کثرت حیض و نفاس، کثرت ہیضہ، اسہال خونی، بواسیر کا خون

غرض یہ کہ خون جسم کے کسی راستے سے آتا ہو یا زخم سے خون جاری ہو، اس کے بند کرنے کے لئے یہ بے خطا اور بارہا کا آزمودہ مجرب نسخہ ہے۔ صرف تین خوراک سے بالکل بند ہو جائے گا۔

صفت: کہرباء شمعی کا باریک سفوف کر کے شربت انجبار یا صرف سرد پانی سے بقدر ایک ماشہ استعمال کریں۔ (اگر یہی سفوف مربہ آملہ کے ساتھ استعمال کیا جائے یعنی ۳ رتی ہمراہ یک دانہ مربہ آملہ اسی طرح دن میں تین خوراک دی جائیں۔ نہایت ہی مفید ہوگا) (ز) (جناب حکیم غلام حسین خان شیرانی تونسوی)

قروح الانف:

ذرور برگ عناب خشک کو بیدہ بیختہ جہت رفع آکلہ وقروح خبیثہ خواہ در دہن باشد یا در عضو دیگر دوائی بہترین ہست۔ خصوصاً آنکہ اول غسل برائے عضو بمالند و بالائے آں بپاشند وچوں پوست درخت نرم آزابسایند۔ وبتنہائی یا ہم وزن آں سفید آب (یعنے سفیدہ کاشغری) مخروج کردہ در جوف جراحات خبیثہ پر کنند۔ جہت تنقیہ والتیام آنہا مجرب وبے عدیل است، وخائیدن برگ تازہ آن باعث خدارت وپیچسی زبان وعدم ادراک طعم ادویہ بشع کریہۃ الطعام است۔ لذا قبل از آشامیدن مہلات ادویہ بشعہ مضغ نمایند۔ وجالینوس گفتہ: ندیدم نہ در حفظ صحت موجودہ ونہ در استرداد صحت مفقودہ مانند عناب۔ (ز) (مخزن الادویہ)

اکسیر نکسیر:

پھٹکری بریان، خاکستر جنگلی، اوپلہ خاکستر برابر وزن لے کر مریض کو سنگھائیں۔ فوراً خون بند ہو جائے گا۔ (ب)

ایضاً:

کہرباء شمعی۔ مسحوق ایک ماشہ، شربت انجبار یا صرف سرد پانی میں دیں، ایک پوڑیہ کافی ہے۔ نیز قبض اور بواسیر کے لئے بھی مفید ہے۔ (ب)

دیگر از حکیم محمد قاسم صاحب سورتی:

گل خیرو (یعنی گل خطمی) ایک تولہ رات کو بھگو دیں۔ صبح کو گلقند ۲ تولہ ملا کر مل کر چھان کر نوش کریں۔ (ب)

امراض فم و دندان

قلاع فم (منہ آنا) وثبور دہن:

سہاگہ ۱ ڈرام، شہد خالص ایک اونس میں ملا کر روئی کی پھریری سے یا کپڑے پر قدرے لگا کر منہ کے اندر لگائیں۔ (ز)

برائے درد دندان:

کونین سلفاس ارتی، افیون مصفی ارتی، دونوں کو ملا کر گولی بنالیں اور سوراخ میں رکھ دیں۔ دس منٹ میں بالکل آرام ہوگا، مجرب ہے۔ (ز)

برائے درد دندان وکرم آن:

اس نسخہ سے کیڑے وغیرہ بھی مرجاتے ہیں اور درد کو فوراً تسکین دیتا ہے۔ تمباکو یورپی ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ، نمک سیاہ ۱ تولہ، فلفل گرد ۱ تولہ، سفوف بنا کر استعمال کریں۔ (ز)

”ٹوتھ ڈراپ“ درد دندان کی بے خطا دوا:

کلوروفام ۶۸ حصہ، آئیل کلووز (روغن قرنفل) ۶۸ حصہ، آئل پیپرمنٹ ۶۸ حصہ، کافور ۶۲ حصہ، کاربالک ایسڈ ۱۰۰ حصہ ملا کر محفوظ رکھیں اور عندالضرورت ہلا کر روئی کا پھویہ متالم دانت پر لگائیں۔ (ز)

درد داڑھ:

نمک سفید خوردنی خوب باریک پیس کر رکھیں اور مخالف طرف ناک میں زور سے پھونکیں۔ منٹوں میں درد دور ہو جائے گا۔ (ز)

درد دندان:

کاربالک ایسڈ ۲ تولہ، کافور ۲ تولہ، ایک شیشی میں ڈال کر مضبوط ڈاٹ سے بند کردیں۔ تھوڑی دیر میں روغن تیار ہوجائے گا۔ روئی کی پھریری سے دانت پر لگائیں (ب) (کاربالک ایسیڈ ۱ تولہ اور کافور ۲ تولہ ہونا چاہئے۔ (ب)

درد دانت از کرم:

سہاگہ باریک پیس کر قدرے روئی میں لپیٹ کر دانت کے سوراخ میں سلائی وغیرہ سے دبائیں۔ غالباً دوسری بار استعمال کرنے کی ضرورت نہ رہے گی۔ (ز) (مجربات سلطانی)

سنون پائیریا (قروح لثہ):

یہ نسخہ قروح لثہ کے لئے مجربات تامہ سے ہے۔

صفت: سم الفار ۶ ماشہ، افیون تولہ، پھٹکری خام ۲ تولہ ہر سہ ادویہ کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیم کی موٹی لکڑی سے چلاتے رہیں یہاں تک کہ پانی ہو اور جل کر سرخی مائل سفوف بن جائیں۔ بس اتار لیں اور صاف شیشی میں محفوظ رکھیں۔ پائیریا، ماشخورہ، درد دندان، تحرک دندان کے لئے بہت تھوڑا سا مل کر پان کھالیں۔ اور احتیاط رکھیں کہ اس کا کوئی جزء حلق میں نہ چلا جائے، پائیریا کا کامیاب علاج ہے۔ کہاں ہیں وہ لوگ جو پائیریا کے علاج سے مایوس ہو کر بیٹھ رہے ہیں۔ آئیں برتیں اور طب یونانی کی عظمت پر ناز کریں۔ (اس کے دھوئیں سے بچنا چاہئے۔) (ز)

لثہ دامیہ (مسوڑھوں سے خون آنا)

شب یمانی ۲ تولہ، مٹی کے برتن میں رکھ کر آگ پر رکھیں اور تھوڑا تھوڑا سرکہ اس پر ڈالتے رہیں۔ تاکہ اس کے ردی بخارات نکل آئیں۔ بعدہٗ زرورد ۲ تولہ کے ساتھ پیس کر رکھیں لیں۔ استعمال بقدر چٹکی بوقت حاجت مسوڑھوں پر چھڑکیں۔ لثہ دامیہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ (ز)

گوشت خورہ (نہایت مجرب)

لونگ، الائچی خورد، مرچ سیاہ، کبابہ چینی، پان، دنداسہ، زیرہ، لال تاک، کتھا، تلخ بوٹہ، مساوی الوزن کوفتہ وبیختہ شب بہ لثہا مالیدہ صبح دہن شستہ مسواک تاروز برائے گندہ دہن وگوشت خورہ مفید است۔ (ز)

سنون عجیب الفعل:

عاقر قرحا، اذخر، ہم ہموزن سنون تیار کریں۔ دانتوں کے اکثر امراض میں عجیب الفعل ہے۔ (ز)

منجن:

دانتوں کو مضبوط اور صاف کرنے کے علاوہ خون بھی بند کرتا ہے۔

پھٹکری، سوڈا بازاری ہر ایک ۲ تولہ باریک پیس لیں۔ برش وغیرہ سے لگائیں۔ (ز)

منجن، برائے صفائی وتحریک دندان نہایت مجرب:

بکری کی نلیاں سوختہ ۱۰ تولہ، لاہوری نمک ۳ تولہ، فلفل سیاہ ۳ تولہ، کتھا سفید ۳ تولہ، مصطگی رومی بقدر ضرورت۔

ترکیب: بکریوں کی ہڈیوں میں مصطگی رومی سالم بھر کر سوختہ کرلیا جائے بعدہٗ تینوں دواؤں کو پیس کر یکجان کرلیا جائے اور ہڈیوں کی راکھ کے ساتھ ملا کر قدرے کھرل کیا جائے۔

ترکیب استعمال: شب کو سوتے وقت ڈیڑھ ماشہ منجن دانتوں پر مل کر سوجائیں، کلی نہ کریں۔ (ز)

گوشت خورہ:

توتیا ۲ ماشہ، پھٹکری ۲ ماشہ، عاقر قرحا ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ ماشہ، شہد خالص ۲ تولہ بہت باریک پیس کر ملا کر مسوڑھوں پر ملیں۔ (ز) (اکسیر الامراض)

سنون مقوی مجلی:

نمک لاہوری ۲ تولہ، نمک سیندھا ۲ تولہ، شب یمانی بریان تولہ، پوست بادام سوختہ

تولہ، صدف اصلی سوختہ تولہ، مصطگی رومی تولہ، سنگ جراحت تولہ، عاقر قرحا۶، زنجبیل۶، باؤبڑنگ ۶، دم الاخوین۶، کتھ سفید۶، قرنفل۶، مازو بریان۶، زیرہ سفید۶، بیخ پان۶، چھالیہ سوختہ۶، کچلہ سوختہ ۶، تمباکو خوردنی۶، قسط تلخ۶، گل ارمنی ۶، نیلا تھوتھا۶، کشنیز خشک بریان۶، عدس مقشر۶، پوست نیم سوختہ۶، پوست جامن سوختہ۶، پوست ببول سوختہ۶، ناگرموتھہ ۳، گلنار ۳، بیخ سوسن دشتی ۳، موچرس ۳، پیپل ۲، سمندر جھاگ ۳، دانہ الائچی خورد ۲، طباشیر کبود ۳، ہلیلہ سیاہ ۳، آملہ مقشر ۳، باریک سائیدہ سنون سازند در وقت استعمال آب استعمال نہ نمایند و بعد استعمال پانی بخورد و بعد نصف ساعت اگر خواہد مضمضہ بکند۔ (ب) (از قاری محمد یامین صاحب، ماخوذ از بیاض، مولانا حبیب اللہ صاحب سلطان پوری)

سنون:

زاج احمر ۳ تولہ کو پیس کر سرکہ انگوری۶ تولہ میں آگ پر خشک کریں۔ بعدہٗ پیس کر سنون تیار کریں۔ (از حکیم عبدالقادر انبالوی دیوبندی)

ایضاً:

ہلدی کی گرہ ۳ تولہ، استخوان گاؤ یا جاموس آگ پر بریان کر کے باہم مسحوق کر کے سنون بنائیں۔ (ب)

سفوف مجوزہ راقم:

نمک لاہوری تولہ، شب یمانی بریان۶، پوست بادام سوختہ۶، مصطگی رومی۶، سنگ جراحت۶، عاقر قرحا۳، دم الاخوین ۳، کتھ سفید ۳، مازو بریان ۳، نیلا تھوتھا۳، پوست نیم سوختہ ۳، پوست ببول سوختہ ۳، گلنار ۳۔ (ز)

سنون:

چاک یعنی کھریا مٹی ۱۰ تولہ، پھٹکری سفید تولہ، دم الاخوین۶، مصطگی رومی۶، مازو سبز ۶ عدد، کافور تولہ، سب کو پیس کر چھان لیں اور کھرل میں ڈال کر چار پانچ قطرے پیپرمنٹ آئل ڈال کر ایک گھنٹہ تک متواتر کھرل کریں۔ بعدہٗ مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

فوائد: بدبوئے دہن کو دور کرتا ہے۔ مسوڑھوں کے خون اور پیپ کو روکتا ہے، درد کو مفید ہے، دانتوں کو موتی کی طرح صاف کرتا ہے۔ (ب) (الحکیم نومبر ۱۹۲۹، ص: ۱۷)

سنون:

مازو تولہ، مرکی ۹، پھٹکری بریان ۶، کوفتہ بیختہ سنون سازند۔

فوائد: ورم لثہ، تحریک دندان، گوشت خورہ مزمنی اور منہ کے زخموں وغیرہ کے لئے نافع ہے۔ (ب) (ہدیہ: محترم حکیم فخرالدین مرادآبادی)

سنون (ہدیہ: حکیم مولانا محمد صادق صاحب کراچی)

کوئلہ ولایتی ۵ تولہ، نمک لاہوری ۱ تولہ، عاقرقرحا ۶، کافور ۳، مرچ سیاہ ۳۔ (ب)

مجلی دندان:

مثل مروارید کرتا ہے۔ (الطرائف، ص: ۸۰)

پنبہ دانہ جلا کر قدرے نمک ملا کر دانتوں پر ملیں۔ (ب)

* * *

امراضِ حلق

خنازیر (کنٹھ مالا):

پوست کنیر سفید ۲ تولہ، صندل سرخ ۶ ماشہ حبوب نخودی بنالیں۔ (ز)

مرہم خنازیری:

سیاہ مرچ، نیلا تھوتھا، مہندی ہر ایک تولہ سب کو کوٹ کر پیس کر دس تولہ مکھن شستہ میں دس مرتبہ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

استعمال: حسب ضرورت کسی باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر چپکا دیں۔ اگر زخم نہ بنے ہوں اور صرف گلٹیاں ہی ہوں تو ان پر پچھنی لگا کر مرہم لگائیں۔

نوٹ: جب زخم مندمل ہونا شروع ہوں تو ساتھ ہی کوئی مصفی خون عرق بھی استعمال کریں۔ مرہم خنازیر سے نجات دلانے کے لئے دراصل کم خرچ اور بالا نشین اور قابل قدر چیز ہے۔ ابتداء میں زخموں کو صاف کرتا ہے اور آخر میں انہی کو مندمل کرتا ہے۔ (ز)

مرہم اکسیر خنازیر یعنی کنٹھ مالا:

یہ مرض جس قدر بدنما اور مشکل سے دور ہونے والا ہے، ویسے ہی تسلی بخش دوائیں کم ملتی ہیں۔ یہ کم خرچ نسخہ جو خنازیر جیسی عسر البراء مرض کو شرطیہ اڑا دیتا ہے۔ کتابی صورت میں شائع کرنا کجا کسی دوست آشناء کو بتلانے کے قابل بھی نہیں تھا مگر اللہ تعالیٰ نے اس نیاز مند کو بخل اور حسد کے معیوب مرض سے تاہنوز امان میں رکھا ہوا ہے، عیاں راچہ بیاں۔ نسخہ بترکہ ملاحظہ فرمائیں:

مرچ سیاہ تولہ، نیلا تھوتھا تولہ، حنا سرخ یعنی مہندی تولہ

ترکیب: تینوں دوائیں ایک جگہ خوب کھرل کریں۔ مکھن دس تولہ (جو سو ۱۰۰ دفعہ پانی میں دھولیا گیا ہو) میں خوب ملائیں۔ بس مرہم اکسیر بے نظیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب ضرورت باریک کپڑے پر لگا کر زخم خنازیر پر چسپاں کرے۔ اگر زخم نہ بنے ہوں اور گلٹیاں ہی ہوں تو ان پر پچھنے لگا کر مرہم لگائی جائے۔ پہلے زخم کھول کر خوب صاف کر دیتی ہے اور آہستہ آہستہ مندمل ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ عاجز کا تجربہ صرف زخموں پر ہوا ہے۔ بہتر یہ ہے کہ کوئی اور مصفی خون والی دوا کھانے میں استعمال کیا جائے۔ یہ ایک تحفہ چیز ہے، ضرور قدر کرنا چاہئے۔ (ملخص از مجربات سلطانی) (ز)

خنازیر:

زنگار، رسکپور، الائچی خورد، کتھ گلابی، ہم وزن مٹی کے کونڈے میں ڈال کر خوب حل کریں۔

خوراک: ۴/۱ رتی حلوا سوہن میں کھلائیں یا نگلوائیں۔ اسی دواء کو حقہ کی میل ملا کر گلٹی اور زخموں پر لگائیں۔ چند روز میں مرض کلیۃً رفع ہوگا (بیاض الاطباء، ص:۹۱) (ز)

خنازیر:

کالی زیری، فلفل سیاہ، ہم موزن سفوفاً خوراک ارتی۔ (ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی) (ز)

اکسیر خنازیر:

کالی زیری ۳ رتی، نوشادر ۱ رتی، شونیز ۷ عدد سفوف بنا کر استعمال کریں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ دن میں دو دفعہ دیں۔ (ز)

خنازیر:

بیخ گل عباسی تازہ ۲ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، باریک کریں اور حبوب بقدر کنار دشتی تیار کرلیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ۳ ماہ تک استعمال کریں۔ بے ضرر اور مجرب بے خطا نسخہ ہے۔ ایک چھوٹا بچہ بھی بلا خوف وخطر استعمال کر سکتا ہے۔ خنازیر اگر دق تک پہنچ چکا ہو تو یہ نسخہ نفع نہیں دے گا۔ (از جناب حکیم بشیر احمد سکریٹری انجمن طبیہ سیالکوٹ)

ملاحظہ: بعض لوگ بیان کرتے ہیں کہ جڑ لکڑی سے کھودنی چاہئے۔ لوہے کا کوئی اوزار نہ برتنا چاہئے۔ (ایڈیٹر) (ز)

اکسیر خنازیر:

۱عدد خارپشت لے کر اس کے شکم کو آلائش سے صاف کر کے اس میں ۲ تولہ سم الفار رکھ کر اس کے پیٹ کو مضبوط سی کر کے کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں۔ جب بخوبی خشک ہوجائے تو پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں اور سرد ہونے پر نکال لیں۔ خوراک بقدر ارتی مکھن میں ملا کر اوپر سے آدھ سیر دودھ مصری ملا کر پلائیں۔ واقعی اکسیری نسخہ ہے۔ (ز)

خنازیر:

اتفاق سے میرے ایک بچے کو معمولی گلٹیاں نکلیں۔ جن میں اول میں نے ڈاکٹری دوائیں لگائیں۔ بعدہٗ دیگر ڈاکٹر صاحبان کو دکھلا کر دوائیں استعمال کرائیں۔ بعض اطباء سے بھی مشورہ کیا اور ان کی رائے سے دوا کرتا رہا مگر جب کچھ فائدہ نہ ہوا تو خنازیر کے بعض صحت یافتہ مریضوں سے تبادلہ خیالات کا موقعہ ملا۔ آخر جوئندہ یابندہ۔ ایک صاحب کا نسخہ مجھے پسند آیا، وہی میں نے استعمال کرایا۔ گلٹیاں وغیرہ تحلیل ہوگئیں۔ اور خدا کے فضل سے آج تک پھر اس قسم کی کوئی شکایت نہیں ہوئی۔ نسخہ یہ ہے:

پرمنگنیٹ آف پٹاس ۱ تولہ، صبر یا ایلوا ۶ ماشہ، شراب دیسی، اول شراب میں صبر ایک بوتل کے اندر ڈال کر حل کر کے بند کر دیں۔ پھر پرمنگنیٹ پوٹاس کو پیس کر بوتل میں ڈال کر منہ فوراً بند کر لیں۔ ورنہ سب دوا اڑ جائے گی۔ اسی طرح کبھی بوتل سے باہر بھی کھرل وغیرہ میں تیار نہ کی جائے۔ کیونکہ آگ لگنے کا اندیشہ ہے۔ پوٹاس بوتل میں ڈالنے پر بوتل بہت گرم ہوجاتی ہے۔ اسے فوراً نہ چھوئیں، ٹھنڈا ہونے پر اٹھائیں اور اس میں سے ایک ایک پھریری صبح اور شام کو گلٹیوں پر لگایا کریں۔ خواہ گلٹیاں پھوٹ گئی ہوں یا نہ پھوٹی ہوں۔ بے حد مفید ہے۔ میرا متعدد لوگوں پر آزمایا ہوا ہے۔ (ز)

برائے خنازیر:

پیپل کی چھال جلا کر کوئلہ بنالیں اور اس کا سفوف کر کے گلٹیوں پر گھی لگا کر اوپر چھڑک دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تحلیل ہو جائے گی۔ ایک صاحب کو اس سے فائدہ ہوا۔ انہی سے یہ نسخہ دستیاب ہوا۔ میرا ذاتی آزمودہ نہیں۔ (ز)

برائے خنازیر:

زرد کوڈی کو راکھ کر کی شہد خالص میں ملا کر لگائیں۔ یہ زخم کی حالت میں بھی لگائی جاتی ہے۔ جن صاحب سے یہ نسخہ ملا اور جن کو اس سے فائدہ ہوا، انہوں نے بحالت زخم اس کا استعمال کیا تھا۔ خنازیر و سرطان از پرہیز کردن واقعی بتحلیل میرود۔ (ز)

اکسیر خنازیر:

کالی زیری ۳ رتی، نوشادر ایک رتی، شونیز ۷ عدد، سفوفاً استعمال کریں۔ یہ کل ایک خوراک ہے۔ دن میں دو دفعہ استعمال کریں۔ ضماد کے لئے مرہم داخلیوں تولہ میں ایراسا ۴ ماشہ ملا کر لگائیں۔ (ب)

سوزش حلق:

مغز املتاس آب مکوہ میں ملا کر غرغرے کرائیں۔ اور لعاب بہدانہ ۳ ماشہ، شیرۂ عناب ۵ عدد، رب توت سیاہ ۳ تولہ، چٹائیں۔ بندق ہندی کے غرغرے کرائیں۔ ست اجوائن ۲ برنج، برابر نمک خوردنی ۱ تولہ آب گرم آدھ سیر غرغرہ کرائیں۔ (ز)

ثبور حلق:

کھربا، رب السوس، نشاستہ، کتیرا، مغز بادام، دم الاخوین مغز کدو، گولی چوسنا مفید ہے۔ (ز)

گلے کا بیٹھنا:

نوشادر، فلفل سیاہ مساوی، مثل سرمہ کر کے ایک چٹکی کھاتے رہیں۔ (ز)

بحۃ الصوت (آواز کا بیٹھ جانا):

رب السوس، شکر تیغال ہم وزن، دو چند شہد میں حبوب نخودی بنالیں اور منہ میں ایک حب رکھ کر چوستے رہنا۔ (ز)

بحۃ الصوت:

اول گل چراغ سوختہ برگ پان میں رکھ کر کھلائیں۔ مادہ بذریعہ قے دفع ہوگا۔ بعدہ مرچ چینی، الائچی سفید، کوزہ مصری منہ میں رکھوائیں اور آب چوسیں، بہت عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

اکسیر خناق:

صبر، مرکی، شنگرف، جمالگوٹہ، توتیا سبز مساوی الوزن بقدر دانہ باجرہ حبوب بنائیں۔ اس سے دست و قے آ کر مریض اچھا ہو جاتا ہے۔

اکسیر خناق:

پوست ریٹھہ پانی میں ابلوا کر اس پانی سے غرغرے کرائیں۔ (ز)

خناق بلغمی وذبحہ (ورم لوزتین):

گل بنفشہ ۳، عناب ۵ دانہ، تخم خطمی ۳، خبازی ۳، بادیان ۵، اسطوخودوس ۳، مرزنجوش ۳، منڈی ۵، پرسیاؤشان ۳، مکو ۳، جوشاندہ و غرغرہ دونوں کے لیے۔ جوشاندہ شربت بنفشہ تولہ کے ساتھ صبح اور شام۔ (از حکیم محمد رفیع دہلوی) (ب)

برائے انسداد سوراخہائے حلق وغیرہ در مثل مرض آتشک وغیرہ۔ افیون خالص یک رتی بہ آب تازہ نگلی جائے۔ (ب)

قلاع:

اکسیری نسخہ برائے قلاع یعنی ہر قسم منہ آنا۔

یہ نسخہ سریع الاثر اور بے خطا ہے کہ منہ اُبلنے یا منہ کے ثبور، خواہ جتنی بھی تکلیف ہو، انشاء اللہ تعالیٰ ایک دفعہ کے لگانے سے کافی آرام ہو جاتا ہے۔ گل سرخ، کتھ سفید، شورہ قلمی، الائچی

خورد ہر ایک دو ماشہ، کافور ایک ماشہ، نیلا تھوتھا بریان ۶ رتی، تمام دوائیں کوٹ کر بقدر ایک ماشہ مل لینا چاہیے۔ اسی طرح دن میں تین مرتبہ استعمال کیا جائے۔ (ز)

سوراخ در تالو (حلق):

کتیرہ، نشاستہ، طباشیر، ملیٹھی، صندل سرخ، دانہ ہیل خورد، کتھ سفید ہم وزن پانی میں ملا کر گولیاں بنائیں اور منہ میں رکھیں۔ (ز)

قلاع:

سہاگہ ۳ ماشہ، شہد ۲ تولہ منہ کے اندر لگائیں۔

پوٹاسیم پر منگنیٹ ۱ رتی، پانی آدھ سیر، یا نمک ۳ ماشہ گرم پانی نصف سیر سے کلیاں کرائیں اور بہدانہ بصرہ بستہ منہ میں رکھیں۔ مفید ہے، فافہم۔ (ز)

سرفہ سیاہ:

جوا کھار ۳ ماشہ، فلفل گرد ۶ ماشہ، دار فلفل تولہ، انار دانہ ۲ تولہ، قند سیاہ ۴ تولہ، کوٹ کر گولیاں بنائیں یا ویسا ہی رکھیں۔

خوراک: نصف ماشہ تا ایک ماشہ دن میں دو تین بار دیں۔ (ز)

کالی کھانسی:

چشم بز خشک کردہ بقدر ایک رتی دیں۔ (ز)

بکری کی آنکھ کی رطوبت لے کر اسے دگنا مصری کوزہ کے ساتھ ملا کر یہاں تک کھرل کریں کہ تمام رطوبت جذب ہوجائے اور دواء خشک ہوجائے۔ ایک رتی دن میں دو تین مرتبہ دیں۔ ایک دو خوراک میں بفضلہٖ خدا فائدہ ہوتا ہے۔ (ز)

سرفہ کہنہ:

فلفل سیاہ، فلفل دراز، لوبان کوڑی، سہاگہ بریان، زعفران اصلی، شنگرف رومی، قرنفل ہر ایک ۴ ماشہ، مشک اصلی ۱ رتی، در عرق گلاب حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

خوراک: ایک سے دو تک گولی تازے پانی کے ساتھ صبح اور شام استعمال کریں۔ (ز)

سرفہ تر:

قلیل القیمت اور کثیر المنفعت

تخم جوز الماثل اور فلفل دراز ہم وزن دونوں کو کوٹ کر چھان کر صمغ عربی میں بقدر حبوب تیار کریں۔ دو دو گولی صبح، دوپہر اور شام کو کھایا کریں۔ ہفتہ کے اندر صحت کامل ہو ہے۔ آزمودہ ہے۔ (حکیم سید ریاضت حسین صاحب وسیم) (ز)

حب سرفہ:

خولنجان ۶ ماشہ، رب السوس ۱ تولہ، کاکڑا سنگی ۱ تولہ، صمغ عربی ۹ ماشہ، سم الفار ۱ ماشہ در عرق بادیان گولیاں بنائیں۔ بقدر ماش۔ (ز)

سعال:

صبر، اشق، افیون، میعہ سائلہ ہم وزن روغن بادام کے ساتھ باجرہ کے دانے کے بر گولیاں بنالیں۔ کھانسی میں عجیب النفع شئ ہے۔ (ز) (از ایڈیٹر)

اکسیر سعال:

عاقر قرحا ۲ ماشہ، دار فلفل ۲ ماشہ، ملٹھی تولہ، سہاگہ شگفتہ ۶ ماشہ، کاکڑا سنگی ۲ تولہ، کچل تولہ (سیاب تولہ، گندھک آملہ سار تولہ) سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ رتی ہمراہ مویز منقی دیں۔ (ز)

سعال قدیم:

دواء سعال قدیم از اسرار گوکھرو و فلفل دراز ہم وزن باریک پیس کر رکھ لیں۔

خوراک: دو چاول کی مقدار بتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کریں۔ پرانی کھانسی م نہایت مفید ہے۔ (ز)

حب سعال وضیق بلغمی:

مرکی ایک تولہ، افیون ۱ ماشہ باہم سحق کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ ایک حب ۔ حب تک عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: ضیق بلغمی کو فائدہ کرتی ہے۔ سینے کے درد کو ساکن کرتی ہے۔ بلغم کو اکھاڑتی ہے۔ (ز)

کھانسی دق:

نمک لاہوری سہرتی، ۲ تولہ پانی میں حل کریں۔ یہ پانی دق میں صرف تین دفعہ استعمال کریں۔ کھانسی کے لئے اکسیر ہے۔ (ز)

تریاق کھانسی:

کتھ سفید، رب السوس، کاکڑا سینگی، شکر تیغال، اجوائن خراسانی تخم داتورہ ہر ایک ۱ تولہ، افیون خالص ۶ ماشہ تمام کو باریک کر کے بقدر دانہ مونگ کے گولیاں بنائیں۔ اس سے کھانسی شدید، زکام، چھاتی کی جلن، دمہ دور ہوں گے۔ افیون چھڑانے کے لئے بھی یہ گولیاں مفید ہیں، عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

حب سرفہ برائے خشک وتر:

سنکھیا ۱، رب السوس تولہ، بیخ پان (خولنجان) ۶، کاکڑا سنگی تولہ، صمغ عربی ۹، شکر سفید ۱، کوفتہ بیختہ ب آب بادیان آمیختہ حبوب نخودی سازند (ب) (از حکیم احمد نور صاحب ہوتی مردان ضلع پشاور)

ایضاً: برائے سرفہ شدیدہ ونزلہ حارہ وباردہ وسل:

افیون ۱، صمغ عربی ۳، میعہ سائلہ ۷، کندر ۷، رب السوس ۷، پانی میں گھس کر دانہ باقلا کے برابر گولیاں بنائیں، اطفال کو نصف یا ربع گولی حسب عمر، نوجوانوں کو ایک گولی پانی سے۔ (ب) (ماخوذ از رموزالطباء ۱ / ۷۲ ۳ومخزن المرکبات ص:۷۲)

"ایضاً" برائے سعال ہر قسم:

رموزالاطباء (ص:۴۱۵، ۷۴۱) (ب)

سعال خشک:

خرمہرہ کو سوختہ کر کے باریک سحق کریں۔ بہ ہمراہ مسکہ ایک رتی کھلائیں بے حد مفید ہے۔ فوراً کھانسی رک جائے گی۔ (از حکیم محمد قاسم صاحب) (ب)

ہر قسم کی کھانسی کے لیے:

کاکڑا سینگی مسحوق نصف رتی بہ ہمراہ شہد کھلائیں۔ فوراً کھانسی بند ہو جائے گی۔ (از حکیم فخر الدین صاحب) (ب)

دوا سعال قدیم:

خار خشک، فلفل دراز، ہموزن باریک پیس کر رکھ لیں۔ ۲ چاول بتاشہ وغیرہ میں استعمال کریں۔ (ب)

دفع بلغم سرفہ مضمن بلغمی:

دمہ ربو، زکام، وجع المفاصل، نزول الماء فی الصدر وغیرہ امراض بلغمیہ کے لیے از خزینۃ الاطباء (ص: ۸۷) از مختارات و مجربات حکیم محمد قاسم سورتی۔

حب عنصل: عنصل بریان تولہ، اشق تولہ، مرکی تولہ، ست لوبان خانہ ساز، ست بندق ہندی تولہ، سب کو باہم ملا کر شہد میں نخودی حبوب بنائیں۔ خوراک ۳ سے ۴ رتی تک۔ (ب)

سعال کے لیے:

کاکڑا سینگی پیس کر املتاس کے اندر قدرے مغز نکال کر کچھ رہنے دیں، اس میں اس کو بھر دیں بھوبل میں دبا کر مدبر کر لیں۔ پھر نکال کر پیس لیں اور گولی بنا لیں۔ اگر نہ بن سکے تو صمغ عربی کے عرق میں بنائیں۔ (ب)

حب سرفہ:

جدوار خطائی تولہ، تخم بھنگ تولہ، بسد احمر تولہ، افیون سادہ، حبوب نخودی بنا کر ہمراہ شیر یا چائے استعمال کریں۔ سل و دق میں مفید پڑتا ہے۔ (ب)

لعوق دافع خرخرہ و بلغم سینۂ اطفال:

کاکڑا سینگی ۱، زنجبیل ۱، ۱۰ تمیں ۱، الائچی خورد ۱، اصل السوس مقشر ۱، صمغ عربی باریک پیس کر شہد خالص ۲ تولہ میں ملا کر تھوڑا تھوڑا چٹائیں۔ (ب)

تدبیر ہڑتال:

زرنیخ طبقی ۱ تولہ، الائچی خورد ۱۰ تولہ، بہ ترکیب بالا سفوف بنالیں۔ پرانے بخار، دمہ، کھانسی اور برص میں مفید ہے۔ خوراک ارتی۔ (ز)

ایضاً:

زرنیخ طبقی ۱ تولہ، پنج انگ دھتورہ (یعنی بیخ، برگ، بار، گل، پوست) ۱۰ تولہ، سہ روز متواتر سحق بلیغ کر کے سفوف بنالیں۔

خوراک: ارتی، ممسک ہے، صرع کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔ ضیق النفس اور پرسوت کے لے بے نظیر دواء ہے۔ (ز)

ضیق النفس:

شب یمانی بریان مصری برابر سفوف کریں۔ خوراک ۱ ماشہ تا ۶ ماشہ۔ (علاج الغرباء) (ز)

ضیق النفس:

نمک لاہوری ۲ ماشہ پیس کر سوتے وقت کھائیں اور ہر دن آدھ ماشہ بڑھاتے رہیں کہ چھ ماشہ تک نوبت پہنچے مگر اس پر پانی نہ پئیں۔ اگر پیاس غالب ہو تو نیم گرم پانی پی لیں۔ (علاج الغرباء، ہر دو نسخے بہت عمدہ ہیں)۔ (ز)

ضیق النفس:

تخم کتان، حرمل (اسپند) مساوی الوزن باریک پیس کر دو چند شہد کے ہمراہ چٹنی بنائیں۔ (ز)

ضیق النفس:

فلفل دراز، پوست انار شیریں ہم وزن کر کے شہد کے ساتھ ملا کر لعوق بنائیں اور ۶ ماشہ ایک تولہ تک مریض کو کھلائیں۔ (ز)

ضیق النفس:

نوشادر دو برنج، پانی کی گلوری میں رکھ کر بعد غذاء کے صبح کو اور اسی قدر شام کو ایک ہفتہ کھلانا چاہیے۔ اگر ہفتہ میں فائدہ نہ ہو تو ایک کا فاصلہ دے کر پھر ایک ہفتہ تک کھلانا چاہیئے۔ دال ماش اور دہی سے ہمیشہ پرہیز لازم ہے۔ (رموز الاطباء: ۲/ ۲۰۵، ۲۲۱)(ب)

برائے ضیق النفس حار:

اسپغول ایک تولہ روغن بادام شیرین میں کھلانا بے حد مفید ہے۔ (ب)

برائے ضیق النفس:

اصل السوس مقشر کا سفوف بنائیں۔ خوراک دو ماشہ ب آب تازہ استعمال کریں۔ بحالت دورہ بہ ہمراہ راکھ پر طاؤس اگر دیا جائے تو دورہ فوراً رک جائے گا۔ (از حکیم محمد قاسم سورتی)(ب)

برائے ضیق النفس بلغمی:

حرمل تخم، السی ہم وزن، شہد دو چند۔

خوراک: ٦ ماشہ صبح وشام اور رات کو سوتے وقت۔ حب نزلہ دائمی۔ (از حضرت والد صاحب رحمہ اللہ)(ب)

ضیق النفس:

تخم داھتورہ، فلفل دراز، ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲/۱ رتی، دورہ کو فی الفور بند کرتا ہے۔ (ز)

ضیق النفس:

سم الفار تولہ، نمک خوردنی ۸ تولہ، ۸ روز سحق بلیغ کریں۔

خوراک: ۲/۱ رتی ہمراہ مسکہ دیں۔ دمہ بلغمی میں عجیب شئ ہے۔ (ز)

ضیق النفس:

زرنیخ طبقی ۱ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ، دو روز سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک۔ ہر رنج برابر ہمراہ مصری کھلائیں۔ یا حب شفاء ہمراہ شربت زوفا دیں۔ یا سہاگہ، مر، ہموزن تھوڑی گولیاں بنالیں۔

ضیق النفس:

کشتہ سم الفار اگرین ہمراہ دو تولہ عسل، ترکیب کشتہ مذکور بہ نسخہ کتابچہ قدیم بہ آب سیر کہ بہترین کشتہ جات است، خصوصاً برائے ضیق النفس کردہ شود۔ (ز)

ضیق النفس:

تخم السی ۲ تولہ، قند یا بورہ یعنی چینی دو تولہ، در آب خوب جوش دادہ صاف نمودہ ۹ ماشہ، روغن بادام ب آں شامل کردہ خوردہ شود، وایں مقدار یک خوراک می باشد، چند یوم مداومت بریں کردہ شود۔ یعنی یک وقت یکے از دو کشتہ جات مذکورہ و دیگر وقت جوشاندہ فوق الذکر استعمال کردہ شود۔ (ز)

ضیق النفس:

کشتہ ابرک سیاہ ہمراہ دو تولہ عسل۔ (ز)

ضیق النفس:

نمک کھاری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک لاہوری ہم وزن دو تین ماشہ بعد از غذا ہمراہ شربت بنفشہ کھالیں۔ دو گھنٹہ تک پانی نہ پئیں۔ بلغم پک کر زردی مائل خارج ہو کر صحت ہوگی۔

ضیق النفس:

اخراجی ضیق النفس رطوبی اور تر کھانسی کے لئے مکھن یا بالائی یا بتاشہ میں ملا کر دیجئے۔ بلغم خوب خارج ہوگا۔ کچلہ سوختہ ۲ رتی، سہاگہ خام ا رتی۔ سفوف یا ایک خوراک ہے۔ (طبی فارماکوپیا) (ز)

ضیق النفس:

حب شفا ا صبح و شام۔ (ز)

ضیق النفس:

صدف سوختہ ب آب ادرک سبز کھرل نمودہ حب سازند۔ (ز)

ضیق النفس:

کشتہ ابرک سیاہ ۲ تا ۴ رتی، مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر نگل لیں۔ کھانسی اور ضیق النفس میں بہت مفید ہے۔ (ز)

ضیق النفس:

کشتہ بارہ سنگھا ۱ تولہ، کاکڑا سنگی ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک ۱، ۲ رتی شہد ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔ بلغمی کھانسی، سیعال کہنہ، ضیق النفس میں بہت مفید ہے۔ مرغن غذا کھائیں۔ (ز)

ضیق النفس:

کاکڑا سینگی ۹ ماشہ، پیلا مول ۹ ماشہ، فلفل سیاہ ۱۱ ماشہ، صمغ عربی ۴ تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ۳ ماشہ، سب کو ملا کر شہد میں حبوب نخودی بنالیں۔ ۱ حب رات کو نیم گرم پانی سے۔ (ز)

ضیق النفس:

برائے ضیق بلغمی راقم کی بارہا کی مجرب ہے۔ السی بریان کوفتہ روغن بادام سے چرب کر کے دو چند شہد کے ساتھ معجون بنائیں۔ اور سوتے وقت ۳ ماشہ کھائیں۔ (مفتاح الحکمت)(ز)

ضیق النفس:

کشتہ مرجان ۴ رتی، ہمراہ بدرقہ مناسبہ، برائے ضیق النفس۔ (ز)

ضیق النفس:

کشتہ قلعی وصدف بردو یکجا کردہ ۲ / ۱ ماشہ سے ۱ ماشہ منقی میں کھلائیں۔ (ز)

ضیق النفس:

حب شفا ایک صبح وشام تازہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔ دودھ، دہی، ترشی، جماع سے پرہیز کریں۔ اگر قبض ہو تو حب تنکار سے قبض کشائی کریں۔ (ز)

ضیق النفس:

دوا برائے گرم و خشک ضیق النفس۔ اسپغول سالم ایک کف دست ہر روز بلا ناغہ صبح کو تازہ پانی کے ہمراہ پھانک لیا کریں۔ چالیس روز کے استعمال کرنے سے ہمیشہ کے لئے آرام ہوگا۔ (ز)

اکسیر ضیق النفس:

پارہ مصفیٰ ۳ ماشہ، گندھک آملہ سار ۲ ماشہ، دونوں کا کجلی بنائیں پھر، اس میں بیش ۱ ماشہ، فلفل دراز ۱ ماشہ شامل کرکے خوب سحق کریں، دو روز کے بعد سب دواؤں کے برابر ملا کر تین یوم سحق بلیغ کریں۔ سبز رنگ کی دواء تیار ہوگی۔

خوراک: برنج برابر ہمراہ مسکہ دیں۔ (ز)

دمہ و ضیق:

تخم جوز ماثل، فلفل دراز ہم وزن سفوف بنائیں۔ خوراک ۱ رتی۔ (ز)

سوڈا آئیوڈائیڈ ۳ گرین، سوڈا بائیکارب ۵ گرین دن میں سہ بار کھلائیں۔ (ز)

لدغ عقرب، ضیق، سعال:

پھٹکری بقدر ضرورت لدغ عقرب پر لگائیں۔ مفید ہے۔ پھٹکری ۱/۲۔ ۲ رتی، عرق گلاب ۱/۲ اونس ضیق و سعال میں مفید ہے، دن میں تین بار کھلائیں دمہ میں نہایت مفید ہے۔ (ز)

دمہ، سرسام، بے خوابی:

کافور ۳ گرین، ہینگ ۳ گرین، ایک گولی بنالیں۔ (طبی فارماکوپیا) (ز)

دمہ:

اصلی دیسی کڑوا تمباکو جو پینے میں عمدہ ہو۔ گلے کی خراش نہ پیدا کرنے والا ہو۔ بعض دکاندار رنگ دے کر یا کوئی اور بری تمباکو ملا کر کڑوا کر دیتے ہیں وہ تمباکو نہ لینا چاہئے۔ بلکہ

ہمارے ملک کا اچھے پینے والا تمباکو ہونا چاہئے۔ بقدر ڈیڑھ چھٹانک لیں۔ نبات سفید اچھٹانک لیں۔ پہلے تمباکو کو موٹا موٹا کوٹ کر اچھی طرح جھاڑیں۔ جو مٹی تہ نشین ہو اس کو پھینک دیں۔ صاف شدہ تمباکو اچھٹانک کو خوب دوری کونڈے سے رگڑیں، جب بالکل باریک مثل غبار کے ہو جائے تو نبات سفید اچھٹانک ملا کر پھر دوبارہ خوب رگڑیں۔ پھر آدھ پاؤ شراب دیسی ملا کر اچھی طرح سے بنا دیں۔ اب ان کو کسی آہنی کڑاہی میں ڈال کر ایک تاؤ اچھی طرح آنچ دیں۔ جب جل کر راکھ ہو جائے تو ٹھنڈا ہونے پر محفوظ شیشی میں ڈال رکھیں۔ مریض کو صبح ۴ رتی ہمراہ نصف چھٹانک گائے کے گھی گرم شدہ کے کھلائیں۔ اگر ضیق النفس بلغمی ہو تو ہمراہ پانی کے کھلائیں۔ اسی طرح ۲۱ روز کھلائیں، مرض کافور ہوگا۔ دمہ کی مجرب اور اکسیر دوا ہے۔ ترش اور تیل والی اشیاء سے سخت پرہیز ہے۔ (ز)

دمہ بلغمی:

شحم حنظل (گودہ اندرائن خشک شدہ) ۱ تولہ، قند سیاہ ۲ تولہ، دونوں دوائیں ہاون دستہ میں خوب ملائیں۔ پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح اور ایک گولی شام شیر گائے کے ساتھ کھلائیں۔ اگر اس سے بافراغت ایک اسہال ہو جایا کرے۔ تو بہتر ورنہ تین گولی روزانہ استعمال کرنا چاہئے۔

غذا: مرغن روٹی، شوربہ گوشت، شلغم، کدو۔ ترئی وغیرہ۔ عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

دمہ بلغمی:

پیپرمنٹ آئیل (تیل پودینہ) شیشی میں ڈال کر مریض کے حوالے کرو۔ جب مرض دورہ کرے تو ایک تنکا (تیلہ) تیل مذکور میں تر کر کے چوس لیں۔ اسی طرح تمام دوروں میں تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چوستا رہے۔ ایسے ہی کچھ دن مداومت کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔ گرم مزاج والوں کو تھوڑا استعمال کرایا جائے۔ (ز)

دمہ بلغمی:

اول قے کرا کے آذار باقی یعنی کچلہ روغن بادام یا روغن زرد میں سوختہ کر کے باریک

پیس کر رکھ چھوڑیں۔ ا رتی تا ۲ رتی صبح اور رات کو پانی سے یا دودھ سے دیتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ دمہ کو آرام آجائے گا۔ لیکن تین چار مرتبہ خوب قے کرادیں۔ (ز)

حب دمہ:

زنجبیل بے ریشہ، فلفل سیاہ، دار فلفل، نوشادر، نمک لاہوری ہر ایک ۳ تولہ، ا تولہ سب کو باریک پیس کر نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: روزانہ ایک ایک گولی صبح وشام کھلائیں۔ شفا بخشی میں اعتماد کی چیز ہے۔ (ز)

لعوق بزرکتان:

پرانی کھانسی اور ضیق النفس بلغمی وزنلی کے واسطے معمول اور مجرب ہے۔ السی بریان ۲ تولہ، اصل السوس مقشر ۹ ماشہ، زیرہ سفید ۹ ماشہ، کاکڑا سینگی ۹ ماشہ علیحدہ علیحدہ باریک کرکے اور شہد صاف ۱۲ تولہ ملا کر خوراک بقدر ۶ ماشہ صبح وشام۔ (ز)

تدبیر ہڑتال:

زرنیخ ورقیہ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱۰ تولہ، سہ روز متواتر سحق بلیغ کرکے سفوف بنالیں۔

خوراک: نیم سرخ، دمہ، سعال مزمن اور خون کی خرابی کے لئے بہت مفید ہے۔ (ز)

تدبیر ہڑتال:

زرنیخ طبقی ا تولہ، فلفل سیاہ ۳ تولہ، زرنیخ کو کھرل کریں اور ایک ایک فلفل سیاہ شامل کرتے رہیں۔ پھر محفوظ رکھیں۔ پرانے بخار، دمہ، کھانسی، بہق اسود وابیض کے لئے مفید ہے۔

خوراک: ۲/ا رتی۔ (ز)

اکسیر ذات الجنب والصدر والریہ وزکام:

زنجبیل ۱۵لائچی کلاں، دارچینی ہم وزن باریک پیس کر نصف وزن قند سفید ملا کر رکھیں۔ کھانسی کے واسطے ۳ ماشہ سفوف میں ا تولہ شہد ملا کر مریض کو چٹائیں۔ ذات الجنب والصدر والریہ وزکام اور کھانسی نیز درد شکم کے لئے بہت مفید ہے۔ باقی امراض میں ۲ ماشہ ہمراہ

مناسب عرق یا پانی سے دیں۔ جو صاحب بنائیں گے وہ تعریف کریں گے اور ہمیشہ اپنا معمول مطب بنائیں گے۔ (از حکیم مولوی غلام محمد صاحب نوازش آباد) یہ نسخہ واقعی مفید اور مجرب ہے۔ ایڈیٹر (ز)

مخرج بلغم و مقوی معدہ وریہ:

مغز بادام مقشر ۵ تولہ، ترنجبین ۴ تولہ، طباشیر کبود ۲ تولہ، بادیان بریان ۲ تولہ، اجوائن ۱ تولہ، بمقدار مناسب در شہد معجون بنائیں۔ خوراک ۳ سے چار ماشہ تک صبح و شام۔ (ز)

دوائے عطاس:

کتیرا، طباشیر، زہر مہرہ، نارجیل دریائی، ہر ایک، ایک تولہ باریک سفوف کر کے محفوظ رکھیں۔ خوراک ارتی دن میں تین دفعہ ہمراہ آب تازہ۔ مرض عطاس میں نہایت مفید اور مجرب ہے۔ (ز)

سل و دق:

غرباء کے لیے صرف گل قند کا استعمال کیا جائے تو بہت مفید ثابت ہوا ہے، غذا کے عوض بھی گل قند ہی کا استعمال ہو تو بہت اچھا ہے۔ اگر گل قند اور سرطان سوختہ کو پانی میں گھونٹ کر استعمال کیا جائے تو بہت مفید ہے۔ وزن گل قند ۳ تولہ، وزن سرطان سوحب ارتی دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔ تو بہت مفید ہے۔ (ز)

دق و سل:

بھنگ، افیون، تخم دھتورہ، کافور، کونین، ہم موزن خوراک ۲ رتی، (از ڈاکٹر عبدالحمید صاحب چغتائی لاہور) (ز)

تدبیر طلاء:

ورق طلاء ۱ تولہ، دانہ فلفل دراز مشوی ۵ تولہ سحق بلیغ کریں۔ حتی کہ چمک طلاء دور ہو جائے۔ دق، سل، عامہ کمزوری اور امراض سینہ کے لئے مفید ہے۔ مانع بلغم اور مشتہی ہے۔ خوراک ا سرخ۔ (ز)

دواء سل و دق از اسرار:

تخم بھنگ، افیون، تخم دھتورہ، کافور، کونین، ہم وزن۔

خوراک: دو رتی صبح اور عصر کو اکسیر تمی ب آب گرم اور شب کو سوتے وقت اکسیر نزلہ، یا ایک عدد حب نزلہ (میرا خیال ہے کہ اس سے بہتر نسخہ اب تک کسی حکیم صاحب کو نہیں ملا ہے۔)(سید محمد زکریا)(ب)

ذات الجنب سل:

ہر قسم کی بلغمی کھانسی میں، نانخواہ ۵ تولہ، شورہ قلمی ۵ تولہ ہر دو کو مسحوق کر کے گوندلیں۔ بارہ سینگھا کا سینگ ۱۰ تولہ، اس پر ضماد کر کے کوئلہ پر خوب ملالیں۔ بعد میں نکال کر مسحوق بنائیں، بہمراہ مسکہ یا عسل دو تین رتی تک استعمال کریں۔ بلغم ٹکڑے ٹکڑے کر کے نکال دے گا۔ بے حد مفید ہے۔ حکیم عبد المجید خان کا مخصوص نسخہ ہے۔ (ب)

ضماد برائے ذات الجنب:

اکسیری نسخہ ہے۔ اندر جو شیریں، کندر گوند، سفیدہ کاشغری، شہد خالص آپس میں یکجان کر کے فلالین کے کپڑے پر لگا کر درد کی جگہ پر چسپاں کرے اور سینک کرے۔ پانچ منٹ میں درد کافور ہو گا۔ (ز)

درد پشت:

زنجبیل ۵ ماشہ، اسگند ۵ ماشہ، فلفل سیاہ ۵ ماشہ، سورنجان ۱۵ یا ۲۵ ماشہ سفوف بنالیں۔ خوراک ۴ ماشہ تک۔ (ز)

قیروطی برائے درد ذات الجنب:

ذات الصدر، ذات العرض، شہوصہ، نمونیا، بارہا کا مجرب اور بے خطا ہے۔

صفت: مٹر، حلبہ، ہر ایک ۱ تولہ، ملیٹھی تولہ، کلونجی ۷ ماشہ، عاقر قرحا ۴ ماشہ، موم سفید ۵ تولہ، روغن گل ۴ تولہ۔

ترکیب: موم اور روغن کے سوا سب دوائیں کوٹ چھان کر پھر سب کو کڑچھی میں ڈال

کر آگ پر رکھیں۔ تاکہ یکجان ہو جائے۔ پھر اتار کر نیم گرم ہی درد کی جگہ لیپ کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی دفعہ لگانے سے افاقہ ہو جائے گا۔ (ز)

ضماد برائے ذات الجنب:

صفت: شنگرف ۴ رتی، مصری ۱ ماشہ، ایک عدد بیضہ کی زردی میں ملا کر درد کی جگہ لیپ کریں۔ (ز)

* * *

امراضِ قلب

ضعف قلب و اختلاج:

کشتہ عقیق، عقیق بے داغ تولہ کو گورکھ پان ایک چھٹانک کے لگدے میں ملفوف کر کے ۵ سیر کی آگ دیں شگفتہ ہو جائے گا۔

خوراک: برنج برابر ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سادہ دیں۔ (ز)

اختلاج قلب:

سفوف عجیب اختلاج قلب، اختناق الرحم وضعف معدہ وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔ دارچینی کوٹ کر اور پیس کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شہد خالص ۱ تولہ کے ساتھ کھلائیں۔ (ز)

خفقان:

زنجبیل، بادرنجبویہ، الائچی، گل گاؤزبان، ہموزن۔ خوراک ۱ ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان۔ (ز)

دواء خفقان از اسرار:

گل سرخ، برادہ صندل سفید، گل گاؤزبان ہر ایک نو ماشہ رات کو جوش کئے ہوئے پانی میں تر کر کے صبح کو صاف کریں، مصری دو تولہ ملا کر بالنگو خشک کو ۹ ماشہ نگل کر اوپر اس کے پی لیں۔ چند روز مداومت کرنے سے اس موذی مرض سے چھٹکارا ہو جائے گا۔ (ز)

مفرح و مقوی قلب:

بلوڈیجی تیلس تولہ، گل سرخ ۳ تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک ۲ رتی۔ (ز)

برائے وجع القلب واختلاج:

صندل سفید تولہ، طباشیر ۲ تولہ، کشنیز مقشر ۳ تولہ، پوست آملہ ۳ تولہ شکر دو چند، ہم وزن تمام ادویہ۔

خوراک: ۵ ماشہ بہ ہمراہ عرق مناسب یا آب تازہ۔ (ب) (عطیہ: حکیم عبدالسلام صاحب)

برائے اختلاج قلب واختناق الرحم:

قلب الحجر، طباشیر ہم وزن نصف ماشہ، دواء المسک معتدل میں کھلائیں، اوپر سے عرق گاؤزبان یا عرق بید مشک پلائیں۔ (ز)

ایضاً:

طباشیر وزہر مہرہ، ہم وزن ایک ماشہ شربت انار میں ملا کر چاٹ لیں۔ (ز)

وجع الفواد:

معجون وجع الفواد مزمن: گل سرخ ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ، دار فلفل ۶ ماشہ، زراوند طویل ۶ ماشہ، دار چینی ۶ ماشہ، اداروں ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، زرنباد ۳ ماشہ، پودینہ ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، جند بید ستر ا ماشہ، شہد خالص، تمام ادویہ کے برابر شیرہ گلقند دو چند حسب دستور معجون تیار کریں، وجع الفواد مزمن تقلب نفس بارد یہ معجون بہت مفید ہے، خوراک ۵ ماشہ ہمراہ شربت سکنجبین ۲ تولہ، عرق گلاب ۱۰ تولہ۔ (ز)

اکسیر وجع الفواد:

اس کے ایک ہی دفعہ کے استعمال سے فوراً آرام ہو جاتا ہے۔ بہت زود اثر اور بھروسہ کی چیز ہے۔ زیرہ سفید، بادیان، برگ پودینہ باغی ہر ایک ۳ ماشہ سب کو کوٹ کر نصف عدد فلفل دراز شامل کر کے پانی میں پکائیں۔ جب نصف پیالی چائے کے قریب پانی رہ جائے، تو چھان کر نمکین کر کے قہوے کی طرح پی لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔ (ز)

امراضِ بطن

ضعف معدہ

اکسیر ضعف معدہ:

کرفس ۶ ماشہ، زیرہ سیاہ ۶ ماشہ، سلیخہ ۶ ماشہ، نانخواہ ۶ ماشہ، دانہ الائچی سرخ ۶ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، فلفل دراز ۵ ماشہ، ہنگ دانہ مرغ ۴ ماشہ، زنجبیل ۵ ماشہ، شکر سفید ۶ تولہ۔ (ز)

اکسیر معدہ، ہاضم، دافع ریاح:

کشنیزی بریاں تولہ، زنجبیل تولہ، آملہ تولہ، مرچ سیاہ ۳ ماشہ، دار فلفل، نمک لاہوری ۳ ماشہ، سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ ماشہ۔ (ز)

مقوی معدہ:

مغز بادام ۹ تولہ، شہد ۱۲ تولہ، ترنجبین ۹ تولہ، معجون بنائیں، خوراک ۳ سے ۴ ماشہ تک صبح و شام۔ (ز)

اکسیر معدہ:

نوشادر ۶ ماشہ، ہرمچی ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، تخم داھتورہ ۳ ماشہ، سفوف بنالیں۔ خوراک ۱ رتی۔

فوائد: درد شکم، غثیان، نفخ، درد معدہ میں اکسیر اعظم ہے۔ (ز)

اکسیر ضعف معدہ و ہضم:

زیرہ سیاہ ۶ ماشہ، سلیخہ ۶ ماشہ، نانخواہ ۶ ماشہ، کرفس ۶ ماشہ، دانہ الائچی سرخ ۶ ماشہ، لونگ ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، سنگ دانہ مرغ ۴ ماشہ، زنجبیل ۵ ماشہ، شکر سفید ۶ تولہ، سفوف تیار کریں۔ خوراک ۲ ماشہ۔ (ز)

تریاق معدہ:

نوشادر ۲ تولہ، دار فلفل ۱ تولہ، نمک سیاہ ۱ تولہ، الائچی سفید مع پوست ۲ تولہ کو [illegible] سفوف بنالیں۔ ۳ سرخ کے مقدار پانی کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: محلل ریاح اور ہاضم ہے۔

سوءِ ہضم:

جن کا معدہ کمزور ہو، غذا ہضم نہ ہوتی ہو، خواب پریشان آتے ہوں اعضاء شکنی رہتی ہو۔ غرض یہ کہ معدہ کی خرابی سے جو حالات بد پیدا ہوتے ہیں ان کے لیے صرف اجوائن دیسی حسب ضرورت لے کر لیموں کے رس میں بھگو دیں اور بوتل میں رکھیں اور صبح نہار منہ ۳ ماشہ کھالیا کریں۔ اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔ (نہایت عمدہ نسخہ ہے) (ز)

سوءِ ہضم:

سوڈا بائیکارب چار رتی دن میں تین مرتبہ ہمراہ عرق بادیان دیں۔ ۱۵ یوم کے بعد ہاضمہ درست ہوجائے گا۔ سرچکرانا اور اخراج شکر بند ہوگا۔ اس کے ساتھ روزانہ گھی یا تیل کی مالش بھی کراتے رہیں۔ نہایت عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

حب کبریت ہاضم:

ہاضم و مشتہی و مزیل جرب وقوباء و امراض بلغمی و جاذب رطوبات معدہ۔

صفت: کبریت مصفیٰ ۵ تولہ، نمک ہندی ماشہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ کوٹ چھان کر آب لیموں میں خمیر کر کے حب بقدر کنار دشتی بنائیں۔ کھانے کے بعد کھاسکتے ہیں۔ (ز)

اکسیر امراض معدہ۔ (عطیہ: حضرت والد صاحبؒ)

ہر مچی تولہ، مرچ سیاہ تولہ، نوشادر تولہ، دھتورہ ۶ ماشہ، کشتہ فولاد عمدہ ۳ ماشہ، کشتہ خبث الحدید ۳ ماشہ۔

خوراک: نصف رتی سے ایک رتی تک ب آب نیم گرم یا عرق بادیان کے ساتھ۔ (ب)

اخراج بلغم وتقویت معدہ وریہ کے لیے:

مغز بادام مقشر ۵ تولہ، طباشیر کبود ۲ تولہ، ترنجبین ۴ تولہ، بادیان بریان ۲ تولہ، اجوائن تولہ بمقدار مناسب در شہد معجون سازند۔ مقدار خوراک صبح وشام ۴، ۴ماشہ۔ (عطیہ: حکیم محمد نور صاحب مردان پشاور) (ب)

ایضاً:

مغز بادام مقشر ۹ تولہ، ترنجبین ۹ تولہ، شہد ۲۔

ایضاً:

السی کو پانی میں جوش دے کر چھان کر چائے کی طرح میٹھا کریں۔ ۶ ماشہ روغن بادام ڈال کر بوقت خواب رات کو پی لیا کریں۔ (عطیہ: حکیم محمد قاسم چیچی سورت) (ب)

مقوی معدہ وہاضم ومشتہی طعام: (از معمولات والد ماجدؒ)

پودینہ خشک جنگلی ۳ تولہ، سماق ۲ تولہ، نمک طعام تولہ، مرچ سیاہ ۸ ماشہ، سفوفاً خوراک ۳ماشہ۔ (ب)

برائے تقویت معدہ بے عدیل: (از جناب الٰہی بخش صاحب گھونکی سندھ)

سنگدانہ مرغ کے اندر کی سفید جھلی، مصطگی رومی، دانہ الائچی خورد ہم وزن سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۲رتی۔ (ب)

سفوف سماق ہاضم:

برائے ہضم واخراج ریاح نہایت مجرب ہے۔

پودینہ خشک جنگلی ۳ تولہ، سماق ۲ تولہ، اناردانہ تولہ، نمک طعام تولہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ، سفوف بنائیں۔

خوراک: نصف ماشہ سے ایک ماشہ تک۔ برائے تبخیر معدہ حب کبد نوشادری قبل از طعام یا بعد از طعام (تین گھنٹہ) کا اضافہ کیا جائے۔ (ب)

قے ہو تو مسہل:

[illegible] (ز)

اکسیر متلی و قے:

پوست ترنج ۹ ماشہ، پوست سنگترہ [illegible]

[illegible] (ز)

قے بند کرنا:

قے بند کرنے کا عمدہ اور آسان نسخہ: زہر مہرہ معدنی ۳ ماشہ، [illegible] دریائی ہر ایک تین ماشہ سفوفاً۔ خوراک: ایک رتی، [illegible] وغیرہ میں ڈال کر دیں [illegible] خوراک میں آرام ہوگا۔ (ز)

ہیضہ و کالرا:

لونگ پھولدار ۱ تولہ، سرخ مرچ کے بیج ۶ ماشہ نہایت باریک کر لیں اور موم [illegible] تولہ گرم کر کے اس میں شامل کر لیں اور اسے یکجان کر لیں اور دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ خوراک ۱ گولی سادہ پانی سے دیں۔ جسم میں حرارت آ جائے گی، قے اور دست بھی بند ہو جائیں گے۔ (ز)

اکسیر ہیضہ:

یہ گولیاں اس وقت بھی اپنا مسیحائی اثر دکھاتی ہیں جب کہ مریض کی حالت بہت نازک ہو، یعنی نبض قریباً ساقط اور ناخن سیاہ ہوں، جسم سرد ہو جائے، آنکھیں اندر کو دھنس گئی ہوں۔ وغیرہ وغیرہ جو صاحب تجربہ کریں گے داد دیں گے۔

نسخہ یہ ہے:

ہلدی، چونہ، لال مرچ ہر ایک ۶ ماشہ بذریعہ پانی کے گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

طریقہ استعمال: ہر بیس منٹ کے بعد ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دی جائے۔ اگر

حالت زیادہ خطرناک ہو تو ۱۵ منٹ بعد دینی چاہیے اور پیاس کے لیے الائچی خورد ۵ ماشہ ایک سیر پانی میں گھونٹ کر رکھ لیں، تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں بعض اوقات گولیاں بھی اسی کے ساتھ دی جاتی ہیں۔ (ز)

اکسیر ہیضہ:

ہلدی، چونہ، لال مرچ ہم وزن لے کر پانی میں پیس کر سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گھنٹہ میں تین چار گولیاں بدفعات (کئی بار) کھلائیں اور پیاس کی شدت میں الائچی سفید مع پوست، پودینہ خشک ہر ایک ۴ ماشہ آب سرد ۲/۱۔ ۱ سیر میں پیس چھان کر ۴ تولہ ہمراہ گولی دیں۔ ہیضہ میں مایوس اور بالکل آخری حالت میں بھی فائدہ مند ہے۔ (ز)

اکسیر ہیضہ:

پوست بیخ آک خشک ۲ ماشہ، مرچ سیاہ ۳ دانہ، مطبوخ بادیاں میں پیس کر مریض کو آدھے آدھے گھنٹے کے بعد ۳ خوراک اور ایک ایک گھنٹہ کے بعد ۳ خوراک اور دیں، بس کافی ہیں اور پیاس کے وقت مطبوخ تھوڑا تھوڑا پلایا جائے۔ (ز)

حب ہیضہ:

حقیقی معنی میں اکسیر صفت ہے۔ (ز)

پوست بیخ آکھ، گل آکھ، تخم مرچ سرخ، ہلدی، چونہ خوردنی، مساوی الوزن سب کو باریک پیس کر آب ادرک یا آب پودینہ سبز میں گولیاں چنے برابر بنائیں۔ ایک ایک گھنٹے بعد ایک ایک گولی، عرق گلاب کے ہمراہ دیں۔ ان گولیوں کے استعمال سے فوراً ہاتھ پیروں میں گرمی آجاتی ہے اور دست بند ہو جاتے ہیں۔ (ز) (معمول مطب حکیم اجمل خان)

حب ہیضہ:

قرنفل، اجوائن دیسی، زرد چوب، جاپھل ہر ایک ایک تولہ عرق پیاز میں حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ ایک گولی صبح کو پانی سے دیں، اگر دست وقتے بند نہ ہو تو چار

گھڑی بعد ایک گولی اور دیں۔ (از حکیم ڈاکٹر سید محمد علی اکبر صاحب فاضل الطب والجراحت الہروی)(ز)

ہیضہ کے لئے عجیب دوا:

افیون ۴/ارتی، کافور، ہینگ ۲/ارتی، فلفل گرد، ارتی، یہ ایک گولی ہے جوان آدمی کے لئے۔ (ز)

سفوف فواق (ہچکی):

تخم کرفس، سعد کوفی، زیرہ کرمانی مساوی الوزن، خوراک ۱ماشہ ہمراہ عرق بادیان دیں۔ (ز)

فواق (ہچکی):

پہلے ہلکا سا مسہل دے کر یہ نسخہ استعمال کرایا جائے، ملیٹھی، مصری دیسی ہر ایک ۶ ماشہ جو شاندہ بنا کر تین تین گھنٹے کے بعد دیں، تیسری خوراک سے انشاء اللہ آرام آجائے گا، یہ ایک خوراک ہے۔ (ز)

فواق میسی (ہچکی):

شیر گاؤ آدھ پاؤ، روغن زرد ۲ تولہ، روغن بادام ۶ ماشہ، کھانڈ ۲ تولہ ملا کر دن میں تین دفعہ استعمال کرنا فواق میسی میں نہایت مجرب ہے۔ (ز)

برائے فواق:

الائچی کلاں مع پوست ۶ ماشہ کو ایک سیر آب تازہ میں جوش دیں، جب چہارم حصہ رہے چھان کر پلائیں، انشاء اللہ صرف ایک ہی بار کافی ہے۔ سوفی صد مجرب ہے۔ (ز)

دردفم معدہ:

اجوائن دیسی صاف ۵ تولہ، نوشادر ۲ تولہ، ہیمکوب ملا کر ظرف بلوری میں ڈال کر اس میں تیزاب گندھک خالص بقدر ۲۴ تولہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلا کر چھوڑ دیں۔ دو تین یوم میں سیاہ رنگ کی دوا تیار ہو جائے گی۔ عین دورۂ درد کے وقت بقدر صحرائی کنار گولی بنا کر پانی

کے ہمراہ کھلائیں۔ درد پہلی ہی خوراک سے رفع ہو جائے گا۔ دانتوں کو دوا نہ لگے۔ ۳ یوم متواتر کھلائیں، سوء ہضم، و درد معدہ میں بقدر نخود کھلائیں، فم معدہ کے درد شدید میں جو دورہ سے ہوا کرتا ہے، نہایت مفید اور مجرب ہے۔ واقعی نہایت مفید نسخہ ہے۔ (ز)

کوتاہ دمی و درد فم معدہ:

حکایت: شخصے کھل راتکلیفے بود کہ درراہ میرفت، نفس تنگی میگرد، و درفم معدہ زم زم درد تولیدی شد۔ ہر قدر علاج یونانی و ڈاکٹری راکردو نفع نکردند، بال آخر کسے برش گفت کہ دُغ (لسی) شیر گاؤ تازہ رابخورید۔ چنانچہ خورد باول خوراک صحت یافت۔ بعد ازان بچند نفر دیگر کہ بایں مرض مبتلا بودند، نیز گفتند شد وقت یہ کہ لسی (چھاچھ) مذکور راخوردند ہمگی صحت یافتند۔ (ز)

سفوف برق برائے درد معدہ:

نوشادر ۲ تولہ، ۲ تولہ پانی پکا ہوا سہاگہ بریان ۲ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، انگوزہ ایک ماشہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں، معدہ کے درد و کثرت ریاح وتقویت ہاضمہ و رفع برودد، غرض معدہ کے تقریباً کل امراض میں مفید ہے۔ (ز)

سفوف نمک:

بھوک لگاتا ہے، غذا کو ہضم کرتا ہے، ریاح کو تحلیل کرتا ہے اور معدہ کو قوت بخشتا ہے، پیٹ کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ پودینہ خشک ۳ تولہ، سماق ۱ تولہ، نمک طعام ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۷ ماشہ، خوراک ۳ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ (ز)

نمک سلیمانی کا مختصر نسخہ:

ہر وقت کا معمول، دافع درد معدہ، ہاضم طعام، مخرج ریاح ہے۔ نوشادر ۴ ماشہ، مرچ سیاہ دانہ، الائچی خورد ہر ایک ۴ ماشہ، نمک سیاہ ۶ ماشہ، سب اشیاء کو باریک کر کے سفوفاً خوراک ۲ ماشہ

صبح ۲ ماشہ شام، اگر درد شکم ہو تو ۲، ۲ ماشہ ہمراہ عرق سونف، عرق پودینہ یا پانی کے ساتھ ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیا جائے گا۔

دراکثر نسخہ مقدار خوراک ۳ سرخ ہے۔ (ز)

سفوف اُحمر برائے تمام امراض معدہ:

فلفل سیاہ ۲ تولہ، ست پودینہ ولایتی ۱ ماشہ، نوشادر ٹکیہ ۲ تولہ، نمک دیسی ۳ تولہ، ست لیموں ۳ ماشہ ہر ایک دوا کو جدا جدا باریک کر کے کھرل میں ڈالیں اور دو گھنٹہ متواتر رگڑ کر آمیز کریں اور شیشی میں بند رکھیں۔

فوائد: نفخ قراقر ریح معدہ، جگر اور کلیہ وغیرہ احشاء میں محتبس ہوا کو خارج کر کے تحلیل کر دے، اسہال معدی، سوء ہضمی، قے، ہر قسم ریح، البواسیر، ہیضہ اور فساد غذا کی اصلاح کے لئے اکسیر سے کم نہیں، درد معدہ میں بہت فائدہ کرتا ہے، درد دانت پر ملنا باعث تسکین ہو ہے، شقیقہ میں ذرا سا نسوار لینا فوراً افاقہ دیتا ہے، بشرطیکہ شقیقہ امتلائی نہ ہو۔

معمول مطب ہے۔ قدر شربت غایت دورتی اس سے لے کر صرف زبان کے اگلے حصہ پر رکھ دیں۔ خود بخود منہ کے لعاب سے حل ہو کر اندر چلا جائے گا اور وارد معدہ ہوتے ہی بند شدہ ریح کو بذریعہ احشاء خارج کر دے گا۔ مناسب بدرقہ کی کوئی خاص ضرورت نہیں، البتہ پیاس کے وقت سوڈا واٹر، سکنجبین سادہ عرق گلاب، عرق بادیان وغیرہ دیں۔ (ز)

دافع باؤ گولہ:

تخم سورج مکھی ۶ ماشہ، چلم میں رکھ کر اور بھر کر زور سے تین چار کش لگوائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ آناً فاناً میں درد غائب ہو جائے گا۔ (ز)

باؤ گولہ و وجع فم معدہ و درد شکم و نفخ آں:

گلقند نیم خورد و آب شیر گرم حل کردہ بخورد، بالائی آں چہار عرق ۱۲ تولہ بنوشد۔ (ز)

حب باؤ گولہ:

باؤ گولہ اور اختناق الرحم میں مجرب اور معمول ہے۔ ڈکاروں کی زیادتی کو دور کرتی ہے اور بھوک پیدا کرتی ہے۔ معدہ اور انتڑیوں کے درد میں مستعمل ہیں۔ قوائی معدہ کو قوت بخشتی ہے۔ صرع شرکی معدہ و دوا، معدہ بخاری میں معمول ہے، ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے۔

نمک سیاہ، نمک سانبھر، دار فلفل، فلفل گرد، زنجبیل، نمک سنگ زیرہ سیاہ، کلونجی، اجمود، ہیرا ہینگ مساوی الوزن باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ عرق بادیاں یا آب سادہ۔ (ز)

برائے درد معدہ وقم معدہ:

ہینگ مقدار نخود لے کر منقی کے اندر رکھ کر ہمراہ چہار عرق یا بعرق بادیان و اجوائن، منقی کے بیج نکال دیں۔ (ب)

برائے ازالہ ریاح و ازالہ عظم بطن:

بادیان تولہ، اجوائن تولہ، اناردانہ تولہ، بڑی ہڑ تولہ، گلاب کے پھول تولہ، ست مرکی تولہ، کالا نمک تولہ، پودینہ ۳ تولہ سفوف بنالیں۔ خوراک تین ماشہ باب تازہ۔ (ب)

برائے ہضم و وجع معدہ و ازالہ ریاح و رفع برودت معدہ و کل امراض معدہ:

نوشادر ۲ تولہ، سہاگہ بریان ۲ تولہ نمک سیاہ ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، حلتیت ۱ تولہ، سفوف بنائیں۔

خوراک: ۳ رتی ب آب نیم گرم۔ (ب)

برائے عوارض ثقل بطن و سوء ہضم وغیرہ: (از والد صاحبؒ)

نوشادر یوند خطائی، شورہ قلمی، ہم وزن سفوف تیار کریں۔

خوراک: ۲ رتی صبح ۲ رتی شام ہمراہ آب تازہ۔

حب فضل رحمانی، حافظ صحت جسمانی و برائے کل امراض معدہ:

بادیان ۲ تولہ، نرکچور ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، کلونجی ۲ تولہ، زیرہ سفید تولہ، زیرہ سیاہ تولہ، لونگ کلدار تولہ، تیز پات تولہ، حلتیت بریان تولہ، سعد کوفی ۲ تولہ، صعتر ۲ تولہ، بال چھڑ ۲ تولہ، مصطگی رومی ۴ تولہ، دانہ الائچی کلاں تولہ، مرچ سیاہ ۹ تولہ، مرچ سفید ۹ تولہ، پیپل بڑی ۹ تولہ، رائی ۹ تولہ، نوشادر ۱۲ تولہ، کوڑی سوختہ ۱۰۰ عدد، پودینہ خشک ۹ تولہ، گل مدار ۹ تولہ پپیتا خام مع پوست ۹ تولہ، بجی گلالی ۹ تولہ، سہاگہ چوکیہ ۴ تولہ، نمک لاہوری ۴ تولہ، نمک سیاہ ۴ تولہ، جوا کھار ۴ تولہ، نمک سانبھر ۴ تولہ، ادرک تازہ ۱ تولہ۔ شہد تولہ سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ادرک مقشر کو پیس کر سفوف میں ملادیں، پھر شہد میں ملا کر ایک رات شبنم میں رکھ کر مٹر کے برابر گولیاں بنالیں۔ (ب)

پیغام شفاء:

کل امراض معدہ کے لئے نہایت مفید ہے:

جوہر نوشادر یا خام نوشادر ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، نمک طعام تولہ، فلفل دراز ۴، مرچ سیاہ ۴، جوا کھار ۴، قلمی شورہ ۴، پیپر منٹ ۱۔

خوراک: ۴ رتی گرم پانی یا عرق بادیان کے ساتھ۔ (ب) (ماخوذ از کنز المجربات ۱/۱۲۱)

برائے تبخیر:

شیرہ دانہ الائچی کلاں ۳ ماشہ، تخم کشوث ۳ ماشہ، کشنیز خشک ۳ ماشہ، گلقند ۱ تولہ میں پیس کر پانی سے استعمال کریں۔ (ب)

برائے حب القرع: (از عطیہ حکیم عبداللہ شاہ صاحب نیروبی، مدینہ منورہ ۱۴۰۷ھ)

نوشادر ۲ تولہ، نمک لاہوری ۵ تولہ، نمک سیاہ ۵ تولہ، سہاگہ بریان ۵ تولہ، مرچ سیاہ ۵ تولہ، پودینہ ۵ تولہ، بادیان ۵ تولہ، اجوائن ۵ تولہ، دارچینی ۲ تولہ، پیپلا مول ۲ تولہ، سفوف بنائیں۔

خوراک: ۱ ماشہ۔

فوائد: برائے حب القر وہیضہ و درد شکم و نفخ و عظم طحال و ہچکوہ وغیرہ اکلا ، و برائے درد دندان سنوفا استعمال کریں۔ (ب)

برائے حب القرع:

بادرنگ ۲ تولہ، خوب باریک کوٹ کر کپڑے میں چھان کر ۴۰ تولہ دہی میں ملا کر رات ۹ بجے سے دہی کھلائیں۔ صبح ناشتہ کچھ نہ دیں۔ جب بھوک لگے دہی کی لسی پلائیں۔ گیارہ بارہ بجے عرق پودینہ ۵ تولہ میں نمک سالٹ ۲ تولہ اور ۲ تولہ شکر اچھی طرح حل کر کے استعمال کرائیں۔

دست آنے کے بعد دہی کھچڑی کھلائیں۔ بس ایک وقت کافی ہے۔

ایضاً:

وہ پانی جس میں قلعی گر قلعی کرنے کے بعد برتنوں کو ٹھنڈا کرتا ہے اس پانی کو صاف کر کے چار پانچ تولے پلایا جائے دو چار روز دیں، صبح اور شام کو نہایت مجرب ہے۔ (ب)

سوزش دست و پا:

زہر مہرہ خطائی، طباشیر کبود، گندھک آملہ سار مغسول، مکو ۳ ماشہ کوٹ چھان کر تھوڑی حبوب بنائیں۔

خوراک: ایک حب ب آب تازہ اور ہتھیلی اور تلوؤں پر خاکسی اصلی شیر بز یا شیر گاؤ میں پیس کر ملیں۔ اکثر بوجہ سوء ہضم ہوا کرتا ہے، اس لیے خاکسی پانچ ماشہ، عرق گلاب ۸ میں جوش دے کر مصری ملا کر پلائیں۔ (ب)

* * *

امراضِ جگر

ورم کبد (جگر):

بادیان تولہ، اذخر تولہ، افسنتین ۲ ماشے، راوند ۲ ماشہ۔

خوراک: ۴ سرخ ہمراہ عرق مکوہ و کاسنی دیں۔ (ز)

حب کبد نوشادری:

نوشادر، سہاگہ خام، باؤبڑنگ، نمک لاہوری، نمک طعام، نمک سیاہ، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی، فلفل گرد زنجبیل، ہم موزن سب کو علیحدہ علیحدہ کر اور پیس کر عرق گلاب میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک: ۲ گولی کھانا کھانے کے بعد، بدہضمی وتقویت معدہ کے لئے خاص چیز ہے۔ نیز جگر وریح البواسیر ودرد سینہ ریحی کے لئے خاص چیز ہے۔ (ز)

اکسیر جگر:

جس کے پندرہ روز کے استعمال سے پرانا یرقان رفع ہوجاتا ہے۔ ضعف وصلابت وگرمی جگر چلتے چلتے دم چڑھنے کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف معدہ وگرمی مثانہ، کمی خون، اورام دست وپا کے لیے عمدہ چیز ہے۔ دار الصحت سلطانی میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔

نسخہ: خبث الحدید پانی سے دھوکر صاف کیا ہوا پوست ہلیلہ، زرد پوست بہیڑہ، آملہ، ہر ایک، ایک پاؤ۔ آخری تینوں ادویات باریک کر کے خبث الحدید میں ملائیں۔ سب پر گائے کی دہی اس قدر ڈالیں کہ چار انگل اوپر آجائے۔ ہر روز ہلا کر تھوڑا سا دہی اور ڈال دیا کریں۔ چار

وز کے بعد سایہ میں خشک کرلو اور فلفل دراز، فلفل سیاہ۔ سونٹھ، ہر ایک ۳ تولہ باریک کر کے الیں۔ پس لاجواب اکسیر تیار ہے۔

خوراک: ۳ ماشہ بوقت صبح دہی کے ساتھ غریب لسی بھی استعمال کر سکتے ہیں، گرم رش اشیاء سے قطعی پرہیز۔ (مجربات سلطانی) (ز)

عظم کبد:

افسنتین ، ماشہ، نوشادر ۴ سرخ پانی میں پیس کر آگ پر پکائیں جب پھٹ جائے چھان کر پئیں۔ بڑھتے ہوئے جگر کو درست کرتا ہے۔ (ز)

اکسیر جگر:

کشتہ فولاد حار ۶ ماشہ، نوشادر قلمی تولہ، ریوند خطائی تولہ، شورہ قلمی ۲ تولہ۔

خوراک: ایک رتی سے دو رتی تک بدرقہ مناسبہ کے ساتھ۔ (ب)

محلل اورام:

بیخ کبیر ۵ تولہ، اشق ۳ تولہ، مصبر ۲ تولہ، زراوند مدحرج ۲ تولہ، تخم ترب ۲ تولہ، خرول ۲ تولہ، مقل ازرق ۲ تولہ، سرکہ انگوری میں حسب ضرورت پینے کے بعد کھرل میں سحق بلیغ کریں، بعد میں روغن گاؤ تھوڑا تھوڑا ملا کر آٹھ پہر تک کھرل کریں تا کہ سرکہ کی نمی دور ہو کر صرف دہنیت باقی رہے، نخودی حبوب بنائیں۔

فوائد: ورم جگر، ورم طحال، ورم رحم، نفخ شکم، صلابت شکم وغیرہ کل امراض رحم وکل اورام کے لئے نہایت مجرب ہے۔ منافع کی تفصیل اور مختلف امراض میں بطریق استعمال کے لیے خزینۃ الاطباء، ص: ۸۱، ۸۲) ملاحظہ ہو۔ (ب)

تحلیل اورام:

جدوار فستقی کو آب مکو تازہ میں حل کر کے مرہم بنائیں اور ضماد کریں۔ حکیم اجمل خان کا خاص نسخہ ہے۔ (ب)

ایضاً:

السلمین اور نوشادر پانی میں حل کر کے پکایا جائے، جب پانی خشک ہو جائے تو پیس کر رکھ لیں۔ ایک رتی استعمال کریں۔ (از حضرت والد صاحبؒ)

فوائد: برائے عظم کبد، ورم کبد، ورم طحال۔ (پ)

یرقان

نوشادر ۲ تولہ، سوڈا ۲ تولہ، عشبہ ۲ تولہ، پانی دو بوتل کسی مٹی کی ہنڈیا میں ڈال کر دو گھڑی میں پکائیں۔ جب آدھا پانی رہ جائے تو آگ بند کر دیں، جب سرد ہو جائے صاف کر کے کام میں لائیں۔

خوراک: ۲ تولے صبح اور ۲ تولے شام۔ تین چار روز میں تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ آنکھ اور چہرے کی زردی دور ہو جاتی ہے اور گلاب کی طرح چہرے کا رنگ نکھر آتا ہے۔ (ماخوذ از اسرار الاطباء)

نوٹ: میں کہتا ہوں سوء القنیہ، استسقاء، عظم جگر، اور عظم طحال کے لئے بہت مفید ہے بلکہ اکسیر، دو ہفتہ میں تمام عوارض رفع ہو جائیں گے۔ (ز)

سفوف راوند برائے یرقان وغیرہ:

یرقان، سدہ جگر، عظیم جگر، سوء القنیہ، اور اوجیض، حمیات مرکبہ کے لیے بے حد مفید ہے۔ ریوند چینی، نوشادر، قلمی شورہ بالسویہ لے کر سفوف بنا دیں۔

خوراک: ایک ماشہ سے لے کر دو ماشہ تک صبح شام یرقان کے لیے آب برگ ترب سبز مروق ۱۰ تولہ، شکر سرخ ۴ تولہ کے ساتھ سدہ جگر کے لئے شربت بزوری کے ساتھ اور ارحیض کے لئے عرق بادیان کے ساتھ حمیات مرکبہ کے لئے شربت بنفشہ کے ساتھ اور عرق بادیان کے ساتھ دیں۔ (ز)

یرقان:

کہو، بیسر، نیم، آملہ، برگ اڑوسہ، چرائتہ، کٹکی، دار ہلدی۔ گلوی خشک کا جوشاندہ شہد خالص ملا کر استعمال کرنے سے زائل ہوجاتا ہے۔ (ب)

استسقاء:

گل سرخ ۳ تولہ، گل غافث ۲ تولہ، افسنتین ۲ تولہ، مصطگی ۲ تولہ، تخم کاسنی ۲ تولہ، اسارون تولہ، سنبل الطیب تولہ، اذخر تولہ، افیون تولہ، ریوند چینی تولہ، طباشیر تولہ سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ مکوہ دیں۔ (ز)

زعفران الحدید:

برادۂ فولاد پاؤ بھر، نوشادر دیسی پاؤ، سرکہ ولایتی ا بوتل۔ ایک تام چینی کے مرتبان میں بھر کر سرپوش سے بند کرکے ۴۰ روز زمین میں دفن رکھیں، یہی زعفران الحدید ہے۔ چالیس دن کے بعد نکال کر باریک پیس لیں، محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۲/۱ سے ایک سرخ ہمراہ مسکہ دیں۔ امراض طحال و کبد نیز قلت خون میں اکسیر ہے۔ دوران استعمال میں مکھن زیادہ استعمال کریں، مفید ہوگا۔ (سید زکریا)

دوسری ترکیب یہ ہے: برادۂ فولاد ایک پاؤ، نوشادر دیسی ایک چھٹانک، عرق لیموں نصف سیر، سب ادویہ کو مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کریں اور کسی نم ناک زمین میں جو تالاب وغیرہ کے قریب ہو یا تازہ لید کے بڑے انبار میں دفن کریں۔ چالیس روز کے بعد نکالیں۔

خوراک: ایک رتی سے دو رتی تک۔ (از حکیم ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی، لاہور) (ز)

❋ … ❋ … ❋

امراضِ طحال (تلی)

صلابت طحال و درد و جگر:

نکچھنی (کندش) ۲ سرخ، قند سیاہ ۳ ماشہ میں ملا کر ایک گولی کھانا مجرب ہے۔ اگر گرمی معلوم ہو تو شیرہ تخم خرفہ اور نبات سفید ملا کر پلائیں۔ (ز)

سفوف خردل برائے صلابت طحال:

یہ سفوف ورم طحال اور صلابت طحال کے لئے مفید ہے۔ معدہ کو تقویت بخشتا ہے۔

نسخہ: سہاگہ بریان ۱ تولہ، خردل ۳ تولہ، سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ (ز)

عظم طحال:

ایک مولی شگافتہ کر کے نوشادر چار سرخ پیس کر ملا دیں اور اسے شبنم میں رکھ دیں۔ صبح کو کھلائیں۔ (ز)

اکسیر عظیم طحال و عظم جگر و اشتہائے طعام:

تیزاب گندھک بقدر ۱ سرخ، ایک گلاس پانی میں ڈال کر ہر روز صبح کے وقت پیتے رہیں۔ مجرب ہے۔ (ز)

دواء طحال:

نوشادر ۱ تولہ، رائی ۲ تولہ نہایت باریک پیس کر ایک ماشہ تک ہر روز صبح ہمراہ آب کھلائیں۔ چند یوم میں کلانی طحال دور ہو جائے گی۔ اثناء استعمال میں اگر مغص یا تج ہو جائے تو تخم ریحان اس کا مصلح ہے۔ (ز)

طحال:

ایک تولہ شورہ کو پاؤ بھر پانی میں کسی چینی کے برتن میں ڈال کر بھگو لیں، صبح اس کو ہلا کر اور نتھار کر پی لیں۔ پرانے سے پرانے بھی پانچ چھ روز کے استعمال سے جاتی رہتی ہے، بلحاظ عمر وقوت کے وزن میں کمی اور زیادتی کی جا سکتی ہے۔ (ز)

حبوب طحال:

صبر زرد، سہاگہ بریان ایک ایک تولہ، قند سیاہ ۲ تولہ سب کو کوٹ کر یک جان کر لیں۔ حبوب نخودی بنائیں۔ رات کو سوتے وقت ۲،۲ گولیاں پانی سے نگلوائیں۔ بعدہٗ کوئی چیز نہ کھائیں۔ بعض طبائع میں ایک دو اسہال روزانہ ہو جاتے ہیں، تو اسی صورت میں ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ سکنجبین بزوری دینی چاہئے اور قدرت خدا کا مشاہدہ کریں۔ (ز)

اکسیر طحال:

کرفس، انیسون، بادیان، زرورد، راوند، مصبر، نوشادر، نمک سیاہ، دار فلفل ہم وزن سفوفاً۔

خوراک: ارتی۔ (ز)

عظم طحال:

ایک مولی میں سوراخ کر کے نوشادر ۴ سرخ پیس کر ملائیں اور شبنم میں رکھیں۔ صبح کو کھلائیں۔ (ب)

طحال:

چونہ، نوشادر ہم وزن لے کر چینی کے برتن میں چھت پر رکھیں۔ صبح کو تیل ہو جائے گا۔ شیشی میں محفوظ کر لیں۔ ایک قطرہ بتاشے میں کھلائیں۔ (ب)

اکسیر طحال:

فیری ایٹ کونین ۱/۲ اونس۔ اسٹرکنیا ۱/۲ اونس، میگنیشیا سلفاس (جو کہ عام طور سے میگنیشیا سے مشہور ہے) آب خالص ۳ پاؤ میں حل کریں۔

خوراک: ایک اونس صبح و شام۔ (ب)

خارجی استعمال کے لئے ضماد کا نسخہ:

ایک شق ایک تولہ، کتیرا ۲، صمغ عربی ۲، زراوند مدحرج ۵ سب کو سرکہ انگوری میں حل کر کے تین حصے کر لیں۔ ایک حصہ پٹی پر لگا کر طحال پر چسپاں کر لیں اوپر سینک دیں، جس قدر پٹی اترتی جائے قینچی سے کاٹتے جائیں۔ اسی طرح باقی دو حصوں کو بھی لیپ کر دیں۔ (ب)

وجع الظہر:

کافور تولہ، روغن کنجد ۸ تولہ میں حل کر کے مالش کریں۔ (ب)

وجع الظہر:

روغن بیدانجیر میں قدرے نمک ملا کر نیم گرم مالش کریں۔ (ب)

اکسیر درد کمر:

کچلہ مدبر، زعفران، فلفل سفید ہر ایک ۶ ماشہ، عرق بادیان ۴۰ تولہ میں اس قدر کھرل کریں کہ گولیاں بن سکیں۔ دانہ مونگ کے برابر حبوب بنا کر ورق چاندی میں محفوظ کر لیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح دوپہر اور شام گائے کے دودھ کے ساتھ۔ (ب)

وجع الظہر نقرس وغیرہ:

کافور ایک اونس، روغن کنجد ۸ اونس ملا کر مالش کریں۔ (ز)

* * *

امراضِ امعاء (آنتوں کی بیماریاں)

زحیر صادق (پیچش) سنگرہنی وغیرہ:

مغص (مروڑ) سنگرہنی، اسہال معدی، اور سحج پر بہت مفید ہے۔ مازو سبز خشک شدہ، مائیں خورد ہر ایک ۲ تولہ، افیون خالص ۱ تولہ، گوند کیکر ۶ ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بقدر فلفل سیاہ کے بنائیں۔ اگر افیون بھی ۲ تولہ ہو تو بہت بہتر ہے۔ فافہم (سید زکریا)

ترکیب استعمال: جوان کو ایک گولی صبح اور ایک شام ہمراہ بدرقہ مناسب۔ افیونی کو چار گولی تک دے سکتے ہیں۔ ۱۰ سال کی عمر والے بچے کو صرف ایک گولی۔ خوردہ سال شیر خوار بچے کو نصف گولی، مگر یاد رہے ان گولیوں کا استعمال سدہ اور امتلائی حالت میں نہ کرنا۔ باوجود کئی دفعہ کے مسہل اور تنقیہ کی جب تصدیق ہو جائے کہ صفائی تو خوب ہو گئی اب امتلا نہیں اور اسہال، پیچش بند کرنا مطلوب ہو تو پھر ضرور دے سکتے ہیں۔ خلاصہ عرض یہ ہے کہ طبیب پہلے اس امر کی تحقیق کر لے کہ یہ مغص اسہال وغیرہ واجب الحبس ہیں یا پھر واجب التلیین، پھر مناسب محل جان کر ان کا استعمال کریں۔ اگر بلا سوچے سمجھے ان سے حبس کا مرتکب ہوگا تو نقصان عظیم ہوگا۔ (ز)

پیچش:

شنگرف، سہاگہ، افیون، صمغ عربی، کتیرا، طباشیر قلمی، مساوی الوزن حبوب بقدر ماش بنائیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب گرم یا چائے سے۔ (ز)

پیچش اور اسہال کہنہ کے لئے مجرب نسخہ جو کہ بند نہ ہوں:

نسخہ: ہلیلہ سیاہ، اجوائن دیسی، زیرہ سفید، مساوی الوزن علیحدہ علیحدہ کوٹ کر گھی میں چرب کر کے نرم آنچ پر بریان کریں اور پھر ملائیں۔

خوراک: ایک سے ۲ ماشہ صبح اور ۲ ماشہ شام ہمراہ دہی۔ اگر دہی کے مقطر پانی سے استعمال کیا جائے تو بہت مفید ہے۔ (ز)

حب پیچش:

افیون خالص، سہاگہ بریاں، مصطگی رومی، شنگرف ہر ایک دو ماشہ جملہ دواؤں کو پانی میں کھرل کر کے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک ایک گولی صبح و شام دو تولہ لعاب ریشہ خطمی۔

فوائد: اسہال کہنہ، اسہال بواسیر کو روکتی ہے، زحیر صادق میں خاص چیز ہے، اگر سدی زحیر نہ ہو تو ایک ہی دن میں دور ہو جاتی ہے۔ (حکیم محمد حسن صاحب قریشی) (ز)

اکسیر پیچش:

شنگرف تولہ، جدوار تولہ، افیون خام ۳ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ، سب کو باریک پیس کر ماش کے برابر گولیاں بنائیں، روغن بیدانجیر کا مسہل دینے کے بعد ایک گولی ہمراہ آب تازہ کے پرانی پیچش میں بہت مفید ہے۔ (ز)

عرق اکسیر پیچش:

خواہ کسی ہی شدید پیچش ہو فوراً فائدہ ہوتا ہے، پرانی پیچش میں مفید ہے، پوست ہلیلہ ۱۰ تولہ، پوست بلیلہ ۱۰ تولہ، آملہ خشک ۱۰ تولہ، پانی ۲ میں ایک رات بھگوئیں۔ آکر صبح چھان کر صاف بوتل میں ڈالیں۔

خوراک: جوان کے لئے پانچ تولہ دن میں تین چار مرتبہ۔ (ز)

اکسیر پیچش:

اسپغول مسلم ۵ ماشہ، بہدانہ ۳ ماشہ، کتیرا چار ماشہ، بلگیری تولہ، ان کا لعاب پانی یا عرق گاؤزبان کے ہمراہ نکال کے شربت انجبار ۲ تولہ شامل کر کے پلانا شدید پیچش میں اکسیر ہے۔ (از ایڈیٹر) (ز)

اکسیر پیچش:

بل کتھ عمدہ، کو باریک پیس کر کپڑآ چھان کر کے ۳ ماشہ شربت انار کے ساتھ کھلائیں۔

یہ ایک ہی دواء حیرت انگیز اثر دکھائے گی۔ خونی پیچش کے لئے تو اکسیر الاثر ہے۔

نوٹ: نسخہ بل کتھ مدیر برائے بواسیر مرض بواسیر میں ملاحظہ ہو۔ (ز)

اسہال دموی، زحیر صادق، مغص سنگرہنی، اسہال معدی:

بازو، کرنازج، افیون ہموزن حب بقدر فلفل سیاہ بنا کر استعمال کریں، صمغ عربی ۶ ماشہ میں گولیاں بنائیں۔ یہ نجح میں بھی نہایت مفید ہے۔ (ز)

زحیر صادق:

لعاب بہدانہ ۳ لعاب، ریشہ خطمی ۴، شیرہ حب الآس، شیرہ تخم خرفہ سیاہ ۳، شربت بنفشہ ۲ تولہ، اسپغول مسلم ۵ پاشیدہ بنوشند۔ (ب)

زحیر صادق و کاذب:

اسگندھ ناگوری ۲ تولہ، لودھ پٹھانی ۲ تولہ، زنجبیل خراسانی ۳ ماشہ، نبات سفید ۴ تولہ کوٹ چھان کر۔

خوراک: ۳ صبح و دوپہر شام بہ ہمراہ آب۔ (ب) رموز الاطباء، ص ۲ / ۲۷ ۱۳)

حب پیچش:

افیون خالص، سہاگہ بریان، مصطگی رومی، شنگرف، صمغ عربی، طباشیر قلمی ہر یک دو ماشہ۔ جملہ دواؤں کو پانی میں کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک ایک حب صبح و شام ہمراہ لعاب ریشہ خطمی ۲ تولہ یاب آب تازہ۔

اسہال کبدی، امعائی، زحیر صادق، اسہال بواسیری، زحیر کبدی سب کے لیے نہایت ہی مفید ہے۔ (ب) (رموز الاطباء، ص: ۸۹۰ تا ۸۹۳، دیکھئے)

حب زحیر صادق: پوست ہلیلہ کابلی تولہ، پوست آملہ ۱ تولہ، زعفران ۹، افیون ۶، کافور ۶، بعرق گلاب حل کردہ حبوب نخودی بندند۔ (ب)

حب پیچش: خرما ۲ عدد، مقل ۱ ماشہ، ہینگ ۱ ماشہ، مصطگی ۱ ماشہ، جائفل ۱ ماشہ، افیون ۴ رتی، خرما کو شق کر کے ان ادویہ مسحوقہ کو بھر کر آٹا لگا کر سرخ کریں بعدہ حب نخودی بنائیں۔ (ب)

خونی پیچش: گل نار تولہ، جاوتری تولہ، مائین خورد تولہ، زنجبیل، تولہ ورق نقرہ باریک سفوف بنا کر شربت انجبار کے ہمراہ۔

خوراک: ایک سے ۶ ماشہ دن میں ۳ مرتبہ۔ (ب)

زحیر صادق وخراش امعاء:

مازو سبز بے سوراخ ۲ تولہ، مائین ۲ تولہ، گوند سول تولہ، افیون ۶ ماشہ، سوائے افیون کے سب کو باریک پیس کر پارچہ بیز کریں۔ افیون کو عرق گلاب میں پکائیں اور کپڑے میں چھان کر ان سفوف میں شامل کریں۔ قدر فلفل سیاہ حب بنائیں۔ ایک یا دو حب حسب ضرورت کھلائیں۔ فوری اثر کرتی ہے۔ (ب)

سفوف مطیب برائے زحیر:

ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ، گل ارمنی ۲ تولہ، دار چینی تولہ، جائفل ۹ ماشہ، قرنفل ۶ ماشہ، دانہ الائچی ۳ ماشہ، خورد سیماب ۳ ماشہ، گل قیمولیا تولہ، قند سفید ۶ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب سے پہلے گل قیمولیا اور سیماب کو اس قدر کھرل کریں کہ سیماب کے ذرات ناپید ہوجائیں، پھر گل ارمنی ڈال کر کھرل کریں، پھر سب دوائیں الگ جد کر چھان کر ملالیں۔

مقدار خوراک: بڑوں کے لئے ۲ سے چار ماشہ تک، بچوں کے لئے ۱ رتی سے ۸ تک۔ دن میں ۳ سے چار خوراک دے سکتے ہیں۔

سفوف مفرح برائے زحیر و تقویت قلب:

طباشیر کبود ۵ تولہ، کشنیز خشک ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، الائچی خورد ۵ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۵ تولہ، کہربا شمعی ۵ تولہ، نارجیل دریائی ۳ تولہ، کشتہ عقیق ۲ تولہ، کشتہ مرجان تولہ، ورق نقرہ ۳۔

خوراک: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک۔ (ب)

دافع پیچش زن حاملہ:

مغز بادام شیریں ۵ عدد، الائچی خورد ۲ دانہ، مبہدانہ ۱، نبات سفید ۶ پانی میں گھونٹ کر پلائیں۔ (ب)

اسہال مزمن:

نیلا تھوتھا ۶ گرین، افیون ۶ گرین، اس کی بارہ گولیاں بنائیں ہمراہ شہد، اسہال مزمن میں نفع مند ہیں۔ (ب)

اسہال و سنگرہنی:

ہلیلہ زنگی ۵ تولہ، ہینگ ۹ ماشہ، نمک سیاہ ۹ ماشہ، آب لیموں حسب ضرورت ڈالیں کہ سب دوائیں غرق ہو جائیں۔ مگر دوائی ایک چینی کے مرتبان میں مسلم ڈالیں۔ ہفتہ عشرہ میں ہلیلہ سیاہ پھول جائیں گی۔

خوراک: ایک ہلیلہ، نفخ قراقر، اسہال، سنگرہنی میں نہایت مفید ہے۔ (از ایڈیٹر) (ز)

اسہال (دست)

برائے اسہال دوری:

پوست سنگدانہ مرغ، قرنفل ہم وزن لے کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ (ز)

بچوں کا اسہال:

نیلا تھوتھا ۲ گرین، عرق اجوائن ۲ اونس ملا کر ایک چمچہ چائے دن میں تین بار پلائیں۔ (ز)

سفوف بندش اسہال:

جو کسی دوا سے بند نہ ہو۔

صفۃ: گرہ سالم سونٹھ ۱ تولہ کو گھی میں تل لیں کہ پھول جائے، پھر گھی سے صاف کر لیں۔ سفوف بنا کر مصری ۱ تولہ ملا کر، خوراک کریں۔ ایک خوراک صبح ایک خوراک شام تازہ پانی سے دیں۔ تین روز میں فائدہ ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ (ز)

اسہال:

کافور ۱ گرین، ہینگ ۱ گرین، افیون ۱/۲ گرین اسہال کو روکتی ہے۔ (ز)

ذرب، خلفہ سنگرہنی، ہیضہ:

افیون، چونہ، ہم وزن پیس کر موٹھ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی صبح اور ایک شام کو دیں۔ (نہایت عمدہ نسخہ ہے، فافہم) (ز)

افیون، زعفران اصلی سورج مارکہ ہر ایک تولہ۔ باجرہ کے برابر گولیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی دیں۔ (طبی فارماکوپیا، ۲۰/۱۹۵)(ز)

اکسیر سنگرہنی:

پھٹکری خام ۴ ماشہ، کشتہ سنگ جراح ایک ماشہ، پھٹکری کو باریک پیس کر سنگ جرح میں شامل کرلیں اور نہار منہ پوڑیہ منہ میں ڈال کر اوپر سے دودھ نوش کریں۔ یہ ایک خوراک ہے، ان شاء اللہ تعالیٰ پہلی خوراک حلق سے اترتے ہی مثل جادو کے اثر دکھائے گی۔ ایسی تین خوراکیں استعمال کرنے سے بفضلہٖ تعالیٰ مرض کافور ہوجائے گا۔

پرہیز: خوراک صرف دودھ۔ باقی سب چیزوں سے پرہیز ہے۔ (ز)

قابض، دافع اسہال:

توتیائے سبز و افیون ہم وزن سفوف خوراک برنج برابر۔

خوراک: ایک گرین جو کہ اسہال مزمن میں نفع مند ہیں۔ دن میں تین دفعہ ایک ایک گرین کھلائیں۔ (طبی فارماکوپیا، واقعی بہت عمدہ نسخہ ہے)(ز)

قبض دائمی:

صبر، شحم حنظل، ریوند چینی، ہر ایک ڈیڑھ ماشہ سب کو باریک پیس کر لعاب صمغ عربی میں ۱۲ گولیاں بنائیں۔ خوراک ۱ گولی تا ۲ گولی رات سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم بہت مجرب ہے۔ (ز)

قبض دائمی:

برگ سنا ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، نبات سفید ۲ تولہ، ہر ایک اشیاء کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ خوراک ۴ ماشہ ہمراہ نیم گرم پانی سے قبل از غذا استعمال کریں۔ بہت مفید نسخہ ہے۔ اس سے دائمی قبض دور ہوجاتا ہے۔ (ز)

قبض دائمی:

سونف صاف شدہ، اجوائن دیسی صاف شدہ مساوی الوزن لے کر خوب باریک کریں۔ روغن زرد میں بھون لیں اور دونوں کے برابر مصری ملا کر تیار کریں۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ تازہ پانی کے بعد از غذا استعمال کریں، اگر ۴۰ یوم استعمال کریں مجرب نسخہ ہے۔ (ز)

قبض بواسیری:

رب السوس ۲ ڈرام، سنا ۱ اونس، کشنیز ۴۰ ڈرام، تمر ہندی ۲ اونس، آلو بخارا ۱ اونس، نبات سفید ۶ اونس، حسب دستور معجون بنالیں۔ ایک ایک ڈرام استعمال کریں، بواسیر کے قبض کو دور کرتا ہے۔ (ز)

قبض کشا: بے ضرر نسخہ مسہل:

جن لوگوں کو جمال گوٹہ اور عصارہ ریوند سے نفرت ہو ان کے لیے عمدہ نسخہ یہ ہے:

روغن بادام شیریں ۶ ماشہ، شیر گاؤ میں ملا کر بوقت خواب استعمال کریں اور گل قند بھی اچھی چیز ہے۔ خصوصاً حوامل کے لئے بقدر ۴ تولہ بہترین چیز ہے۔ (ز)

برائے قبض بواسیری:

صبر زرد ۱ تولہ، رسوت ۲ تولہ، رسوت کو آب گندنا میں حل کر کے صبر ملائیں۔ بطور معجون محفوظ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت بقدر نخود ایک حب الی ۲ حب کھایا جائے۔ اگر مداومت کی جائے تو بواسیر بالکلیہ رفع ہو جائے گی۔ (ز)

گولیاں قبض کشا دافع درد شکم:

معمول طب سلیمی و مجرب احقر۔ **صفت:** مصبر، عصارہ ریوند، نوشادر ہر ایک تولہ، مصطگی ۱ ماشہ، گولیاں بقدر نخود، خوراک ۱ تا دو گولیاں رات کو سوتے وقت، اگر درد شکم ہو تو گرم پانی کے ساتھ تین گولیاں استعمال کرائیں۔ (ز)

قولنج:

افیون ۱/۲ گرین، عرق اجوائن ۲ تولہ، قولنج کے درد کو مفید ہے۔ عصارہ ریوند ۱/۲ رتی نوشادر ا رتی، افیون ۱/۲ رتی باہم ملائیں اور کھلائیں قولنج کو مفید ہے۔ (ز)

قولنج:

[illegible] ۲ رتی کھلانا عجیب النفع ہے۔ (ز)

قولنج بلغمی:

ہینگ ۱/۲ درم چھاچھ میں حل کر کے پلائیں، فوراً صحت ہوگی۔ (ز)

تریاق قولنج:

شاخ گوزن سوختہ کہ سفید شدہ باش ۳ ماشہ پانی کے ساتھ استعمال کیا جائے بے نظیر ہے۔ (ز)

جوارش مختصر منقی معدہ:

دافع فضلات و مفتح سدہ و قولنج:

صفت: تربد سفید ۵ تولہ، ترنجبین ۲ تولہ۔ کوٹ چھان کر روغن بادام ۲ تولہ سے چرب کر کے قند سفید ۲۲ تولہ کا قوام کر کے بنائیں، ۱۰ ماشہ ہمراہ آب گرم دیں۔ (ز)

حب مسیم چنوں کے لیے:

ایلوا، مسیم، کات سفید، افیون، برگ کنار، نارجیل کہنہ، ہم وزن دانہ موٹھ کے برابر حبوب بنالیں۔ (ب)

کرم شکم و کدو دانہ و کرم خورد:

برنج کابلی (باؤبڑنگ) ۱ تولہ، کمیلہ ایک تولہ، برگ نیم ۱ تولہ، ان تینوں کا سفوف بنا کر چھ ماشہ [illegible] یا دہی کے ساتھ صبح کے وقت استعمال کریں اکسیر ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب ہے۔

[illegible] ہے کہ برنج کابلی و برگ نیم مساوی الوزن لے کر ۶ ماشہ

کر کھلائیں، بعدہ مسہل دیں۔ اشاعت سالانہ "الحکیم" میں ہے کہ تینوں ادویہ کو سفوف بنا کر ۲ ماشہ کو ۲ تولہ شہد میں ملا کر دیں۔ (ز)

کرم شکم:

روغن بید انجیر ایک اونس، روغن تارپین ایک ڈرام باہم ملا کر نوش کرنا کرم شکم کو مارتا ہے اور اسے خارج کر دیتا ہے۔ (ز)

کرم شکم:

قلعی ۵ تولہ، سریش ۵ تولہ، ترکیب: بطریق فوق قلعی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں۔ سریش کپڑا اترشدہ میں چار پہر لپیٹ رکھیں تاکہ پھول جائے۔ پھر دونوں اشیاء صابن میں اس قدر کوٹیں کہ خوب یکجان ہوجائے بس تیار ہے، رات کو میٹھے چاول وغیرہ کھلائیں صبح نہار منہ ۶ ماشہ دوائی پانی میں رگڑ کر پلائیں۔ دوائی پیتے وقت ناک بند کر لینا چاہیے۔ (ز)

کدو دانہ:

۷ تولہ ناریل نہار خوردن ازالہ ایشاں کند، وباز نتواں شد۔ (ز)

پیٹ کے کیڑوں کا عمدہ نسخہ:

قلعی ا تولہ، باریک کر کے (قینچی وغیرہ سے) پھر مگھان ۶ ماشہ ملا کر قدرے کوٹیں کہ سفوف تیار ہو جائے۔

طریقہ استعمال: رات کو تھوڑا سا قند سیاہ کھلا کر صبح ۹ ماشہ دوائی ایک پاؤ دہی کے ساتھ استعمال کرائیں۔

نوٹ: دوائی کھانے کے وقت ناک بند کر لیں۔ اگر تکلیف محسوس ہو تو کیلہ ا تولہ ہمراہ ہی کھلائیں۔

بچوں کے پیٹ کے کیڑے:

واسطے چھوٹے کیڑوں کے آنت مستقیم میں خاص کر بچوں کو پیدا ہوتے ہیں جس کو چنونے کہتے ہیں۔ لتہ زہرہ گاؤ میں یا نفط سیاہ یا سفید میں یا نظرون میں آلودہ کر کے رکھیں یہ

آب پودینہ اور آگ برگ شفتالو بھی یہی عمل کرتا ہے اور ایلوا مسحوق کر کے سرکہ میں ملائیں۔ لتہ اس میں آلودہ کر کے رکھیں۔ یہی اثر کرتی ہے۔ قرابادین۔ (ز)

کلانی شکم یا چربی شکم کا نسخہ:

خراطین خورد ۳ عدد، در قند سیاہ پیچیدہ تا سہ یوم بخورانند کافی است ہے تو غیر اصولی علاج لیکن انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

* * *

بواسیر

بواسیر خونی:

اندر جو شیریں مجیٹھ ہم وزن خوراک ۳ ماشہ ہمراہ مسکہ دیں۔ (از: ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی) (ز)

اکسیر بواسیر:

یہ نسخہ بلا ضرر مسوں کو نکالنے اور خون بواسیر بند کرنے میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ یہ نسخہ ایک سیاح سنیاسی سے ملا تھا۔

صفت: کافور، رسکپور، سیماب، مردار سنگ، الائچی خورد، الائچی کلاں، ہر ایک چار چار ماشہ تمام ادویہ کو خوب کھرل کریں اور آٹھ تولہ مسکہ لیکر ۲۵ بار پانی میں دھو دھو کر اس میں ملا کر مرہم تیار کریں اور مقعد کے اندر اور باہر روزانہ صبح و شام لگایا کریں، چند یوم میں مسے مردہ ہو کر جھڑ جائیں گے۔ (ز)

بخور بواسیر:

پشک موش برگ برل خشک ہر دو برابر سفوف کریں۔ اول تمام کپڑے اتار دیں اور ایک موٹا کپڑا اوڑھیں اور سر باہر رکھیں اور پیڑھی پر بیٹھ کر ایک تولہ اس دوا کی دھونی لیں، اس طرح دن میں تین بار صبح دو پہر شام تین روز میں مسے خشک ہو کر گر جائیں گے اور انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔ (محمد فضل اللہ صاحب، تحت عنوان مجربات) (ز)

بواسیر:

مسوں پر سہاگہ سفید شگفتہ مکھن گاؤ صد بار شستہ میں ملا کر دن میں دو تین دفعہ لگایا کریں، مسے جڑ سے نابود ہو جائیں گے۔ (ز)

گل منقی ایک تولہ، ریوند منقی ایک تولہ، مغز تخم کدو ایک تولہ، مغز [illegible] ایک تولہ
آب ترب پاؤ میں کھرل کرے حب نخودی بنائیں، ایک حب روزانہ کھائیں اور ایک گولی گھس کر
مسوں پر لگایا کریں۔ از ڈاکٹر عبد الحمید۔ (ز)

بواسیر:

بیل گری اصلی لے کر پوست وغیرہ سے بالکل صاف کر لیں اور بالکل صحیح [illegible] کر
میں خشک کر کے آگ بغیر دھوئیں میں پکائیں۔ جب آٹا پک کر سرخ ہو جائے تو بیچ میں سے
کھو نکال کر گرم گرم میں کوٹنا شروع کریں حتیٰ کہ اتنا میدہ کے جیسا ہو جائے اور محفوظ رکھیں۔

خوراک: تین ماشہ صبح ہمراہ تازہ شیر خمیر کے استعمال کریں اور سہاگہ سفید شگفتہ کو
ماشہ میں صد بار میں حل کریں اور مسوں پر لگائیں۔ اگر متواتر چالیس یوم یہ علاج کیا جائے
تو ذریعہ آرام آتا ہے۔ مریض مسوں کے درد سے ماہی بے آب کی طرح تڑپ رہا ہو گولی ہی
فوراً سے آرام کی نیند سوتا ہے۔ عجیب چیز ہے۔ (ز)

بواسیر:

افیون خورد ۵ تولہ، کالی مرچ ۲ تولہ، آب ترب ۲ بوتل میں کھرل کرے بقدر کنار و چنی گو
لی بنائیں، ایک گولی ہمراہ مکھن ایک چھٹانک کھائیں۔ سات دن میں بواسیر خونی ہو یا بادی
درست ہوگی، خون چاہے بیرون آتا ہو دوسرے دن بند ہوگا، مولی کی بھاجی کا زیادہ استعمال کر
یں مسوں پر یہی گولی لعاب دہن سے گھس کر لگا دیں، اکسیر اور مجرب ہے اور میرے ہاں
معمول مطب ہے۔ (ز)

نسخہ اکسیر حقیقی بواسیر:

جو ایک ہی ہفتہ میں بواسیر اور بواسیری مسوں کا قلع قمع کر دے۔

مفردات: رسوت زرد قسم اعلیٰ ا تولہ، مقل ازرق ا تولہ، تخم نیم [illegible]

خوراک: ۹ ماشہ وقت خواب ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔ ایک ہفتہ تک اس دواء کے استعمال سے چوتھے یا پانچویں روز سے ازراہ براز سفید مادہ مثل آؤں خارج ہو کر رطوبت میں تخفیف ہو کر صحت ہو جائے گی۔

غذا: نرم کھچڑی یا شوربا بز وغیرہ۔ اطباء وقت حاضرہ کا مجرب نسخہ باتفاق ہے۔ (ز)

استقاط مسہ ہائے بواسیر:

اگر مسوں کو گرانا منظور ہو تو آدمی کی ہڈی سوختہ اور کوڑی سوختہ دونوں کو ملا کر مسوں پر لگائیں، انشااللہ تعالیٰ گر جائیں گے۔ بہت ہی مجرب ہے، یہ نسخہ بندہ کے والد صاحب مرحوم کا مجرب نسخہ ہے، اس نسخہ کو اکثر مریضوں پر استعمال کیا کرتے تھے۔ (ز)

برائے بواسیر ہر قسم:

جس سے مسہ ہائے بواسیر جڑ سے نیست و نابود ہو جاتے ہیں، سفوف ماجو ۲ حصہ، افیون ۱ حصہ، مکھن ۵ حصے ان کو خوب رگڑ کر آپس میں ملا لیں تاکہ تینوں یک جان ہو جائیں، اس مرہم کو انگلی سے بواسیر کے مقام پر اور مسوں پر لگائیں۔ لگاتے ہی فوراً درد اور کھجلی کو آرام ہوگا اور ایک ماہ کے استعمال سے تو برسوں کا پرانا مرض بواسیر جاتا رہتا ہے۔ جو بھی آزمائے گا دل سے دعا دے گا۔ (ز)

برائے بواسیر خونی:

کافور یک جزء، روغن تلخ (تیل سرشف) ۴ جزء، روغن را جوش دادہ از آتش فرو کردہ کافور در آں حل نمایند۔ اگر مسہ بیرون مقعد باشد بر آں مالش کنند، و اگر درون باشد فتیلہ ساختہ در آں لت پت کردہ شیاف کردہ شود، و برائے خوردن رسوت مصفّٰی ۱ ماشہ، در مسکہ تین مثقال خوردہ باشد اکسیر است۔ (ز)

بواسیر خونی:

موم اصلی کو گرم دودھ میں ڈال کر کہ پگھل جائے، دودھ کو آگ سے اتار کر تا کہ مر

ہو جائے، پس موم کو جمع کر کے مقدار چنے سے کچھ بڑی گولیاں بنا کر ورق نقرہ میں لپیٹ کر ایک ایک گولی روز کھائیں، ۲، ۳ خوراک کافی ہیں (از مراز محمد امین خان صاحب کابلی) نہایت مجرب ہے۔ (ز)

اکسیر بواسیر و نواصیر:

جمالگوٹہ از پوست و پتہ صاف کردہ ۱ تولہ، آب لیموں کاغذی ۲۰ عدد، سحق کر کے حبوب بقدر دانہ مسور بنالیں۔ خوراک: ۱ حب روزانہ۔ (ز)

حبوب رزاقیہ برائے بواسیر:

حضرت مولانا شاہ عبدالرزاق صاحب انصاری کا فرمودہ ہے، بہت لوگوں پر آزمایا ہے، بواسیر کو بہت مفید ہے اور ہے بھی بالکل سادہ۔

صفت: رسوت صاف شدہ ۱ ماشہ، موم اصلی ۱ ماشہ، باہم مخلوط کر کے چار گولیاں بنالیں اور رات کو سوتے وقت کھائیں، واقعی بہت عمدہ دوا ہے۔ (ز)

برائے بواسیر:

رسوت، گوگل، مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن ہم وزن ہمراہ عرق لکروندہ (ورنہ آب گندنا، سید زکریا) میں پیس کر بیر کی گٹھلی کے برابر گولیاں بنائیں، اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام دونوں وقت استعمال کریں، جناب حکیم اجمل خاں کا نسخہ ہے میں نے متعدد آدمیوں پر آزمایا ہے، بواسیر کے لیے مفید ثابت ہوا۔

جامع کہتا ہے حاذق میں یہ نسخہ بزیادت ہلیلہ سیاہ، وزکچور، فلفل سیاہ، مصطگی رومی، مساوی الوزن مذکور ہے، حب بقدر جنگلی بیر اور خوراک دو گولیاں رات کو سوتے وقت کھائیں اور حب اکسیر حقیقی بواسیر اور بواسیری مسوں کا قلع قمع کردے۔ اجزائے چہارگانہ فوق الذکر بز بلاناغہ نمک سیاہ ور صفحہ اوراق میں ہے کہ ۶ ماشہ بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ ثار کھائیں، ایک ہفتہ تمہ۔ اس دوا کے استعمال سے چوتھے یا پانچویں روز از راہ براز سفید مادہ مثل آؤں خارج ہو کر علت میں تخفیف ہو کر صحت ہو جائے گی۔

غذا: نرم کھچڑی یا شوربا سے جز وغیرہ و اطباء وقت حاضرہ کا مجرب نسخہ بالاتفاق ہے۔ (ز)

بواسیر:

یہ بھی میرا آزمایا ہوا اور بہت مفید نسخہ ہے، مقل ازرق یعنی گوگل ۴ رتی کی گولیاں بنالیں اوپر سے خار شتر تازہ ۹ ماشہ کا پانی میں شیرہ نکال کر نوش کریں۔ (ز)

بواسیر:

اسی قسم کا ایک آسان نسخہ ہم بھی یہاں درج کرتے ہیں جو اس طرح ہے کہ: آب زہرہ بز چینی کے پیالے میں لے کر سایہ میں خشک کریں، جملہ امراض میں بقدر دانہ مسور کھلائیں، خون کو فی الفور روکتا ہے۔ (ز)

معجون مقل برائے بواسیر:

بواسیر بادی کہ آنتوں کے اندر ہوتی ہے کو توڑتی ہے، سوجن مقعد کو دور کرتی ہے اور خون کو روکتی ہے، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ منقی، تخم اسپنداں سپید، تخم گندنا، نانخواہ، شاہترہ، ہر ایک ۵ درہم، مقل ۵ درم، مقل کو آب گندنا میں حل کریں اور دوا کو ملالیں۔ خوراک: ۷ درم (ماخوذ از قرابادین قادری) (ز)

اطریفل مقل برائے بواسیر:

پوست ہلیلہ زرد، آملہ مقشر، پوست بلیلہ ہر ایک ایک درم، مقل ۳۰ درم، مقل کو آب گندنا میں حل کریں اور ۶۰ مثقال شہد میں ڈال کر قوام کریں اور دیگر دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام یا روغن گاؤ میں چرب کر کے ملائیں۔ خوراک: ۲ درم (قادری) (ز)

بواسیر بادی وخونی:

کالی زیری ۳ درم لیں اور آدھی بریان کریں پھر ملا کر ۳ حصے کریں، ہر روز ایک حصہ کھالیں اور غذا برنج ساگی اور دہی کریں، بواسیر بادی وخونی دور ہوگی (قادری) (ز)

بواسیر خونی وبادی:

مسکہ تازہ ۶ تولہ، سنگ جراحت ۵ تولہ، پھٹکری ۲ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، کافور ۲ تولہ ایک کانسی کے برتن میں ڈال کر اس قدر سحق کریں کہ سبزی پیدا ہو جائے پس مرہم تیار ہو گیا۔ اس میں سے بہت تھوڑی مقدار میں برتیں لکھتے ہیں کہ تین روز میں بواسیر کی شکایت نہیں رہتی۔

بواسیر ریحی:

اطریفل مقل ۹ ماشہ وقت خواب کھائیں۔ رسوت ۲ تولہ، شورہ قلمی ۲ تولہ دونوں کو پیس کر آب مولی ۲ تولہ میں کھرل کر نخودی گولیاں بنائیں، چار گولی صبح کھایا کریں۔ (حکیم رشید احمد انصاری دہلی) (ز)

حبوب بواسیر:

زرکپور ا تولہ، مقل ازرق ا تولہ، رسوت ا تولہ، صبر زرد ا تولہ مولی کے عرق میں حل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ دوسرے تیسرے روز ۲ گولی صبح یا شام کھائیں، ہمراہ تازہ پانی۔ (ز)

مسہ بواسیر:

زنگار ۱۰ ماشہ، رسکپور ۱۰ ماشہ، طوطیا ۱۰ ماشہ، مردار سنگ ۱۰ ماشہ، سم الفار ایک ماشہ، کافور ایک ماشہ، سفوف کر کے محفوظ رکھیں، سلائی کے سرے مسوں پر لگائیں، تا ہفت یوم مسہ بالکل خشک ہو جائے گا اگر کچھ تکلیف محسوس ہو تو بھنگ کا نغدہ باندھیں۔ (ز)

اکسیر بواسیر:

سم الفار ۳ ماشہ، کتھ سفید ۳ ماشہ، صابون دیسی ۳ ماشہ باہم پیس کر بہ لعاب دہن گولی بنائیں یا سفوف بنائیں، بقدر یک سرخ مسوں پر لگائیں، دن میں دو دفعہ پانچ روز تک بعد ازاں حلوا باندھیں، تمام مسہا بغیر تکلیف کے ساقط ہو جائیں گے۔ بعد از سقوط صرف مسکہ گاؤ شستہ آب ۲۵ مرتبہ لگاتے رہیں۔ یہ نسخہ مجرب اور معمول بہ ہے۔ (ز)

اسقاط مسہائے بواسیر:

خرمہرہ زرد ا عدد، سپاری چکنی ا عدد، پانی سے اس قدر سحق کریں کہ پانی گاڑھا ہو جائے،

اس پانی میں نیلا تھوتھا ۳ رتی، مردار سنگ ۱ ماشہ گھس کر ملائیں اور طلا کریں ہفتہ عشرہ کافی ہے۔ ماخوذ از مفتاح الحکمت: ۱ ۹۴ (ز)

اسقاط مسہائے بواسیر:

خبث الحدیث، چونہ آب نادیدہ برابر پیس کر مسوں پر چھڑکنے سے بلا تکلیف دور ہوں گے۔ از مفتاح الحکمۃ: ۹۴۸۔ (ز)

برائے بواسیر ہر قسم:

گوگل ۵ تولہ در آب مولی نیم چار یاک کھرل کردہ تا آب مذکورہ خشک گرد، بعدہ گولی بقدر نخود بندد۔ یک گولی بوقت خوابیدن و یک بوقت صبح در لعاب دہن حل نمودہ، طلا بر مسہا نمایند و یک گولی صبح ب آب سرد بخورد و تیز تا ۲ گولی جوانہ دارد۔ (ز)

برائے تحلیل مسہائے بواسیر نہایت مجرب:

مغز تخم بندق ہندی یعنی ریٹھ کہ تخم آں سیاہ دانہ می باشد از پوست سیاہ پاک کردہ، مغز خالص آں را گرفتہ قدرے آب در آں انداختہ خوب کھرل نمایند تا مانند مرہم گردد، و در شیشی انداختہ نگاہ دارید۔

ترکیب استعمال: قدرے ازاں گرفتہ بہ تکمہا بوقت صبح و عصر و شب بوقت خواب طلا نمایند تا یک ہفتہ بس باقی ہوس۔ (ز)

دوائے مسقط مسہ بواسیر:

سہاگہ ندگراں پیس کر رکھیں، صبح استنجاء کرنے کے بعد عد مسوں پر اچھی طرح ملیں اور ایک گھنٹے بعد دہی کی لسی سے استنجا کریں۔ (طبی فارماکوپیا حصہ دوم ۱۸۷۔ مفتاح الحکمت ج: اول: ۹۴۵ میں دو چار گھڑی بعد دہی کی لسی سے کرنا لکھا ہے۔ (ز)

ضماد برائے درد بواسیر:

بجی سفید باریک پیس کر رکھیں بعد از فرغت پاخانہ استنجاء کر کے یہ دوا قدرے مسوں پر لگائیں۔

برائے بواسیر:

زرناد، کچورم، مقل ازرق، گوگل، رسوت، صبر زرد ہر ایک، ایک تولہ مولی کے عرق میں حل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔ دوسرے تیسرے روز ۲ گولی صبح یا شام ہمراہ پانی کھائیں، اگر اس پر مداومت کی جائے تو بواسیر بالکلیہ رفع ہو جائے گی۔ (ز)

بواسیر دور کرنے والا مرہم:

جواکھار اصلی ۶ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، مکھن ۴ تولہ مرہم تیار کریں، دن مین تین چار مرتبہ مسوں پر لگایا کریں، بہت جلد بواسیری مسے معدوم ہو جائیں گے۔ (مفتاح الحکمۃ)

دوائے بواسیر:

برادہ صندل سفید تولہ، کافور اصلی ۷ ماشہ نہایت باریک پیس کر آب مقطر ایک بوتل میں ملائیں۔ **خوراک:** ایک تولہ صبح ایک تولہ شان (از مفتاح الحکمت ج: اول۔ (ز)

بواسیر:

مغز تخم نیم، مصطگی رومی، گوگل، رسوت زرد اعلی، زہر مہرہ خطائی اصلی ہر ایک، ایک تولہ کپڑا چھان کر کے مولی کے عرق میں گولیاں بقدر نخود بنائیں (اگر نمک سیاہ ایک تولہ اضافہ کیا جائے تو زیادہ مفید ہوگا) ایک گولی صبح ہمراہ عرق بادیان، ایک شام ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: اس نسخے کے استعمال سے مسے خود بخود خشک ہو کر گر جاتے ہیں۔ (از مفتاح الحکمۃ، ج: اول، ص: ۹۴۴) (ز)

بواسیر:

بواسیر خونی ہو یا بادی ہر ایک کے لیے بلا تخلف مجرب ہے۔ رسکپور، کتھ گلابی ہر ایک، ایک تولہ، فلفل سیاہ، دانہ الائچی کلاں ہر ایک ۶ ماشہ دوپہر آب کھٹکل (کنڈیاری) میں کھرل کریں، گولیاں بقدر ماش بنائیں۔ ہر روز دو گولی ہمراہ آب صد برگ یا روغن زرد یا آب تازہ اکیس روز کھائیں، مجرب ہے۔ اگر گولی بقدر نخود ہو تو ایک گولی کافی ہے۔

غذا: نمک گھی کا استعمال زیادہ کریں، بواسیر کے دانوں کو گرا دیتی ہے، بواسیر بادی میں بلاتخلف مجرب ہے۔ (ز)

مرہم ماجو برائے بواسیر ہر قسم:

سفوف ماجو ۲ حصہ، افیون خالص ۱ حصہ، مسکہ ۵ حصہ مرہم انگلی سے بواسیر کے مقام پر اور مسوں پر لگائیں۔ لگاتے ہی فوراً درد کھجلی کو آرام ہوگا۔ ایک ماہ کے استعمال سے تو برسوں کی پرانی بواسیر جاتی رہتی ہے، مسہائے بواسیر جڑ سے نیست ونابود ہوجاتے ہیں۔ (ز)

بواسیر:

رسوت مصفی ۱ ماشہ، مسکہ ۳ مثقال کھانا بواسیر کے لیے اکسیر ہے۔ (ز)

مسقط بواسیر:

رسوت، نمک سیاہ، کچور، ہم وزن پیس کر روغن کنجد کے ساتھ شیاف بنائیں اور روغن کنجد چپڑ کر مقعد میں رکھیں، مریض کو روغن زرد بہت استعمال کرائیں (مفتاح الحکمۃ، ج:۱، ص: ۹۴۷)، (ز)

مسہائے بواسیر:

توتیائے سبز مسلم ۷ تولہ، در بیس سیر آب ترکنند، سہ روز در آفتاب بدارند، پس ازیں آب آب دست کند استنجا، چنداں آب صرف شود، دیگر بیگر اید، در یک ہفتہ مسہا مضمحل شود و منقطع گردد، علامت انقطاع ایں آست کہ در شکم زیر ناف درد پیدا خواہد شد، پس بوقت ظہور درد سوت یک ماشہ حب بستہ ہمراہ آب خورد ہمیسال یک یک ماشہ رسوت تا سہ روز بخورد۔ (ز)

مرہم برائے مسہ بواسیر:

گندھک ہر دو قسم ایک ایک ماشہ، نیلا تھوتھا ۲ رتی، خوب باریک کر کے گھی تازہ گائے کا ۲ تولہ لے کر اس میں ملا لیں اور صبح وشام مسوں پر لگا کر پا چک دشتی سے آدھ گھنٹہ سینک دیا جائے، بس یہی ایک مرہم کافی ہے، اس سے چار پانچ برس تک آرام رہتا ہے، لیکن اس کا استعمال موسم سرما میں مفید ہے۔ (ز)

مرہم برائے مسہ بواسیر:

بواسیر کے مسوں کو دور کرنے والا مرہم: جواکھار اصلی ۶ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، مکھن چار تولہ مرہم تیار کریں، دن میں دو تین بار مسوں پر لگایا کریں، بہت جلد بواسیری مسے دور ہو جائیں گے۔ (ز)

بواسیر خونی:

جنگلی زمین، قند خشک، شب یمانی ہم وزن سائیدہ خوراک: ۲ ماشہ دہی میں ملا کر ایک ہفتہ استعمال کافی ہے (ب) (از حکیم محمد قاسم صاحب سورتی)

بواسیر بادی:

جنگلی زمین، قند خشک ۶ سفوف آٹے کے حلوے میں ملا کر ایک ہفتہ کھلائیں۔ (ب)

چوراملہ کی چھال برائے قطع مسہ بواسیر نہایت مجرب ہے، لگا کر استعمال کریں، (ب)

بواسیر خونی:

مغز تخم نیم، مصطگی رومی، گوگل، رسوت، زرد اصلی، نمک سیاہ، زہر مہرہ خطائی اصلی ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کر مولی کے عرق میں گولیاں بنائیں، بقدر نخود خوراک ایک گولی صبح ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ ایک گولی شام ہمراہ شیر ایک پاؤ۔ (از حضرت والد ماجدؒ(ب)

برائے خونی بواسیر:

کشتہ نقرہ ۳ چاول کو بھنکرہ ۲ تولہ کے رس میں کھلائیں۔ ایک ہفتہ کافی ہے، نزف الدم اور نفث الدم میں بھی مفید ہے۔ (از ویدارام بھائی دھامن(ب)

بواسیر خونی:

سم الفار سفید ۱ رتی، رسوت مصفی ۳۰ رتی، کات سفید ۳۰ رتی ساٹھ گولیاں بنائیں، ۲، ۲ گولیاں صبح ۲ شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا شربت انجبار سے دیں۔ (ب)

ایضاً:

اندرجو شیریں مجیٹھ ہم وزن خوراک ۳ ماشہ ہمراہ مسکہ۔ (ب)

ایضاً:

رسوت مصفی ا، مکھن ڈیڑھ تولہ ہر روز صبح کھلائیں۔ (ب)

ایضاً:

ماجو تولہ، افیون ۲ تولہ، مکھن ۵ تولہ مرہم بنائیں۔ ایک ماہ کے استعمال سے انشاءاللہ سوں کی بواسیر ختم اور مسے جڑ سے نیست و نابود ہو جائیں گے۔ (ب)

بواسیری مسے:

ہڑتال ورقی تولہ، کچلہ تولہ، افیون خالص ۲ تولہ ان سب چیزوں کو باریک پیس کر ایک سیر پانی میں گھول کر جوش دیں، جس وقت ڈیڑھ چھٹانک پانی رہ جائے تو اتار لیں، آہستہ زلال کو جو تین تولہ ہو گا لیا جائے، اول مریض کو مسہل دیا جائے، بعدہٗ مسوں کو گھوڑے کے بال سے باندھیں، اوپر پھایہ سے زلال مذکورہ لگائیں، تین دن کے بعد دیکھیں اگر مسے مردہ ہو لوہے کے چمٹے سے پکڑ کر نکال لیں، ورنہ ایک بار اور پکائیں اور بعد تین دن مسوں کو پھر نکالیں۔ اس دوا کے لگانے سے تکلیف نہ ہوگی اور انشاءاللہ تعالیٰ مسے نکل جائیں گے البتہ مسوں کے نکلنے سے زخم ہو جائے گا، جس کے لیے مکھن میں سیسہ گھس کر لگائیں۔ (ب)

حب بواسیر بادی مسی:

گوگل تولہ، رسوت تولہ، منقی تولہ، مغز تخم بکائن تولہ، مغز تخم نیم تولہ، حبوب نخودی بنا کر سوتے وقت ہمراہ آب تازہ ایک حب کھائیں۔ (ب)

نسخہ عرق:

برائے بادی بواسیر و متعلقہ آن خرابی معدہ و جگرہ و امعاء وغیرہ خصوصا مالیخولیا، مراق توحش و خفقان بارہا آزمودہ۔ رسوت زرد، گل صد برگ، تخم گندنا، تخم سورج مکھی، مغز تخم نیم مغز تخم بکائن، بسفائج، ہقل ازرق، چوب چینی ہر ایک ۵ تولہ سب کو شیر شتر ۸ سیر اور اگر شیر شتر دستیاب نہ ہو تو شیر مادہ گاؤ میں رات بھگوئیں، صبح آب برگ گندنا سبز (یوناٹ) آب برگ

دینہ سبز، آب برگ کنگھی ہر ایک ایک سیر ڈال کر عرق کشید کریں، پھر اس عرق میں گل سیوتی، گل چاندنی گاؤزحل، سرخ سبزی دور نمودہ، بیخ کیوڑہ تازہ، تخم کاسنی، برادہ صندل، سرخ چرائتہ، سنبل الطیب، انیسون، زیرہ سفید، زیرہ سیاہ ہر ایک چار تولہ ڈال کر رات کو دوبارہ بھگو دیں اور صبح آب انار میخوش، آب برگ کاسنی، آب برگ شاہترہ، سبز عرق کیوڑہ، عرق بید مشک، آب گزر، تراشہ سیب، تراشتہ ادرک ڈال کر عرق کشید کریں اور زعفران خالص ۹ دانہ، ہیل خورد ۹، جاوتری ۹، عرق دان کے منہ (نالی) میں پوٹلی باندھ کر حسب دستور عرق کشید کریں۔ (ب)

(از حکیم عبدالعزیز صاحب لکھنوی مرحوم بواسطہ حکیم محمد قاسم صاحب سورتی)

مرہم بواسیر:

بازو تین حصے، افیون دو حصے، مسکہ ۵ حصے اگر مکھن نہ ملے تو ویسلین پانچ حصے بدستور مرہم بنائیں۔ مسوں پر صبح ورات سوتے وقت لگائیں، درد وخارش تو پہلے ہی روز زائل ہو جائے گی، چہل روز کے استعمال سے مسے نیست ونابود ہو جائیں گے۔

(ایضاً: کشتہ خبث الحدید ۲/ارتی، مکھن تولہ۔ (ب)

ابھار مقعد:

جس کسی کے مقعد میں کوئی چیز نکلے اور درد کرے اور مترشح نہ ہو۔ آب پیاز میں صوف (اون) ڈبو کر حمول کریں یا زہرہ گاؤ میں اون ڈبو کر حمول کریں تاکہ اس کو بہادیں۔ (قرابادین قادری (ز)

* * *

مسہل وملین

طریق تدبیر جمالگوٹہ بے ضرر:

بعد جوش سرکین گاؤ پتہ دور کرتا۔ روغن زرد میں بھون لیں اور حبوب بنائیں مغز بادام شامل کرلیں تو بے ضرر اسہال لاتی ہے۔ (ز)

مسہل:

ایلوا ۱۲ ماشہ، عصارہ ریوند ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۳ ماشہ، بقدر دانہ مونگ گولیاں بنائیں خوراک ۳ گولی بچوں کو ایک گولی۔ (ز)

مسہل:

حنظل کی جڑ کا چھلکا ۱ تولہ، مغز بادام مقشر ۱ تولہ، مویز منقی، تخم برآورد ۱ تولہ، گیرو ۳ ماشہ، پہلے دوا کو باریک کر کے پارچہ بیز کریں، پھر دوا شامل کر کے کوٹیں، پھر دوا شامل کر کے یک جان کرلیں، اخیر میں دوا ملا کر کوٹ کر یک ذات کرلیں اور دانہ ماش کے برابر یا اس سے ذرا زیادہ بڑی گولیاں بنالیں، حسب مزاج و عمر استعمال کریں، جس قدر دست لینے ہوں ایک گولی اتنے گھونٹ پانی سے نگل لیں، پرہیز مناسب غذا و لازم۔ (ز)

حب مسہل:

سیماب، گندھک آملہ سار، صبر، فلفل دراز، فلفل سیاہ، سہاگہ، سیندھا نمک ہر ایک ایک تولہ حب الملوک مدبر ۷ تولہ، حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں اور ایک سے دو حب تک کھائیں۔ (ز)

مسہل:

جمالگوٹہ کو گوبر گاؤ میش میں ملفوف کر کے گولہ بنا کر بھوبل میں پکالیں پھر نکال کر پوست اور سبزی دور کر کے مغز نکال لیں، مغز جمالگوٹہ، مدبر تولہ، مویز منقی ۳ تولہ خوب سحق کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔ (ز)

ملین:

بادیان ۲/۱ ڈرام، ہلیلہ ۲/۱ ڈرام، قند سفید ڈرام ایک خوراک بنالیں، ملین ہے۔ (ز)

مسہل:

بادیان ۵ تولہ کو ایک چینی کے پیالے میں ڈال کر اس قدر شیر زقوم ڈالیں کہ غرق ہو جائے، پھر سایہ میں خشک کرلیں اور محفوظ رکھیں۔ ایک دانہ بادیان کا کھلائیں اور اوپر گرم پانی پلائیں، دو دست ہوجاتے ہیں، مسہل شدید ہے، آتشک میں بھی مفید ہے۔ (ز)

ملین برائے شیر خوار:

بادیان نیم بریان، کوزہ مصری ہموزن سفوف بنالیں شیر خوار بچوں کے لئے عمدہ ملین ہے۔ (ایڈیٹر، ز)

ملین برائے شیر خوار:

سہاگہ شگفتہ، دانہ الائچی کلاں، ریوند، چینی ہم وزن بنالیں، شیر خوار اطفال کے لیے قبض کشا اور دافع نفخ ہے۔ **خوراک:** ایک رتی (ایڈیٹر، ز)

حب مقل ملین کہ دریں باب معمول است:

پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، مقل ازرق ہر ایک پانزدہ درم، ترید سفید دہ درم، سکبینج پنج درم، خردل دو درم مقل و سکبینج را در آب گندنا حل کند، و دیگر ادویہ کوفتہ بیختہ بسرشند و حب بقدر نخود سازند، مگر ہلیلہ جات را بروگن چرب ساختہ باشد، ، ہفت حب ہر ماہ عرق گاؤ زبان یا عرق بادیان بخورد، در نسخہ بیاض علوی خان پوست ہلیلہ و آملہ عوض ترید داخل است، و وزن ہر ایک از ہلیلہ جات دہ درم و سکبینج سہ درم و حرف سفید عوض خردل است۔ (قادری، ز)

معجون قبض کشا:

پوست ہلیلہ زرد ۱۲ تولہ، سورنجاں شیریں ۶ تولہ، ایلوہ ۶ تولہ، بادیان تولہ، اجوائن خراسانی تولہ، شحم حنظل ۵ تولہ، سونٹھ ۲ تولہ، جڑ سالٹ ولائتی ۲ تولہ، کوفتہ بیختہ در شہد معجون سازند۔ (ب)

معجون قبض کشا:

بادیان، زنجبیل، ہلیلہ سیاہ، برگ سنا مکی، شکر سفید ہم وزن، مویز منقی پنج جز، کوفتہ معجون سازند۔ خوراک تولہ بوقت شب۔ (ب) (از حکیم فخر الدین بتوسط بیاض حبیب)

حب اسہال:

افیون کچلہ گیرو، کالی مرچ ہم وزن حبوب قدر ماش بنائیں۔ (ب)

اکسیر اسہال:

ہر قسم خواہ جدید ہو خواہ مزمن، قابض و دافع اسہال، توتیائے سبز افیون ہم وزن سفوفاً۔ خوراک ایک چاول۔ (ب)

* * *

امراض گردہ و مثانہ

درد گردہ:

شورہ قلمی، خردل ہم وزن بقدر ۱ ماشہ ب آب بخورند۔ (ز)

درد گردہ:

ریٹھ کا ایک عدد چھلکا اور اس کا مغز جس سے سیاہی اور درمیانی زردی دور کی گئی ہو، باریک پیس کر پانی کے ساتھ پانچ گولیاں بناؤ اور ایک گولی پانی کے ہمراہ استعمال کراؤ فوری اثر ہوگا۔ (مجربات سلطانی (ز)

درد گردہ:

پھٹکری تولہ، شورہ قلمی تولہ، لوٹہ بجی تولہ، نوشادر تولہ، باہم سرمہ کی طرح پیس کر سفوف تیار کریں۔

خوراک: بقدر ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام ہمراہ آب شیریں استعمال کیا جائے۔

فوائد: تین روز میں کنکر گلا کر نکال دیتا ہے اور لطف یہ کہ ہاضم اور مشتہی بھی ہے۔ یہ نسخہ بیس سال سے خاکسار کے تجربے میں ہے، جو بے خطا اور نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اگر مہینے میں چار پانچ یوم استعمال ہوتا رہے تو پھر دوام کو نجات ملتی ہے، درد گردہ وغیرہ جو بوجہ حصاۃ ہو ہمیشہ کے لیے رخصت ہو جاتا ہے۔ اگر پیسہ یا ڈیڑھ پیسہ بھر کی پتھری بھی ہو تو گل کر نکل جاتی ہے۔ (ماخوذ از رموز الاطبا حکیم سید قاسم علی صاحب دہلوی) کتابچہ قدیم میں نسخہ ۴۱۹ بھی اکسیر ثابت ہوا ہے۔ (ز)

دردگردہ:

شورہ قلمی عمدہ ۳ ماشہ، جواکھار ۱ ماشہ، شکر سرخ ۵ ماشہ، سب کو باریک پیس کر پھانک لیں۔ اوپر سے چند گھونٹ پانی پی لیں۔ ایک ہی خوراک میں درد بند ہوگا۔ اگر تین یوم متواتر استعمال کریں تو پھر درد دورہ نہیں کرے گا۔ (ز)

سفوف دردگردہ:

کبوتر کی بیٹ کی سفیدی کو علیحدہ کریں۔ اگر فرصت نہ ملے تو تمام بیٹ کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

خوراک: ۱ ماشہ کی مقدار گرم پانی کے ہمراہ کھلائیں۔ مقدار بڑھا بھی سکتے ہیں۔ دردگردہ کے لیے بہت مفید اور عجیب دوا ہے چند مرتبہ کا استعمال کافی ہوتا ہے۔ (ز)

اکسیر دردگردہ:

گل داودی ۴ ماشہ سے ۹ ماشہ تک پانی میں جوش دے کر پلائیں، اکثر ایک ہی مرتبہ کا استعمال فی الفور دردگردہ کو ساکن کر دیتا ہے۔ (ز)

اکسیر دردگردہ:

نوشادر ۹ ماشہ، جواکھار تولہ، حجر الیہود تولہ، فلفل گرد ۹ ماشہ، شورہ قلمی تولہ سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ رتی۔ (ز)

کاسرالریاح (برائے دردگردہ ریحی وریاح معدہ)

فلفل سیاہ تولہ، نمک سیاہ تولہ، نوشادر قلمی تولہ، زیرہ سفید تولہ، زنجبیل تولہ، ست لیموں تولہ، ہیروہینگ ۶ ماشہ، ست وجوائن ۶ ماشہ، ست پودینہ ۶ ماشہ، نمک لاہوری ۵ تولہ۔ خوراک: ایک ماشہ سفوفا آب نیم گرم تجربہ سے بہت عمدہ پایا (ب) (از قاری ابراہیم صاحب میواتی)

برائے دردگردہ ریاحی:

سوڈا بائی کارب تولہ، میگنشیا تولہ، سونٹ ستو تولہ، سفوف بنا کر خوراک ۷ ماشہ سے ایک تولہ تک دن میں دو تین مرتبہ۔ (ب) (عطیہ حکیم عبدالسلام صاحب)

دافع دردگردہ:

حلتیت خالص بقدر باجرہ موم خالص بقدر جوار میں رکھ کر کھلائیں۔ (ب) (رموز الاطباء، ص: ۷۹۱)

برائے دردگردہ (مجرب)

سم الفار سفید یک حب، تین پاؤ شیر، ۴ تولہ روغن کنجد میں ملا کر پلائیں۔ (ب)(از رسالہ [illegible])

دردگردہ:

جوا کھار ایک شورہ قلمی ۳، شکر سرخ ۵ کل ایک خوراک ہے۔ تین روز متواتر تین دفعہ استعمال کریں۔ (ب)

حب برائے دردگردہ:

رب اجوائن خراسانی، ہایوسائمس انگلش تیار شدہ ایک حصہ شورہ قلمی ۲ حصہ حبوب نخودی بنائیں۔ ایک گولی گرم پانی کے ساتھ دیں۔ دورہ فوراً موقوف ہو جائے گا۔ عام تقویت گردہ کے لیے معجون زرغونی عنبری یا معجون مقوی گردہ استعمال کرائیں (ب) (از حکیم محمد قاسم صاحب چپ)

برائے دردِ فم معدہ:

حلتیت بقدر نخود منقی میں رکھ کر بہ ہمراہ چہار عرق نیم گرم دیں، فوراً تسکین ہوگی۔ (ب)

سفوف وجع الکلیہ و اکثر امراض کلی:

تخم سداب خار خشک، تودری سفید، تودری سرخ، تخم سروالی، کتیرا، اشقاقل مصری، سبوس اسپغول، ہر ایک ۱ ماشہ، سفوف بنا کر کل ۴۲ خوراک بنائیں، ۲۱ روز صبح و شام عرق انناس کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ بس کافی ہے۔ انشاء اللہ ساری عمر وجع الکلیہ اور اکثر امراض کلی سے محفوظ رہیں گے۔ عرق انناس نہ ملے تو پھر سادہ پانی سے استعمال کرائیں (ب) (از حکیم محمد قاسم سورتی)

برائے سنگ گردہ و مثانہ:

تین درم تخم شلغم کو مولی کے ٹکڑے میں ڈال کر آرد خمیر سے سمپٹ کر کے آگ میں بھونا

جائے، جب آٹا سرخ ہوجائے تو تخم نکال کر چند روز صبح کو مریض کو کھلائیں، شرطیہ فائدہ ہوگا۔ (ز)

برائے سنگ گردہ وریت گردہ مثانہ:

پھٹکری، شورہ قلمی، لوٹہ سجی، سہاگہ، نوشادر ہر ایک ایک تولہ سرمہ سا بنا کر سفوف کریں، ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام آب شیریں کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد: تین یوم میں کنکر کو گلا کر نکال دیتا ہے، ہاضم اور مشتہی ہے۔ اگر ہر ماہ میں چار پانچ روز استعمال کیا جائے تو درد گردہ سے نجات مل جاتی ہے۔ (مفتاح الحکمت) (ز)

سفوف برائے ریگ و پتھری:

مجرب المجرب نیز درد گردہ کے لیے جو پتھری کی وجہ سے ہو تجربہ شدہ ہے۔

صفت: شورہ قلمی ۳ تولہ قدرے پانی ملا کر آگ پر رکھیں، جب خشک ہوجائے تو سنگ یہود تولہ، نوشادر تین ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ چھلکا ریٹھا ایک عدد (جو پہلے کوٹ کر رکھے ہوں) ملا کر اور حل کر کے اتار لیں بس تیار ہے۔

خوراک: چار رتی صبح اور چار رتی شام ہمراہ شیر بز و آب مساوی الوزن، جب پتھری بڑی ہو تو مغز کرنجوہ ۱ ماشہ فی خوراک اضافہ کریں، مثانہ و گردہ کی پتھری اور ریگ کے لیے یہ نسخہ اکسیر ہے، (ماخوذ از تجربات سلطانی، ز)

پتھری و ریگ مثانہ:

خوشہ مکی کے بال ۳ تولہ پانی میں جوش دے کر نیم گرم پلائیں، دو ہفتہ کے استعمال سے ہمیشہ کے لیے آرام ہوگا۔ (طبی فارما کوپیا: ۱۴۸، ز)

پتھری:

پتھری کو ایک ہفتہ میں جڑ سے اکھیڑ دینے والا پانی کے اوپر سبز رنگ کا جالا ہوتا ہے، اس کو لے کر خشک کر کے باریک پیس کر ۲ ماشہ سے ایک تولہ تک مکھن ملا کر حسب عمر و طاقت ہفتہ عشرہ استعمال کرائیں۔ (ز)

مفتت حصاۃ گردہ ومثانہ ودرد گردہ:

اجوائن دیسی تولہ کو ایک سیر دودھ میں جوشائیں، جب نصف باقی رہ جائے تو دودھ کو نوش کرلیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اسی پر ہفتہ عشرہ مداومت سے استعمال کرلیں، پتھری وغیرہ گھل کر پیشاب سے دور ہوگی۔

دواء الحصاۃ:

یہ دوا درد گردہ جو پتھری یا ریگ کے باعث ہو اور مثانہ کی پتھری میں بھی متعدد مرض پر استعمال کی گئی۔ نہایت مفید ثابت ہوئی لیکن استعمال اور مداومت دوا شرط ہے، بفضل خدا پتھری ریزہ ریزہ ہوکر نکل جاتی ہے۔

شورہ قلمی ٦ تولہ قدرے پانی ڈال کر آگ پر رکھیں، جب پکنے لگے حجر الیہود مسحوق جو مثل غبار کے ہو 1 تولہ ڈال کر ہلائیں، جب خشک ہونے کے قریب ہو نوشادر ٦ ماشہ، سہاگہ ۳ ماشہ باریک پیس کر ملائیں اور آخر میں پوست ریٹھہ ۱ عدد خوب باریک پیس کر ملا کر اتار لیں، جب سرد ہوکر خشک ہوجائے خوب باریک کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک: ۲ رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ شیر بز، ۱۰ تولہ یا عرق کاسنی ۱ تولہ، صبح وشام بعض کو مغز کرنجوہ ۱ ماشہ ملا کر مداومت کرانے سے دیرینہ درد گردہ دور ہوگیا، چند مرض کی نکلی ہوئی پتھریاں میرے پاس موجود ہیں۔ (ز)

مفتت حصاۃ کلیہ:

ایک تولہ تخم خربزہ کو پاؤ بھر پانی میں خوب رگڑ کر چھان لیں، پھر آگ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی 1 چھٹانک رہ جائے، نہار منہ استعمال کریں۔ (از حضرت مولانا حماد اللہؒ (ب)

حب برائے تفتیت حصاۃ وازالہ دورۂ درد گردہ:

صبر سقوطری و مقل ازرق ہم وزن حب نخودی بنائیں، ۲، ۳ حب بہمراہ عرق بادیان صبح وشام استعمال کرائیں۔ (از والد صاحبؒ (ب)

مفت حصاۃ وہاضم ومشہی:

پھٹکری تولہ، شورہ قلمی تولہ، لوٹا سجی تولہ، سہاگہ تولہ، نوشادر تولہ، خوراک: صبح وشام ۳، ۳ ماشہ ب آب تازہ۔ (ب)

نسخہ مدنیہ لتفتیت الحصاۃ فی الکلیۃ:

سنگدانہ مرغ نر چند عدد لیکر سکھائے جائیں، پھر پیس لیں مصطگی رومی ایک چمچہ، فلفل سیاہ، ایک چمچہ، نبات سفید ایک چمچہ پیش کر ملا دیں، صبح وشام ایک ایک چمچہ پانی یا چائے کے ساتھ دیا جائے۔ (من الشیخ العارف السندی ۴ محرم ۱۳۸۲ھ (ب)

برائے تفتیت حصاۃ الکلیۃ:

مولی کا پانی ۲/۱،۱۔ سیر شورہ قلمی ۱۰ تولہ، دال کلتھی ۲۰ تولہ مولی کے پانی میں کلتھی ڈال کر خوب جوش دیں، جب دال خوب گل جائے چھان لیں۔ پانی میں شورہ قلمی ڈالیں جوش دے کر پانی خشک کر کے سفوف بنا لیں۔ (خوراک اماشہ) (ب)

مفتت حصاۃ:

تخم کثر ۳، کلتھی ۳، السی ۳، شور قلمی ۲، کوٹ کر ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان کر شربت بزوری ۲ تولہ میں پلائیں۔ (ب)

مفتت حصاۃ وغیرہ ہاضم اور مشہی:

پھٹکری تولہ، شورہ قلمی تولہ، لوٹہ سجی تولہ، سہاگہ تولہ، نوشادر تولہ باریک پیس کر سفوفا تین تین ماشہ صبح وشام تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ تین دن میں پتھری کو نکال دیتی ہے۔ اگر ہر ماہ میں چار پانچ روز استعمال کریں تو درد گردہ سے نجات مل جاتی ہے۔ (از حضرت والد صاحبؒ (ب)

مفتت حصاۃ کلیۃ ومثانہ ونافع درد گردہ:

اجوائن دیسی تولہ، دودھ ایک پاؤ میں جوش دے کر جب نصف باقی رہ جائے دودھ کو نوش کر لیں۔ ایک ہفتہ استعمال کریں، مزید احتیاط کے لیے ہر ماہ میں دو تین دفعہ استعمال کریں۔

(عطیہ مولانا حکیم عبداللہ شاہ نیروبی، مدینہ منورہ میں ملاقات ہوئی، ۱۳۷۰ھ (ب)

مفتت حصاۃ:

زندہ بچھو کو سرسوں کے تیل میں جلا کر تیل کو چھان لیں ایک قطرہ بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں۔ (ب)

برائے ریگ مثانہ:

کلتھی ۹ ماشہ، تخم کتان ۶ ماشہ، تخم قرطم ۵ ماشہ، تخم کشوث ۵ ماشہ، تخم خربزہ ۳ ماشہ، اندراجو شیریں ۳ ماشہ، پاؤ پانی میں جوش دے کر شربت بزوری ۴ تولہ ملا کر اوپر سے مشورہ قلمی ایک ماشہ چھڑک کر پلائیں سات روز صرف صبح یا دونوں وقت صبح و شام دیں۔ (ب)

حب ذیابیطس

مغز تخم جامن ایک تولہ، افیون خالص ایک ماشہ باریک پیس کر پانی میں ۳۲ حب بنائیں ایک سے دو تک صبح و شام استعمال کریں۔ (ب)

برائے ذیابیطس:

اکیس روز تک صرف گوشت، انڈا، مچھلی کھائی جائے۔ ترکاری، روٹی، چاول، مٹھائی وغیرہ کوئی چیز نہ کھائی جائے۔ صرف یہ تینوں چیزیں یا ان میں سے جو میسر ہو کھائیں، رات کو سوتے وقت ایک چمچہ سوڈا پانی میں ڈال کر پئیں۔

نسخہ مجربہ ہدیہ حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ تعالیٰ، جمادی الاولیٰ ۱۳۶۸ھ ایضاً مندرجہ بیاض حضرت شیخ رحمہ اللہ نزد مولانا احمد بزرگ (ب)

برائے ذیابیطس وقوت:

کشتہ فولاد ڈیڑھ تولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۱۰ تولہ، افیون ۶ ماشہ، شہد میں نخودی گولیاں بنائیں۔ (ب)

حب ذیابیطس:

زمرد ۶، صدف صادق ۳، چونا (اور عرق لیموں یک شبانہ روز تر کردہ) ۲ پھنگ اور تخم وجز مائل ۱، کندر ۱، لادن ۱، مازو ۲، جند بید ستر ۳، جدوار شیریں ۱، صمغ عربی ۱، طباشیر ۱، زرورد

سلاجیت ۳، کشتہ قلعی ۱، کشتہ سرب ۱، کشتہ جست ۱، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۱، افیون ۴ رتی، باریک نمودہ حبوب نخودی بندد۔

خوراک: ایک حب صبح وشام (از حکیم محمد قاسم صاحب سورتی، ب)

سلس البول

حب الاس سعد، کندر، گلنار، صمغ عربی، نار مشک، سنبل الطیب مساوی الوزن۔

خوراک: ایک ماشہ۔ (ز)

سفوف برائے سلس البول:

کندر، سعد کوفی، خولنجان، زیرہ کرمانی، جفت بلوط، حب ال آس سب ہم وزن لیں اور کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ (خوراک: ۴ ماشہ) (ز)

تقطیر البول:

روغن بید انجیر ولائتی ۳ تولہ، شربت بزوری ۲ تولہ میں ڈال کر ایک وقت پئیں، اگر پھر بھی ضرورت باقی رہے تو حب کا کنج کاسنی چھ ماشہ، بیخ بادیان ۵ ماشہ، ابہل ۵ ماشہ، تخم قرطم ۹ ماشہ، تخم خیارین نیم کوفتہ ۶ ماشہ، درآب جوش دادہ، شربت بزوری ۲ تولہ، انداختہ ۲، ۴ روز متواتر پئیں۔ (ز)

برائے ادرار و بول:

شورہ قلمی کو پانی میں حل کر کے اس میں کپڑا بھگو کر مثانہ پر چپکائیں، فوراً پیشاب ہو جائے گا، جب کپڑا خشک ہو جائے تو دوبارہ تر کر لیں۔ (ب)

سفوف سرخ:

پھٹکری بریان تولہ، گیرو تولہ، شکر خام ۲ تولہ، ۳ ماشہ ہمراہ شیرہ خار خشک ۳، تخم کاسنی ۳ ماشہ، شربت بزوری ۴ تولہ، پیشاب میں حرقۃ البول، تقطیر البول و پیشاب میں پیپ آنے کو بہت مفید ہے۔ (ب)

نیز شورہ قلمی، گل ارمنی، شب یمانی، مصری، ہم وزن۔

خوراک: سفوف تولہ بہمراہ لسی شیر۔ (ب)

ورم غدہ قدامیہ:

غدہ قدامیہ اگر متورم ہو جائے اور پیشاب رکتا ہے، تو اس کے لیے حسب ذیل نسخہ نہایت مجرب ہے:

جوشاندہ:

بادیان ۳، بیخ کاسنی ۵، تخم کرفس ۳، تخم قرطم ۵، عنب الثعلب ۵، خارخسک ۵، تخم خربزہ ۵، تخم خیار ۵، گل داودی ۵، کلتھی ۵، بیخ بسکھپرہ ۵، مجیٹھ ۳، آلو بالو ۲، دوقو ۳، کاکنج ۳، خطمی ۵، دیودار ۵، پوست برنا ۵، پرسیاؤشان ۵، مویز منقی ایک ایک دانہ بطریق معروف جوشاندہ سازند، شربت بزوری معتدل اضافہ کردہ، صبح وشام بنوشند۔

آبزن: (استنجاء)

گل بنفشہ ۲ تولہ، گل خطمی ۲۲، گل معصفر ۴ تولہ، گل قیصوم ۴ تولہ، سبوس گندم ۴ تولہ، عنب الثعلب ۲ تولہ، ھینسراج ۲ تولہ، خطمی ۲ تولہ، بابونہ ۲ تولہ، خارخسک ۲ تولہ، اکلیل الملک تولہ، تخم قلت تولہ، تخم شبت تولہ، تخم کرفس تولہ، تخم حلبہ تولہ۔

پچکاری:

مرہم داخلیون کو آب مکو آب نیم آب سنبھالو میں حل کر کے پچکاری مبرز کی جانب سے کریں، یا مبرز کی جانب سے انگلی سے طلا کریں، چندروز میں بالکل ورم تحلیل ہو جائے گا۔ (ب)

سوزاک:

سوزاک مزمن یا قرحہ: ہلدی کندرست بہروز، کاکنج، دم الاخوین، مساوی الوزن، بہت باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ایک ماشہ تین مرتبہ دن میں پانی کے ہمراہ دیں اور پھٹکری ا تولہ، نیلا تھوتھا ۲ ماشہ، پانی ایک سیر حرارت دے کر ہر دو کو پانی میں حل کر کے چھانیں اور سرد کرلیں، نائرہ میں پچکاری کریں۔ (زادغریب (ز)

سوزاک:

سوزاک کا ایک روزہ علاج: لوبان کوڑیا ٦ ماشہ، الائچی سفید مع پوست ٦ ماشہ، طباشیر ٦ ماشہ، کوٹ پیس کر روغن صندل میں تر کر کے گولیاں بنائیں، تمام ایک وقت کھا کر اوپر سے شربت بزوری پئیں، کھانا اس دن نہ کھائیں۔ (ز)

سوزاک:

بہروزہ خشک ۱۰ تولہ، ملٹھی، کباب چینی، زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ، الائچی خورد ٦ ماشہ، سفوف بنائیں۔ (خوراک: ۱ ماشہ صبح وشام ہمراہ لسی خام۔ (ز)

سوزاک:

سفوف سرح برائے حرقۃ البول وقرحب القضیب:

نسخہ: گیرو، پھٹکری، بریان ہر ایک ایک تولہ، شکر خام دو تولہ، دونوں کو پیس کر شکر ملا کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ٣ ماشہ سفوف ہمراہ شیرہ خارخشک ٣ ماشہ، تخم کاسنی ٣ ماشہ، شربت بزوری ۱۰ مثقال ۴ تولہ استعمال کریں۔

فوائد: پیشاب کی جلن اور سوزش کو دور کرتا ہے۔ سوزاک کو زائل کرتا ہے۔ پیشاب میں پیپ آنے کو روکتا ہے۔ (مخزن المرکبات۔ ز)

سوزاک:

سفوف سالٹ پیٹر (شورہ قلمی) سوزاک میں مفید ہے، نسخہ شورہ قلمی گل ارمنی، شب یمانی، بریان مصری تمام مساوی الوزن سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ استعمال بقدر ایک تولہ دودھ کی لسی کے ساتھ کریں۔ (مخزن المرکبات۔ ز)

سوزاک:

بہروزہ تازہ سفوف کردہ ۲ تولہ، تمباکو کشیدنی بہیٹرہ کو تمباکو کے ساتھ مخلوط کر کے چھ حصہ

کرلیں اور چلم میں رکھ کر رات کے وقت دو دو ساعت کے فاصلے سے چھ مرتبہ کش لگائیں۔ رات بھر جاگتے رہیں، صبح شیر برنج پکوا کر کھائیں اور سو جائیں۔ اس عمل سے دس سال کا سوزاک ایک ہی مرتبہ میں رخصت ہو جاتا ہے۔ (سالانہ اشاعت خاص نومبر ۱۹۲۳ء۔ز)

سوزاک: بہ گونوچ:

جس کا عام طور پر اشتہار دیا جاتا ہے۔ ریوند چینی، کالی بڑ ہریالہ مساوی الوزن سفوف بنا کر ایک ماشہ ہمراہ آب سرد یا بدرقہ مناسب سے دیں، گنڈیری خوب چوسیں، شرطیہ آرام ہوگا۔ (ز)

اکسیر سوزاک:

ریوند چینی باریک پیس کر قدرے گڑ کی آمیزش سے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔ تین گولی صبح، ۳ گولی شام، دودھی خورد کے پانی سے یا بامر مجبوری دودھ کی لسی سے کھائیں، سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا، قرحہ کتنا ہی شدید کیوں نہ ہو ایک ہفتہ میں آرام ہو جائے گا۔ (از حکیم غلام حسن خاں صاحب شیروانی تونسی۔ (ز)

قرحہ سوزاک:

قرحہ سوزاک وریگ و پتھری گردہ و مثانہ کا مجرب نسخہ:

حجر الیہود ۱۰ ماشہ، گوگرد ۶ ماشہ، اسارون ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۲ عدد، نمک طعام ۱ رتی سب کو پاؤ بھر پانی میں پیس کر چھان کر پلائیں، دن میں دو مرتبہ۔ (ز)

سفوف سوزاک:

شورہ قلمی، سرد چینی، جوا کھار، ریوند چینی، الائچی کلاں، زیرہ سفید، بادیان، نبات سفید ہم وزن سفوفا، خوراک: ۳، ۴ ماشہ ہمراہ لسی دیں۔ (ز)

اکسیر سوزاک جدید:

دانہ الائچی کلاں، شورہ قلمی ہر ایک چار تولہ دونوں دواؤں کو باریک کر کے باہم ملالیں۔ ۹ ماشہ صبح اور ۹ ماشہ شام پانی سے پھانک لیا کریں۔ سوزاک دفع کرنے میں مجرب ہے اور بہت

مفید ہے صحیح معنی میں کم خرچ بالا نشین ہے۔ دوران استعمال گرم اور ترش، سرخ مرچ سے پرہیز۔ (ز)

اکسیر سوزاک:

شب یمانی خام ۵ تولہ، شیر مدار ۱۰ تولہ میں رکھ کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر خوب گرم کریں۔ شگفتہ ہوجانے پر ۴ رتی صبح وشام شربت بزوری کے ہمراہ دیں، سوزاک جدید وقدیم کا بیخ وبن سے ناس کھودیتی ہے۔ (ز)

حب سوزاک:

جس کو مرض سوزاک میں پیشاب کے ہمراہ خون آتا ہو نہایت مفید ہے، ریوند خطائی ۲۱ ماشہ کوٹ چھان کر حبوب گولیاں بنائیں۔ ان تمام حبوب کو چھ خوراک کریں۔ ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ شربت مصری ۱ تولہ جو آب تازہ ۳ تولہ سے بنایا گیا ہو کھایا کریں۔ پس تین روز کافی ہے۔ (ز)

سوزاک وقرحہ:

بہدانہ ۳ ماشہ کو پانی رڑک کر مع تخم پلایا جائے، تین دن کافی ہے۔

غذا: صرف دودھ وچاول۔ (ز)

اکسیر سوزاک:

لوبان کوڑیہ ۲ تولہ، گرجن آئل تولہ، روغن میں لوبان ڈال کر آگ پر پگھلا کے حبوب نخودی بنالیں، قرحہ سوزاک میں اکسیر ہے۔ (ز)

اکسیر سوزاک:

زرد چوب و آملہ مساوی الوزن سفوف۔

خوراک: ۳ ماشہ تازہ پانی کے ساتھ۔ (مخزن المرکبات۔)

سوزاک: بست سالہ کے لئے نہایت مفید:

آملہ، زرد چوب ہلدی، ہم وزن سفوف بنالیں، خوراک: ۱ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔ (ز)

قرحہ کہنہ کے لیے عجیب:

گیرو، سنگ جراحت، ہلدی، پھٹکری مساوی۔ خوارک: ۴ ماشہ ہمراہ دودھ کی لسی سوزاک کی ہر حالت میں مفید ہے۔ ۷ یوم میں صحت ہوگی۔ (ز)

برائے سوزاک:

تخم گذر (گاجر) تازہ ۱۵ تولہ، کوفتہ بیختہ سفوف کردہ، شکر خام ۱۲ تولہ، شامل کردہ ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ صبح استعمال کنند تا ہفت روز مقدار سفوف ۵ ماشہ بعد ہفتہ کتیرہ سفید کوفتہ بیختہ سفوف ساختہ ہمراہ شربت مذکورہ ۳ تولہ سفوف ۴ سرخ تا سہ یوم استعمال کنند و بفضلہ تعالیٰ شفا یابند، مجرب است، پرہیز از ترش و شیرینی و مرچ و بادی اشیاء وغیرہ۔ (ب)

امراض مخصوصہ زنان

(امراض رحم)

عسر الطمث:

صبر، مر، زعفران، ہم وزن شہد کے ہمراہ نخودی گولیاں بنالیں، عسر الطمث میں نہایت مفید ہیں۔ نیز ہر قسم وبا کا تریاق ہے۔ لدغ حیہ وغیرہ میں بھی مفید ہے۔ طاعون کے دنوں میں یہ گولیاں بطور تقدم بالحفظ مفید ہے۔ (دیگر نسخہ جات از ایڈیٹر (ز)

حمولہ برائے عسر الطمث:

گھگرو یل اجوائن، عاقر قرحا، زیرہ سفید، ماجو پھل، جوز بویہ، مغز بہدانہ، بیخ انجبار، قند سیاہ، ہم وزن پیس کر تھوڑا پانی بھی ڈال کر تاکہ گولی بن سکے۔ گولی بقدر انگشت وسطی یا سبابہ طولا وبقدر انگشت ابہامہ غلظاً اندام نہانی میں رات کے وقت بلغ مابلغ (جہاں تک ہو سکے) رکھیں اور اگر معمولی حیض ہو جاتا ہے تب بھی رکھنا چاہیے، تاکہ خوب ماہواری کھولیں۔ (ز)

کثرت طمث:

صرف ہر پچی سرخ اصلی عمدہ کوٹ چھان کر ایک ماشہ ہمراہ شیر بز تازہ ایک پاؤ بلا آمیزش شیرینی کے پلائیں۔ دو تین خوراک میں آرام ہوگا۔ (ز)

اکسیر استحاضہ (کثرت طمث)

بیخ انجبار ۲ ماشہ، دم الاخوین ۲ ماشہ، گلنار ۲ ماشہ، ماشہ، اندر جو ۴ ماشہ، زیرہ چہار ماشہ، ناگ کیسر ۴ ماشہ، سفوف بنائیں۔ خوراک: ۱ ماشہ۔ (ز)

استحاضہ و اسقاط:

کھرپا، انجبار، بارتنگ ہم وزن سفوف تیار کریں۔ خوارک: ۲ ماشہ۔ (ز)

استحاضہ، بواسیر، کثرت طمث، کثرت نفاس اور نکسیر کا اسراری اور اکسیری علاج:

سنگ جراح تولہ، شاخ بارہ سنگھا سوختہ ۳ ماشہ، دونوں مثل غبار کریں اور سفوف کو سفیدی بیضہ میں تر کر کے خشک کر کے پیس لیں۔

خوراک: ۲ تا ۳، ماشہ ہمراہ سکنجبین و عرق سونف دیں۔ علاوہ اس کے یہ سفوف اسہال اور قے کو بھی مفید ہے۔ (ز)

برائے استحاضہ:

خون سیاؤشان، گل ارمنی، طباشیر، الائچی خورد ہم وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ شیر بز دیں۔ (ز)

اکسیر استحاضہ:

کہربا شمعی، دم الاخوین، سنگ جراحت، گیرو ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ لعاب بہدانہ دیں۔ (ز)

کثرت حیض:

مقدار کاک سر بوتل کو راکھ بنا کر شربت انار میں ملا کر دو تین روز صبح و شام کھلائیں۔ (ز)

سیلان الرحم:

کشتہ بیضہ مرغ، تالمکھانہ، دارچینی، نبات سفید ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: ایک، ایک ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ۔ (ز)

سفوف سیلان الرحم:

کشتہ بیضہ مرغ، تالمکھانہ، دارچینی، نبات سفید ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ تین ماشہ صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ (ب)

سفوف عفص: (برائے سیلان الرحم وکل امراض رحم)

صندل سفید، طباشیر، گل فوفل، موچرس، کرکس، مازوئے سبز بے سوراخ، [illegible]، دار چینی، ہر ایک ۶، ۶ ماشہ، قند سفید ۴ تولہ سفوف بنائیں۔ صبح و شام ۴ یا ۵ ماشہ ہمراہ آب تازہ۔ (ب)

سیلان الرحم:

گلنار فارسی تازہ ا تولہ، نبات سفید ۲ تولہ، سفوف ساختہ۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ باب سرد صبح و شام استعمال نمایند، بس عجیب۔ (ز)

سفوف سیلان الرحم:

مازوئے سبز بلا سوراخ ۶، سہاگہ نیم بریان ۳، مصطگی رومی ۴، دال نخود بریاں مقشر تولہ، سنگ جراحت ۶، خوراک اسفوفا بہمراہ آب تازہ۔ (ب)

ورم رحم وادرار حیض کے لیے:

بیخ سکھپرہ نہایت مجرب و بہترین چیز ہے۔ (از حکیم محمد قاسم صاحب سورتی۔ (ب)

اسقاط حمل:

کہربائے شمعی ۲ رتی ہمراہ مربہ آملہ کھلانا اسقاط کو مفید ہے، یعنی مانع اسقاط ہے۔ (ز)

استقرار حمل:

حمول شاف، چنیا گوند یعنی گوند کیکر کو خوب باریک ململ کی پوٹلی بنا کر حمول کریں، صبح سے شام تک پھر وقت جماع نکال کر پھر رکھا کریں، تا دو پانزدہ روز، اور گوند کو بقدر ۶ ماشہ اور دیسی کھانڈ ۶ ماشہ ہمراہ دودھ روز مرہ صبح کھاتی رہیں۔ (ز)

سہاگہ ۱۰ گرین بعدہٗ ۱۰ گرین روزانہ دن میں تین بار کھلائیں۔ (ز)

اختناق الرحم:

کافور ۵ رتی، ہینگ ۵ رتی سفوف۔

خوراک: ۲ رتی۔ (ز)

اختناق الرحم:

زعفران ۳ ماشہ، جاوتری ۳ ماشہ، جاوزبوا ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، زنجبیل تولہ، اسگند ناگوری (ایک جڑھے زرد) ۶ ماشہ، برگ تنبول ۵ عدد، سب کو پیس کر بقدر دانہ ماش گولیاں بنائیں اور ایک گولی سادے پانی سے کھلائیں۔

دورے سے قبل اس کا استعمال کیا جائے، اس کے اثر سے ہاتھ پیروں کی سردی گرمی سے بدل جاتی ہے۔ تشنج اعضاء دور ہوجاتا ہے اور ہاتھ پیروں کی سمیت رفع ہوکر طبیعت صاف ہوجاتی ہے۔ میرے والد صاحب کے مطب میں تیس سال سے مستعمل ہے۔ (حکیم احمد حسن خاں کوکب، کامل الطب والجراحت دہلی۔ ز)

اختناق الرحم:

جند بیدستر، کافور، بہم سینی، ہینگ، افیون، ہم وزن، حب بقدر فلفل سیاہ ایک گولی دن میں سہ بار۔ (ز)

اکسیر اختناق الرحم:

ہینگ، جند بیدرست، کافورا، بہیم سینی، مشک ہم وزن۔ حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔ ہیسٹریا اور اختناق الرحم میں اکسیر ہے۔ (ز)

حب مفید النساء:

صبر، سقوطری، مغسول ۲ تولہ، مرکی خالص ۲ تولہ، زعفران ۶، کشتہ فولاد ۶، حلتیت ۶، شہد میں حبوب بنائیں۔

خوراک: ۳ سرخ بہمراہ اشربہ مناسبہ۔

فوائد: اختناق الرحم، ادرار حیض، دردسر، نفخ المعدہ وغیرہ کے لیے اکسیر ہے۔ (ب)

برائے اختناق الرحم:

کافور ۵ رتی، ہینگ ۵ رتی، سفوفاً۔ خوراک: ۲ رتی۔ (ب)

حب برائے اختناق الرحم:

زعفران ۳، جاوتری ۳، جائفل ۶، فلفل دراز ۶، ادرک تولہ، اسگندناگوری ۶ نخودی حبوب بنائیں۔ (ب)

ورم گولہ زنان زیر ناف کہ ورم رحم نباشد:

روز اول خوردن کسٹرائیل ۵ تولہ مع شیر ۱۲ تولہ نیم گرم کافی است، اگر چیزے باقی ماند پس روغن مذکورہ ۲ تولہ ہمراہ عرق بادیان نیم پاؤ گرم شیر۔ چند روز باستعمال آوردہ تا ورم مذکور بتحلیل برسد و برائے وجع المفاصل بہ ترکیب مذکور نیز نہایت مفید ثابت شد۔ فافہم ترشد۔ (ز)

فرزجہ دافع ورم رحم:

روغن گل ۲ تولہ، شہد خالص تولہ، مغز املتاس تولہ، کف دریا ۶، مکوہ سبز کے عرق میں پیس کر روئی آغشتہ کرکے فرزجہ کرائیں۔ (ب)

برائے استحاضہ ونفث الدم:

سنگجراحت وگل گیرو ہم وزن: خوراک: دوماشہ صبح دوماشہ شام ب آب تازہ تین دن کافی ہے۔ (اسرار صدری از حضرت قبلہ والد صاحبؒ (ب)

حب برائے ادرار وتنقیہ رحم:

صبر ۲ جز، زعفران ۲ جز، ہیرا کسیس ایک جز، حب نخودی بنائیں۔ صبح وشام ایک ایک حب ہمراہ عرق بادیان ۱۲ تولہ وشربت بزوری ۴ تولہ۔ (ب)

نیز:

پوست املتاس تولہ، گرہ بانس تولہ، پوست اخروٹ تولہ، پرسیاوشان ۷، باؤبڑنگ ۷، ڈوڈہ کپاس ۷، تخم گندنا ۳، خارخسک ۳، تخم ترب ۳، تخم گندر ۳، شونیز ۳، پرانا گڑ ۵ تولہ، ان سب چیزوں کو پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ فراغت ایام کے بعد تقویت کے لیے خمیرہ آبریشم حکیم ارشد والا ۵ یا دوالمسک معتدل جواہر والی ۵ یا معجون قرطم ۷ کھلائیں۔ (ب)

شبور رحم:

گل ارمنی تولہ، طین ارمنی تولہ، مردار سنگ تولہ، سفیدہ تولہ، اقلیمیا نقرہ ٦، خبث الفضہ موم سفید ٦، روغن گل ۱۰ تولہ مرہم بنائیں۔ (رموز الاطبا ۱/ ۵۸، تذکرہ حکیم برکات احمد مرحوم از مجربات حکیم محمد قاسم صاحب (ب)

عسر ولادت:

زعفران ۱ ماشہ، عرق گلاب ۵ تولہ میں محلول کر کے میٹھا ملا کر مریضہ کو پلائیں ایک منٹ میں بچہ پیدا ہوگا۔ (ز)

عسر ولادت:

زعفران ۳ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ یا کیوڑہ میں حل کر کے گرم گرم آدھ آدھ گھنٹے کے فاصلے سے پلائیں۔ ۳ خوراک کافی ہیں۔ (ز)

عسر لادت:

زعفران اصلی ۲ ماشہ، گاؤزبان ۵ ماشہ، سفوف بنا کر کھلائیں۔ اوپر سے بھینس کا تازہ دودھ دوہا ہوا پلائیں، بچہ صحیح سلامت پیدا ہو جائے گا۔ (ز)

تسہیل ولادت:

پنجہ مریم کو پانی میں بھگو رکھیں۔ جب تمام کھل جائے تو صرف پانی پلائیں مجرب ہے۔ (ز)

تسہیل ولادت:

زعفران ۲ رتی، پوست چھلی املتاس تولہ، پانی میں جوش دے کر گڑ سے میٹھا کر کے پلائیں۔ (ز)

برائے عسر ولادت ونیز برائے اسقاط:

زعفران ۱ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ، عرق گلاب ٦ تولہ نیم گرم پلائیں۔ (ب)

شیاف رحم: پرانے ورم رحم، صلابت رحم، درد رحم از اجتماع آب در رحم مجرب اور آزمودہ و معمول ہے۔ اندر جو شیریں ۲ تولہ، باوبڑنگ ۴ تولہ، نمک سیاہ ۷ تولہ، سمندر جھاگ ۳ تولہ، مغز پنبہ دانہ ۷ تولہ، تخم سویا ۱ تولہ، جاوتری ۴ ماشہ، اجوائن خراسانی ۶ ماشہ، مغز نارجیل کہنہ ۵ تولہ، مغز بادام ۱۷ عدد علیحدہ علیحدہ باریک کر کے، شہد ۵ تولہ، قند سیاہ ۱۰ تولہ، روئی صاف بقدر ضرورت ملا کر خوب کوٹیں تا کہ یک جان ہو جائے، شیاف بنالیں۔ ایک شیاف روز رات کو رحم میں رکھیں۔ اس سے بکثرت اخراج رطوبات غلیظہ و متعفنہ ہو کر ورم دور ہو جاتا ہے۔ بعد ۳ یا ۴ یوم کے صرف روغن زرد گرم کر کے روئی تر کر کے حمول کریں۔ (ز)

سفوف جوا کھار:

ادرار حیض کے لیے خاص چیز ہے۔ قلمی شورہ، جوا کھار اصلی خود ساختہ، زیرہ سفید، ریوند خطائی بالسویہ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ خوراک: ۳ ماشہ صبح ۳ ماشہ شام ہمراہ شربت بزوری یا عرق بادیان کے ساتھ دیں۔ حیض آنے سے دو تین دن پہلے شروع کر کے دوران حیض میں برابر جاری رکھیں۔ (ز)

استارن (انگریزی نام ہے)

نسخہ: شورہ قلمی عمدہ اور صاف ۲ تولہ، جوا کھار ۲ تولہ، ریوند چینی ۲ تولہ، زیرہ سفید ایک تولہ ۶ ماشہ، ان تمام اجزا کو باریک کوٹ کر سفوف بنالیں یا ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: اسے ۴ رتی تک ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: قلت حیض، درد کمر، درد پیڑو اور درد حیض کے لیے نہایت مفید ہے۔ (ز)

حب مدر:

ایلوا ۲، زعفران ۲، ہیرا کسیس ۱، چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ زمانہ ایام میں استعمال نہ کرنا چاہیے۔ ایام مقررہ سے تین دن پہلے ایک گولی صبح ایک گولی شام عرق بادیان ۱۲ تولہ، شربت بزوری ۲ تولہ، رحم کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور خصوصاً ایام ماہواری با قاعدہ لاتی ہے۔ (از مخزن المرکبات۔ ز)

دردنفاس:

درد شدید کہ بعد از نفاس ہو اور کوئی دوا مفید نہ ہو۔ کو کنار قدرے پانی میں تر کریں، جب اس کا اثر پانی میں آ جائے تنہا یا شیریں گرم یا سرد حسب منشا پلائیں۔ (ز)

حبوب محافظ حاملہ:

اسقاط حمل وسیلان رحم کے لیے اور ایام حمل کی جسمانی کمزوری کے لیے ضعف قلب اور نرینہ اولاد کے لے نہایت اکسیر ہے۔

قلب الجحر ۳، مروارید ناسفتہ ۱، بسد ۲، صدف صادق ۳، زہر مہرہ خطائی ۳، نارجیل دریائی ۳، ورق نقرہ کلاں ۲۲ عدد، جملہ ادویہ کو روح کیوڑہ میں حل کر کے بقدر ایک رتی گولی بنائیں اور پانی یا دودھ کے ساتھ دیں۔ (ب)

حبوب ممد حاملہ (حفاظت جنین ودفع عوارض حمل کے لیے لاجواب نسخہ):

قلب الجحر، مشک، کافور، سنگ خالص ہم وزن عرق بادیان میں کھرل کر کے بقدر ایک رتی حب بنا کر بدرقہ مناسب سے دیں۔ (ب)

محبل، دافع اسقاط واولاد نرینہ:

قلب الجحر، طباشیر، کبود ہم وزن سفوف بنائیں اور نصف ماشہ ہمراہ عرق بید مشک یا گاؤ زبان صبح کو دیں۔ حمل کے پہلے ماہ ۷ دن دوسرے ماہ ۶ دن۔ اس کے بعد ہر ماہ ۴ یوم استعمال کریں۔ دسویں ماہ لڑکا پیدا ہوگا۔ انشاء اللہ۔ (ماخوذ از ”تندرستی“ جالندھر شہر، مئی ۷ ۱۹۳ء (ب)

اکسیر حافظ الجنین:

قلب الجحر اصلی ایک رتی، بنسلوچن ایک ماشہ، دونوں کو پیس کر ملائیں۔ ایک یا دو عدد مویز منقی میں کھلائیں۔ یہ کل ایک خوراک ہے اور یہی کافی ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ، احتیاطاً ہر مہینہ میں ایک دفعہ استعمال کرائیں۔ (ب)

محافظ جنین:

ستاور، خولنجان شیریں، جدوار، ہم وزن سفوف سازند۔ خوراک ۲ ماشہ ہمراہ شہد۔ (ب)

محافظ جنین:

گل منڈی ۱۰ تولہ، برادہ شیشم ۳ تولہ، صندل سفید ۳ تولہ، کشنیز خشک ۳ تولہ، بلیلہ سیاہ ۳ تولہ، تین سیر پانی میں پکائیں۔ جب تین پاؤ پانی رہ جائے نبات سفید ۶۰ تولہ ڈال کر قوام بنائیں۔ سرد ہونے پر قلب الحجر ۳ تولہ، تخم خرفہ تولہ، تخم گاؤزبان تولہ، الائچی سفید تولہ، طباشیر تولہ، تخم ترنج تولہ، تخم نیلوفر تولہ، یشب سبز ۲ زمرد، سبز مروارید ناسفتہ ۲، مغز تخم کدو ۱۰، ورق نقرہ ۱۰، مغز تخم خیارین ۱۰، مغز چلغوزہ ۱۰، مغز پستہ ۱۰، مصطگی رومی ۱۰، بہمن سفید ۱۰، گل ارمنی ۱۰، بسد احمر ۴، کہربا شمعی ۴، گیرو ۴، زعفران ۴، برگ پودینہ ۴، فلفل سیاہ ۴، اجوائن دیسی ۷، زیرہ سفید ۷، تخم بادرنجبویہ ۷، کوٹنے والے اجزا کوٹ چھان کر اور کھرل کرنے والے اجزاء کھرل کر کے شامل کردیں۔

خوراک: ۶ ماشہ سے ۹ ماشہ تک مناسب بدرقہ کے ساتھ مشک اور عنبر کا اضافہ امراء کے لیے کیا جا سکتا ہے، نوزائیدہ بچوں کے لیے بغیر قوام گولی بنائی جائے۔ (ب)

(از حکیم سید اکبر علی چاند پوری آزاد۔ الحکیم، بابت ماہ اگست ۱۹۳۶ء)

حفاظت اسقاط:

جوارش لولو، جہت حبالی و جہت کسیکہ جنین وی ضعیف شود و بعد ولادت نمیزید، و جہت کسیکہ کثیر الاسقاط باشد نفع دارد، بشرطیکہ حرارت در مزاج غالب نبود، مروارید ناسفتہ یک درم، عاقر قرحا یک درم، زنجبیل ۴ درم، مصطگی ۴ درم، زرنباد ۲ درم، درونج ۲ درم، کرفس ۲ درم، شیطرج ۲ درم، قاقلہ ۲ درم، جوز بوا ۲ درم، بسباسہ ۲ درم، قرفہ ۲ درم، بہمن سفید ۳ درم، فلفل ۳ درم، دار فلفل ۳ درم، دار چینی ۵ درم، شکر سپید مناسب وزن، شربت یک ملعقہ، فانہ یصلح حال ارحم والمعدہ و در حفظ اسقاط جنین مداومت شرط است (قرابادین قادری، امراض رحم۔ (ب)

خوبصورت اور ذہین بچہ کے لیے:

اس نسخہ کے استعمال سے جو بچہ پیدا ہوگا خواہ لڑکا ہو یا لڑکی بہت خوبصورت اور ذہین

وذکی پیدا ہوگا، کئی مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ جب عورت کے حمل کو چھ ماہ ہو چکیں تو پھر ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو رات کے وقت خود گلاس یا چینی کا بہت صاف برتن لے کر چاند کی روشنی میں بیٹھ کر اس گلاس یا برتن میں عرق بید مشک مار ڈالے اور پھر ورق نقرہ ۲۰ عدد کو ایک ایک کر کے ڈالے اور حل کرتی رہے۔ جب سب ہو جائیں اگر موسم گرما کا ہو تو شربت صندل ۲ تولہ، ورنہ شربت انگور ۲ تولہ ڈال کر وہیں بیٹھ کر پی لے۔ اس طرح تا زمانہ ولادت ہر ماہ کی چودہ تاریخ کو کیا کرے۔ (منقول از: ''النور'' بابت ماہ ذی قعدہ ۱۳۵۷ھ، مجربات حضرت تھانوی حکیم الامتؒ، بتوسط بیاض حبیب خاص۔ (ب)

مانع اسقاط (عندالخوف)

کہربا شمعی ۲ رتی، ہمراہ مربہ آملہ کھلائیں نہایت مفید ہے۔ (ب)

مولد شیر:

بادیان، تخم گذر مساوی کا سفوف بنائیں۔ ۳ ماشہ بہ ہمراہ شیر گاؤ۔ ایک مرتبہ (روز الاطباء (۲/ ۱۱۹۔ ب)

برائے افزائش شیر:

تخم گذر ۳ تولہ، تخم پیاز ۳ تولہ تخم شلجم ۳ تولہ، نخود بریان ۹ تولہ، مغز پنبہ دانہ ۹ تولہ، سفوف سازند۔ خوراک: یک تولہ بہ ہمراہ شیر گاؤ تازہ ۲۰ تولہ۔ (ب)

قلۃ اللبن:

۱۔ مغز پنبہ دانہ ۳، مغز خسکدانہ ۳، مغز چلغوزہ ۳، تودری سفید ۳، دانہ ہیل ۳، مغز بادام شیریں ۵ دانہ، بادیان ۵، پانی میں پیس کر شیرہ نکالیں اور نبات سفید ۲ تولہ ملا کر صبح کو پلائیں اور شام کو تودری سرخ ایک تولہ شیر بز کے ساتھ کھلانا مفید ہے۔

۲۔ اگر کثرت غم اور فکر سے عارض ہو تو ذیل کا نسخہ دیں:

زہر مہرہ ۱، بنسلوچن ۱۰، صندل سفید ۱، گلاب میں گھس کر مربائے آملہ ایک عدد پانی سے

دھو کر ورق نقرہ ایک عدد میں لپیٹ کر دیں، اوپر عرق کیوڑہ، عرق بید مشک ۳، ۳ تولہ، شربت سیب ۲ تولہ میں ملا کر پلائیں۔ (الحکیم، بابت ماہ مئی ۱۹۴۵ء۔ (ب)

قلت لبن:

زیرہ سفید ایک ماشہ ہمراہ شیر دیں۔ بطخ کا شوربہ کھلائیں۔ (ز)

* * *

امراضِ مخصوصہ مردان

ضعف رجالت:

پارہ سم الفار، افیون مساوی الوزن تین یوم متواتر سحق کریں، ۲ چاول معجون ثعلب میں ملاکر شام کے وقت کھلائیں۔

پارہ ہمراہ گندھک کجلی بنائیں، پھر یہی کجلی ۲ حصہ، سم الفار، افیون جو ہر جزو مائل بہ ایک ایک حصہ سفوفاً، درفلاسفہ معجون ثعلب کے ہمراہ کھلائیں یا حبوب بقدر مونگ کے برابر بنا کر ہمراہ شیر ایک ایک دانہ صبح وشام کھائیں۔ (ز) از حکیم ملک محمد عبدالعزیز خان صاحب۔

ضعف باہ:

بیضہ ہائے مرغ ابال کر زردی نکال لیں اور اس کے برابر نخود بریاں مع پوست دونوں کو پیش کر عسل خالص میں ملا کر رکھ لیں، روزانہ ایک تولہ نہار منہ کھانے کے ساتھ ایک تولہ کھائیں۔ (ز)

ضعف باہ:

زردی بیضہ دو عدد، شہد خالص پانچ تولہ، شیر گاؤ میش پاؤ بھر باہم ملا کر ایک ماہ تک استعمال کرنا مجرب ہے۔ مباشرت سے پرہیز، ضعف باہ کے لیے معمولات سے ہے۔ (ز)

ضعف باہ ولذت النساء:

بیر بہوٹے کو آگ میں بریاں کریں، تا کہ گل سرخ ہو جائے، بعد میں کھرل کریں اور طلاء کریں اور جماع مشغول ہو جائیں۔ اس سے دونوں کو لذت حاصل ہوگی۔ نہایت ہی مجرب ہے۔ (ز)

دوا قوت باہ:

شنگرف رومی ۶ ماشہ، جوز بوا ۳ ماشہ، دارچینی ۶ ماشہ، عاقرقرحا ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، بسباسہ ۳ ماشہ، تخم جوز ماثل ۳، آب ادرک کے ہمراہ ۲ یوم سحق بلیغ کریں اور ایک قرص بنا کر روغن گاؤ میں اس کو بریان کریں پھر مع روغن سحق کر کے قند سیاہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شیر کھائیں۔

اکسیر باہ:

زنجبیل ۲ ماشہ، زعفران، دارچینی، دار فلفل، جائفل، جلوتری، افیون، ہر ایک ۱ ماشہ، اسگند ۴ ماشہ، مشک خالص ۲ ماشہ، مروارید ۱ ماشہ، عاقرقرحا ۱ ماشہ، عنبر خالص ۱ ماشہ، شنگرف ۱ ماشہ، شقاقل ۶ ماشہ، قرنفل ۳ ماشہ، کچلہ مدبر ۵ ماشہ، روح کیوڑہ کے ساتھ بطریق معروف بقدر دانہ مونگ حبوب بنالیں اور ایک حب ہمراہ کارڈ لیور آئل دیں۔ (ز)

قوت باہ:

برائے قوت باہ وعنین است۔ مغز بادام وچرونجی بوقت صبح خوردن عجیب است۔ (ز)

مقوی باہ:

سم الفار ۱ ماشہ، ورق طلا ۲ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۲ ماشہ، مشک خالص ۳ ماشہ، کتھ ۹ ماشہ، آب ادرک کے ہمراہ روز سحق بلیغ کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔ خوراک: ۱ حب بعد غذا۔ (ز)

حب مقوی باہ:

سم الفار بلوری ۱ ماشہ، طباشیر ۳ ماشہ، کات سفید پاپڑ ۶۱ ماشہ، جملہ حل کر کے تنبول دیسی کلاں پختہ ۵ عدد کے رس میں کھرل کر کے بقدر مونگ گولیاں بنائیں، صبح بعد ناشتہ کے ایک حب ملائی میں لپیٹ کر کھلائیں۔ گرما میں ایک ہفتہ موسم سرما میں تین ہفتے کافی ہیں۔ جوان محرور المزاج کو نہ دیں۔ ان حبوب پر دودھ گھی کثرت سے کھائیں۔ تا استعمال مقاربت اور

مرچ، تیل ترشی سے پرہیز رکھیں۔ یہ حبوب خاص مجربات سے ہیں جو نہایت ہی سہل اور ارزاں ہیں۔ فافہم۔ (ز)

حب مقوی باہ:

سم الفار ۳ تولہ کو آب ادرک ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے بقدر موٹھ گولی بنائیں۔

خوراک: ایک حب، ایک تولہ مسکہ میں صبح کے وقت مرغن غذا نہایت مجرب اور معمول ہے۔ (ز)

دوا مقوی باہ:

شنگرف ایک تولہ، گل عشرہ ۵۰ عدد، ایک ایک پھول ڈال کر سحق بلیغ کرتے رہیں، جب سب ختم ہو جائیں پھر ایک یوم سحق بلیغ کر لیں۔ خوراک: ۲ برنج ہمراہ مسکہ دیں۔

مقوی باہ فیضی عجائب:

مشک ابیض ۱ ماشہ، مغز بادام ۵۰ عدد، سحق کر لیں۔

خوراک: ۲ رتی تک، خوب مرغن غذا کھائیں۔ (ز)

حبوب مقوی باہ:

سم الفار، گندھک آملہ سار، مالکنگنی، تخم داھتورہ، سیماب، ہڑتال، طبقی ہڑتال، گئودنتی، ہر ایک ۲ تولہ، اول سم الفار، گندھک، آملہ سار، کو دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ پھر تمام اجزا کوٹ کر ملائیں اور مسور کے برابر حبوب بنائیں اور ایک گولی ہمراہ دودھ کھلائیں۔ (ز)

حب مقوی باہ (نہایت عمدہ نسخہ ہے):

سنکھیا سفید ایک ماشہ، کتھہ سفید ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، گلاب کے عرق میں کھرل کر کے جوار کے دانہ کے برابر گولیاں بنا لیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی استعمال کریں۔ غذا مرغن ہونی چاہیے۔ (ز)

حب مقوی باہ و ممسک و دافع کثرت احتلام:

عروسک ایک ماشہ، چرس خالص ۶ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ، زعفران عمدہ ۶ ماشہ، ایک تولہ

کچلہ کے چاول کتر کر ۵ چھٹانک پانی میں جوش دے کر صاف کر کے اس پانی میں ادویہ کو سحق کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔ (۱)

خوراک: ایک حب سے ۲ حب تک ہمراہ شیر گاؤ۔ (ز)

حبوب مقوی باہ و منعظ و ممسک شدید:

سم الفار ۲ ماشہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، اول ہر دو کو روح گلاب اور کیوڑہ میں سحق بلیغ کریں بعدہٗ زعفران ۳ ماشہ، مشک اصلی ۱ ماشہ، عنبر اشہب ۲ رتی، طباشیر کبود ۶ ماشہ، دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ، کچلہ مدبر ۲ ماشہ، کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ (مجوزہ فقیر۔ ز)

مقوی باہ:

زعفران، دارچینی، جائفل، افیون، مشک، شنگرف، عقرقرحا، قرنفل ہر ایک ایک ماشہ، مروارید ۲ ماشہ، روغن سم الفار ۲ ماشہ سب کو باریک کر کے باہم ملا کر شہد کی مدد سے ۱ رتی کی گولیاں بنائیں۔ خوراک: ۱ گولی ہمراہ روغن ماہی ۱۰ بوند کھانا کھانے کے بعد یہ نسخہ۔ (زوجام عشق سے مشہور ہے) (ز)

اکسیر باہ:

سیماب مصفی ۳ ماشہ، گندھک آملہ سار ۳ ماشہ، خوب کجلی بنالیں پھر سم الفار ۳ ماشہ، کچلہ مدبر ۳ ماشہ، ترپھلہ تولہ، ہمراہ شہد سہ یوم سحق بلیغ کریں۔ حبوب بقدر نخود سیاہ بنالیں۔ (ز)

حبوب جشتقادم:

عاقرقرحا، زعفران، تج، جوزبوا، شنگرف، قرنفل، افیون، دارچینی، مشک مساوی الوزن کوٹ چھان کر حبوب نخودی بنالیں۔ ہمراہ ماء العسل بعد غذا کھلائیں۔ (ز)

---

(۱) میرے خیال میں یہ غلطی کاتب کی ہے۔ دراصل اول سیماب اور گندھک کی کجلی بنا کر پھر سم الفار ملا کر دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بعد ازاں دیگر ادویہ ملائیں۔ حکیم محمود خاں صاحب مرحوم دہلوی۔

حقیقی اکسیر باہ:

سم الفار تولہ، کافور تولہ، ہر دو کو کھرل کر کے دو پیالیوں میں بند کر کے [illegible] آٹے سے جوڑ کو بند کریں اور ہلکی آنچ دیں اور اوپر کے پیالے پر ایک کپڑے کی گدی بھگو کر تر کرتے رہیں، تین گھنٹے میں اتار کر سرد کر کے آہستہ سے کھول کر کافور کو [illegible] شیشی میں رکھیں) جو جوہر لے لیں۔ کستوری خالص ۶ ماشہ، زعفران کشمیری اصلی [illegible] ۲ ماشہ، جاوتری ۲ ماشہ قرنفل کلاہ دار ۳ ماشہ ملا کر کھرل کریں۔ پھر جوہر سم الفار ۳ ماشہ ادویہ مسحوقہ میں ڈال کر خوب [illegible] کریں اور خشک کر کے سونے کی ڈبیہ میں رکھیں۔ عندالضرورت ایک برنج برابر مسکہ [illegible] میں لپیٹ کر کھلائیں۔ مریض کو دودھ اور گھی خوب پلائیں۔ ایک خوراک کافی ہے۔ (ز)

اکسیر باہ:

سم الفار کی ایک تولہ کی ڈلی لے لیں۔ پھر ایک بیضہ مرغ لے کر اس کی سفیدی دور کریں، صرف زردی رہنے دیں۔ اس زردی میں ڈلی سم الفار ڈال دیں اور اس پہ ایک زردی بیضہ ڈال کر انڈے کا منہ خول بیضہ سے بند کر کے ملتانی مٹی روئی دار سے عمدہ طور پہ کپروٹی کر کے خشک کر لیں اور ایک سیر چونہ آب نارسیدہ کے درمیان بیضہ مذکورہ کو ملفوف کر کے چونہ پہ پانی ڈال دیں۔ جب چونا بالکل سرد ہو جائے تو انڈا مذکور نکال لیں اور اس میں سے ڈلی سم الفار نکال کر جدید انڈوں کی زردی میں ڈال کر تکرار عمل کریں۔ اس طرح ایک ایک مرتبہ عمل کر لیں۔ سنکھیا مذکور زرد کشتہ شدہ برآمد ہوگا، محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک تل برابر ہمراہ معجون لبوب کبیر دیں، دو تین خوراک کافی ہیں۔ (ز)

اکسیر باہ:

سم الفار ۳ تولہ، کچلہ مدبر، افیون خام، زعفران کشمیری ہر ایک ۲ تولہ، ببلا شیر کہوہ ۲ تولہ، کندش ۵ تولہ، سنبل الطیب تولہ، قاقلہ صغار ۶ ماشہ، قاقلہ کبار ۶ ماشہ، سلیخہ ۶ ماشہ، بسباسہ ۶ ماشہ، بزرالبنج ۲ تولہ، دار فلفل ۲ تولہ، فلفل گرد ۲ تولہ، مشک ۳ ماشہ ہمہ ادویہ را سودہ در عسل [illegible]

خوراک: یک حب بوقت عصر ہمراہ شیر بخورند۔

یہی نسخہ طبی فارما کو پیا جلد اول، ص: ۱۷۸ میں معجون سم الفار کے نام سے درج ہے۔ یعنی سہ چند ادویہ عسل مصفی میں خلط اور روغن بادام سے چرب۔ **فوائد:** برائے وجع المفاصل، جذام، برص، زکام، نزلہ، سعال بلغمی، ضیق النفس، قروح خبیثہ آتشک، فالج، لقوہ، عنین، استرخاء عصب، بواسیر خونی وبادی کے لیے از حد مجرب ہے۔ یہ نسخہ ہمارے استاد سے نسلاً بعد نسل چلا آتا ہے۔ ہزار ہا بیماروں پر اس کی آزمائش کی گئی۔ ننانوے فی صد کامیاب ہوا۔

مقدار خوراک: ۴ سرخ ہمراہ آب گرم۔ (ز)

مقوی باہ مجرب:

شہد ۸۰ تولہ، شکر ۸۰ تولہ، عرق بید مشک ۲۵ تولہ، عرق گلاب ۲۵ تولہ، عرق کیوڑہ ۲۵ تولہ، انڈے کی زردی ۲۰ عدد، زعفران ۹۔

ترکیب: پہلی پانچ چیزوں کی چاشنی تیار کر کے زعفران کو پیس کر انڈوں کی زردی اور زعفران دونوں کو چاشنی کے اندر خوب ملائیں۔ خوراک تولہ صبح تولہ شام۔ (ب)

مقوی برائے اعصاب:

شنگرف رومی (مدبر) ۶، جوزبوا ۶، عاقرقرحا ۶، افیون ۶، زعفران ۳، دارچینی ۳، کچلہ مدبر ۶، زنجبیل ۶، مرچ سیاہ ۳، فلفل دراز ۳۔ (از حضرت والد صاحبؒ)

اضافہ از حضرت والد صاحبؒ:

لونگ ۶، بسباسہ ۶، سم الفار ۲، کتھ ۳، مایہ شتر اعرابی ۶، تج ۳، حب نخودی بنائیں۔ (ب)

حبوب طاقت:

شنگرف، عاقرقرحا، قرنفل، دارچینی، جائفل، زعفران، افیون، مشک۔ ہم وزن حبوب بنائیں۔ (از جناب حسین احمد سواتی برادر خورد مولانا فضل محمد صاحب (ب)

معجون مقوی:

نخود بریان مقشر تولہ ۵ تولہ، زردی بیضہ مرغ جوشایندہ ۵ عدد، روغن مادہ گاؤ ۵ تولہ شہد خالص، معجون سازند۔ ہر روز چار تولہ بخورند (الطرائف (ص: ۶۳) ب)

مقوی باہ:

شنگرف تولہ، مایہ شتر اعرابی تولہ، عاقرقرحا تولہ، جوزبوا تولہ، دارچینی تولہ، افیون تولہ، مشک ۳ ماشہ، شنگرف، روغن بادام ۲۰ تولہ میں کھرل کر کے حب فلفلی بنائیں۔ (ب)

مقوی اعصاب مخصوص:

شنگرف تولہ، افیون تولہ، عاقرقرحا تولہ، جوزبوا تولہ، قرنفل تولہ، بسباسہ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، عنبر ۶ ماشہ، دارچینی ۶، حب نخودی بنائیں۔

اضافہ حکیم محمد حسن صاحب: کچلہ مدبر تولہ قوت بڑھ جائے گی، قبض کم ہو جائے گا۔ (ب)

(از حضرت والد صاحبؒ۔ آخری انتخاب و معمول)

مقوی باہ:

خولنجان، کبابہ، زنجبیل، جوزبوا، عاقرقرحا، دارچینی، مصطگی رومی، شقاقل، جاوتری، عودغرقی، قرنفل تالمکھانہ ۲، ۲ تولہ دوچند شہد میں معجون بنائیں۔

اضافہ: موصلی سفید ۲ تولہ، کشتہ قلعی ۲ تولہ۔

خوراک: تولہ تولہ صبح و شام ہمراہ شیر۔ (ب)

مقوی اعظم:

ثعلب مصری ۲ تولہ، شقاقل مصری ۲ تولہ، دارچینی ۲ تولہ، تج قلمی ۲ تولہ، خولنجان ۲ تولہ، سنبل الطیب ۲ تولہ، عودخام تولہ، بہمن سفید ۲ تولہ، بہمن سرخ تولہ، عاقرقرحا ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، حب بلسان تولہ، عودغرقی تولہ، مایہ شتر اعرابی تولہ، زعفران تولہ، عنبر اشہب ۷، مشک خالص ۷، ورق طلا ۲۱ عدد، ورق نقرہ ۹، مصطگی رومی ۲ تولہ، در شہد ۶۲ تولہ معجون سازند۔

خوراک: ۷ ماشہ تا ۹ ماشہ۔

(ترمیم: ۱۱ نومبر ۱۹۶۹ء، سورنجان شیریں ۲ تولہ، بوزیدان ۲ تولہ، قسط شیریں ۲ تولہ، ازراقی مدبر ۹، چوب چینی ۲ تولہ۔ (از حکیم عبدالرشید صاحب بریلوی، رفیق سفر ج ۱۳۶۹ھ۔ ب)

سورنجان شیریں ۲ تولہ، صبر تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، پوست ہلیلہ کابلی ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ، تربد مجوف تولہ، برگ سنامکی تولہ، گل سرخ تولہ، باریک سائیدہ۔ بروغن بادام شیریں چرب نمودہ۔ (ب)

برائے باہ:

انجیر زرد ۲۵ عدد، شہد ایک سیر میں ڈال کر ایک ہفتہ کے بعد نصف انجیر صبح وشام استعمال کریں۔ (الحکیم، جنوری ۱۹۳۲ء، ص: ۹۳۔ ب)

سفوف مغلظ ومقوی:

سنگھاڑی خشک تولہ، صمغ عربی تولہ، تالمکھانہ ۸ ماشہ، ثعلب مصری ۸ ماشہ، مازو ۶ ماشہ، مصطگی ۶ ماشہ، نشاستہ ۸ ماشہ، نبات سفید ۵ تولہ۔

خوراک: ۵ ماشہ ہمراہ شیر نیم گرم پاؤ۔ (از حکیم محمد حسن صاحب دوحدی۔ ب)

مقوی باہ:

زردی بیضہ مرغ ابلی ہوئی ۵ تولہ، آرد ۵ تولہ، نخود بریان مقشر ۵ تولہ شہد خالص تولہ۔

خوراک: صبح وشام تولہ تولہ۔ (از الطرائف۔ للشیخ التھانویؒ)

معجون مقوی ومہیج (مجرب)

تخم کرفس تولہ، تخم ترہ تیزک تولہ، تخم ترب تولہ، قرنفل کلاہ دار ۹ تولہ، کوفتہ بیختہ، سفوف ساختہ ہمراہ سہ چند عسل مصفی کف گرفتہ معجون سازند۔

خوراک: صبح روزانہ یک تولہ۔ (ب)

نسخہ: جو تندرستی قائم رکھنے اور بدن کو طاقتور بنانے کے لئے بہت مفید ہے:

سم الفار ایک رتی، کچلہ مدبر ۲ ماشہ، کشتہ فولاد ۱۵ ماشہ، سب ادویہ کو پیس کر گولیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی بعد غذا دودھ کے ساتھ کھلائیں۔

اگر زیادہ طاقتور بنانا مطلوب ہو تو:

سم الفار ایک رتی، کچلہ مدبر ۲ ماشہ، کشتہ طلا یا ورق طلا ۲ ماشہ، مشک ۳، عنبر ۳، مروارید ۵، کشتہ فولاد ۱۵، پیس کر دو سو چالیس گولیاں بنائیں۔

خوراک: ۲ عدد صبح وشام۔ (ماخوذ از الحکیم بابت ماہ ستمبر ۱۹۴۱ء۔ ب)

مفرح ومقوی "شراب طہور":

برگ تنبول یا بیخ تنبول ۸۰ تولہ، قرنفل ۱۰ تولہ، دار چینی ۵ تولہ، گاؤزبان ۵ تولہ، زعفران تولہ، مشک ایک ماشہ۔ شب در آب تر دارند و صبح عرق کشند۔

خوراک: ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ (از مولانا عبدالرحمن امروہوی۔ ب)

حب برائے قوی رئیسہ:

دودھ آکھ ۱۰ تولہ، زعفران ۲ تولہ، مشک ایک ماشہ، اسٹرکینا ۳ رتی، حب فلفلی سازند، برائے قوی رئیسہ نافع ہے۔ (از حکیم مولانا محمد احمد صاحب خورجوی۔ ب)

برائے تقویت دل و دماغ و باہ و جسم (نہایت مجرب ہے)

کہربا شمعی تولہ، یشب سبز تولہ، مصطگی رومی تولہ، زہر مہرہ تولہ، طباشیر تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، مربائے آملہ ۱۰ عدد، مربائے ہلیلہ ۱۰ عدد، ورق نقرہ ۲۵ عدد۔

ترکیب: دونوں مربوں کو گرم پانی میں دھو کر کپڑے سے خشک کر کے بیج نکال کر باریک پیس ڈالیں۔ باقی دواؤں کو باریک پیس کر مربوں کے ساتھ ملا کر یکساں کر کے ورق نقرہ لگا کر ۶، ۶ ماشہ صبح وشام پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: مقوی دل و دماغ و باہ و جسم نہایت مجرب ہے (از مجربات حکیم احمد حسین مرحوم دہلوی۔ ب)

مقوی باہ:

تخم ترب، سائیدہ نگاہ دارند، صبح وشام یک یک کف باشیر گاؤ۔ اثر عظیم دارد مکرر تجربہ رسیدہ۔ (از الطرائف للشیخ التھانویؒ (ص: ۲۳۰) ب)

معجون مقوی اعصاب وبغایۃ مبہی:

عاقرقرحا ۲ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، خولنجان ۲ تولہ، دارچینی ایک تولہ ۳ ماشہ، زردی بیضہ مرغ ۲۰ عدد، زعفران ۶ ماشہ، ورق نقرہ تولہ، مشک ۱، عسل خالص ۱۰۔

خوراک: ۶، ۶ ماشہ صبح وشام (از جناب حکیم محمد احمد صاحب خورجوی۔ ب)

حب برائے تقویت اعصاب:

اذاراقی مدبر تولہ، سلاجیت تولہ، کشتہ فولاد تولہ، فلفل سیاہ ۶، زعفران ۳، حب فلفلی سازند۔ (از حکیم موصوف۔ (ب)

معجون بقاء شباب:

برائے انتشار وصلابت وتغلیظ منی وتسمین بار بار تجربہ آمدہ۔

صفت: حرمل ۷، بسباسہ ۵، جوزبوا ۵، دارچینی ۵، کنجد سیاہ مقشر ۷، سائیدہ ہمراہ سہ چند شہد خالص کف گرفتہ معجون تیار سازند۔

خوراک: یک ماشہ تا شش ماشہ باشیر گاؤ۔ (ب)

اکسیر عجیب باہ:

سم الفار سفید تولہ لے کر سفید پیاز کے پانی ایک بوتل کے مقدار میں دس روز تک کھرل کریں، پھر اڑد کے دانہ کے برابر حبوب بنائیں۔ دو ہفتہ ایک ایک حب دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ (ب)

حب مدن مستی "برائے تقویت":

مدن مست، مشک خالص، گاؤزبان، دارچینی، جائفل، جلوتری، اتالیس، کباب چینی، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد، مصطگی، موصلی سیاہ، تخم ہلیلہ سیاہ، تخم کونچہ ہلیلہ سیاہ، قرنفل۔ ہر

ایک ۲ ماشہ گرفتہ، سائیدہ قند سیاہ کہنہ ہفت سالہ ہم وزن ادویہ آمیختہ۔ حب نخودی بستہ نگاہ دارند۔ (از بیاض حبیب۔ (ب)

حب مقوی اعضاء رئیسہ ومقوی باہ:

افیون تولہ، زعفران تولہ، دارچینی تولہ، جائفل تولہ، شنگرف تولہ، عاقرقرحا تولہ، قرنفل تولہ، بسباسہ تولہ، تخم دھتورہ ۶، فلفل گرد ۶، کچلہ مدبر ۶، سم الفار ۳، مشک ۶، مروارید ناسفتہ ۶، کشتہ فولاد ۶، شہد میں ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں، ہمراہ شیر ایک پاؤ کھانے کے بعد یا ہمراہ روغن ماہی دس قطرہ تین گھنٹہ تک کچھ اور نہ کھائیں۔ پیاس لگے تو دودھ پئیں۔ (ب)

مقوی ومولد خون:

زنجبیل، ہیرا کسیس، ریوند چینی۔ ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: ایک رتی ہمراہ آب تازہ۔ (ب)

حب عجیب:

مغز استخوان گاؤ ۸ تولہ، کشتہ فولاد تولہ، سنکھیا ۴، شہد خالص میں سحق بلیغ کر کے ایک ایک رتی کی گولیاں بنائیں۔

خوراک: ۲ گولی ہمراہ شیر گاؤ پاؤ۔ بے حد مقوی باہ۔ (طبی فارما کوپیا، ص: ۹۶) (ب)

حب مقوی:

زعفران خالص ۳، مشک خالص ایک ماشہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، حل کردہ شش حب سازند۔ یک حب روز ہمراہ شیر گاؤ خوردہ باشند۔ تا یک سال از جمیع ادویہ مستغنی گردد۔ (ماخوذ از الطبیب، ص: ۱۳۱) جنوری و فروری ۱۹۳۵ء۔ (ب)

حب خاص مقوی القوی:

دارچینی تولہ، جائفل تولہ، جدوار خطائی تولہ، جاوتری تولہ، قرنفل تولہ، مومیائی تولہ، کچلہ مدبر ۶، کشتہ فولاد ۲ تولہ، عنبر ۳، زعفران ۳، افیون ۳، ورق نقرہ ۳، ورق طلا ۱ ماشہ۔ عرق پان میں حب نخودی بنائیں۔ (از جناب شیخ محمد یعقوب دہلوی۔ ب)

مقوی اعصاب:

شنگرف رومی ۶، جوزبوا ۶، عاقرقرحا ۶، لونگ ۶، بسباسہ ۶، زنجبیل ۶، کچلہ مدبر ۶، افیون ۶، فلفل سیاہ ۳، فلفل دراز ۳، دارچینی ۳، زعفران ۳، سم الفار ۲، حب نخودی بنائیں۔ (ب)

سفوف بلادر برائے تقویت اعصاب وغیرہ:

بلادر کلاں کلاہ گرفتہ تولہ، کا جو تولہ، مغز پستہ تولہ، مغز بادام شیریں تولہ، مغز نارجیل تولہ، مغز اخروٹ تولہ، کنجد تولہ۔ ہمہ باریک سائیدہ نگاہ دارند، از یک ماشہ تا سہ ماشہ بعد غذا بخورند۔ تا مدت مدید از لبنیات احتراز باید کرد۔

فوائد: تقویت اعصاب وقوت باہ وامساک ووجع المفاصل ودفع شیب غیر طبعی وغیرہ وغیرہ۔ (ب)

برائے تقویت اعصاب وغیرہ:

سم الفار سفید، مدبر، کتھ سفید تولہ، حب فلفلی، سازند۔

خوراک: یک حب ہمراہ مسکہ یا شیر نیم گرم۔ سم الفار کو آگ پر رکھ کر جب جوش آنے لگے تو لہسن کے پانی میں ڈال دیں، بس مدبر ہو گیا۔ (از حضرت والد صاحبؒ۔ ب)

حبوب مقوی مبہی:

سم الفار ا، زعفران ۲ تولہ، در عرق بید مشک ۲ بوتل کھرل نمایند، بعد ازان ورق نقرہ (اختیاری) شامل نمودہ، مقدار برنج حبوب تیار نمایند۔ (ا ربیاض الحبیب۔ ب)

عصا پیری، حب مقوی:

کچلہ مدبر تولہ، افیون تولہ، زعفران ۴، عنبر ۳، دارچینی ا، حب نخودی بنائیں۔

تنبیہ: اصل اجزاء کچلہ وافیون ہیں۔ عنبر برائے اصلاح کچلہ ہے اور زعفران ودارچینی برائے اصلاح افیون ہے۔ (یہ نسخہ حضرت والد صاحبؒ۔ ب)

حب کچلہ، مقوی باہ:

دارچینی تولہ، جوزبوا تولہ، بسباسہ تولہ، عود صلیب تولہ، قرنفل تولہ، کچلہ مدبر ۲ تولہ، حب نخودی بنائیں۔ (از مخزن و بیاض۔ ب)

مقوی اعصاب:

کچلہ تولہ، شنگرف تولہ، جوز بوا تولہ، عاقر قرحا تولہ، دارچینی تولہ، افیون تولہ، زعفران ۶، عنبر ۶، حب نخودی بنائیں۔ (از حضرت والد صاحبؒ۔ ب)

حب مقوی اعصاب:

ازراقی مدبر تولہ، افیون تولہ، عنبر ۳، زعفران ۳، دارچینی ۲۔ حب نخودی بنائیں۔

(از حضرت والد صاحبؒ۔ ب)

معجون تقویت اعصاب وغیرہ:

ازراقی مدبر ۴ تولہ، مقل ازرق مصفی ۴ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، فلفل سیاہ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، عسل مصفی ۳۳ تولہ۔ معجون تیار کریں۔

خوراک: یک ماشہ برائے تقویت اعصاب وغیرہ نہایت مفید مجرب ہے۔ (از حکیم مظفر حسین صاحب والد مولانا محمود حسن ٹونکی، مصنف معجم المصنفین۔ ب)

کشتہ بقاء شباب:

باہ کے سلسلہ میں میرے تجربے کے اندر کشتہ شنگرف سفید، کشتہ سم الفار یا حبوب سم الفار جن کے متعدد نسخے ہیں۔ کشتہ مرگا نگ طلائی زیادہ کامیاب ہے۔ ایضاً: مکر دھوج حرارت غریزی کے ابھارنے کے لیے۔

الانتباہ: معمولی فلاسفہ ولبوب کبیر وغیرہ وغیرہ بھی نسخہ یونانی کی ساکھ بٹھا دینے کے لیے کافی ہے۔ (ز)

حب سم الفار:

سم الفار بلوری ۶ ماشہ، کتھہ سفید ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ، عنبر اشہب ۱ رتی، کافور بھیم سینی ۱ ماشہ، کچلہ مدبر ۱ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، مالکنگنی ۱ تولہ، مغز بلادر سفید ۱ تولہ، عاقر قرحا ۱ تولہ۔

سم الفار کو ہمراہ آب لیموں کاغذی ۶ تولہ، آب ادرک تازہ ۶ تولہ میں کچلہ مدبر کو عرق کیوڑہ قسم اعلیٰ ۶ تولہ میں مغز بلادر اور عاقرقرحا کو آب پیاز ۳ تولہ، آب لہسن ۳ تولہ اور باقی ادویہ کو شراب وسکی ۶ تولہ میں حل کر کے تمام ادویہ کو باہم آمیز کر کے حبوب قدر مونگ تیار کریں اور بند شیشی میں رکھ دیا جائے۔ ہمراہ ماء اللحم محلول ۶ تولہ، برزردمرغ ۲ تولہ، نبات سفید حسب ذائقہ استعمال کریں اور گاہ بگاہ شیر گاؤ بروغن زرد داغ کر وہ بھی دینا چاہیے، تاکہ یبوست کا اندیشہ کم سے کم ہو سکے۔ (ز)

تدبیر سم الفار:

سم الفار تولہ، آب فشردہ لیموں کاغذی ۱۰۰ عدد، سحق کر کے خشک کر لیں۔ سیاہ فام دوا تیار ہوگی۔

خوراک: بقدر دانہ مسور ہمراہ بالائی دیں، مقوی باہ ہے، چہرے کے رنگ کو نکھارتا ہے۔ (ز)

تدبیر شنگرف:

شنگرف رومی تولہ، گل عشر نا شگفتہ ۵ تولہ، شنگرف کو کھرل میں ڈال کر ایک ایک پھول شامل کرتے جائیں اور سحق کرتے رہیں۔ جب تمام ختم ہو جائے تو ایک روز کامل سحق کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک: برابر برنج۔

فوائد: مقوی باہ مشہی اور ممسک سنگرہنی اور دمہ کے لیے بھی عجیب شے ہے۔ (ز)

مردی طاقت کے لئے نایاب نسخہ:

خولنجان، تالمکھانہ۔ ہم وزن لے کر دونوں کے برابر مصری شامل کر لیں اور ہمیشہ ۶ ماشہ صبح کے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کیا کریں۔

یہ مختصر نسخہ فوائد میں قیمتی نسخوں سے بڑھ چڑھ کر ہے۔ (ز)

سفوف اعجاز اثر (کیمیائے عشرت)

کندش (نکچھکنی) ۳ رتی، کاپھل ۶ رتی، دارچینی ۱ ماشہ، ریگ ماہی ۱ ماشہ، کوفتہ بیختہ سفوف تیار کریں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ اسے کھا کر اوپر سے ایک پیالہ دودھ پی لیں اور بعد چار ساعت مشغول ہوں اور فوائد عجیبہ مشاہدہ کریں اور اگر سوزش معلوم ہو تو دودھ اور پئیں۔ (کیمیائے عشرت: ۱۳۰۔ز)

ست سلاجیت:

حب غیر مصفی سلاجیت کو صاف کرنا ہو تو اسے تقریباً چہار چند شیر گرم یا پانی میں گھول کر آہنی ظرف میں رکھتے ہیں اور کپڑا چھان کر کے سیال کو دھوپ میں رکھ دیتے ہیں، تمازت آفتاب سے سیال کے اوپر کالی بالائی سی آ جاتی ہے، جسے اتار کے اور کپڑے سے ڈھک کے دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں، بس یہی آفتابی شدہ سلاجیت ہے، جسے عرف عالم میں ست سلاجیت بھی کہتے ہیں۔ ایک دفعہ سیال پر سے بالائی اتار لینے کے بعد پھر بھی بالائی آتی ہے اور اسی طرح اتار لی جاتی ہے، یہاں تک کہ سیال میں سے کوئی علیحدہ ہو کر اوپر نہیں آتا۔ اگر اسی درمیان میں کچھ پانی خشک ہو جاتا ہے تو اتنا ہی اور شامل کیا جاتا ہے۔ درد پھینک دی جاتی ہے۔ مصفی سلاجیت کی مقدار ۲ سے ۳ رتی شروع کر کے بتدریج ایک دو درہم بڑھائی جا سکتی ہے اور حسب برداشت طبیعت دن میں دو تین مرتبہ دی جا سکتی ہے۔ (الطبیب سالانہ۔ز)

خولنجان:

خولنجان کو باریک پیس کر عرق لیموں میں ملا کر لگانے سے داد چھائیں مہاسہ وغیرہ دور ہو جاتے ہیں۔ سفوف خولنجان ۳ ماشہ کو شہد میں ملا کر چاٹنے سے کھانسی دمہ کو فائدہ کرتا ہے۔ سفوف خولنجان ۶ ماشہ، ہمراہ شیر گاؤ، نصف سیر پینا قوت باہ بڑھاتا ہے اور زیادتی پیشاب کو رد کرتا ہے۔ اگر اس کو روغن چنبیلی میں ملا کر عضو مخصوص پر حشفہ چھوڑ کر مالش کریں تو نہایت درجہ مقوی باہ ہے۔ اگر اس کو عاقر قرحا اور عرق پیاز ملا کر پٹی باندھی جائے تو بھی لاغری عضو کو دور

کرتا ہے۔ اگر خولنجاں کا ٹکڑا منہ میں رکھ کر چوستے رہیں، تو نہایت درجہ مقوی ہے، خولنجان کو باریک پیس کر نسوار لی جائے تو نزلہ زکام وغیرہ کے لیے مفید ہے۔ (طبی فارماکوپیا۔ ز)

باہ کی پٹی:

گوگرو آملہ سار اور سیماب ہم وزن بول خر میں خوب کھرل کریں اور پٹی پر لگا کر عضو پر باندھیں۔ تین روز میں بہت قوت آجاتی ہے۔ عضو میں برقی لہریں دوڑنے لگتی ہیں۔ از کار رفتہ مرد میں اتنی طاقت آجاتی ہے کہ باید و شاید۔ (مجربات جیلانی، حصہ اول: ۱۸۔ ز)

باہ کی پٹی:

ہینگ، شہد، پارہ ہم وزن خوب کھرل کر کے عضو مخصوص پر لیپ کریں، اس سے اسی وقت طاقت اور ہیجان پیدا ہوتا ہے، عجیب چیز ہے۔ (ز)

دافع سستی:

روغن جمال گوٹہ ۲ قطرہ، عطر گلاب ۱ قطرہ طلاء استعمال کریں۔ (ز)

غلط کاریوں کے لیے آب حیات (غلط کاری کا علاج)

ہالون کو نیم گرم پانی میں رگڑ کر اول عضو مخصوص پر روغن کنجد نیم گرم ملیں۔ بعدہٗ نیم گرم لیپ کر کے برگ ارنڈ یا پان باندھیں۔ (ز)

عادت بد یعنی سرعت، جریان، ضعف باہ:

روغن پستہ، روغن دارچینی ہم وزن ملا کر طلاء استعمال کریں۔ بہمن سرخ ۳ تولہ، بوزیدان ۲ تولہ، دارچینی ۴ تولہ، برنج مالکنگنی تولہ سفوفا۔

خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شیر کھائیں۔ (ز)

بنا مجلوق کہ بالکل از کار رفتہ باشد:

جند بیدستر، عاقر قرحا، دارچینی ہر ایک ۷ ماشہ، تینوں کو شراب برآنڈی دو آتشہ میں خوب کھرل کریں، جب یک ذات ہو جائیں تو اول عضو مخصوص کو قدرے گرم شدہ روغن کنجد سے

خوب مالش کریں۔ جب رگیں خوب گرم ہو جائیں تو ضماد مذکور کو کپڑے پر ضماد کرکے عضو پر چسپاں کر دیں اور تار ریشم سے نرم نرم باندھیں۔ اسی طرح متواتر تین راتیں یہی ضماد کریں۔ اس سے کجی دور ہو جاتی ہے۔ (ز)

پٹی نامرد:

گویند کہ عنین پنجاہ سالہ ازیں بہ شود: جند بیدستر، عاقرقرحا، فرفیون ہر ایک ۸ ماشہ، مویزج کوہی، دارچینی ہر ایک چہار ماشہ، قرنفل چہل عدد، کوفتہ بیختہ در شراب یا شہد مقدار کنار حب بندد، یک حب بقضیب ضماد کند۔ صبح بہ آب گرم بشویند۔ بیک ہفتہ بحالت اصلی خواہد آمد۔ (ز)

طلاء رموزیہ برائے مجلوق:

شیر مدار ۱ تولہ لے کر روغن زرد ایک تولہ میں ملا کر آتش پر رکھیں۔ جب شیر جل جائے اور روغن باقی رہے، کھرل میں ڈال کر سم الفار ڈیڑھ ماشہ، میٹھا تیلیہ ۱ ماشہ، بیر بہوٹیہ آدھا ماشہ، خراطین خشک آدھا ماشہ، مغز گھونگچی سفید ۱ ماشہ، جند بیدستر ۱ ماشہ، خوب کھرل کریں اور کسی چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں اور قدرے نیم گرم کرکے طلاء کریں اور اوپر پان کا پتہ باندھیں۔ (ز)

مجلوق کا نہایت سہل طلاء:

قرنفل خوب باریک کرکے سوتے وقت ہمراہ لعاب دہن حشفہ چھوڑ کرے یوم طلاء کریں دانہ نکلنے پر مکھن لگائیں۔ (ز)

طلائے عجیب:

عطر کیوڑہ، (ایک اور جگہ عطر چنبیلی کسی جگہ عطر گلاب بھی لکھا ہے) ۵ ماشہ، روغن جمال گوٹہ ۱ ماشہ ویزی لین ۲ ماشہ بس تیار ہے۔ مالش کرکے برگ انجیر باندھیں، صبح سرد پانی سے دھو ڈالیں۔ (ز)

طلاء عنین:

ہینگ عسل خالص میں طلاء استعمال کریں۔ (ز)

طلاء سرخ:

اس کے استعمال سے خفیف دانے نکلتے ہیں۔ خراب رطوبت کو خارج کر دیتی ہے، عضو میں کافی طاقت پیدا ہوتی ہے۔

صفت: شنگرف، جمال گوٹہ ہر ایک دو تولہ، موم سفید چار تولہ، مسکہ گاؤ بارہ تولہ، مگر بشتر باید قضیب نرم شدہ باشد بطوریکہ قبل از عنین پنجاہ سالہ نوشتہ شدہ یا در حاذق قبل از استعمال آں تحریر یافتہ باستعمال آوردہ شود۔ (ز)

طلاء سرخ بنوع دیگر:

شنگرف تولہ، مغز جمال گوٹہ تولہ، سم الفار ا تولہ، موم سفید اصلی تولہ، مسکہ ا تولہ، دوا کو فتنی کو میدہ کر کے موم و مسکہ یکجا کر کے بطریق معلوم نصف رتی قضیب کے بالائی حصہ پر ملیں۔ برگ پان اوپر باندھیں، ایک مہینے کے اندر استرخا ضعف اعصاب اور جلق کے تمام عوارض ختم ہو جاتے ہیں۔

ہدایت: جب پھنسیاں کافی پیدا ہو جائیں تو دوا کا استعمال چھوڑ کر گھی میں پیاز جلا کر لگائیں، بڑے بڑے نسخوں کے مقابلہ میں ایک مفید اور کثیر المنفعت نسخہ ہے۔ (الحکیم، سالانہ اشاعت خاص نومبر ۱۹۳۳ء۔ ز)

طلاء اکسیر:

بینگن زرد جو ابھی شاخ پر ہی لگا ہوا ہو اس میں ۴ عدد لونگیں چبھو دیں۔ دس دن کے اندر بینگن مذکور کو توڑ لیں اور سایہ میں خشک کر لیں۔ پھر روغن کنجد ۵ تولہ میں سفوف خراطین ایک تولہ، بیر بہوٹی ا تولہ ڈال دیں۔ چولہے پر رکھ کر خوب پکائیں اور خشک شدہ بینگن کو بھی روغن میں ڈال دیں، جب پک کر سیاہ ہو جائے تو چربی شیر نر ۶ ماشہ، چربی ریچھ ۶ ماشہ، چربی مرغ ۶ ماشہ، چربی گردہ بز ۶ ماشہ، مشک ا ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، ملا کر کھرل میں ڈال کر خوب سحق کریں کہ یکذات ہو جائے۔

استعمال: ایک ماشہ صبح وشام حشفہ وسیون چھوڑ کر مالش کر کے اچھی طرح جذب کر دیا۔
فوائد: کجی کوتاہی وغیرہ کو اکسیر اعظم ہے۔ واقعی بہت عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

طلاء عجیب:

مجلوق کے تمام عوارض کے لیے ایک خاص شئے ہے اور لطف یہ کہ بالکل آسان اور زوداثر ہے۔

کلائے قرنفل ۶ ماشہ، شنگرف رومی ۶ ماشہ، عاقرقرحا ۶ ماشہ، مغز جمالگوٹہ ۳ ماشہ، موم ۲ تولہ سب دوائیں باریک پیس کر موم ملائیں اور تقریبا دوڈھائی گھنٹہ خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں تا کہ ایک ذات ہوجائیں۔ جب خوب نرم ہوجائیں پس طلاء تیار ہوگیا۔ بوقت ضرورت ۳ رتی کے قریب حشفہ اور سیون کو چھوڑ کر خوب مالش کریں، تا کہ جذب ہوجائے پھر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھیں۔ جب تیسرے دن دانے نکل آئیں طلاء کا استعمال چھوڑ کر روغن چنبیلی یا گھی سے دن میں دوبارہ چپڑ دیں۔ دانے درست ہونے کے بعد پھر طلاء کا استعمال شروع کرادیں۔ رات کو طلا باندھ دیا کریں اور صبح کو کھول دیں۔ سرد پانی سے دھوئیں اور جماع سے پرہیز ہے۔ (ز)

طلاء اعلیٰ درجہ:

روغن جمال گوٹہ یا روغن بیدا نجیر، عطر چنبیلی، ہم وزن نہایت اعلیٰ درجہ کا طلاء ہے۔ بطریق معروف ۲ قطرے طلاء استعمال کریں۔ ایڈیٹر۔

ایضا:

روغن جمال گوٹہ و روغن پستہ ہم وزن طلاء استعمال کریں۔

واقعی نہایت اعلیٰ اکسیر نسخہ ہے، میں نے ایک ایسے مجلوق پر استعمال کیا کہ بالکل ازکار رفتہ، تین دن طلاء کرنے سے تمام کجی وباریکی درست ہوگئی، اگرچہ باریک باریک بثور بھی نکل آئیں، مگر تکلیف دہ نہیں۔ طلاء استعمال کرنا بدستور جاری رکھیں۔ (ز)

طلاء نامردی:

جاوتری تین ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، لونگ ۳ ماشہ، بیر بہوٹی ۳ ماشہ، مغز تخم جمال گوٹہ ۱ ماشہ مغز تخم ارنڈ ۳ ماشہ، گائے کا گھی ۱ تولہ، میں حل کرکے عرصہ تین یوم متواتر کھرل کریں۔ جب خوب کھرل ہوجائے شیشی میں نگاہ رکھیں، بقدر رتی حشفہ چھوڑ کر اوپر کی جلد پر لگائیں، آہستگی سے لگائیں زور سے ملنے کی ضرورت نہیں۔ عرصہ ۴ یوم تک متواتر لگائیں اوپر پان باندھ دیں۔ اوپر پان کے دھاگہ باندھ دیں، اس سے باریک باریک ثبور نکلیں گے، بعد میں گھی میں پیاز جلا کر لگائیں یا ویسلین لگائیں، کجی سب دور ہوجاتی ہے۔ مجرب ہے، پرہیز: ترشی، بادی اشیاء سے۔ گھی، گوشت، انڈے، بہت کھائیں۔ اگر ایک دفعہ سے درست نہ ہو تو دوبارہ عمل مذکور کریں۔ فقط۔ (ز)

طلاء مقوی:

مغز کرنجوہ تولہ، قرنفل تولہ، جائفل تولہ، کوٹ چھان کر ہمراہ شیر سینڈ (زقوم تھوہر، ماخوذ از الحکیم: ماہ فروری ۱۹۳۳ء) مساوی کھرل کرکے حب بقدر نخود بنائیں۔ ایک گولی چند قطرات روغن چنبیلی میں حل کرکے شب کو بقدر ۲ رتی رقیق رقیق حشفہ و وخت و بیخ بچا کر طلاء کرکے بنگلہ پان باندھیں۔ تین روز کافی ہے۔ صبح صاف کردیا کریں، اس سے رطوبت رقیق خارج ہوگی، خفیف ثبور وغیرہ ہوں تو مکھن شستہ لگانے سے خشکی آجائے گی۔ یہ طلا مجربات و معمولات سے ہے۔ (ز)

عنانت یعنی نامردی:

سم الفار سفید ۱ تولہ، کافور ۱ تولہ، ہر دو کو سحق بلیغ کرکے دو پیالیوں میں جوہر اڑا لیں، پھر اس جوہر سے صرف ۶ ماشہ لے لیں اور کستوری خالص ۶ ماشہ، زعفران کشمیری اعلیٰ درجہ ۶ ماشہ، جاوتری تازہ ۶ ماشہ، قرنفل کلاہ دار ۳ ماشہ، دار چینی ۳ ماشہ، ملا کر سحق بلیغ کریں۔ زہر مار ۳ ماشہ، ادویہ مسحوقہ میں شامل کرکے درعرق گلاب خوب صلایہ کریں اور خشک کرکے سونے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: برنج برابر ہمراہ مسکہ یا بالائی دیں۔ مریض کو دودھ اور گھی خوب پلائیں، ایک ہی خوراک میں نامرد کو مرد بنا دیتی ہے۔ اس نسخہ سے بہتر نسخہ ملنا تقریباً محال ہے۔ (از ڈاکٹر مہرالمہید چغتائی، مبارک منزل، بیرون دہلی دروازہ لاہور۔ ز)

نامردی:

موصلی سیاہ، موصلی سفید، ثعلب مصری تالمکھانہ بچھند، اندر جو، تودری سرخ تودری سفید، دارچینی، خولنجان، بہمین، شقاقل مساوی الوزن مصری ہمہ ادویہ کی مساوی۔ سب کو باریک سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ ماشہ سے ۶ ماشہ تک دودھ کے ساتھ کھائیں۔ (زادِ غریب۔ ز)

سرعت ورقت:

ثعلب مصری پنجہ والی، ستاور، زنجبیل، کوزہ مصری ہم وزن سفوف بنا کر، خوراک: ۵ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ (ب)

برائے عوارض جلق ونامردی:

ہیرا ہینگ ارتی ہمراہ گڑ گولی بنا کر روزانہ کھلائیں۔ (ب)

طلاء:

ہیرا ہینگ پارہ شہد میں ملا کر طلا کریں۔

گوگرو آملہ سار، سیماب ہم وزن بول خر میں خوب کھرل کریں اور پٹی باندھیں۔ (ب)

برائے مجلوق: (سوائے مادرزاد عنین بے عدیل است مجرب و معمول)

زرنیخ ارقی ۳، سم الفار ۳، ترتنگ یعنی مردار سنگ ۳، فرار یعنی سیماب ۳، عرق ورق کتائی ۲ درم پختہ، روغن گاؤ ۵ درم پختہ، اول زرنیخ سم الفار، ترتنگ خشک در کھرل حق نمایند، بعد ازاں فرار داخل کردہ حل سازند۔ بعد ازاں عرق ق کتائی دراں انداختہ کھرل سازند، بعد ازاں روغن زرد یک درم انداختہ سہ روز حل سازند، وبدارند، یک مرغ خفتہ وزیر قیب گذاشتہ بمالند و بالائش برگ پان بندند، صبح بکشانید، روز دیگر موقوف ساختہ، سوم عمل کنند ہم

چنبیلی ہفت بار، چہاردہ روز، اگر ورم وبثور رشوند روغن زرد دشتہ یا مسکہ بمالند، فوراً تخفیف شود۔ (از مولانا بدر عالم صاحب۔ب)

طلاء عنین:

شنگرف ۱، سم الفار ۳، جوہر لوبان ۴، روغن گل ۹، سب اجزاء کو باریک پیس کر تھوڑا سا ضماد کریں۔ (ب)

طلاء اعلیٰ:

روغن جمال لگوٹہ (بدلہ روغن بیدانجیر) عطر چنبیلی ہم وزن ملا کر بطریق معروف ۲ قطرے طلا استعمال کریں، تجربہ سے مجلوق کے لیے بھی استعمال کیا گیا۔ (ب)

طلاء:

زہرہ خروس بامردار سنگ سائیدہ بر قضیب بمالند (الطرائف ص: ۶۳) (ب)

برائے عنین:

پتہ رہو مچھلی، بیخ کنیر سفید ہر دو اجزاء ہم وزن لے کر اچھی طرح سے رگڑ کر عضو پر مالش کریں۔ کم از کم ایک ہفتہ اسی طرح عمل کریں اور قدرت ربی دیکھیں۔ (ز)

جریان:

مغز بیلگری کا چبانا جریان میں بہت مفید ہے۔ (از، ایڈیٹر۔ز)

"جریان" "نعوظ سوزاکی":

کافور ۲ گرین، افیون ایک چوتھائی گرین دن میں دو بار کھلائیں۔ نعوظ سوزاکی میں کافور ۴ گرین، افیون ایک چوتھائی گرین رات کو سوتے وقت کھلائیں۔ (ز)

جریان منی:

جریان منی اصطلاحاً یہ ہے کہ بحالت بیداری [illegible]

ارتعاش مراد ہے [illegible]

[illegible]

مطولات میں درج ہیں۔ جریان کے لیے ایک مخصوص صدری نسخہ پیش ہے جو سابق میں مثل گناہ کبیرہ بلکہ اس سے بھی زائد راز میں رکھا جاتا تھا۔

صفت: ثعلب مصری ۳ تولہ، شقاقل مصری ۲ تولہ، تودری سرخ ۲ تولہ، تودری زرد ۲ تولہ، بہمنین (سرخ و سفید ہر ایک ۲، ۲ تولہ)، دارچینی ۲ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ، آرد سنگھاڑہ ۲ تولہ، آرد قلقاش (عوام اروی کہتے ہیں عام طور پر اس سے ترکاری بنائی جاتی ہے) ۲ تولہ کوٹ چھان کر ہم وزن شکر ملا لیں اور مناسب پاؤ بھر شیر گاؤ سے کھالیں۔ (ز)

جریان کہنہ:

سبوس اسبغول ایک چھٹانک، سیماب ۶ ماشہ، ترکیب: ململ کے کپڑے میں سبوس اور سیماب کی ڈھیلی پوٹلی بنائی جائے، اس طرح کہ سیماب سبوس کے اندر رہے اور اس قدر ڈھیلی پوٹلی ہو کہ پھولنے کی گنجائش ہو، بعدہ ایک کف گیر کے برابر لمبی لکڑی سے باندھ لیں اور ایک سیر دودھ کو ہلکی آنچ پر پکائیں اور پوٹلی مذکور کو دودھ میں بجائے کف گیر ہلاتا رہے تاکہ فیرنی کی طرح دودھ غلیظ ہو جائے پس قدرے شیرینی ملا کر اسی فیرنی کو روزانہ کھائیں، سبوس کو روزانہ اور پارے کو ہر تیس دن بدل لیا جائے۔

خوراک: ۲۱ یوم۔ (ز)

سفوف جریان کہنہ:

(مردان و زنان را خصوصاً مایوس العلاج را نہایت مفید است و اسرار خفیہ است)۔

نسخہ: سلیخہ، تخم تالمکھانہ، کمرکس، موچرس، سنبل الطیب، مصطگی رومی، خشخاش سفید، آرد سنگھاڑا، فواد الصبغ، موصلی سیاہ، رال سفید جملہ برابر سفوفاً۔

خوراک: ۷ ماشہ ہمراہ شیر۔ (ماخوذ از رسالہ الطبیب، ماہ جنوری فروری، ص: ۵۰، ز)

جریان:

بے حد مفید اور زود اثر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکثر امراض جریان میں مفید پائے۔ تودری

سفید ۷ ماشہ علی الصباح پاؤ بھر دودھ کے ساتھ ۲۱ دن استعمال کریں۔ (از حکیم نذر محمد صاحب دہلوی، مجربات خاص الخاص۔ ز)

جریان:

اسپغول مسلم ۱ تولہ، رات کو بھگو دیا کریں۔ خواہ پانی میں یا عرق گاؤزبان میں صبح ۲ تولہ گھی دیچی میں ڈال کر گرم کریں۔ افیون ۴ چاول ملایا کریں تو زیادہ قوی ہوگا۔ جریان، احتلام، رقت کے لیے شرطیہ علاج ہے۔ (ز)

جریان:

اسود: سیسہ بقدر ضرورت لے کر لوہے کی ایک کڑاہی میں پگھلائیں اور سہانجنہ کی لکڑی سے ہلاتے رہیں، اسی دوران میں تھوڑی سی کچی شکر چھڑکتے رہیں، جب خاک ہوجائے تو نکال کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک رتی ایک تولہ مکھن یا بالائی میں کھائیں۔

نوٹ: حکیم محمد حسن صاحب قرشی نے بنام "اسود"، حکیم اجمل خاں دہلوی مرحوم نے بنام "دوا جریان" مجربات کانفرنس نمبر ۳ میں پیش کیا ہے۔ (ز)

اکسیر جریان:

طباشیر ۲ تولہ، ثعلب مصری ۲ تولہ، سلاجیت مصفی ۲ تولہ، کجلی سیماب ۲ تولہ، گندھک ۲ تولہ، مغز کونج بریاں ۸ تولہ، مصری ۱۶ تولہ، ورق نقرہ ۲۵ عدد سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ خام کھلائیں۔ (ز)

سفوف اکسیر جریان:

یہ تبرک نسخہ دیکھنے میں تو معمولی ہے، مگر فوائد کے لحاظ سے جریان کے سب نسخوں کا سرتاج ہے۔ خصوصاً پرانے جریان کا جو منی بکثرت خارج ہونے کے سبب مریض بہت کمزور اور تمام دواؤں سے مایوس ہوچکا ہو، ایک اطمینانی نسخہ ہے بشرطیکہ مرض کی تشخیص اور پرہیز وغیرہ مدنظر رکھتے ہوئے، آزما کر دیکھیں:

ھوالشافی: ستاور، سنگ جراحت ہر ایک دس تولہ، مصری ایک پاؤ کوٹ چھان کر سفوفا۔

خوراک: ایک تولہ صبح اور ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔

غذا: چنوں کی مرغن روٹی دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ دیگر سب اشیاء سے پرہیز۔

نوٹ: اگر قبض ہو تو مربہ ہلیلہ رات کو سوتے وقت کھالیا جائے۔ (ز)

سفوف برائے جریان ورقت منی:

صفت: بہمن سفید، بہمن سرخ، ثعلب مصری ہر ایک ۲ تولہ، صمغ عربی ا تولہ، اسبغول ۲ تولہ، مغز تخم تمر ہندی (املی) ا پاؤ۔

ترکیب: سب دوائیں علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر بمعہ کھانڈ سفید ا پاؤ ملا لیں۔

خوراک: چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ۔ اس کے علاوہ یہ سفوف احتلام سرعت انزال کے لیے بھی مفید ہے۔ مجربات سلطانی۔ (ز) (مجرب المجرب معمول مطب استاد الاطباء حکیم مفتی سلیم خان صاحب لاہوری)

جریان وسفید رطوبت زناں:

مسکہ ۲ تولہ، سہاگہ ۶ تولہ، مسکہ کو کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ پگھلنے سہاگہ کی چٹکی ڈالتے جائیں اور ارنڈ کی لکڑی سے ہلاتے جائیں۔ حتیٰ کہ تمام سہاگہ ختم ہو جائے۔ مسکہ کشتہ ہوگا۔ نکال کر سہاگہ پھینک دیں۔ اب اس کشتہ کے مساوی سیاہ مرچ کے ساتھ خوب کھرل کریں۔

خوراک: ۲ رتی ہمراہ شیر گاؤ نہار منہ (ز)

حبوب دافع جریان:

سیماب مدبر ۶ ماشہ، قلعی مصفی تولہ، میٹھا تیلیہ ۳ ماشہ، مرچ سفید دکھنی ۲ تولہ، تھوڑا پارہ کو چھلبند کر لیں، پھر باقی ادویہ ملا کر خوب صلایہ کریں۔

خوراک: ۲ رتی صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ (ز)

حب جدید جریان:

سنگھاڑا خشک ۳ ماشہ، بنسلوچن ۳ ماشہ، کتھہ سفید ۱ تولہ، بڑھ کے دودھ میں کھرل کر کے دانہ نخود کے برابر گولیاں بنالیں اور تین حب ہمراہ آب تازہ کھانے کے بعد استعمال کریں۔ (ز)

سفوف ثلاثہ برائے جریان:

رال سفید ۲ تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ استعمال کرائیں۔ احتلام جریان کے لیے سوفیصدی مجرب آزمودہ ہے۔ (طبی فارماکوپیا حصہ ۱۱۹۔ ز)

اکسیر زردیا کشتہ مثلث:

قلعی، جست، سکہ تینوں ہم وزن لے کر بذریعہ آگ گلائیں اور گائے کے گھی میں سرد کریں، پھر ایک کوزہ گلی میں گلا کر پوست خشخاش کی چٹکی دیتے رہیں اور بڑ کی لکڑے سے حرکت دیتے رہیں، جب تینوں دھاتیں راکھ کی طرح ہو جائیں تب پیس کر دہی میں کھرل کریں اور قرص بنائیں اور پھر س قرص کو ایک کورے ٹھیکرے میں رکھ کر نیچے آگ جلائیں، جب ٹکیہ کا رنگ زرد ہو جائے تو پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ارتی بالائی میں رکھ کر کھائیں لیکن اس امر کا خیال کر لیں کہ زردہ خام نہ رہ گیا ہو۔ (ز)

شربت فولاد سادہ:

شربت کھانڈ سادہ ایک بوتل میں دو تین ڈرام ٹنکچر اسٹیل ملا کر رکھیں۔ بازار میں عام شربت فولاد اسی ترکیب سے بن کر فروخت ہو رہا ہے۔ (ز)

اخراج کیموسات وحصات:

سفوف قدیم عجیب الفعل در اخراج کیموسات (عموماً اس کو جریان خیال کیا جاتا ہے)

ودر تفتیت حصاۃ خصوصاً: مغز تخم خربوزہ، نانخواہ، تخم کرفس، تخم ترب، زیرہ سفید، مغز بادام تلخ، مساوی الوزن سائیدہ۔ سفوف تیار نمایند۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ بابدرقہ مناسب حال۔ (ز)

برائے دھات وسرعت:

تالمکھانہ، سمندر سوکھ، تخم ریحان ہم وزن باریک کر کے شکرتری سب کے برابر شامل کر کے ٦ ماشہ ہمراہ دودھ گاؤ حسب ضرورت میٹھا ڈال کر ایک ہفتہ استعمال کرو شرطیہ مفید ہے۔ (ز)

برائے جریان وتقویت:

مرچ سفید ۲ تولہ، قلعی تولہ، پارہ مصفی ٦، بچھناک مدبر ۳، خوراک نصف رتی سے رتی تک، ۲ تولہ مکھن کے ساتھ مرچ کو علیحدہ پیس چھان کر قلعی پگھلا کر پارہ پر ڈالیں اور کھرل کرلیں۔ بچھناک مدبر ملا کر سب کو پیس کر شیشی میں محفوظ کرلیں۔ (از مولانا فضل الرحمن ہزاروی۔ ب)

برائے جریان:

ستاور ۵ تولہ، سنگ جراحت ۵ تولہ، شکر سفید ا تولہ، سفوف کر کے ایک ایک تولہ صبح وشام شیراؤ کے ہمراہ کھائیں اور بیسنی روٹی روغن زرد کے ساتھ زیادہ استعمال کریں اور گرم وترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

ا۔ اضافہ: کشتہ قلعی بیس سرخ۔ فی خوراک: ایک سرخ۔

۲۔ ایضاً اضافہ وترمیم: کشتہ فولاد شمی ا تولہ پچلی ہول کی عرق والی صمغ ڈھاک ۲ تولہ قند سفید ہم وزن۔ **خوراک:** ۲ ماشہ۔

(ازحکیم سید عبدالغفار شاہ حسینی سندھی، سالنامہ الحکیم: جنوری ۱۹۳۲ء۔ ب)

ہر قسم جریان وسیلان کے لئے بے انتہا مجرب:

چاکسو کو پانی میں بھگو کر مقشر کرلیا جائے۔ ۲ ماشہ سفوف مناسب بدرقہ کے ساتھ دیں۔

(ازحکیم [illegible]

جریان منی کا بے خطا نسخہ:

ست گلو ۹ ماشہ، ست سلاجیت ۶ ماشہ، طباشیر تولہ، کشتہ قلعی ۶ ماشہ، الائچی خورد ۹ ماشہ، مروارید ۳ ماشہ، مصری ۳ تولہ، سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲ ماشہ شیر تازہ کے ساتھ۔ (رموز الاطباء، ص: ۶۹۳۔ ب)

جریان ضعف باہ و کثرت احتلام:

زردی بیضہ مرغ ۲ عدد کو چینی کے برتن میں پھیلا کر سبوس اسپغول ۶، نبات سفید ۲ تولہ پیس کر پھیلائیں اور گھی کا بگھار دے کر روزانہ صبح کھلائیں۔ (بیاض الاطباء، الحکیم، ص: ۳۳۔ ب)

اکسیر جریان:

تخم دھتورہ سیاہ، مرچ سیاہ، ہم وزن کوٹ چھان کر صمغ عربی میں بقدر فلفل گرد گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک حب نہار منہ علی الصباح شیرہ بادیان ایک تولہ کے ساتھ دائمی فائدہ کے لیے دو ہفتہ تک استعمال کرنا چاہیے۔ (ب)

معجون حاکم: (برائے بلغم و ریاح و ہضم و تقویت و جریان و امساک وغیرہ)

حلیون، میتھی، کلونجی، اجوائن ہم وزن کوفتہ بیختہ در سہ چند عسل معجون سازند۔

خوراک: ۲ ماشہ برائے دفع ریاح و تقویت معدہ و دفع کلانی شکم (توند) (از حکیم محمد قاسم صاحب سورت۔ ب)

کشتہ فولاد مرد برائے جریان وغیرہ:

برادہ فولاد اصلی لے کر ببول کی کچی پھلیوں کے عرق میں ڈال کر محلول کیا جائے۔

خوراک: ۲ رتی بہ بدرقہ مناسب۔ (از حکیم محمد قاسم صاحب سورت۔ ب)

ملذذ: (لذت النساء)

خون زاغ کو مساوی الوزن شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں، بوقت ضرورت تھوڑا سا لے کر عضو خاص پر طلا کریں۔ ھذا من الاسرار، فاحفظ۔ (ز)

نادر چٹکلہ:

مرغ کر کناتھ کے مرارہ (پتہ) کا پانی عضو پر لگائیں اور جماع کریں، کوئی تاورنہ ہوسکے گا زوجین کو کوئی خطرہ نہیں ہوگا۔ (ز)

برائے لذت النساء:

صرف عطر گلاب خالص عمدہ و اعلیٰ مل کر جماع کرنے سے فریقین کو لذت حاصل ہوتی ہے۔ مگر اول اول کسی قدر سوزش ضرور ہوتی ہے۔ (ز)

ملذذ:

عاقر قرحا، سہاگہ خام کافور تینوں ہم وزن کو شہد میں پیس کر طلا کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد کپڑے سے صاف کر کے مشغول ہوں۔ (ب)

ملذذ:

سہاگہ بریان ۴، کافور رتی، تخم اونٹکن ۶، جاوتری ۳، عاقر قرحا، سفوف کردہ نگاہ دارند، ۲ رتی در عسل آمیختہ طلا نمایند و بعد خشک شدن مشغول شوند طرفین از لذت بیہوش شوند۔ (ب)

مضیق:

زرورد سم ۳ درم، سنبل ۲ درم، مثل غبار کردہ انگشت از گلاب یا آب تر کردہ آلودہ بمانند مثل غنچہ بہر دو صفت شوند۔ (ب)

کثرت احتلام:

پوست خشخاش سفید، کشنیز خشک، تخم خشخاش سفید ہم وزن شکر سفید مساوی ہمہ ادویہ سفوف۔

خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ شیر بز۔ (ز)

ماء الذہب:

برادہ طلا ۶ ماشہ، تیزاب شوری ۴، تیزاب نمک ۶ ماشہ۔ برادہ طلا کسی لوہے یا چینی کے برتن یا کھلے منہ کی آتشی شیشی میں ڈال کر ہر دو تیزاب کے ذریعہ نرم آگ پر حل کریں۔ جب برادہ اچھی طرح حل ہو جائے تو دو چھٹانک عرق گلاب یا کیوڑہ ملا کر رکھیں۔

خوراک: ۵۴ قطرہ ۲ تولہ شربت سادہ میں ملا کر عرق گلاب کیوڑہ یا بید مشک حسب ضرورت ڈال کر صبح وشام نوش فرمائیں۔

فوائد: سونا طب قدیم وجدید کی رو سے مقوی دل دماغ اور اعصاب ہے۔ مدت سے کشتہ اور ورقوں کی صورت میں استعمال ہوتا رہا لیکن جب اس طریقے سے سیال محلول بنا کر استعمال کیا جاتا ہے تو معدہ میں پہنچے کے بعد خون میں جلد حل ہوجاتا ہے اور فوائد کے لحاظ سے قوی ثابت ہوا ہے۔ (ز)

ضبطِ تولید:

سندور ۳ رتی شہد میں گولی بنا کر بعد فراغت حیض دیں، کبھی اولاد نہ ہوگی۔

ایضاً منہ: اسپند سوختہ چہار ماشہ ہمراہ شہد بعد فراغت حیض مفید ثابت ہوا ہے۔ (ز)

ورم خصیہ اور لٹکنا پانی وغیرہ:

زرکچور کو پانی کے ہمراہ گھس کر لیپ کریں۔ (از سنیاسی۔ ز)

خارش خصیتین:

گل چنبیلی ۱ تولہ، مسکہ گاؤ صد بار شستہ ملا کر خوب سائیدہ کریں، بعدہ بوقت صبح خصیوں پر مالش کرکے بعد چار گھنٹہ کے غسل آب سرد سے کریں، تین دفعہ استعمال کافی ہے۔ خارش جاتی رہے گی۔

نوٹ: اسپرٹ جو جلنے میں کام آتا ہے، اس کی مالش سے کافی نفع ہوتا ہے۔ (ز)

قضیب اور بیخ رانہا کے خارش:

نیلہ تھوتھا ۱ ماشہ، گندھک آملہ سار ۵ ماشہ، مسکہ شستہ ۲ تولہ، مرہم بنالیں اور لگائیں اور اگر کسی دواسے بھی خارش دور نہ ہو تو اسپرٹ جو جلانے کے کام آتی ہے، اس کی مالش کرنے سے ضرور دفع ہوجائے گی۔ (ز)

برائے عضو آب گرفتگی:

برائے عضو آب گرفتگی یعنی گزک نہایت مفید و مجرب است کہ بیک روز ورم را می بشاند۔

صفتہ: مغز تلخ خستہ زرد آلو درا کوفتہ بر عضو ماؤف طلاء نماید۔ (ز)

مقویات ومولدات

مقوی ومولد خون:

زنجبیل، ہیراکیس، ریوند چینی، ہم وزن سفوفاً۔

خوراک: ارتی (ڈاکٹر عبدالحمید صاحب۔ ز)

مقوی ومولد خون:

پارہ مصفی تولہ، قرنفل کلاہ دار ۲ تولہ، ۲ یوم سحق بلیغ کریں، خوراک برنج برابر۔ (ز)

مقوی بدن:

مراگرین، ہیراکیس اگرین مقوی ہے، بعد غذا کے استعمال کریں۔ (ز)

دوا قلت دم:

یہ نسخہ بہت مفید اور بہت مجرب ہے۔ حضرت مولانا حکیم نورالدین صاحب کے عطیات میں سے ہے۔

مجیٹھ، خبث الحدید یا برادہ آہن، شکر سرخ ہر ایک دس تولہ ایک بڑے تربوز میں بھر کر رکھ چھوڑیں۔ جب خشک ہو جائے تو پیس کر چار رتی روز ہمراہ مسکہ گاؤ کھلائیں۔ اس سے بہتر ہے کہ کشتہ خبث الحدید دہلی سے منگا کر کھائیں۔ فافہم۔ (ز)

مقوی وممسک:

سنکھیا سفید، افیون خالص، سیماب مصفی ہم وزن لے کر آٹھ روز تا پندرہ روز تک خوب کھرل کریں، پھر ایک جزو کے برابر جاوتری ملائیں اور خوب سحق بلیغ کریں اور حبوب بقدر دانہ مسور یا فلفل سیاہ بنالیں، اور ایک حب بوقت عصر کھائیں۔ (ز)

مقوی و ممسک:

لیجئے اس صفت کا مقوی و ممسک معجون کا سہل اور ارزاں نسخہ حاضر ہے۔ مغز تخم بنولہ ۱۲ تولہ، دار چینی ۸ تولہ، مغز تخم اونٹکٹارہ ۸ تولہ، قرنفل ۸ تولہ، مغز چلغوزہ سفید رنگ ۸ تولہ، کائپھل ۴ تولہ، شقاقل مصری ۶ تولہ، زنجبیل ۶ تولہ، قسط شیریں ۲ تولہ، تخم حلبہ بریاں ۲ تولہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، کوٹ چھان کر دو چند شہد ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ شیر دو ہفتہ میں بے حد قوت باہ ہوگی۔ تجربہ میں لا کر بذریعہ رسالہ بذا تصدیق یا تکذیب شائع کرا دیں۔ (حکیم محمد فضل اللہ صاحب۔ ز)

مقوی و ممسک:

حب جوز ماثل جو امساک اور قوت باہ کے لیے نہایت مؤثر ہے۔ دھتورہ سیاہ اگر ملے تو بہتر ورنہ سفید کے پھول سایہ میں خشک کر کے باریک کر لیں۔ ان کے برابر فلفل دراز پیس کر ملائیں و بذریعہ شہد حب بقدر دانہ فلفل بنائیں اور بقدر برداشت طبیعت ایک یا دو حب ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں، گھی و مکھن کا زیادہ استعمال کریں، دوسرے دن اثر ہوگا، مجربات بوعلی سینا سے ہے اور میرا تجربہ شدہ ہے۔ (ز)

حب ممسک:

افیون، زعفران، قرنفل، جائفل، مشک ہر ایک، ایک ماشہ باریک کر کے شہد خالص سرشتہ کریں اور حبوب بقدر مونگ تیار کریں۔

خوراک: ایک حب گائے کے دودھ کے ساتھ کے وقت کھالیں اوپر ایک پان کا پتہ بھی کھالیں، نصف شب کے بعد مشغول ہوں۔

فوائد: بے حد ممسک ہے اور لطف یہ ہے کہ بالکل آسان اور اجزا سہل الحصول ہیں۔

(از جناب حکیم گوہر دین صاحب مظفر گڑھ)

نوٹ: اس سے بہتر مقوی و ممسک کتابچہ قدیم یعنی شنگرف و افیون و عاقر قرحا والا سے اگر زیادہ نسخہ چشتاد م اوراق بذا تو بہت اعلیٰ و اولیٰ ہے۔ فافہم (ز)

طلاء منعظ:

مغز سر کنجشک ایک عدد، انگوزہ سرخ پانی میں گھس کر طلاء کریں۔ ۱۵ منٹ پہلے عضو پر طلا کریں۔ برائے کمزوری دستی اکلا ہر روز زردی بیضہ مرغ کا حلوا بنا کر صبح کے وقت اور خصیہ بز، یا میش کا قیمہ بنا کر بمع مصالحہ گھی میں بھون کر شام کے وقت کھائیں۔

برائے عوارضات بدجلق:

ہیرا ہنگ ارتی رگڑ کر روزانہ قند سیاہ کے ساتھ گولی بنا کر کھایا کریں اور عضو مخصوص پر لگانے کے لیے ہیرا ہینگ اصلی کو شراب برانڈی میں کھرل کر کے لگائیں، باید تینوں نسخے مریض مجلوق پر استعمال کیے جائیں۔ (ز)

الاحمر نہایت درجہ مقوی باہ:

قطعہ شنگرف بیش سفید ہر ایک دو تولہ، زمین قند (لبلبو چقندر) کو کوٹ کر اس قدر پانی میں جس میں بیش گوندھ سکے گوندھیں اور اس میں شنگرف کی مسلم ڈلی رکھ کر غلولہ بنائیں اور دبیز کپڑا اس پر اچھی طرح پیٹ کر باندھیں، پھر تین سیر روغن معصفر لے کر تانبہ کی دیگ میں ڈالیں اور غلولہ کو اس میں ڈال کر سرپوش سے اچھی طرح منہ بند کر کے اوپر کوئی بھاری پتھر رکھ کر دبائیں اور ہلکی آنچ پر رکھیں۔ ایک پہر کے بعد آنچ تیز کر دیں اور تین پہر تک تیز آگ رہنے دیں۔ دیگ میں سے بہت شور کی آواز آئے گی، اس سے گھبرائیں نہیں۔ البتہ سرپوش کا خیال رکھیں کہ کھلنے نہ پائیں، چار پہر نرم و تیز آگ رہنے کے بعد دیگ کو اتار لیں اور سرد ہونے پر ڈلی نکال کر خوب باریک پیس لیں۔

خوراک: ایک چاول مکھن کے ساتھ دیں۔ (از حکیم اجمل خان۔ ز)

امساک:

افیون خالص ۶ ماشہ، کتھ سفید ۶ ماشہ، سنکھیا سفید ۱ ماشہ، سب کو عرق گلاب قسم اصلی میں کھرل کیا جائے پھر دانہ الائچی سفید ۶ ماشہ پیس کر ملا کر کھرل کریں اور گولیاں بقدر دانہ باجرہ

باندھ کر شیشی میں باحتیاط رکھیں اور دو تین گولیاں ضرورت سے ایک گھنٹہ پہلے گائے کے دودھ کے ساتھ نگل جائیں۔ (ز)

حبوب اکسیر الاجسام:

مقوی و محرک باہ، مقوی دل و دماغ و معدہ و جگر و دافع نامردی و سرعت انزال۔ ان کا پہلا اثر اعضاء رئیسہ اور حرارت غریزی پر ہوتا ہے۔ باہ اور بدن کو کمال فائدہ پہنچاتا ہے، عجیب نسخہ ہے۔

صفتہ: مروارید ناسفتہ ۴ رتی، مشک خالص ۴ رتی، زعفران، عنبر، اشہب، ورق طلا، ورق نقرہ، ست لوبان، ست سلاجیت، ابریشم خام، مقرض، ہر ایک ۴ رتی مروارید کو روح گلاب میں تین گھنٹہ کھرل کر کے خشک کر لیں۔ ابریشم خام صاف عمدہ لے کر اس قدر باریک کتر لیں کہ دوسری دواؤں کے ملنے سے اس کے اجزء معلوم نہ ہوں اور پھر سب دواؤں کو اکٹھی کر کے باریک پیس کر قدر شہد ڈال کر خوب کوٹیں تاکہ یک ذات ہو جائیں اور گولیاں بقدر دانہ مونگ بلکہ اس سے بھی قدرے کم تیار کر لیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ دودھ آدھ سیر۔

فوائد: یہ گولیاں تمام امراض میں جہاں تقویت کی ضرورت ہو اور تمام سرد امراض میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ بڑی مدد دیتی ہیں، تجربہ کار اطباء ان سے بہت بڑے فوائد اٹھا سکتے ہیں۔

نوٹ: اگر گرمی محسوس ہو تو دودھ اور مکھن استعمال فرمائیں یا ایک گولی ایک وقت کھانا شروع کر دیں۔ (از حکیم مولوی محمد یار صاحب، حاذق الحکماء و شاگرد رشید مفتی سلیم اللہ صاحب۔ ز)

ممسک:

مغز تخم تمر ہندی، بریان و نخود بریان مساوی الوزن و شکر مساوی ہر دو سفوفاً۔

خوراک: ۲ تولہ۔ (ز)

ممسک:

جوز بوا پنج درم، جاوتری پنج درم، عاقر قرحا، اجمود (اجوائن خراسانی)، مالکنگنی، مازو پھل،

افیون ہر یک پنج درم کوفتہ یکجا کردہ بادہ درم شہد غلولہ بندد، بوقت عصر یک حب ازاں بخورد، بعد ازاں ہیچ طعام وترشی نخورد وقتیکہ آب لیموں خورد خلاص شود۔ (ز)

مقوی و منعش حرارت غریزی:

کجلی سیماب، گندھک یک جان، ہم وزن بقدر یک سرخ الی دوسرخ، جوارش جالینوس ۷ ماشہ میں رکھ کر کھائیں۔ اسی مطلب کے واسطے معجون ازراقی بھی عمدہ ہے۔ (ز)

کشتہ اسراری ممسک ومقوی:

سنگ جراح چمکدار ایک پاؤ کو ایک سیر برگ داھتورہ کے نغدہ میں آگ دیں، پھر آب داھتورہ میں کھرل کریں اور کھرل کر کے ٹکی بنا کر خشک کر کے پھر دس سیر کی آگ دیں پس کشتہ تیار ہے۔

خوراک: ۳ ماشہ تک دودھ میں ڈال کر جوش دیں اور بوقت مجامعت نوش کریں، اساک وتیز وتندی کمال کی ہوگی، نہایت عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

مقوی وممسک:

اسپند ساڑھے سترہ ماشہ، پوست خشخاش ۷ ماشہ، کنجد سیاہ ۷ ماشہ، گڑ پرانا ۷ ماشہ، گولیاں نخودی۔

خوراک: ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤں۔ (ز)

مقوی وممسک:

سم الفار، افیون، سہاگہ، فلفل سیاہ ہر ایک ۳ تولہ حبوب ۳۰۰ تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی ہمراہ مکھن بالائی یا حلوا۔ (ز)

مقوی وممسک از اسرار:

کچلہ مدبر افیون ہم وزن۔ حب نخودی۔ (ز)

اساک از اسرار الاطباء:

چنے بھنے ہوئے ایک چھٹانک پختہ اور اس کے ساتھ ایک چھٹانک مصری، ایک گھنٹہ

پہلے کھالیں اور پانی نہ پئیں۔ ایک گھنٹہ بعد صحبت کرے انزال نہ ہوگا، جس وقت انزال کرنا ہوتو آدھ سیر دودھ یا تین پاؤ نیم گرم پئیں، تھوڑی دیر بعد انزال ہوگا، یہ بہت عمدہ نسخہ ہے، تمام مقوی و مسک جس کو دینا ہوتو اس کے ساتھ اس کی بھی ہدایت کی جائے۔ فافہم ترشد۔ (ز)

حب امساک:

کہ بسیار نافع است ہم امساک کند وھم قوت بے فزائد وھم عنین را کہ نزدیک مقاربت انزال شود سود ارود سرعت انزال راز ائل کند، ہر حب برابر منقی قدرے تخدیر آرد، عنین یک ماہ استعمال کند وغیر آں تا مراد بر آید۔

جوز بوا، بسباسہ، دار چینی، قرنفل، حرمل، افیون ہر یک یک درم کنجد سیاہ شش درم بیست بر شش مثقال قند سفید حب کنند وایں حب مستعمل ایں ضعیف است وازیں حکایت ہا کہ ذکر آں دریں مقام موجب طول کلام وباعث تطویل ایں رسالہ است۔ (عمل الصالحین۔ ز)

حب ممسک:

حبوب ممسک نایاب: مازو، اسپند، مصطگی رومی، زعفران، ناگ کیسر، جوز بوا، بسباسہ، موچرس، اجوائن، خراسانی سپاری ہر ایک ۳ ماشہ، افیون ۴ ماشہ، سب کو شیر بڑ میں ملا کر گولیاں بقدر نخود بنادیں۔

خوراک: ۴ سے ۶ گولی تک ہے، یہ عجیب ممسک ہیں۔ اس کا تریاق نمک جو لوگ بدون نمک کا مصداق طلب کیا کرتے ہیں وہ یہی ہے۔ (ز)

ممسک:

زرنیخ طبقی تولہ، بیخ انگ، دھتورہ (یعنی بیخ و برگ و بار گل پوست) ۱۰ تولہ، سہ روز متواتر کھرل کرکے سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک رتی ممسک ہے، اور صرع کے لیے بہت مفید ہے، ضیق النفس اور پرسوت کے لیے بے نظیر دوا ہے۔ (ز)

ممسک اعلیٰ:

خرما عمدہ ۵ عدد، افیون ۳ ماشہ، ورق الخیال (بھنگ) ۹ ماشہ، خرما کو رات پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح گٹھلی نکال کر بھنگ اور افیون باریک پیس کر چھواروں میں بھر دیں اور کپڑا تر کر کے چھواروں کو اس میں لپیٹ لیں اور بھوبھل میں دفن کر دیں، جب خوب گرم اور پختہ ہو جائیں نکال کر شیر برگد دس تولہ لے کر چھواروں میں ڈال کر کھرل کر لیں، یہاں تک کہ تار چھوڑے، بقدر نخود حب بنائیں اور ایک حب قبل غذا کھلائیں اوپر سے میٹھا دودھ پلائیں۔ (ب)

سفوف ممسک و مولد منی:

سنگھاڑہ خشک ۶ ماشہ، مازو ۳ ماشہ، ثعلب مصری ۴ ماشہ، چنیا گوند ۹ ماشہ، مصطگی ۲ ماشہ، تالمکھانہ ۴ ماشہ مصری ہم وزن ادویہ پیس کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۵ ماشہ ۷ ماشہ تک۔ (ماخوذ از مصباح الحکمۃ (۱/ ۱۲۴) ب)

حب ممسک:

حب الغراب مدبر، افیون ہم وزن حب نخودی سازند۔ (از حکیم فخر الدین صاحب۔ ب)

حب مقوی و ممسک:

کچلہ مدبر ۶ ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، حب فلفلی بنائیں۔ رب کچلہ اگر ہو تو ربع یعنی ماشہ ڈال دیں ذیابیطس کے لیے بھی مفید ہے۔ (ب)

سفوف ممسک:

عاقر قرحا درم، تخم ریحان ۸ درم، قند سفید ۹ درم، کوٹ چھان کر حبوب بنائیں اور ایک درم کھائیں جب تک لیموں نہ کھائیں انزال نہ ہوگا۔ (قادری۔ ب)

ممسک جداً:

عاقر قرحا ۴ رتی، دانہ الائچی کلاں ۴ رتی، تخم ریحان ۳ رتی، مصطگی رومی ا رتی، ہمراہ شیر گاؤ قبل ۲ ساعت خورد کبھی تجربہ نہیں کرایا۔ (الطرائف: ۶۴) ب)

حب خاص مقوی ممسک منعظ:

الاحمر ۱، کشتہ طلا ۱، کشتہ فولاد ۱، کشتہ نقرہ ۱، مشک ۱، عنبر ۲، کچلہ مدبر ۱، بہمن سفید ۱، حب فلفلی سازند۔ (ب)

حب ممسک:

کافور ۱، اجوائن خراسانی ۱، جوز بوا ایک عدد، سمندر پھل ۱۲ عدد، افیون ۴ رتی، حب نخودی شہد میں تیار کردہ گولی استعمال کریں۔ (ب)

حب ممسک:

ہلیلہ زردے، سپاری ملوختہ، کوفتہ بیختہ، قند سیاہ کہنہ (پرانا گڑ) ۳ حب، بوزن یک درم بعد از طعام بخورند۔ (الطرائف: ۶۲۔ب)

بے ضرر ممسک:

تخم لاجونتی ۳، مصری ۶، ایک خوراک متواتر دو ہفتہ صبح وشام سفوف کر کے شیر گاؤ سے استعمال کریں، خدا نے چاہا قدرتی امساک ہوگا۔ (الحکیم، ماہ اپریل ۱۹۴۶ء۔ب)

نیز تخم اسپند ۶، قرنفل ۳، سائیدہ حب نخودی سازند یک حب تا دو پیش از جماع۔ (حاشیہ قادری ص: ۲۴۴۔ب)

ممسک ومقوی:

موصلی سیاہ، زنجبیل، جوز بوا، قرنفل، دانہ الائچی خورد، تخم زردک، دارچینی، تخم خشخاش، مغز تخم خیار، مغز تخم خربزہ، تخم پیاز، تخم ترب، مغز تخم ہلیلہ زرد، آملہ مقشر کو کنار ہمہ ہم وزن کوفتہ در شہد سہ چند معجون سازند۔

خوراک: ۳ درم وقت عصر۔ (ب) (الطبیب۔ص: ۱۳۰، ماہ جنوری، وفروری ۱۹۳۵ء)

مقوی باہ و ممسک:

مشک خالص ۲ رتی، عنبر اشہب ۲ رتی، مروارید ۲ رتی، ورق طلا ۲ رتی، ورق نقرہ ۲ رتی،

زعفران ۲ رتی، افیون خالص ۲ رتی، جوہر کچلہ ایک رتی، ادویہ کو عرق گلاب میں قدر ضرورت حل کر چونسٹھ گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ایک شام دودھ کے ہمراہ (از حکیم و ڈاکٹر سید علی اکبر آزاد چاند پوری، ماخوذ از: کلید تولید، ص: ۶۷۔ ب)

حب ممسک و مقوی باہ:

جوز بوا ۷، دار چینی ۷، زعفران ۷، تخم گذر ۷، فلفل سیاہ ۳، افیون، مشک ۲ رتی، باریک پیس کر۔

خوراک: ایک ماشہ ہمراہ زردی بیضہ مرغ دو ساعت قبل از وقت خاص۔ (ب)

حب ممسک مجرب:

دانہ تخم تمر ہندی سہ چار روز در آب تر کنند تا آنکہ بسہولت پوستش دور شود، در دو چند قند سفید کوفتہ مقدار نخود حب سازند، دو حب بوقت ضرورت بخورند۔ (قرابادین قادری۔ ب)

حب ممسک:

زعفران، قرنفل، جوز بوا، افیون ہم وزن شہد کف گرفتہ میں حب نخودی سازند۔ (طب احسانی۔ ب)

حب جدوار بیش مقوی باہ بغایت ممسک و سریع الاثر:

افیون ۶ تولہ، زعفران ۱ تولہ، جدوار ۴، ۵ سرخ، باہم سائیدہ در نارجیل تازہ کہ سرش بریدہ باشد پر کردہ باز سرش وصل نمود، از رشتہ محکم بستہ ب آرد گرفتہ و شیر گاؤ انداختہ، آتش نرم زیر آں کنند، تا شیر غلیظ شود، پس برآورد قشر نارجیل راز کاروتراشیدہ بقدر ۴ تولہ و ۴ سرخ از جانب داخلی آں گرفتہ بسایند، پس طباشیر کبود ۳، کہربا شمعی ۴، بسد احمر ۲، آبریشم خام مقرض ۲، گل گاؤ زبان ۳، تخم خرفہ ۶، مشک تبتی ۲، عنبر اشہب ۳، آملہ ۵، صندل سفید ۳، مغز لدو شریں ۶، مروارید ناسفتہ ۶، مغز پیٹھ ۶، بہمن سفید ۵، بہمن سرخ ۳، ثعلب مصری ۶، شقاقل ۶، مغز تربز ۶، عود

غرقی ۳، دار چینی ۳، اشنہ ۵، قرنفل ۳، جوز بوا ۲، ورق طلا ۵، ورق نقرہ ۳، یاقوت [illegible]
زمرد، فیروزہ نیشاپوری ۳، بزرالبنج سفید ۶، مغز پستہ ۶، مغز بادام ۶، ستاور ۶، موصلی سفید ۵، [illegible]
صلی سیاہ ۵، تخم خشخاش ۵، سفید بیش مدبر ۵، کوفتہ بیختہ اجزار را اصلاحیہ با افیون آمیختہ، حبوب بقدر
فلفل سیاہ ب آب صمغ عربی سازند، وقبل از مباشرت بدو ساعت قوی المزاج کہ مرطوب
المزاج باشد وفصل سرما باشد، دو حب بخورند ومحرور المزاج یک حب وبالائش شیر گاو بقدر ہضم او
شد وکم از یک پاؤ شیر نباشد وگاہ گاہ ایں حب استعمال کنند ومداومت نہ نمایند۔ (ب)

(یاقوتی از وکیل احمد سکندر پوری) از جناب حکیم محمد قاسم صاحب سورت۔

حب:

افیون ۲، صمغ عربی ۴، میعہ سائلہ ۸، کندر ۸، رب السوس ۸، مرمکی ۸، سیاہ مرچ کے برابر حبوب بنائیں۔ (ب)

* * *

امراض اعصاب

وجع المفاصل:

سفیدی بیضہ مرغ راخوب قاشک زدہ (چمچ سے پھینٹ شدہ) باز قدرے شب یمانی بالائش زدہ خوب حل نمودہ طلا نمایند، در دو سہ دفعہ تکرار عمل وجع البتہ زائل میگردد۔ مجرب است (از خان صاحب محمد سرور خاں باخدا۔ ز)

حب وجع المفاصل و درد گردہ و مبہی و مقوی و نزلہ:

کچلہ مدبر باریک میدہ کر کے ہمراہ فلفل سیاہ مساوی در چہار چند آب ادرک سے کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک گولی کھایا کریں۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔ مشائخ کو ہر موسم میں اور جوانوں کو سرما میں ۲ ہفتے سے ۴ تک ہمراہ شیر کھانا مبنی بھی ہے۔ (مولوی محمد فضل اللہ۔ ز)

وجع المفاصل:

خواہ حار ہو یا بارد ہر دو کی لیے یہ گولیاں بہت مفید ہیں مگر شرط یہ ہے کہ پہلے پورے طور پر تنقیہ کر لیا جاوے۔ افیون خالص، میٹھا تیلیہ، شنگرف، قرنفل، ہڑتال زرد، سیماب، گوگرد، کو کجلی کریں۔ باقی ادویہ کو کھرل کریں اور پانی سے حب بقدر دانہ موٹھ بنائیں۔

خوراک: ۲ حب صبح و دو شام ہمراہ مسکہ گاؤ۔ اثنا استعمال میں گھی زیادہ کھائیں یہ گولیاں پیچش اور اسہال مزمن میں بھی مفید ہیں واقعی مفید گولیاں ہیں۔ (ز)

وجع المفاصل مزمن:

کچلہ عمدہ حسب ضرورت لے کر ایک ہفتہ شیر گاؤ میں تر رکھیں مگر دودھ روز بروز بدل دیا

کریں۔ بعد ہفتہ کے کچلہ کو دھو کر صاف اور مقشر کرلیں اور روغن گاؤ میں بریان کریں، جب سرخ ہوجائے اس وقت گرما گرم ہاون دستہ میں کوٹ ڈالیں۔ برابر کچلہ کے نارجیل ملا کر خوب باریک کریں، بس دوا تیار ہے، اصلاح اگر بوجہ خوردن کچلہ سمیت آں زیادہ اثر کرد باید شیر گرم برائش ہدایت شود۔ (ز)

وجع المفاصل:

زیرہ تولہ ز، نجبیل تولہ، سورنجاں ۵ تولہ، صبر ۷ تولہ سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ عرق کرفس دیں، عمدہ نسخہ ہے۔ (ز)

وجع المفاصل حار:

روغن بیدانجیر میں نمک ملا کو حل کریں اور مقام ماؤف پر مل کر برگ ارنڈ باندھ لیں۔ (ز)

استقاء المفاصل:

شورہ ایک اونس نوشادر ایک اونس پانی ایک پائنٹ گرم کرلیں اور اس سے نکور کریں۔ (ز)

حبوب کچلہ برائے وجع المفاصل:

نہایت مجرب اور نہایت مفید

صفت: کچلہ مدبر ۵ تولہ، سونٹھ، مرچ سیاہ، فلفل دراز، ہر ایک ۲ تولہ، مصبر ۱ تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ کر شہد کے ساتھ نخودی گولیاں تیار کریں۔

خوراک: ایک گولی صبح ۱ گولی شام ہمراہ شیر گاؤ، گھی زیادہ استعمال کریں۔ (ز)

وجع المفاصل:

کچلہ مدبر تولہ، زعفران تولہ، دار چینی ۴ تولہ، جاوتری ۴ تولہ، سورنجان شیرین ۴ تولہ، الائچی کلاں ۵ تولہ، سونٹھ ۲۰ تولہ باریک پیس کر حب نخودی بنالی جائے۔ تدبیر کچلہ یہ ہے کہ اسے گھیکوار اور ادرک میں مدبر کیا جائے۔ خوراک: ایک تا ۲ حب صبح وشام ہمراہ ثمر۔ (ب)

برائے وجع المفاصل:

میٹھا تیلیہ ۳ (بیش) زعفران تولہ، قرنفل تولہ، عاقر قرحا تولہ، ادرک کے پانی میں حب نخودی بنائیں۔ (ب)

برائے وجع المفاصل:

سم الفار تولہ، شورہ قلمی تولہ، نوشادر تولہ، سہاگہ بریان تولہ، شب یمانی ۵ تولہ، ایک آنچ دے کر استعمال کریں۔

خوراک: ایک برنج 1/8 رتی ہمراہ معجون سورنجان و عشبتہ ایک تولہ۔ (ب)

حب برائے وجع المفاصل:

دار چینی ۲ تولہ، جاوتری ۲ تولہ، سورنجان ۳ تولہ، الائچی کلاں 5.2 تولہ، سونٹھ ۱۰ تولہ، کچلہ مدبر نصف تولہ، زعفران نصف تولہ، کچلہ گھیکوار مع ادرک پانی حب نخودی بنائیں۔ (ب)

وجع المفاصل:

سورنجان شیرین تولہ، سورنجان تلخ ۶ ماشہ، سگند ناگوری تولہ، اسپند سوختنی تولہ، سعد کوفی تولہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، اشنہ ۶ ماشہ، دانہ الائچی کلاں ۶ ماشہ، بادرنجبویہ ۶ ماشہ، صعتر فاری ۶ ماشہ، جائفل ۶ ماشہ، کپور کچری ۶ ماشہ، مرکی ۶ ماشہ، عسل مصفی ۲۰ تولہ میں معجون تیار کریں۔

خوراک: ۶، ۶ ماشہ بعد ناشتہ صبح و شام ب آب تازہ۔ (از مولوی عبدالحق بن مولانا عباسؒ۔ ب)

برائے وجع المفاصل و دفع ریاح وغیرہ:

صبر زرد اعلیٰ ۲ تولہ، سورنجان شیرین ۲ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، افیون ۶ ماشہ، حب نخودی بنائیں۔

خوراک: ۲ سے ۶ تک صبح و شام۔ (ب)

وجع المفاصل:

ازراقی تولہ، زنجبیل تولہ، فلفل گرد ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، ایلوا ۶ ماشہ، حب نخودی

ریاحی وجع المفاصل:

زنجبیل ۲، فلفل سیاہ ۷ دانہ۔ پانی میں چائے کی طرح جوش دے کر میٹھا کر کے استعمال کریں۔ (ب)

وجع المفاصل:

معجون فلاسفہ ۱۵، جوارش جالینوس ۵، سورنجان شیرین ۱، عرق مرکب مصفّی خون نیم پاؤ، شہد ۲ تولہ میں ملا کر ۲۱ یوم کھائیں۔ (ب)

وجع المفاصل (روغن برائے راقم الحروف)

لہسن تولہ، حرمل تولہ، سرسوں کے پاؤ بھر تیل میں جلا کر چھان کر روغن زیتون ۲ تولہ ملا کر نیم گرم، گھٹنے کے نچلے حصہ پر مالش کی جائے۔ (ب)

حب وجع المفاصل و درد کمر و درد گردہ و مسہل و مقوی:

کچلہ مدبر باریک میدہ کر کے ہمراہ فلفل سیاہ مساوی چہار چند آب ادرک میں کھرل کریں۔ بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔ صبح و شام ایک ایک حب ایک ہفتہ کافی ہے۔ مشائخ کو ہر موسم میں اور جوانوں کو سرما میں ۲ ہفتہ سے ۴ ہفتہ تک ہمراہ شیر مسہل ہے، بعد تنقیہ برائے وجع المفاصل بہت مفید ہے۔ نیز صبر کا اضافہ برائے وجع المفاصل بہتر ہے۔ (از والد صاحبؒ۔ ب)

نسخہ وجع المفاصل:

عسل ایک سیر، زنجبیل آدھ پاؤ، نانخواہ آدھ پاؤ، معجون بنالیں۔ (ب)

خوراک: صبح و شام تولہ تولہ (فقیری نسخہ از مدینہ منورہ از مولانا منظور حسین صاحب۔ ان کے شیخ سے ۱۵ رجب ۱۳۸۸ھ)

برائے مالش:

زیتون کا تیل ایک سیر، یکسین ایک شیشی، زنجبیل آدھ پاؤ، حب سودا آدھ پاؤ، زیت مما زنجبیل حب سودا جلایا جائے، چھان کر ویکس ملائیں شیشی میں رکھیں، بوقت ضرورت رات

کو نیم گرم کر کے مالش کریں، کپڑے سے باندھ لیں صبح کو گرم پانی سے دھو کر خشک کریں۔ سردی اور ہوا سے پرہیز کریں۔

مالش برائے یبس اعصاب وتشنج عصبی:

نمک لاہوری کو لے کر سل وغیرہ سے روغن سرسوں کے ساتھ گھس کر مرہم سا بنالیں، روزانہ مالش کرتے رہیں۔ (از حکیم محمد قاسم صاحب سورتی۔ ب)

قیروطی مسکن اوجاع:

کافور تولہ، ست جوائن ۶ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، جملہ ادویات کو کھرل میں حل کریں۔ روغن کنجد ۱۰۰ تولہ موم سفید ۲ تولہ آگ پر گرم کر کے اتار لیں۔ (ز)

تریاق زہر پارہ رسکپور وغیرہ:

اگر رسکپور، سنکھیا پارہ دار چکنا کا خام کشتہ استعمال کیا جائے یا دشمنی سے کوئی کھلائے تو بعض اوقات جان بچ جاتی ہے، مگر یہ زہر تمام جسم میں پھیل کر درد اعضاء خصوصاً جوڑوں کا درد، تپ خفیف دائمی ورم عام بدن وغیرہ وغیرہ تکلیفیں پیدا کر دیتی ہے، اور آدمی اٹھنے بیٹھنے تک سے لاچار ہو جاتا ہے، اس کے لیے یہ معمولی سا نسخہ کئی بار تجربہ کرنے پر بے خطا ثابت ہوا ہے۔

وھوھذا: لیموں پختہ ۲ عدد لے کر ان کے چار ٹکڑے بنا دیں اور گائے کا ایک سیر تازہ دودھ لے کر چار پیالیوں میں ڈال لیں۔ پس ایک ٹکڑا لیموں کا دودھ کے ایک پیالے میں نچوڑ کر مریض کو فی الفور پلائیں تا کہ دودھ پھٹنے نہ پائے اس کے بعد دوسرے ٹکڑے کو دودھ کی ایک پیالی میں پلائیں، علیٰ ہذا القیاس چاروں حصے ختم کریں۔

اسی طریقے پر ہر صبح دو لیموں اور ایک سیر دودھ استعمال کیا جائے۔ اس سے روزانہ ایک دو اسہال آ کر مریض تندرست اور طاقتور بن جاتا ہے اور بفضلہٖ تعالیٰ پندرہ بیس یوم میں شفا کامل نصیب ہوتی ہے۔ بہت خراب اور ردی حالت والے مریض اس سے شفایاب ہوئے ہیں، نہایت ہی اعلیٰ اور بے خطا نسخہ ہے۔ فافہم تر شد (از مجربات سلطانی۔ ز)

حلوائے بلادر:

بلادر سات تولہ گھی تین پاؤ یعنی ۶۰ تولہ، نارجیل ۸۰ تولہ، چینی ۱۲۰ تولہ۔

ترکیب: بلادر کو سروتے سے کتر لیں، گھی میں ڈال کر جلا لیں۔ یہاں تک کہ اندر کا سفید مغز سیاہ ہو جائے، ازاں بعد چھان کر بلادر کو پھینٹ لیں، پھر اسی گھی میں نارجیل کوٹے ہوئے کو قدرے بریان کریں، چینی کا گاڑھا قوام بنا کر ملا لیں۔

خوراک: موسم سرما میں ایک تولہ سے دو تولے تک۔

فوائد: وجع المفاصل، عرق النساء، وجع الورک، وجع الرکبہ، درد کمر، ضعف دماغ، تقویت اعصاب کے لیے بہت مفید ہے۔

رعشہ:

کشتہ فولاد شمسی برائے رعشہ (بغیر آنچ دیے) ۳، ۴ گھنٹے میں تیار ہوتا ہے، برادہ فولاد جس قدر چاہیں۔ ایک مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر اس پر ببول کی کچی پھلی کا پانی اس قدر ڈالیں کہ دو انگشت اوپر آ جائے اور پیالہ کو دھوپ میں رکھ دیں، تین چار گھنٹے میں پھول کر ڈبل روٹی کی طرح ہو جائے گا، خشک ہونے پر پیس کر رکھ لیں نہایت گہرا سیاہ رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے گا۔

خوراک: ایک رتی۔ (ز)

عرق مدنی (ناروا)

بجی اور گوگل کے لیپ سے سب ریشہ باہر نکل آتی ہے۔ (ز)

عرق مدنی (ناروا)

میٹھا تیلیہ پانی میں رگڑ کر لیپ کریں، یعنی پھایہ پر لگا کر باندھیں۔ تمام ریشہ نکل آئے گا۔ (ز)

ضماد استرخاء:

کافور بھیم سینی ۱ ماشہ، مرچ سیاہ ۱۱ عدد، قرنفل ۱۳ دانہ، قدرے پانی میں حل کر کے نیم گرم ضماد کریں۔ (ز)

نقرس:

حرمل، دارچینی ہم وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: ایک ماشہ۔ یہ دوا بغایت مفید ہے، مادہ بذریعہ ریاح خارج ہو جاتا ہے۔ (ز)

اکسیر داءالفیل:

ایک افغان کو عرصہ ۲۰ سال سے تھا، اس نسخہ کے استعمال سے دو ہفتے کے اندر بالکل صحت یاب ہو گیا۔

روغن گل خالص ۵ تولہ، مشک کافوری ۱ تولہ۔ ان ہر دو کو اس قدر حل کریں کہ یک جان ہو جائیں پھر دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ (ز)

امراضِ جلد

ورم زخم پھنسیاں:

دوا مجرب برائے ورم حار: طلاء شیر با سفید آب است۔ برائے ورم حار دردناک۔ اسپغول و پوست خشخاش کوفتہ جوش دادہ بروغن گل آمیختہ مجرب است واز مجربات تامہ است، برائے اورام تخم خطمی یا دو چند آں تخم خرما بسرکہ۔ واز مجربات کاملہ برائے تحلیل اورام پشنگ بز سوختہ با حلبہ و باقلا است و ترک لحوم است و در ضروریات اصلاح لحم بحموضات نمایند۔ (ز)

سفوف عزیزی برائے قروح خبیثہ:

کات سفید، کافور خالص، مازو سبز، پھٹکری بریان، ہموزن سفوف بنالیں، ہر روز صبح قروح خبیثہ کو صاف کر کے ان پر تھوڑا سا سفوف چھڑکیں، قروح خبیثہ کو مندمل کرنے کے لئے مخصوص شے ہے۔ حکیم عبدالعزیز صاحب مرحوم لکھنو کا۔ فافہم۔ (ز)

نسخہ مرہم احمر:

مردار سنگ، منسل سیندور اصلی ہر ایک ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر روغن گاؤ ۲ تولہ جسے سو بار سرد پانی سے دھویا ہوا ہو ملا کر محفوظ رکھیں۔ بہت مجرب ہے۔ بڑے سے بڑے زخم کے لیے مفید ثابت ہوا ہے۔ (ز)

مرہم زخم بستری:

سہاگہ اڈرام، مرہم سادہ ایک اونس، سہاگہ پیس کر مرہم میں بخوبی خلط کر کے بقدر ضرورت زخموں پر لگائیں۔ (ز)

سفوف زخم بستری:

سہاگہ جست سوختہ نشاستہ مساوی الوزن سفوفا، روئی کی پھریری سے زخم پر چھڑکیں۔(ز)

ٹنکچر آئیوڈین:

آئی ڈم ۴ ڈرام، پوٹاس آئیوڈائیڈ ۴ درام، یعنی سوا تولہ یا ۱۵ ماشہ، سپرٹ ایک بوتل۔ پہلے خالی بوتل میں آئیوڈائیڈ ڈال کر ڈیڑھ تولہ پانی ملا کر خوب حل کریں، بعدہ آئیوڈم ملا کر پانچ منٹ تک ہلائیں اور باقی سپرٹ شامل کر کے قدرے ہلا کر رکھیں۔ روئی کے پھوئے سے مقام ماؤف پر لگائیں۔

فوائد: اس کے فوائد وسیع اور عام ہیں، ہر گھر میں استعمال ہونیوالی چیز ہے۔ بازار میں اکثر پانی کی ملاوٹ والی ٹنکچر فروخت ہو رہی ہے۔ اپنی بنانے سے مفید ہونے کے علاوہ ارزاں بھی پڑتی ہے۔(ز)

مرہم عجیب برائے پھوڑے، پھنسی، ہر قسم مجرب اور معمول مطب:

مردہ سنگ، سفیدہ کاشغری، رال، دم الاخوین ہر ایک۔ ایک تولہ، نیلا تھوتھا ۳ ماشہ، موم سفید ۲ تولہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

ترکیب: دم الاخوین پیس کر علیحدہ کر رکھیں اور دوسری ادویہ بغیر موم کے علیحدہ کھرل کریں، اب روغن کنجد کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں، جب جل جائے تو مردہ سنگ وغیرہ ملائیں، تھوڑی دیر بعد اتار کر دم الاخوین اور موم ملائیں، بس تیار ہے۔ حسب دستور کپڑے پر لگا کر استعمال کریں۔(ز)

مرہم بے نظیر برائے ثبور القفا و جراحات خبیثہ:

جو عام مرہموں سے اچھے نہ ہوں، مجرب اور آزمودہ ہے۔

صفت: کافور، مردہ سنگ، سفیدہ، ہر ایک ایک تولہ، شنگرف ۳ ماشہ، زنگار ۲ ماشہ، موم سفید ۴ تولہ، سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد، روغن گل ۱۰ تولہ۔

ترکیب: سفیدی بیضہ مرغ اور کافور کھرل کریں، دوسری دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھ لیں اور روغن گل جلا کر مردہ سنگ ملا دیں، جب سیاہ رنگ ہو جائے تو زنگار ملا دیں۔ دس منٹ بعد شنگرف ملائیں اور اتار لیں۔ پھر سفیدہ اور موم ڈال کر قدرے سرد ہونے پر سفیدی بیضہ مذکور شامل کر کے آہنی دستہ سے حل کر لیں، پس مرہم اکسیر تیار ہے۔ روزانہ کار بالک یا نیم کے پانی سے دھو کر لگائی جائے۔ اگر زخم ٹھیک صاف نہ ہو تو پہلے دو تین دن یہ پلٹس استعمال کر لینی چاہیے۔ (ز)

پھوڑوں کو پکانے والا عمدہ پلٹس:

جو بہت جلد ہر قسم کے پھوڑے کو پکا کر پھاڑ دیتا ہے، نیز اچھا بھی کرتا ہے۔

صفت: ارد تخم حرمل، آرد تخم السی ہر ایک ایک تولہ، میدہ گندم ۶ ماشہ، روغن کنجد ۱ تولہ، ہلدی سہاگہ سندھور ہر ایک ۱ ماشہ، قند سیاہ ۵ تولہ، پانی ۷ تولہ۔

ترکیب: قند سیاہ پانی میں پکا کر شربت بناؤ۔ آرد حرمل، آرد السی میدہ تیل میں بریان کرو، اب شربت اور آرد حرمل وغیرہ کا حلول بنا کر سندھور سہاگہ ہلدی باریک شدہ ملاؤ اور نیم گرم استعمال کرو۔ جب درد ہونے لگے دوبارہ اسی پلٹس کو گرم کر کے باندھا جائے، بڑے بڑے فائدے دکھانے والا نسخہ ہے، آزمائیں۔ (ز)

داد

داد کا شرطیہ حکمیہ علاج ایک خاص تحفہ:

گوگل عمدہ، تخم مولی ہر ایک ایک تولہ، نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، مولی کے پانی سے کھرل کر کے لمبی لمبی گولیاں بنائیں اور آب مولی یا صرف پانی سے گھس کر لگائیں۔ صرف ۳ دن لگا کر اس کے کرشمے دیکھیں۔ (ز) مجربات سلطانی۔

قوبا، داد:

ابن سراییون کہتا ہے کہ قوبا میں گرم پانی کے استعمال سے بہتر کوئی علاج نہیں۔

کندر سرکہ میں شامل کرکے اور سرگین کبوتر آرد جو میں ملا کر ضماد کرتا، جلد کو اصلی حالت پر لے آتا ہے، حب طلاء نہایت مفید اور عجیب لاثر ہے، صاحب اکسیر اعظم کی مجرب ہے۔

نسخہ: مردار سنگ، گندھک آملہ سار، نوشادر، سہاگہ بریان، فلفل گرد، مازو، کتھ سفید، صمغ عربی، تخم ترب ہم وزن نیلا تھوتھا نصف جزو سب کو پیس کر آب لیموں شامل کرکے گولیاں بنائیں اور ضرورت کے وقت داد کو کھجا کر آب لیموں یا سادہ پانی میں گھس کر لگائیں۔ تخم ترب کی جگہ اگر افیون ملائی جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

کندر، پھٹکری، گندھک، ایلوا ہر ایک ایک جزو، صمغ عربی دو جزو سرکہ انگوری میں کہ پیس کر طلاء کریں، دو تین مرتبہ لگانے سے آرام ہو جائے گا۔ (ز)

داد چنبل کا اکسیر مرہم:

نوشادر، سہاگہ، چوکیا مساوی الوزن لے کر چینی کی پیالی میں باسی پانی سے حل کر کے سنبھال رکھیں۔ اور ہر روز دن میں چار بار لگائیں۔ انشاء اللہ کئی دن کے استعمال سے داد کا نام تک نہ ہوگا۔ (ز)

قوبا (داد)

کافور، گندھک زرد تولہ، باریک پیس کر مٹی کے تیل میں احب مثل گاڑھے دہی کے ہو جائے داد کو خوب کھجلا کر مرہم مذکور لگائیں۔ ایک ہی دن میں صحت ہو ۵، ۶ یوم پانی نہ لگنے دیں۔ (ز)

داد چنبل:

دانہ اجوائن دیسی ۱ تولہ، کوشیر مدار ۲۰ تولہ (یا دس تولہ ہوگا) میں کوٹ کر چھوٹی چھوٹی ٹکیہ بنا کر روغن کنجد ۱۰ تولہ کسی برتن میں آگ پر چڑھا کر ان ٹکیوں کو پکائیں، جب تیل کا رنگ سیاہ ہو جائے ٹکیہ کو پھینک دیں، تیل کو محفوظ کر لیں۔

استعمال بوقت صبح داد اور چنبل پر اس تیل کو خوب مالش کریں دو گھنٹہ بعد چنے کا آٹا پانی صرف تین چار روز کا استعمال کافی ہے۔

ناظرین میں مایوس العلاج مریض، ان بیش بہا طبی جواہرات کا تجربہ کے نتیجہ بذریعہ ”الحکیم“ فرمائیں۔ (ز)

چنبل:

یہ عسیر العلاج مرض ہے۔ بابار عود کر آتا ہے۔ مریض کی عام صحت کو درست رکھیں۔ صفائی کا پورا خیال کریں۔ کمی خون کا علاج کریں، معتدل ورزش کرائیں۔ میرے تجربے میں اس کی مفید دو اصاف آلیو آئیل یا ویزلین پیور کی مالش ہے، جو بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

خوراک: معجون شاہترہ یا معجون عشبہ کا استعمال کریں۔ (ز)

ضماد اکسیر چنبل:

جو ایک سیاح سے بصد مشکل ملا اور درالصحت سلطانیہ کی مشہور و معروف دوا ہے۔

صفت: مغز جمال گوٹہ ۴ ماشہ، دار چکنہ ۲ ماشہ، دو عدد لیموں کے پانی یا سرکہ ۵ تولہ میں کھرل کر کے ضماد کیا جائے۔

نوٹ: اس سے کچھ تکلیف ضرور ہوتی ہے۔ مگر ہمیشہ دکھ اٹھانے سے دس منٹ کی تکلیف اچھی ہے۔ (ز)

اکسیر چنبل:

چنبل پرانے سے پرانا کیوں نہ ہو یہ دوا اکسیر ثابت ہوئی ہے۔

صفت: سرکہ انگوری بقدر ایک پیالہ چائے سبز ۶ ماشہ رتر ڑے جو کہ اونٹوں کے زخم پر لگایا جاتا ہے، اس میں حل کر کے مقام ماؤف پر قدرے قدرے طلاء کرتے رہیں۔ تمام مواد آہستہ آہستہ خارج ہوتا رہے گا، جب تنقیہ پوری طرح سے ہو جائے پھر کوئی مرہم مندمل لگا کر دعا سے معالج کو یاد فرمائیں۔ از فضل احمد۔ (ز)

داد:

قنبلہ ۴ ڈرام، روغن کنجد ۴ اونس مقام داد پر لگائیں۔ (ز)

داد کہنہ یا آتشکی جراحت:

رسکپور ۲ ماشہ، دار چکنا ٦ ماشہ، روغن کنجد ۵ یا ۱۵ تولہ۔ جملہ اجزاء کو آہنی برتن میں ڈال کر کوئلوں کی نرم آنچ پر رکھ دیں۔ آنچ تیز نہ ہو ورنہ آگ روغن میں بھڑک جائے گی، اگر ایسا ہو بھی جائے تو فوراً برتن کا منہ کسی برتن سے ڈھانپ دیں تا کہ شعلہ بجھ جائے، اس عمل سے روغن غلیظ اور سیاہ ہو جائے گا۔ اس کو داد اور جراحت پر طلاء دن میں دو بارہ کریں۔ (ز)

مرہم داد وقوبا:

سہاگہ تیلیا، گندھک مصری سفید ہر ایک تولہ نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت کچھ قدرے پانی میں سرشتہ کر کے ضماد لگائیں، نہایت مجرب اور معمول ہے۔ (حکیم گوہر الدین صاحب۔ ز)

اکسیر داد:

گندھک آملہ سار، پارہ ہر ایک چھ ماسہ دونوں کو کجلی کر کے کتھ مردار سنگ صمغ عربی اور مصری ہر ایک دو ماشہ ملا کر کھرل کریں اور پانی ملا کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔ صبح و شام ۱ گولی پانی میں ملا کر مقام داد پر لیپ کریں۔ (ز)

برائے قوبا و جرب رطب یابس:

مردار سنگ را در آب سائیدہ طلاء کند، مجرب است۔ (ز)

لیپ برائے داد:

اچانک حسب ضرورت لے کر تھوک میں گھس کر لیپ کریں، امید غالب ہے کہ ایک ہی دفعہ میں داد جاتا رہے گا۔ (ب)

برائے مہاسے:

مردار سنگ ۳، سفیدہ کاشغری ۳، رائی ۳، نخودی بریان ۳، بکری کے دودھ میں پیس کر رات کو سوتے وقت لگائیں۔ (ب) انجام ۱۲۲ اکتوبر ۱۹٦۱ء۔

قوبا:

چیڑ کا تیل ۱ تولہ کو دس تولہ جلانے کی اسپرٹ میں ملا کر حل کر لیں اور روئی کی پھریری سے لگائیں۔ (ب)

ایضاً مرہم کافور:

موم تولہ، روغن کنجد ۵ تولہ، سفیدہ کاشغری تولہ، مردار سنگ تولہ، کتھا تولہ کافور ۵، سفیدی بیضہ مرغ ۲ عدد، ثبور رحم میں بھی بہت مفید ہے۔ (ب)

اکسیر قوبا:

گندھک آملہ سار، پارہ ہر ایک چھ ماشہ دونوں کو کجلی کر کے کتھا، مردار سنگ، صمغ عربی مصری ہر ایک ۲ ماشہ ملا کر کھرل کر لیں اور پانی ملا کر نخودی حب بنائیں۔

خوراک: صبح و شام ایک ایک حب گھول کر داد پر لیپ کریں۔ (ب)

مرہم اعجاز:

بندوق کے زخم، ناسور، قروح خبیثہ اور سوداویہ کو جو کسی طرح بھی اچھے نہ ہوتے ہوں ان کے لیے از بس مفید ہے، میں چند دفعہ تجربہ کر چکا ہوں، ایک شخص کے ہاتھ کی ہتھیلی کی پشت پر زخم ہوا اور بڑھتا ہی گیا ڈاکٹر نے ہاتھ کاٹنے کی رائے دی مگر میں نے اس مرہم کے استعمال کرنے کو کہا چنانچہ اس نے استعمال کیا اور بہت جلد فائدہ ہوا۔

نسخہ: روغن کنجد ۵ تولہ، آب چاہ شیریں ۵ تولہ، باہم ملا کر قلعی دار برتن میں اس قدر رگڑیں کہ مثل مکھن کے ہوجائے۔ بعدہ پھٹکری ۱ تولہ، نیلا تھوتھا ۱ تولہ، کات سرخ ۱ تولہ، رال سفید ۱ تولہ، سفوف کر کے ہاتھوں سے اس قدر رگڑیں کہ مثل مرہم کے ہوجائے اور چینی کے برتن میں حفاظت سے رکھیں۔

جب استعمال کرنا چاہیں تو اس وقت زخم کو کالا نمک کی پوٹلی سے سینک دیا کریں۔

اکوتہ:

کلاہ ڈوڈھ، کپاس سوختہ ۱ تولہ، مٹی کا تیل ۳ تولہ میں ملا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔ (ز)

برص تیس سالہ ہو یا پچاس سالہ:

تیس سالہ ہو خواہ پچاس سالہ مجرب ہے کئی بار کا آزمودہ ہے، سفوف ریوند چینی ۶ ماشہ ہمراہ آب باسی ۱۰ تولہ، شہد ۱ تولہ حل کر کے ہر روز بوقت صبح دیں۔ حد استعمال: ۶ ماہ سے ایک سال تک۔ (حکیم لدھارام صاحب)

اکسیر برص:

پوست بیخ عشر (آک) ۲ تولہ، تخم دھتورہ ۳ تولہ، مشک ۲ ماشہ، سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ کر زنجبیل کے پانی میں اچھی طرح ۲ یوم تک کھرل کریں، گولی بقدر باجرہ خورد تیار کریں، ہر روز ایک گولی استعمال کریں۔

از حکیم طفیل احمد صاحب گورداسپوری۔ پرہیز: ترش اشیاء، دہی، اچار وغیرہ۔ (ز)

دواء برص اور جذام:

دونوں مرضوں کے واسطے بیحد مجرب ہے، آرد نخود بریاں ۵ تولہ، کوشیر تھوہر خاردار ۱ تولہ میں ملا کر رکابی چینی میں پھیلا کر سایہ میں خشک کر کے بعدہ حل کر کے بوتل میں رکھیں اور ۴۱ روز تک روزانہ مریض کو پانچ ماشہ ہمراہ شربت عناب خانہ ساز ۲ تولہ و آب تازہ ۵ تولہ سے کھلائیں۔

غذا صرف نان روغنی ہمراہ شکر یا شہد کھایا کریں، اس درمیان میں نمک ہرگز نہ کھائیں اور دودھ، ترشی، گڑ، تیل سے پرہیز ضرور رکھیں۔ ورنہ ضرر کا اندیشہ ہے، انشاء اللہ مریض کو شفا کلی حاصل ہوگی۔ (ز)

ضماد برص:

دار چکنہ ۲ ماشہ، مردار سنگ ۳ ماشہ، نیلا تھوتھا ۳ ماشہ، کوفتہ بیختہ در پنیر آمیختہ بر موضع برص ضماد کنند ضماد مذکور تقریباً بیک ساعت بخوبی رہنے دیں۔ جب سوزش معلوم ہو ضماد کو دھوئیں اور برائے رفع سوزش صندل سفید بیخ نے (قصب) کہنہ مردار سنگ کا لیپ کریں، دو چار مرتبہ لگانے سے برص زائل ہو جائے گا۔ (ز)

سفید داغ:

ہینگ قسم اعلیٰ، نیلہ تھوتھا مکہ ایک تولہ۔ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ پیس کر کپڑ اچھان کرے۔

استعمال: داغوں کو یہاں تک رگڑیں کہ رطوبت یا خون بہنے لگے۔ دواء مذکور اس پر جمادو۔ جب کھرنڈ جم کر اترے گا، داغوں کا نشان نہ رہے گا۔ (ز)

بہق ابیض واسود:

اس کا انگریزی علاج اب تک معلوم نہیں ہو سکا۔ یونانی علاج اس میں مفید پڑتا ہے۔

[illegible]

نمبر ۱: باپچی، تخم پنواڑ، آملہ سار ہم وزن باریک سفوف کر کے محفوظ رکھیں ٦ ماشہ کے قریب رات کو بھگو رکھیں۔ صبح آب زلال مریض کو پلائیں اور ثفل کو گھونٹ کر داغوں پر لگائیں۔

نمبر ۲: باپچی نہایت باریک کر کے سفوف ایک ماشہ ہر روز کھلائیں اور حسب ضرورت روغن تلخ میں ملا کر داغوں پر لگائیں۔

نمبر ۳: سم الفار ۱ ماشہ، صندل سرخ تولہ ہمراہ آب گھس کر داغوں پر لگائیں۔

نمبر ۴: اکسیر برص: دارچکنہ، ہڑتال طبقی، گندھک مصفی، شنگرف ہر ایک تولہ تولہ روغن زرد ۱ ار، آب سرد ٦ ثار، روغن زرد کو یہاں تک گرم کریں کہ سرخ ہو جائے۔ باقی دواؤں کا علیحدہ علیحدہ سفوف تیار کر کے وزن کر لیں اور گھی کو آگ سے اتار کر یہ سفوف دوائیں اس میں ڈالیں اور انہیں ٹھنڈے پانی میں انڈیل دیں۔ بارہ گھنٹے بعد گھی علیحدہ کر لیں، پانی کو گاڑھے کی چار تہوں میں چھان لیں۔ گھی داغوں پر لگائیں اور پانی ایک تولہ میں شربت عناب دو تولہ ملا کر روزانہ دیں۔ (ز)

اکسیر برص:

سمندر سوکھ ۴ تولہ، گل منڈی ۸ تولہ، سفوف بنا کرے ماشہ سے ۹ ماشہ گائے کے گھی ایک تولہ کے ساتھ ۲۱ روز ورنہ چالیس روز تک استعمال کریں۔ (ب)

برائے برص: (از حضرت والد صاحبؒ)

گل گیرو ۳ ماشہ، رسوت ۳ ماشہ، مرچ سیاہ ۵ دانہ پانی میں پیس کر پلائیں، پلاس پاپڑہ سرکہ میں پیس کر ضماد کرنا چاہیے۔

پرہیز: ٹھنڈی اور بادی اشیاء مثلاً دودھ دہی ماش کی دال، آلو، کچالو، ٹنڈا، کدو وغیرہ ہے۔

غذا: بیسنی روئی، بغیر نمک پراٹھا اصلی گھی میں بنائیں اور بکری کا بھنا ہوا گوشت گرم مصالحہ کے ساتھ کبھی کبھی کھلا سکتے ہیں۔ (ب)

بلیک پاؤڈر:

گندھک آملہ سار ۴ تولہ، پارہ ۴ تولہ، طوطیا سبز ۱ تولہ، پہلے گندھک اور پارہ کی کجلی بنائیں اور توتیا شامل کر کے خوب کھرل کریں اور بقدر ضرورت مکھن میں ملا کر لگایا کریں۔

فوائد: بثورات جدیدہ اور مزمنہ خارش گنج، لوط، داد، چنبل، قروح اور امرض جلد کو نافع ہے۔ (ز)

سیاہی رنگ بوجہ احتراق دم:

رسوت مصفّی بقدر ۲ ماشہ ہر روز کھلائیں، رنگ نکھارتی ہے اور حسن کو بڑھاتی ہے۔ (ز)

(ڈاکٹر عبدالحمید)

جاورسیہ:

نمبر۱: ایک صندل سرخ، صندل سفید، برگ نیم، برگ حنا، کچور، مجیٹھ، ہرمچی، گیرو، ملیٹھ) ہم وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: دو رتی ہمراہ شربت عناب۔

نمبر۲: برگ نیم، برگ حنا، کمیلہ سفیدہ، کاشغری یا مردار سنگ ہم وزن سفوف بنالیں اور مقام ماؤف پر برکیں۔

نمبر۳: صندل سرخ، گل نیلوفر، صبر زرد، مساوی الوزن لے کر مقام ماؤف پر برکیں۔

نمبر ۴: کتھ مصفی تولہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، جست شگفتہ ۹ ماشہ، مسکہ ۲ تولہ مرہم بنا کر لگائیں۔ (ز)

مرہم رسوت:

موم سفید ۱ تولہ، بروغن گل ۴ تولہ، گواختہ رسوت ۳ ماشہ، سائیدہ ضماد، اورام حارہ کے لیے مفید ہے۔ (ز)

ضماد شیر میش:

اورام صلبہ کے لیے مفید ہے، شیر میش، شیر شتر، روغن بیدانجیر، ایک ایک سیر آگ پر پکائیں، زنجبیل ۱ تولہ، نان خواہ ایک تولہ باریک کر کے ملائیں۔ (ز)

ضماد شبت:

نمک خاکستر کرنب، سرگین گاؤ شبت، صبر مساوی ضماد۔ (ز)

اگزیما:

پھٹکری ۱ ڈرام، سہاگہ ۱ ڈرام، پانی ۸ اونس، لوشن بنانے اور اس سے کپڑا تر کر کے دانوں پر رکھیں۔ (ز)

اگزیما:

گندھک، سہاگہ، کمیلہ، سوڈا بائی کارب سب ہم وزن سفوف بنالیں اور چھڑکیں۔

اکسیر برائے اگزیما: جاورسیہ، حکہ، حب وغیرہ مصفی خون ہے۔

نسخہ: گندھک آملہ سار ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۲ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، نیلا تھوتھا ۲ ماشہ۔

خوراک: ابرنج ۱ تولہ مکھن میں ہے، واقعی اکسیری نسخہ ہے، میں نے ایسا سریع الاثر نسخہ آج تک نہیں دیکھا۔ (ز)

مجیٹ آدمی کو اتھ:

مجیٹھ ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۲، پوست بلیلہ زرد ۲، کنگی ۲ ماشہ، دار ہلدی ۲ ماشہ، گلو ۲

ماشہ، انتر چھال نیم ۲ ماشہ۔ تمام دواؤں کو جوکوب کر کے پاؤ بھر پانی میں جوش دیں، چہارم حصہ پانی رہ جائے چھان کر ۲ تولہ شہد خالص ڈال کر پی لیں۔ یہ ایک روز کی خوراک ہے۔ اسی طرح کم از کم ۲۱ روز پینا تمام امراض جلدیہ کے لیے تو اکیسر ہے۔ میرا تو یہ دعویٰ ہے کہ انسان اگر تین ماہ تک پی لے تو کوڑھ تک اچھا کر دے گا۔ ویسے خارش بھی آتشک اور جلدیہ وغیرہ میں بے حد مفید ہے، مگر افسوس کہ کڑوا سخت ہے۔ ''مرتا کیا نہ کرتا'' پینا ہی پڑے گا۔ لیجیے بندہ نے اپنے سینے کا رانہ کھول دیا فائدہ اٹھائیں۔

پرہیز: اس کا یہ ہے کہ نمک، مرچ سے قطعی پرہیز ہے۔

غذا: دلیہ گندم، شکر اور مصری ڈال کر اور گھی جتنا بھی نصیب ہو کھاتے رہیں، ورنہ کم از کم ڈھائی تو روزانہ کھائیں۔ (ز)

مرہم شلجم:

شلغم کلاں ۲ عدد، سپیدہ اوزیر آدھ پاؤ، روغن کنجد ڈیڑھ پاؤ، کافور ۳ ماشہ، اول شلغم کو روغن میں یہاں تک پکائیں کہ سیاہ ہو جائے پھر شلغم نکال لیں اور روغن میں سپیدہ ڈال کر سرخ کر لیں اور کافور ملا کر حسب ضرورت کام میں لائیں۔

فوائد: قروح و جروح کے درد کو تسکین دیتا ہے۔ سخت اورام کو نرم کرتا ہے قروح کو ریم سے پاک کرتا ہے۔ اور اندمال اور تحلیل خنازیر کے لئے مجرب ہے۔ (ز)

مرہم بلادر:

بلادر نیم پاؤ، روغن کنجد ایک سیر بلادر کو روغن میں جلائیں اور روغن کو صاف کر کے کسی پرانے کپڑے پر ملیں اور زخم کے اوپر رکھ دیں، جب پارچہ چرک سے بھر جائے تو اس کو علیحدہ کر کے نیا پارچہ بدستور اس کے اوپر رکھ دیں، ایک دن میں یہ عمل تین مرتبہ کریں۔ (ز)

خارش

آملہ سارا ماشہ، نیلہ تھوتھا ۲ سرخ، کات سفید ایک تولہ، نبات سفید تولہ باریک پیس لیں اور مقام ماؤف پر لعاب دہن کے ساتھ ملیں۔

فوائد: جرب دحکہ، لوط وغیرہ کے لئے مجرب ہے بفضلہٖ تعالیٰ تین روز میں فائدہ ہوتا ہے۔ (ز)

خارش:

حلبہ (میتھی) کو سرکہ اور روغن گل کے ساتھ پکائیں اور بدن پر ملیں۔ ۳، ۴ گھڑی بعد پانی سے غسل کریں۔ جرب جدید کے لئے بے نظر چیز ہے۔ (ز)

خارش:

مغز کرنجوہ، فلفل سیاہ، گیرو، ریوند چینی، دارچینی، مغز جمال گوٹہ، مدبر ہر ایک ایک تولہ حب بقدر فلفل سیاہ بنالیں۔ صبح وشام ایک ایک گولی ہمراہ آب کھلائیں۔

پرہیز: شیر جغرات اور دال مونگ سے سعد ہے۔

فوائد: جذام، آتشک، خنازیر، فساد خون ہر قسم کو مفید ہے۔ (ز)

حکہ:

معجون خاص: برگ شاہترہ ۲ تولہ، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ کابلی ۲ تولہ، آملہ منقی ۳ تولہ، سرپھوکہ ۲ تولہ، گل منڈی ۲ تولہ، قلب الزریرہ، افیتمون ولائتی، عشبہ مغربی، چوب چینی تراشہ کردہ، ہلیلہ سیاہ، بلیلہ سیاہ ہر یک ۲ تولہ، جملہ ادویہ کو باریک بلیلہ جات کو روغن بادام شیریں سے چرب کر کے شہد مقوم میں ملا کر بطریق معروف معجون بنائیں۔

خوراک: ۷ ماشہ ہمراہ ماوالجبن شیر گاؤ و شربت عناب۔ (ز)

ایضاً برائے حکہ قضیب:

شیاف، مامیثا، اقاقیا ہر یک چہار درم، اشنان دو درم، نشادر دانگے، زعفران طنوخی، کوفتہ بیختہ بروغن گل و سرکہ آمیختہ طلا کند۔ (ز)

برائے حکہ رطب و یابس:

پھٹکری بریان بمقدار یک نخود (الی) ۲ نخود شش روز بخورد و بمقام ماؤف پھٹکری خام میدہ کردہ بلعاب دہن حل نخودہ۔ نہایت مجرب است۔

برائے حکہ خصیہ:

شیاف، مامیثا، اقاقیا ہر یک سہ درم، نوشادر، صبر، ہر یک چہار درم، دانگ نشاستہ یک درم، بگلاب وسرکہ طلاء کند۔

سفوف برائے جرب وحکہ:

یعنی خارش تر وخشک، سہاگہ، مردار سنگ، چوک، گندھک کی تھ سفید، کمیلہ، ہیل پھٹکڑ تولہ، طوطیا ۶ ماشہ، ان کا باریک سفوف کر کے شیشی میں رکھ لیں، عندالحاجت روغن تلخ میں ملا کر مالش کریں۔ ایک ساعت کے بعد آب نیم گرم سے غسل کر ڈالیں، یہ معمولات بندہ سے ہیں۔ (ز)

جرب:

مرض جرب میں صبر زرد اور حب صبر سے بہتر تنقیہ نہیں ہے۔ (حکیم عبدالنبی خان صاحب)

صبر زرد جرب کہنہ از بیخ مستاصل می سازد، طریق استعمال در طب اکبر در باب امراض جلد یابید، فافہم۔ (ز)

خارش:

کافور ۳ گرین، افیون آدھا گرین ایک گولی بنالیں۔ خارش، وجع المفاصل، غرمن اور دیگر اوجاع جریان میں مفید ہے۔ طبی فارما کوپیا۔ (ب)

خارش وسلاق:

بعض کتابوں میں لکھتا ہے کہ جو تے نیب کے پیس کر آنکھ میں لگائیں۔ خارش وسلاق دور ہو جاتی ہے۔ علاج الغربا۔ (ز)

خارش:

مازو کو خوب باریک پیس کر پلکیں الٹ کر چٹکی سے ڈالیں تو بہت ہی فائدہ ہوگا۔ (ز)

اکسیر خارش وامراض جلد:

کافور ۶ ماشہ، رسکپور ۶ ماشہ، کمیلہ ۶ ماشہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، طوطیا سبز ۴ ماشہ،

گندھک ۴ ماشہ، چوک ۶ ماشہ، بابچی ۶ ماشہ، چندل سرخ ۹ ماشہ، سفیدہ کاشغری ۶ ماشہ باریک پیس کر گھی شستہ میں ملا کر مرہم بنالیں اور لگائیں۔

خارش اور جملہ امراض جلد:

کبریت آملہ سارا ۱ تولہ، روغن کنجد مقشر ۱۲ تولہ، روغن کو آگ پر گرم کریں اور کبریت کا سفوف کر کے شامل کرتے جائیں۔ لکڑی کے دستہ سے ہلاتے رہیں۔ کبریت روغن میں حل ہوجائے گی روغن کا رنگ سرخ ہوگا آگ سے اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ اس روغن کو خارش اور جلد کے ثبوات پر لگانا بقدر پانچ قطرہ۔

برائے تر وخشک خارش:

دار چکنہ ۱ جزء اور ہزار جزء پانی ملا کر خارش کے مقام پر لگائیں۔ (ب)

ایضاً:

ایک قطرہ تیل خاک ۲ تولہ پانی میں ملا کر ایک ایک قطرہ صبح وشام استعمال کریں۔ اور مقام خارش پر لگائیں۔ (ب)

جرب وحکہ: (از حکیم محمد قاسم صاحب)

گندھک مصفّٰی (روغن زرد میں) برگ حنا (سایہ میں خشک شدہ) ہم وزن مکھن (ایک تولہ) ۴ رتی کھائیں۔ (ب)

حکہ وجرب: (از مولانا دوست محمد خان صاحب)

زنگ تولہ (اوکسائڈ) سوڈا بائی کارب ۲ تولہ، کسٹرآئل ۶ تولہ کھرل کر کے مالش کریں۔

بچوں کی خارش کے لیے:

گل بنفشہ ۲ بادیان ۱، گل سرخ ۲، عناب ۲ دانہ، شاہترہ ۱، خاکسی ۲، در عرق شاہترہ ۷ تولہ، جوشاندہ وشربت عناب کے ہمراہ نوش کریں۔ (ب)

مصفی خون:

ریوند چینی، عشبہ مغربی ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: ۴رتی ہمراہ آب تازہ۔ (ب)

اکسیر انگیز یما جرب حکہ تصفیہ خون و آتشک وغیرہ کے لیے:

گندھک آملہ سار تولہ، ورق گلاب تولہ، دانہ الائچی خورد، تولہ نیلا تھوتھا ا، سفوفاً۔

خوراک: ۴/ا سے لیکر ۲/ا رتی ایک تولہ مکھن میں ہر روز صبح کے وقت۔ (ب)

شربت مصفی خون:

تخم خیارین ۳ تولہ، گل نیلوفر ۳ تولہ، برگ گاؤزبان ۳ تولہ، برادہ منڈی ۳ تولہ، صندل سفید ۳ تولہ، صندل سرخ ۳ تولہ، سرپھوکہ ۳ تولہ، عناب ۳۰ دانہ، سپستان ۶ عدد، آلو بخارا ۲۱، بوتل پانی میں جوش دے کر جب نصف باقی رہے ملا کر چھان لیں۔ ۳ سیر مصری ڈال کر ۳ بوتل شربت بنائیں۔ (ب)

تصفیہ خون:

برگ نیم تازہ ۲ تولہ (خشک ۶ ماشہ)۔

فلفل سیاہ ۷ عدد قدرے پانی میں گھونٹ کر شہد ۲ تولہ ڈال کر ایک ہفتہ نہایت دو ہفتہ دیں۔ ایک شخص کے تمام بدن میں دمبل اور شبور تھے۔ راقم نے دو ہفتہ دیا زخم خود بخود بدوں مالش کے خشک ہو گئے۔ تیل ترشی مرچ سے پرہیز ہے۔

مصفی خون:

راوند چینی، عشبہ ہم وزن سفوفاً۔

خوراک: ۴ سرخ۔ (ز)

نسخہ مصفی خون اکسیر خارش وغیرہ:

ہر وقت کا معمول اور بے خطا نسخہ: اگر خارش کو مالش اور مسہل فصد وغیر تمام حیلوں سے

فائدہ نہ ہو تو یہ معمولی سا نسخہ استعمال کرا کر اس کے کرشمے دیکھیں۔ علاوہ اس کے آتشک، پھوڑا، پھنسی، وجع المفاصل، ضعف معدہ کے لیے عمدہ فائدہ مند ہے اور لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔

صفتہ: چرائتہ ۱۰ تولہ، باریک کر کے ۳ پاؤ پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں اور مل چھان کر بوتل میں رکھیں پھر پوٹاسی آیوڈائیڈ ۴ ماشہ ملا کر خوب ہلائیں تا کہ حل جائے۔

خوراک: پانچ تولہ صرف ایک وقت دودھ گھی بکثرت استعمال کرنا چاہیے۔ (ز)

(مجربات سلطانی)

آتشک:

خواہ نیا ہو خواہ پرانا دونوں کے لئے نہایت مجرب یہ نسخہ اگر طبیب کے پاس ہو تو کسی دوسری دوا کی ضرورت نہیں ہوگی۔

نمبر ۱: رسکپور ۶ ماشہ، دارچکنہ ۶ ماشہ، کمیلہ ۱ تولہ، کتھ گلابی ۱ تولہ، رسونت مصفی ۶ تولہ، گلو عرق ۱۰ تولہ۔

ترکیب: دوا نمبر ۵ کو دوا نمبر ۶ میں ایک دن اور ایک رات بھگو کر اس کا اثر لے کر دوا نمبر ۱۔ ۲۔ ۳۔ ۴ کو اس میں اس قدر کھرل کریں کہ گولی بنانے کے قابل ہو جائے۔ گولی بقدر نخود بنا کر رکھیں۔ صبح و شام ایک گولی دہی کے مٹھے سے کھائیں۔

پرہیز: شراب، غذا مرغن، گوشت، قیمہ وغیرہ چندہ یوم میں کلی صحت ہو جائے گی۔ (ز)

آتشک:

سنکھیا سفید ۲ ماشہ، عقرقرحا ۲ ماشہ، کتھ سفید ۲ ماشہ، چھالیہ چکنی ۲ ماشہ، سب کو پیس کر بقدر نخود حب تیار کریں۔ ایک گولی صبح ایک گولی شام استعمال کریں۔ ایک ہفتہ سے ۲ تک استعمال کریں۔ برائے غایت فائدہ تین ہفتے بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ (ز)

برائے آتشک:

سم الفار ۱ ماشہ لے کر کوب کریں اور ۱ تولہ پھٹکری سفید لے کر ایک تولہ آہنی پر پگھلائیں۔ جب پگھل جائے تو آگ نرم کریں، بعد میں سم الفار ایک ماشہ ڈال دیں، جب تک تمام پگھل نہ جائے تو اس وقت تک تھوڑی آگ جلائیں بعد میں ایک شیشی میں محفوظ رکھیں۔

خوراک: ایک چاول بھر مکھن میں استعمال کریں۔ صبح کے وقت اس نسخہ کے استعمال سے زخم آتشک سب خشک ہوجاتے ہیں۔ عرصہ ۲۱ یوم استعمال کریں اور یہ نسخہ کم از کم ۲۰ ریضوں پر استعمال کیا گیا ہے، جس سے کمال فائدہ ہوا ہے۔ مجرب ہے اور تجربہ کیا ہوا ہے۔ راز سربستہ سے ہے۔

پرہیز: مانند نسخہ فوق الذکر ہے۔ (ز)

مرہم زخم آتشک:

بہت ہی مفید ہے اور اکسیر ہے۔ رال موم، کافور، کات ہندی ہر ایک ۴ درم، روغن گاؤ تازہ مساوی سب سے پہلے موم اور روغن کو آہنی کڑچھی میں ڈال کر جب دونوں پگھل جائیں اس وقت رال پیس کر ڈالیں اور جب ادویہ کو دو تین جوش آجائیں خوب کھرل کریں، پھر کچھ سفید پھر کافور ڈال کر اسی وقت آگ سے نیچے اتار لیں۔ خوب کھرل کریں۔ نصف مرہم میں سپاری سوختہ ملائیں اور نصف خالی رکھیں۔ جب زخم گندا ہو تو سپاری والی مرہم لگائیں جب صاف ہوجائے تو خالی جس میں سپاری وغیرہ نہ ہو استعمال کریں۔ (ز)

اکسیر آتشک:

رسکپور ۱ ماشہ، جمال گوٹہ مدبر (پتہ برآوردہ) ۲ ماشہ، سبوس اجوائن ۱۸ ماشہ، سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ سرخ آتشک میں نہایت اکسیر ہے (از ایڈیٹر تحت مجربات، دیگر نسخہ) (ز)

آتشک کا مجرب نسخہ:

مغز جمال گوٹہ بلا مدبر ۵ دانہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، قند سیاہ پرانا بقدر ضرورت۔ جمالگوٹے کے چھلکے اور پتے علیحدہ کر کے پھر مردہ سنگ پیس کر قند سیاہ میں ملالیں تین عدد گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک عدد گولی بہمراہ قہوہ بنفشہ ۷ ماشہ دیویں۔ پھر ایک دن درمیان دے کر تینوں حب کھلائیں۔

غذا: دودھ، چاول۔ (ز)

اکسیر آتشک:

دار چکنہ ۱ رتی، الائچی خورد ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ زنگی ۲ تولہ، طوطیا سبز آب لیموں کے ہمراہ سحق بلیغ کریں حبوب بقدر یک سرخ بنالیں۔ (ز)

آتشک:

طوطیا سبز بقدر دانہ ماش در کدام دوا یا غذا مناسب ملفوف کردہ چند روز بخوردا کسیر است۔ (از مولوی غلام نبی صاحب کاموی)

مرہم آتشک:

شنگرف ۱ تولہ، رسکپور ۶ ماشہ، مردار سنگ ۶ ماشہ، رسوت ۲ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، سفیدہ کاشغری ۱ تولہ، مسکہ گاؤ شستہ ۵ تولہ مرہم بنالیں۔ (ز)

آتشک:

برگ نیم، ہنکار، تنبل، برگ حناء، بریان برگ نیم، بمہ چند ادویہ مسکہ اگر کند ھک آملہ سار، نیلا تھوتھا، سیندور، سفیدہ کاشغری کافوری اضافہ شود خوب تر است، اول بصابون کار بالک شستہ و خشک نمودہ بعدہ طلاء صبح و شام تجدید کند۔ (از سید حسین بادشاہ کنڑی) (ز)

آتشک:

کلونجی، بابچی، طوطیا سبز، آملہ سارز، ہم وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: رتی ہمراہ چوری یا حلوہ۔ (ز)

برائے آتشک:

ہلیلہ زنگی، نیلا تھوتھا، کتھ سفید، توت تولہ بیس عدد لیموں کے پانی میں کھرل کریں اور بقدر نخود حبوب تیار کریں۔ فافہم ترشد۔ (ز)

آتشک:

جذام، آتشک برص، فساد خون و دیگر امرض جلدی کے لیے مفید ہے۔

زرنیخ ۶ ماشہ، برگ نیم خشک ۱ تولہ، مرچ سفید ۱ ماشہ، سحق بلیغ کرکے کہ خوب باریک میدہ ہو جائے۔

خوراک: ایک سرخ ہمراہ حلوا ہشت یوم اول خون ناقص ہو جائے گا، اس کے بعد خون صالح بکثرت پیدا ہونے لگے گا اور اعضاء صحیح و سالم ہو جائیں گے۔ غذا مرغن چوری، روغن زرد کا استعمال بہت زیادہ کریں۔ (ز)

اکسیر آتشک:

خرمہرہ زرد سوختہ ۲ تولہ، طوطیا سبز محرق ۷، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ تولہ تولہ یک پہر در آب لیموں کھرل کنند، حبوب حمصیہ بسازد، یک حب صبح و یک شام ہمراہ آب بخورد۔ پرہیز نیست۔ (مشہور بنسخہ اعرابی) از حکیم امام الدین پاک پتنی مرحوم۔ (ز)

مرہم آتشک:

موم سفید ۱۴ ماشہ، روغن کنجد ۳ تولہ میں پگھلا کر سرد کرلیں، بعد میں کافور ۴ ماشہ شامل کرکے حل کرلیں اور روزانہ زخموں پر لگایا کریں۔ اس سے پہلے مسہل دینا نہایت مفید ہو گا۔ (ز)

مرہم دافع زخم آتشک:

اس کے تین چار بار لگانے سے حکمی طور پر آرام ہو جاتا ہے۔ دہی آدھ پاؤ کپڑے میں باندھ کر سب پانی نکال ڈالیں۔ جب وہ مثل پنیر کے ہو جائے تو ملتانی مٹی ۱ تولہ زنگار عمدہ ۶ ماشہ مثل غبار باریک پیس کر حبوب بقدر جنگلی بیر کے بنالیں۔ پہلے زخموں کو نیم گرم پانی سے صاف کرکے ایک گولی اسی مریض کے پیشاب میں حل کرکے زخموں پر لیپ دیا کریں۔

آتشک کا حیرت انگیز نسخہ:

اس نسخہ کے استعمال سے بفضلہٖ تعالیٰ ایک ہی روز میں آتشک کا نام و نشان باقی نہیں رہتا۔ ہمارا مجرب ہے، چنانچہ پہلے دنوں کا ذکر ہے کہ ایک مریض جس کی حالت جذام کی حد

بھی پہنچ چکی تھی ایک ہی دن میں صحت یاب ہوا۔ اگر مریض مرد ہے تو نر بکرے کا پتہ اور عورت ہونے کی صورت میں مادہ بکری کا پتہ لیکر اس میں کھمبی جنگلی جو زیادہ مدت کی نہ ہو تولہ ڈال کر کھرل کریں اور بقدر جنگلی بیر کے گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی صبح ۸ بجے، دوسری گولی شام کے چار بجے، تیسری گولی رات کے گیارہ بجے پانی نیم گرم سے کھلائیں۔ مریض کا فرض ہے کہ ساری رات نہ سوئے ورنہ فائدہ نہ ہوگا۔ اور کچھ کھانے کو نہ دیں۔ دوسرے روز صبح کو مرغ کا گوشت کھلائیں تمام زخم خشک ہوجائیں گے۔ (ز)

اکسیر آتشک:

اجوائن خراسانی ۳ تولہ، اجوائن دیسی ۳ تولہ، اجوائن رومی ۳ تولہ، قرنفل تولہ، رسکپور، ایک تولہ، مسک گاڈیا میٹش بقدر ضرورت میں سب ادویہ کو پیس کر مسک میں ملائیں اور ایک رتی کی گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک گولی علی الصباح تازہ پانی کے ساتھ۔ (ب)

ذرور قروح قضیب:

پھٹکری ۲۰ گرین پانی ایک اونس میں حل کر کے رکھ لیں۔ اس میں کپڑا تر کر کے زخموں پر رکھیں۔ (ز)

عجیب وغریب سفوف:

سفیدہ کاشغری، کشتہ جست، بورک ایسڈ، سنگ جراح ہر ایک ایک تولہ۔ ان تمام اجزاء کو باہم ملا کر کاربالک ایسڈ پوڈر ۶ ماشہ میں ملائیں اور محفوظ رکھیں۔ ہر قسم کے زخموں کو خشک کرنے کے لیے لاجواب ہے۔ (ز)

جذام:

عطیہ فقیر کامل۔ ایک دو جگہ اس کو ابتداء جذام میں برتا گیا بہت مفید پایا اور حقیر سی چیز

ہے۔ نسخہ زرد چوب بریان ۴ تولہ، خاکستر ریوند ۴ تولہ، بقدر ۳ ماشہ روزانہ بارش کے پانی سے بہت دنوں تک استعمال کریں۔ (ز)

اکسیر جذام:

سیماب ۲ ماشہ، سم الفار سفید ۲ ماشہ، کندر ا تولہ، ریوند چینی ۶ ماشہ، صمغ عربی ۴ ماشہ، پہلے سیماب کو عرق لیموں میں کھرل کریں، پھر باقی ادویہ ملا کر بکری کے پتے میں کھرل کریں، حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں۔

خوراک: ا حب۔ (ز)

جذام:

جذام، آتشک برص فساد خون و دیگر جلدی امراض۔

زرنیخ ۶ ماشہ، برگ نیم خشک ا تولہ، مرچ سفید ا ماشہ، سحق بلیغ کریں کہ خوب باریک میدہ ہوجائے۔

خوراک: ا سرخ ہمراہ حلوہ ہشت یوم اول خون ناقص خشک ہوجائے گا۔ اس کے بعد خون صالح بکثرت پیدا ہوگا اور اعضاء صحیح وسالم ہوجائیں گے۔

غذا: مرغن چوری روغن زرد کا استعمال بہت زیادہ کریں۔ (ز)

سفوف اربعہ:

گوشت پیدا کرتا ہے، تازہ زخم کو جوڑتا ہے، خون کو زخم سے حکماً روکتا ہے ہر وقت مطب میں اس کا رہنا ضروری ہے۔

نسخہ: کندر، انزروت، صبر زرد، دم الاخوین ہر ایک ایک تولہ باریک کر کے پارچہ جز کریں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں، عندالضرورت اس کا اثر ملاحظہ ہو۔ (ز)

پھوڑا ہر قسم:

رسکپور ا تولہ، سہاگہ سفید ۱۲ تولہ باریک کر کے قدرے مسکہ میں ملا کر پھوڑے پر لگائیں۔ بہت جلد نفع کرتا ہے ہر قسم کی پھوڑے پھنسیاں اس کے استعمال سے رفع ہوجاتی ہیں۔ (ز)

ناصور اور ہر قسم کے زخموں کے لیے مرہم:

پھٹکری ۱ ماشہ، کو کوٹوں پر ڈالیں ہیمن گوراز میں نیلا تھوتھا ۲ ماشہ کا سلوف چھڑکیں پھر پھٹکری کی کھیل کو دو دوام روغن گاؤ سات مرتبہ دھلے ہوئے ملا کر مرہم بنا دیں، پھایہ یا حق کی صورت میں استعمال کریں اگر زخم معلوم نہ ہو تو مالش کریں، بہت اچھا نسخہ ہے۔ (سید محمد زکریا)

نہاد ناصور:

چھالیہ چکنی پانی میں گھس کر ضماد کیا کریں، انشاء اللہ تعالیٰ چند روز میں مندمل ہو جائے گا۔

(ز) (از مولوی محمد فضل اللہ صاحب رامپوری)

ناصور:

بلا (گربہ) کا پیشاب دستیاب کریں اور اس میں بتی تر کے ناصور بھگندر میں رکھیں۔ اندرونی طور پر کچورا ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ ایک ہفتہ کے بعد بھگندر کا نام و نشان نظر نہ آئے گا، میرا آزمودہ ہے۔ ایسے صدری نسخے آپ کو کہیں سے نہیں ملیں گے۔ (حکیم ڈاکٹر نانک چند آنند۔ لاہور)

ناصور:

لیجئے، سیروں گندھک کا تیل کر لیجئے گندھک آملہ سار کو ہموزن کاسٹک سوڈا کے ساتھ دو گھنٹے تک کھرل کریں، پھر تین گھنٹے تک چھوڑ دیں۔ تمام گندھک تیل ہو کر اوپر آ جائے گی، سائفن سے روغن کو علیحدہ کر لیں۔ نہ جمتا ہے نہ خراب ہوتا ہے، خالص گندھک کا سرخ روغن ہوتا ہے۔ (ز) (ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی)

مرہم ناصور و بھگندر:

مردار سنگ، کتھ، رسکپور، [illegible]

لگائیں۔

ایضاً: از خود جامع:

مرہم سنگ زبان لگائیں، ناصور مقعد میں نہایت کامیاب علاج ہے۔ تین چار روز لگانے سے کافی نفع ہوتا ہے۔ (ز)

ناصور:

ناصور کے مریضوں کو پھلوں کا پانی اور مقویات دینا نہایت ضروری ہے، مقویات میں کاڈلیور آئل ایملیشن آدھ چمچہ دینا یا اونٹے لین ۳ تا ۵ قطرے ہمراہ چرغہ شیر دینا نہایت مفید ہے۔ از ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی۔

ایک چشم دید واقعہ:

ایک شخص کی بائیں ٹانگ کی ران پر دس کے قریب چھوٹے بڑے ناصور تھے، حالت مایوس کن تھی، ڈاکٹروں نے ٹانگ کاٹنے کی تجویز کی مگر وہ تمام علاج چھوڑ کر صرف گھی، روغن زرد، نیم گرم کر کے اس میں روئی بھگو کر زخموں پر رکھنے لگا، تقریباً دو ماہ کے اندر تمام ناصور مندمل ہو گئے اور وہ اچھا بھلا ہو گیا مریض مذکور آج تک زندہ ہے اور پولیس میں نوکر ہے۔ جب بھی اسے دیکھتا ہوں تو خدا کی قدرت پر حیران رہ جاتا ہوں، یہ قابل تجربہ علاج ہے، حکماء تجربہ کریں، میں اس کا قائل اور شاہد ہوں۔ (ز)

اکسیر بھگندر (ناصور)

سیماب مصفی ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، عاقرقرحا ۶ ماشہ، سم الفار ماشہ، اول سیماب و سم الفار کو رس لیموں میں خوب حل کریں۔ جب سیماب ناپید ہو تو مصطگی عاقرقرحا ساتھ ملا کر خوب حل کریں اور پندرہ عدد لیموں کا غذ کا عرق جذب کر کے حبوب بقدر دانہ فلفل سیاہ بنائیں۔

خوراک: ا حب صبح ا حب شام کو دیں ہمراہ مسکہ۔

مرہم بھگندر:

استخوان آدمی سوختہ ا تولہ، پارہ مصفی ۳ ماشہ، طوطیا سبز ا ماشہ، بارود ولایتی ۶ ماشہ، مسکہ

نب شتہ ۲۱ بار ۳ تولہ۔ سوائے بارود کے سب چیزوں کو باریک کر کے مکھن میں ملائیں، ب سے اخیر میں بارود ملا لیں، بارود کو خشک ہرگز کھرل نہ کریں ورنہ جل جانے کا اندیشہ ے۔ اگر بارود نہ ملے تو کتھ ایک تولہ اس کے بجائے شامل کر لیں مرہم بنا لیں اور بھگندر پر گائیں۔ (ز)

بال خورہ:

مغز جمال گوٹہ بکرے کے خون میں گھس کر ایک دو بار لگانے سے مرض جڑ سے دور ہوگا، بال مدت تک نہ گریں گے۔ مجرب ہے۔ (ز)

حمیات (بخار)

ملیریا:

اتیس، گلو کوڑا، افسنتین ہم وزن سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ رتی ہمراہ گلقند کھلائیں۔ موسمی بخار (ملیریا) میں کونین زیادہ مفید چیز ہے۔

ملاحظہ: اچھی اتیس کو اگر توڑا جائے تو اندر سے سفید نکلتی ہے۔ (ز)

اکسیر ملیریا:

وج، قرنفل، جوزبوا، شب یمانی بریاں، فلفل سیاہ، ہم وزن کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

خوراک: ۱ رتی نیم گرم پانی سے کھلائیں۔ نوبتی بخار یا ملیریا بخار یا بلغمی بخار کو ایک دو دن میں دور کرتا ہے اور اگر قبض ہو تو مسہل دے کر استعمال کرائیں۔ (ز)

ملیریا کشتن:

اتیس تلخ ۶ ماشہ، ست گلو ۶ ماشہ، تپ دلرزہ کے مریض کو باریک پسوا کر تازہ پانی کے ہمراہ نوبت سے دو گھنٹے قبل دو یا ایک خوراک کر کے کھلوا دیجئے، یقینی طور پر رک جائے گا۔ (ز)

حب بخار ہر قسم:

ست گلو، مغز تخم کرنجوہ، پوست بیخ تلسی، جدوار خطائی، ہر ایک ایک تولہ، گلقند، گل بنفشہ ڈیڑھ تولہ میں سحق بلیغ کریں کہ یک جان ہو جائیں، پھر حبوب بقدر دانہ مونگ بنالیں عجب النفع شئے ہے۔ ایک گولی دو گھنٹے کے وقفے سے دیں۔ ہمراہ آب گرم۔ (ڈاکٹر عبدالحمید صاحب۔ (ز)

حب برائے تپ لرزہ:

نیلا تھوتھا، افیون، مرچ سیاہ، ہم وزن حب خورد از نخود۔

خوراک: ۱، ۱ صبح و شام۔ (از عمل الصالحین۔ ز)

مانعِ بخار:

اتیس، ست گلو ہم وزن۔ مانع بخار نائبہ ہے۔

خوراک: ۱ رتی ہمراہ شربت نیلوفر۔ (ز)

موسمی بخار:

گلو، پدما کھ، صندل سرخ، برگ نیم، کشنیز ہم وزن سفوف کر کے محفوظ رکھیں، موسمی بخار کے لیے عجیب دوا ہے۔ (ز)

پرانا چوتھیا بخار کے لیے اکسیری نسخہ:

کتھ سفید ایک تولہ، چونا سفید ایک تولہ، سنکھیا سفید ایک تولہ، ان سب کو عرق لیموں میں کھرل کر کے باجرہ کے دانے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔ اور محفوظ رکھیں استعمال، ایک گولی بخار آنے سے پہلے کھلائیں۔

ہدایت: اس دوا کے کھلانے سے پہلے چند لقمے کسی مرغن غذا کے کھلا دیں۔ (ز)

برائے بخار:

مغز تخم کرنجوہ ایک تولہ، مرچ سیاہ ایک تولہ، ہر دو کا باریک سفوف بنا لیں۔

خوراک: بقدر ۱ رتی صبح دوپہر اور شام کو استعمال کریں۔ اگر نوبت سے پہلے کھلایا جائے تو نوبت رک جائے گی۔ (ز)

کالا بخار یا دق الامعاء یا حمی محرقہ سوداوی و صفراوی:

نسخہ "حب قدرت"۔ صفتہ: زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ یا ایک تولہ کو روح کیوڑہ ۱۰ تولہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ جدوار خطائی ۱ تولہ کو عرق گلاب میں گھس کر اور اسی طرح پپیتہ کو

عرق بید مشک میں گھس لیں۔ بعدہ صمغ عربی، کتیرا ۱، گل ارمنی، دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ کافور ۷ تولہ سب کو ملا کر روح کیوڑہ میں گوندھیں پھر حب نخود گولیاں بنائیں۔ حفظ ماتقدم کے طور پر دو گولیاں صبح کسی مناسب شربت سے اور مریض کو ہر گھنٹے کے بعد ایک گولی مناسب اشربہ اور عرقیات کے ساتھ دیں۔ ۲۴ گھنٹے کے اندر تپ مع عوارضات کے جاتا رہے گا، طاعون خناق، کثرت طمث وغیرہ دموی صفراوی امراض کا شافی اور فوری علاج ہے۔ یہ نسخہ محض ”الحکیم“ کے برکات سے ظاہر کیا گیا ہے۔

نوٹ: بہ نسبت زہر مہرہ ۲ تولہ ہے اور کافور کی نسبت کہ ۱ تولہ یا ۷ تولہ اشتباہ رہ گیا۔

(حکیم جلال الدین شفا.....ز)

برائے بخار کہنہ وتو کہ روز بنوبت آید:

سفوف اعجاز: کباب چینی سفوف ساختہ وقت صبح ہمراہ آب بخورند، در سہ روز انشاءاللہ تعالیٰ حمی برطرف شود، و برائے عطش ادویہ مناسبہ موافق ہر خلط بنوشند۔ (از حکیم مولوی غلام محی الدین صاحب۔ ز)

عرق بخار یا کافور محلول:

کافور ۲ ماشہ ایک بوتل میں ڈال کر اور پانی بھر کر ڈاٹ لگا کر بند کر دیں، عرق تیار ہے۔

خوراک: ۲ تولہ ہمراہ آب تازہ ایک چھٹانک ایک خوراک ایسی ہی تین خوراک صبح دوپہر و شام استعمال کریں۔

فوائد: موسمی جاڑا بخار (ملیریا) کو از حد مفید ہے، باری کے دن غذا نہ دیں۔ اگر دو چار اسہال کرا دیں تو تیر بہدف ہے۔ اگر موسم گرما میں تازہ پانی میں مصری یا شربت انار ۲ تولہ ڈال کر عرق بخار ۲ تولہ، عرق گلاب ۱ تولہ عرق کیوڑہ ۱ تولہ، ملا کر پلائیں تو نہایت ہی مفرح اور تسکین بخش ہے اور اسی ترکیب سے ماہ مئی جون جولائی میں جو بچے بھڑک جاتے ہیں اور رنگ برنگ اسہال جاری ہو کر تالو بیٹھ جاتا ہے اور بچہ سوکھ کر ڈھانچہ رہ جاتا ہے بقدر مناسب عمر دینا بے حد مفید ہے اور اگر عرق منڈی عرق شاہترہ ایک چھٹانک میں عرق بخار ۲ تولہ ڈال کر اور شہد ۲ تولہ ملا کر پئیں تو از حد مصفی خون ہے۔

سفوف احمر:

برائے تپ محرقہ وطاعون ودیگر تپ ہانیز: صندل سرخ ۵ تولہ، زہر مہرہ ۲ تولہ، گیرو ۲ تولہ، کافور ۴ ماشہ باریک کرکے شیشی میں محفوظ چھوڑیں۔

خوراک: ۱ رتی سے ۲ رتی تک دن میں ۳ بار بدرقہ مناسب کے ساتھ۔ (ز)

سفوف بخار باریک مزمن وسعال ومقوی معدہ ومشتہی:

نسخہ: طباشیر ۱ تولہ، دارچینی ۸ ماشہ، دار فلفل ۴ ماشہ، دانہ قاقلہ صغار ۲ ماشہ، دانہ قاقلہ ۲ ماشہ، نبات سفید ۲ تولہ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

خوراک: ۳ ماشہ پانی سے یا کسی عرق مناسب سے ناقہین کو بعد رفع بیماری بھی مفید ہے۔ (ز)

اکسیر حمی ثقہ ومزمنہ:

فلفل، دار فلفل، چترہ، زنجبیل، الائچی خورد، دارچینی، قرنفل، عاقرقرحا ہر ایک ماشہ ماشہ۔ صندل سرخ تولہ۔ سفوف بنالیں۔

خوراک: ۲ سرخ ہمراہ شربت بزوری۔ (ز)

تدبیر سیم:

ورق چاندی تولہ، طباشیر کبود ۳ تولہ اس قدر سحق کریں کہ چمک دور ہو۔

خوراک: ۱ رتی تپ محرقہ بذیانی جریان اور تپ دق میں مفید ہے۔ (ز)

اکسیر حمی موسمی:

کونین سلفاس ۱ ماشہ آب لیموں میں حل کرکے عرقیات ذیل میں شامل کیا جائے، عرق کاسنی، عرق گاؤزبان، عرق بادیان، عرق گلاب، عرق کیوڑہ ہر ایک ۱۰ تولہ۔

خوراک: اونس ۲۱ تولہ صبح اور ۲۱ تولہ شام۔ (ز)

حب پرسوت:

زرنیخ طبقی، مرچ سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل واجوائن دیسی ہم وزن روز آب ادرک میں سحق

بلیغ کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔ خوراک: ایک تا ۲ حب صبح وشام۔ فوائد: بخار پرسوت کے لیے عجیب النفع شئے ہے۔ (ز)

سفوف دموی وصفراوی:

ست گلو ٦ ماشہ، دانہ الائچی خورد ٦ ماشہ، طباشیر ٦ ماشہ، نبات تولہ۔

خوراک: ا ماشہ۔ (ز)

بخار ہر قسم:

گیرو ا ماشہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ، مغز کرنجوہ ۸ ماشہ، سفوف بنا لیا جائے۔

خوراک و فوائد: ا ماشہ ہمراہ آب تازہ کھلانے سے چڑھے بخار کو اتار دیتا ہے اور اترے بخار میں قبل نوبت دینے سے بخار رک جاتا ہے اور کونین کا فائدہ دیتا ہے نہ گرمی نہ خشکی۔ بے حد مفید چیز ہے۔ سفوف مذکور منقی یا بتاشہ میں ڈال کر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ اس طریقے سے دوا کی تلخی بھی معلوم نہیں ہو سکتی۔ (ز) (از جناب حکیم رفیق احمد صاحب نجیب آبادی، سند یافتہ طبیہ کالج)

اکسیر بخاری ہر قسم:

نوشادر، فلفل گرد، گیرو، مساوی الوزن۔

خوراک: ارتی ہر قسم بخار سے ایک گھنٹہ پہلے شربت مصری کے ہمراہ اور اگر قبض ہو تو شربت بنفشہ ۴ تولہ کے ساتھ کھلائیں، بالکل کونین کی طرح مفید ہے۔ (طبی فارماکوپیا، ص: ۱۵۸)

سفوف حمیات:

تخم خرفہ ۵ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲۱ گرین، سفوفاً۔

خوراک: ۳ ماشہ (طبی فارکوپیا حصہ دوم، ص: ۱۷) (ز)

کشتہ سفید ہڑتال برائے بخار گوہ دنتی:

مریض، بخار کو ارتی سے چار رتی تک دن میں دو تین بار پانی کے ہمراہ دیا کریں اگر بخار کی

حالت میں دیں گے تو چڑھے ہوئے بخار والے کو پسینہ لا کر دور کر دے گی اور اگر اتری ہوئی حالت میں استعمال کرائیں تو دوبارہ بخار نہیں چڑھتا۔ ہر قسم کے بخاروں میں یکساں مفید ہے۔ فافہم (ز)

سفوف بخار (بدل کونین)

کرنجوہ، ست گلو، اتیس ہم وزن، فلفل دراز، فلفل گرد، نیم نیم جز۔

خوراک: ایک رتی سے ۲ رتی تک تین وقت صبح وشام ددو پہر اگر بخار چڑھنے سے پہلے استعمال کیا جائے تو رک جائے گا۔ نیز مقوی بدن اور مولد خون صالح ہے۔ (ب)

سفوف بخار:

کرنجوہ، فلفل سیاہ، ہم وزن سفوف سازند۔

خوراک: ۲، ۲ رتی دن میں تین مرتبہ۔ (ب)

سفوف بخار:

کرنجوہ، جزء، فلفل دراز نیم جزء۔ (ب)

سفوف بخار:

مغز کرنجوہ تولہ، اتیس ۶ ماشہ، فلفل گرد ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، طباشیر تولہ ست گلو تولہ، زہر مہرہ معدنی، سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲ رتی سے ۳ رتی تک۔ (ب)

سفوف بخار بلغمی صفراوی:

دانہ ہیل تولہ، طباشیر تولہ، ست گلو تولہ، تخم خرفہ، مغز کدو، خاکسی مدبر تولہ، مصری ۳ تولہ۔ سفوف بنائیں۔

خوراک: ۲ ماشہ۔ (ب)

حب بخار (ملیریا کے لیے)

کونین، ست گلو، صمغ عربی، طباشیر تولہ تولہ زہر مہرہ خطائی تولہ چنے کے برابر حب بنائیں۔

ایضاً: نسخہ بہشتی زیور باضافہ الائچی وکافور بہت عمدہ ہے۔ (ب)

برائے بخار:

کشتہ ہڑتال گودنتی ۵ تولہ، یوکونین ۱ تولہ۔

خوراک: ۱رتی سے ۲۔ (ب)

برائے ملیریا:

کنگی سیاہ (خربق) نرکچور، نوشادر ہم وزن سفوف بنائیں۔

خوراک: نصف رتی ب آب تازہ دن میں تین وقت دیں۔ (ب) (از حکیم عبدالرحیم صاحب سانچوی)

برائے حمیات صفراوی:

آکھ کا دودھ خشک کر کے سحق کریں۔ ایک حصہ وہ اور نو حصہ مصری لے کر سحق کریں، پھر دسواں حصہ لے کر مزید دس حصہ مصری ملا کر سحق کریں۔ پھر اس کا دسواں لے کر دس حصہ مزید مصری ملائیں۔ (ب)

اکسیر تپ لرزہ یعنی موسمی بخار:

افیون عمدہ ۴، صندل سفید ۲، زعفران ۲، دارچینی ۱، مرچ سیاہ ۲، کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں اور ایک رتی نیم گرم پانی کے ساتھ دیں۔ افیونی کے لیے:

خوراک: ۲ رتی ہے۔ (ب)

حب شفاء:

برائے حمی مزمنہ وصداع، حار وبارد ودر اکثر اقسام نزلہ وبرائے سعال وضیق النفس بہ نسخہ حاذق نہایت مفید است۔ (ب)

ربع کی مجرب گولیاں:

کرنجوہ، دھتورہ کے بیج، گول مرچ سب ہم وزن ادرک کے عرق میں کھرل کر کے باجرہ کے دانے کے برابر گولیاں بنائیں، بعد تنقیہ دو گولیاں کھلانے سے ایک ہفتہ میں بخار کا نشان

انفلوائنزاء: دار چینی ۱ ڈرام، لونگ ۱۰ گرین، زنجبیل ۳۰ گرین۔ یہ ایک خوراک ہے انفلوائنزا میں مفید ہے۔ درحقیقت اس سے بہتر نسخہ ملنا دشوار ہے۔ پانی میں پندرہ منٹ تک جوش دیں اور پلائیں اور بطور سفوف بھی استعمال کیا جاتا ہے۔ (ب)

طاعون

مغز جمال گوٹہ ایک عدد، گھونگچی سفید ایک عدد، باسی پانی میں پیس کر ضماد کرنا معا درد کو دور کر دیتا ہے۔ اور تمام زہر کو باہر نکال دیتا ہے۔ (ب)

تریاق طاعون:

خاص الخاص اور شہرہ آفاق نسخہ ہے۔

صفت: گیرو، صندل سرخ، کشیز خشک ہر ایک ۲ تولہ، کافور ۱ تولہ، عرق گلاب ۵ تولہ، گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں، وقت ضرورت دن میں تین یا چار گولیاں ہمراہ شربت ذیل استعمال کرائیں۔ شربت صندل، عرق صندل، عرق کاسنی، عرق گلاب، عرق بید مشک، ہر ایک ۱۵ تولہ، روح کیوڑہ ۲ تولہ، عرق شاہترہ دس تولہ، نیز یہی گولیاں عرق گلاب میں گھس کر گلٹی پر دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔ اس کے داخلی و خارجی باقاعدہ استعمال سے مریض کی طبیعت پر فوری اثر پڑتا ہے اور حفظ ما تقدم کے طور پر بھی کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ایک نایاب تحفہ ہے جو فیض عام کی خاطر ظاہر کیا گیا ہے۔ (از حکیم جناب مفتی سلیم خاں صاحب، مہتمم مدرسہ طبیہ سلیمی، پنجاب یونیورسٹی لاہور)

چیچک کا مجرب نسخہ:

زعفران عمدہ ۲ رتی، خوبی کلاں ۶ ماشہ، انجیر زرد ۴ عدد، مویز منقی ۹ دانہ، سب دوائیں آب خالص ۳ پاؤ میں ابالیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں، یہ وزن چار پانچ سالہ بچے کے لیے ایک دن رات کافی ہے۔ جب چیچک کے دانے رک جائیں یا نکل کر نرم پڑیں اور ردی علامات ظاہر ہونے لگیں تو یہ جوشاندہ عجیب اور فوری اثر دکھاتا ہے۔ (مجربات سلطانی۔ ز)

ادویہ اطفال

مادر اطفال:

مغز کرنجوہ تولہ، طوطیائے سبز ۱ ماشہ پانی میں پیس کر مسور کے دانہ کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک ایک گولی چھوٹے بچے کو ماں کے دودھ میں دیا کریں، بڑے بچے کو پانی میں گھس کر دیں، ڈبہ قبض، ہرے دست سوکھا کے لیے غیر معمولی فوائد کی حامل ہے۔ (ز)

ڈبہ اطفال:

طوطیاء سبز بریاں، سہاگہ سفید بریان ہم وزن لے کر ہمراہ شیر زحب بمقدار دانہ باجرہ بنائیں۔ بوقت مایوسی ایک حب تا ۲ حب ہمراہ شیر مادر دیں، مجرب ہے۔ (ز)

سفوف سعد:

دانت نکلنے کے وقت بچوں کو دست آتے ہیں۔ اس میں یہ سفوف بہت مفید ہے۔ بقدر ۴ رتی ماں کے دودھ میں حل کر کے بچے کو پلائیں۔ سعد کوفی، کندر، حب الآس، تخم خشخاش ہر ایک مساوی الوزن تمام دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ (ز)

پیچش اطفال:

تخم بارتنگ ۳ ماشہ، گلاب ۲ تولہ، میں جوش دے کر مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔

(ڈاکٹر عبدالحمید صاحب۔ ز

اکسیر لکنت:

بیخ یان ۴ ماشہ، فلفل سیاہ ۴ ماشہ، شہد تولہ، ورق نقرہ ۱ ماشہ، کچلہ مدبر ۱ ماشہ، معجون بنالیں

بول فی الفراش:

زاج سرخ شگفتہ کرکے ۱ ماشہ ہر روز بدرقہ مناسب کے ساتھ کھلائیں، تین چار روز میں مرض بول فی الفرش جاتا رہے گا اور عمر بھر نہ ہوگا اور پیپل کی لاکھ بھی نہایت مفید ہے۔ (ز)

برائے اطفال:

پوست ہلیلہ زرد، ریوند خطائی، کچور، ہر ایک ایک تولہ، سوڈا بائیکارب ۶ ماشہ، سب ادویہ پیس کر ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک چٹکی شیر مادر یا عرق سونف یا عرق گاؤزبان میں حل کرکے دن میں تین چار دفعہ بچوں کو دیں۔

فوائد: بچوں کے سبز رنگ کے دستوں میں مفید ہے اور تمام نقائص ہضم کو دور کرتی ہے۔ (ز)

تریاق اطفال:

تربد سفید مجوف مقشر، پوست ہلیلہ زرد، پودینہ باغی (نعناع) ہم وزن لے پیسیں محفوظ رکھیں۔ بے نظیر چیز تیار ہو جائے گی۔ ایک سالہ بچے کو ایک ماشہ اور دو سالہ کو دو ماشہ ہمراہ آب نیم گرم یا عرق گلاب دیں۔ اس سے ایک یا دو اجابتیں ہو کر بچہ کو صحت ہو جاتی ہے۔

فوائد: ام الصبیان، ڈبہ، سرسام، دردسر، پیچش، قبض، قولنج، بدہضمی وغیرہ وغیرہ کے لیے یہ ایک ہی دوا جادو کا اثر کرتی ہے۔ یہ دوا ہر مطلب اور ہر بال بچے گھر والے میں تیار رہنا چاہیے۔ (ز)

بچوں کے کان کی گلٹھی:

مغز تخم ارنڈ باریک پیس کر قابل برداشت نیم گرم لیپا کریں۔ (ز)

دق الاطفال:

خاکسی مصفیٰ ۱۰ تولہ، شیر بزا، خاکسی کو شیر میں جوش دیں اور کپڑے میں چھان کر سایہ میں خشک کریں اور دوبارہ اسی قدر شیر میں یہی عمل کریں۔ اسی طرح تیسری بار۔

خوراک: ایک ماشہ ماں کے دودھ میں حل کرکے پلائیں۔ (ز)

حب اکسیر اطفال:

مروارید ناسفتہ ۴ سرخ، نارجیل دریائی ۶، زہر مہرہ ۶، حجر الیہود ۶، پوست ہلیلہ زرد ۶، مغز کنول گٹہ ۶، طباشیر ۶ دانہ، الائچی خورد ۶، زرورد ۶، سب کو پاؤ پختہ عرق گلاب میں سحق کر کے مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک: ایک گولی روزانہ۔ (ز)

حب اکسیر اطفال:

مروارید ناسفتہ ۳، ورق نقرہ ۳، طباشیر تولہ زہر مہرہ تولہ سب کو آب سیب میں پاس صلایہ کریں۔ مونگ کے برابر گولیاں بنا رکھیں۔ ایک حب روزانہ کھلایا کریں۔ بچے تمام عوارض سے محفوظ رہیں۔ (الحکیم مارچ ۱۹۳۰ ص ۳۰ بتوسط بیاض الحبیب۔ ب)

حب بلڈ پریشر:

یہ گولیاں حکیم اجمل خاں مرحوم ومغفور کے دستور العمل سے ماخوذ ہے۔ ضیغط الدم قوی وہائی بلڈ پریشر) اختناق الرحم (ہسٹریا) جنون ودیوانگی کی شافی دوا ہے۔ اس دواء کے متواتر تجربات سے معلوم ہوا ہے کہ یہ خاموش جنون کے لیے مفید نہیں۔

صرف دھاڑ دیوانگی میں فائدہ کرتی ہے۔

صفتہ: چھوٹی چندن ۵ تولہ، اجوائن خراسانی ۱۰ تولہ، تربد مجوف ۵ تولہ، لعاب اسبغول یا گوند میں ۵، ۵ رتی کی گولیاں یا ٹکیاں تیار کرائیں۔ خوراک: ایک گولی بعد طعام صبح وشام استعمال کرائیں۔

نوٹ: یہ گولیاں مسکن ہونے کی وجہ سے ذکاوت جس میں بھی استعمال صبح وشام استعمال کرائیں۔ (ماخوذ از دیسی طبی فارما کوپیا۔ حصہ دوم (ص: ۱۵۰) ز)

ناف ٹلنا:

اجوائن دیسی تولہ، سونٹھ تولہ، راکھ نکچھکنی تولہ، گڑ پرانا ۳ تولہ۔ حبوب بقدر کنار دشتی بنالیں۔ (ز)

ہائی بلڈ پریشر کے لیے:

روزانہ ۴ جوے لہسن کوٹ کر ایک پاؤ میٹھے دہی میں ملا کر کھلائیں۔ نیز لہسن کو گھی میں بھون کر کے رکھ دیں اور اسے سالن میں ملا کر کھلائیں۔ ہفتہ عشرہ میں مرض کا نشان نہیں رہے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ (ب)

نسخہ دباؤ خون:

صندل سرخ ۶ ماشہ، صندل سفید ۶ ماشہ، برگ نیم ۶ ماشہ، برگ حنا ۶ ماشہ، زرکچور ۶ ماشہ، اصل اسوس ۶ ماشہ، گل برمجی ۶ ماشہ، گیرو ۶ ماشہ پانی میں پیس کر لعاب اسبغول کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ۲ گولی صبح ۲ گولی شام تازہ پانی کے ساتھ نوش فرمائیں۔ سوتے وقت مفرح بارد جواہر والی ہمراہ آب تازہ۔ (ب)

* * *

کشتہ جات

کشتہ سم الفار:

تلبینہ:

سم الفار قلیل مقدار میں استعمال کرنا دل کو تقویت دیتا ہے، دماغ اور اعصاب میں تحریک پیدا کرتا ہے اور بلغمی اور سرد مزاجوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔ اگر زیادہ مقدار میں استعمال کیا جائے تو اس سے عروق شعریہ پھٹ جاتی ہے۔ نیز خون کا دباؤ کم ہو جاتا ہے۔ اس لئے حتی الامکان تھوڑی مقدار میں کھانا چاہیے۔ سم الفار سفید تولہ، آدھ سیر پیاز کے نغدے میں آہنی کڑاہی یا توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں مگر نغدہ کی شکل اس طرح کی ہو اس پر روغن زرد ایک سیر کی تقطیر کریں بطریق شنگرف یہاں تک کہ روغن ختم ہو جائے، ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں اور حفاظت سے رکھیں، بوقت تیاری آنکھوں کو دھویں سے بچائیں، بغایت ممسک ہے، ہمراہ مکھن کھائیں۔ (ز)

کشتہ سم الفار:

ایک تولہ سم الفار کو باریک پیس کر پوٹلی میں باندھ لیں، تام چینی یا مٹی کے برتن میں ایک سیر پانی ڈال کر سنکھا پوٹلی اس میں ڈال دیں۔ اس میں الائچی سفید ۵ تولہ، سایہ مرچ پانچ تولہ سالم بھی شامل کر لیں، اوپر سرپوش دے کر دو گھنٹہ تک نرم آنچ پر پکائیں۔ پھر سرد کر کے الائچی اور سیاہ مرچ نکال کر سایہ میں خشک کر لیں۔ حسب ضرورت ایک الائچی پان میں رکھ کر کھلائیں یا تین عدد سیاہ مرچ کا سفوف کر کے کباب پر ڈال کر یا بیضہ نیمبرشت پر چھڑک کر کھلائیں۔ (ز)

کشتہ سم الفار:

ایک تولہ سم الفار کو باریک پیس کر پوٹلی میں ڈالیں، یہ پوٹلی ایک سیر پانی میں ڈال کر اس میں ۶ انڈے ڈال دیں اور ان کے نیچے آگ جلائیں، ابلتے ہوئے پانی میں ایک یا دو منٹ میں تیار ہوجاتے ہیں۔ پھر اتار لیں۔ پانی احتیاط سے کسی نالی میں ڈال دیں۔ انڈے بحفاظت رکھیں۔ سفیدی دور کر کے کہیں گاڑ دیں۔ صرف زردی ایک عدد کھائیں۔ ایک دن میں ایک زردی سے زیادہ نہ کھائیں۔ (ز)

کشتہ شنگرف:

ترکیب شنگرف ماکولی:

شنگرف رومی ۱ تولہ، کو زردی بیضہ مرغ کے ہمراہ کھرل کریں۔ جب وہ خشک ہوجائے تو دوسری زردی ڈال دیں، جب وہ خشک ہوجائے تو تیسری زردی ڈل دیں۔ یہاں تک کہ پچیس انڈوں کی زردی ختم ہوجائے، اقراص بنائیں اور خشک کرلیں اور اوپر آرد گندم کا ضماد چڑھالیں اور سکھالیں۔ پھر نصف سیر روغن زرد میں بھون لیں۔ جب رون کا رنگ گلابی ہوجائے تو یہ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ حسب برداشت بالائی میں ڈال کر استعمال کریں۔ لیکن غذا میں بھنے ہوئے گوشت کو استعمال کریں۔ (ز) (سالنامہ، الطیب)

کشتہ شنگرف سفید:

ایک تولہ شنگرف کو چینی کے برتن میں رکھ کر اس پر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ تین اونگل سے اوپر رہے۔ ایک دن رات کے بعد اس قدر صلابہ کریں کہ لیموں کا سارا پانی جذب ہوجائے۔ اس کا غلولہ بنا کر اور دھتورہ کے پھل میں جوف کر کے داخل کردیں اور اس جوف سے جو اجزاء اخراج کئے ہوں ان ہی سے وہ جوف پر کردیں۔ پھر پارچہ کرپاس کو دھو کر خشک کرلیں اور اس سے روغن بیدانجیر کے ساتھ تر کر کے اس پر لپیٹ دیں۔ یہ کپڑا اتنا ہو کہ گولا ترنڈ کے برابر ہوجائے پھر اسے لوہے کے تار سے لٹکا کر آگ لگادیں۔ جب شعلہ فرو

ہو جائے تو اسے نیچے اتا کر پاک مٹی پر رکھ دیں اوپر دیگ اوندھی کر دیں سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید رنگ کا کشتہ ہوگا۔ خوراک ایک چاول ہمراہ مکھن مفید ہے۔ (ز)

کشتہ شنگرف:

شنگرف رومی ۲ تولہ، کوکڑ چھی یا کڑاہی آہنی خورد میں آہنی جالی پر رکھ دیں اور آب پیاز نصف سیر پھر آب ادرک نصف سیر تقطیر کریں۔ پھر خردل ۵ تولہ، پیپل دراز ۵ تولہ، کچلہ ۵ تولہ تینوں کو کوٹ کر نغدہ بنالیں اور اس میں شنگرف رکھ کر روغن زرد ایک سیر میں نرم آنچ پر پکا لیں یہاں تک کہ نغدہ سیاہ ہو جائے نغدہ مذکور اور شنگرف کو علیحدہ علیحدہ پیس کر رکھیں۔ شنگرف میں ستاور سرخ باریک پیس کر گولیاں بقدر مسور تیار کریں اور ایک گولی کھلائیں۔ کچھ دیر بعد آدھ سیر دودھ پلائیں صرف پانچ روز تک روغن زرد ۶ ماشہ روٹی پر ڈال کر کھلائیں چینی زیادہ ڈالیں۔ بغایت مقوی باہ ہے، نغدے کے سفوف میں سے ایک رتی وجع المفاصل والے کو مفید ہے۔ (ز)

کشتہ طوطیا سفید:

سیاہ پھنیر سانپ کا زہر لے لیں (یہ زہر اس کے منہ کے اندر اوپر والے جبڑوں کے ساتھ دو گلٹیوں میں ہوتا ہے) طوطیا سبز کی ڈلی وزنی ایک تولہ اس میں تر کر کے چینی کے پیالے میں رکھ کر تیز دھوپ میں رکھ دیں۔ نصف گھنٹہ میں طوطیا سبز کی ڈلی سفید براق شگفتہ شدہ ملے گی۔ وزن بھی پورا ہوگا۔

فوائد: یہ کشتہ رنگ بھی نہیں دے گا۔ اکسیر الاجساد والاجسام ہے اور میرا مجرب ہے۔ مرض سرطان کا یہ اکسیری نسخہ ہے۔

خوراک: بقدر دانہ خس ہمراہ مسکہ کھلائیں۔ (ز) (از ڈاکٹر عبدالحمید)

ترکیب کشتہ بارہ سنگھا:

بارہ سنگھا ۵ تولہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے دس تولہ اجوائن اور دس تولہ شورہ قلمی کو شہد میں ملا کر

اس کے اندر بارہ سنکھاہڈ کو رکھ کر پھر پانچ سیر اپلوں کی آگ دے دیں یا اس کو کوئلوں کے اندر رکھ کر جلادیں۔ سرد ہونے پر دیکھ لیں، اگر سفید کشتہ ہوگیا ہو تو بہتر ورنہ اعادہ عمل کریں پھر محفوظ رکھیں۔(ز)

کشتہ فولاد:

برادہ فولاد مصفی ۲ تولہ، شیرہ ثمرہ ببول نیم پختہ آدھ سیر میں ملا کر بحفاظت تمام دھوپ میں رکھ دیں اور دن میں ایک دو بار چوب ببول سے حرکت دے دیا کریں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک: سرخ ہمراہ شیر گاؤ۔(ز)

کشتہ فولاد شمسی برائے رعشہ:

برادہ فولاد جس قدر چاہیں ایک مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر اس پر ببول کی کچی پھلی کا پانی اس قدر ڈالیں کہ دو انگشت اوپر آجائے اور پیالے کو دھوپ میں رکھ دیں۔ تین چار گھنٹہ میں پھول کر ڈبل روٹی کی طرح ہو جائے گا، خشک ہونے پر پیس کر رکھ لیں نہایت گہرا سیاہ رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے گا۔

خوراک: ارتی۔(ز)

کشتہ سنکھ:

سنگرہنی میں بہت مفید ہے۔ طبی فاریاکوپیا، ص: ۱۸۵۔(ز)

کشتہ پیسہ سفید:

دس بارہ سال پرانا گڑ ۲۰ تولہ میں رکھ کر گجپٹ آنچ دیں۔ ایک دو آنچ میں سفید کشتہ ہوگا۔(ز)

کشتہ ہڑتال:

گاؤذتی ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسب۔

گاؤذتی ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبن، فث الدم ونزف الدم کے لئے تریاق ہے۔(ز)

کشتہ ابرک سیاہ:

کشتہ ابرک سیاہ ۲ تا ۴ رتی مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر کمل لیں۔ کھانسی ضیق النفس میں بہت مفید ہے۔ (ز)

کشتہ:

کاکڑا سینگی ۹ ماشہ، پیپلا مول ۹ ماشہ، فلفل سیاہ ۱۱ ماشہ، صمغ عربی ۴ تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ۲ ماشہ، سب کو ملا کر شہد سے حبوب نخودی بنالیں، ا حب رات کو نیم گرم پانی سے استعمال کریں۔ (ز)

کشتہ مرجان:

کشتہ مرجان ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ برائے ضیق النفس۔ (ز)

کشتہ:

کشتہ بارہ سنگھا ۱ تولہ، کاکڑا سینگی ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۶ ماشہ سب کو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ خوراک: ۱، ۲ رتی شہد ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں، بلغمی کھانسی، سعال کہنہ، ضیق النفس میں بہت مفید ہے۔ مرغن غذا کھائیں۔ (ز)

کشتہ قلعی وصدف:

کشتہ قلعی وصدف ہر دو یکجا کردہ سے ۱ ماشہ منقی میں کھلائیں۔ (ز)

کشتہ نقرہ:

ورق نقرہ ۱ تولہ کو آب گل سرخ ۱۰ تولہ سے خوب کھرل کریں اور ایک قرص بنالیں اور دو پاچک دشتی میں درمیان سوراخ کر کے مٹی کا لیپ دیں اور خشک کرلیں اور نقرہ کا قرص مذکور سوراخ میں رکھ کر دونوں کا لب ملا کر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا مقام میں آگ دیں۔ نقرہ مثل نشاستہ پھول جائے گا۔

فوائد: مقوی قلب و دماغ۔ دافع خفقان حار اور مالیخولیا کے لیے نہایت مفید ہے۔

خوراک: ایک رتی مربع آملہ۔ ایک عدد میں لپیٹ کر کھلائیں اوپر سے عرق گلاب اور بید مشک ہر ایک پانچ تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ (ز)

کشتۂ شنگرف سفید باوزن:

ایک تولہ شنگرف شیرِ آکھ میں تقریباً پندرہ بیس منٹ کھرل کر کے ایک قرص بنالیں، پھر بوزن شش ماشہ تارخام اوپر لپیٹیں اور اس کے اوپر ایک ایک رتی برابر آگ کا شعلہ رکھ کر چھوڑ دیں۔ سرد ہونے کے بعد خاکستر پھونک لیں۔ کشتۂ شنگرف بشکل قرص سفید برآمد ہوگا۔

خوراک: ۲ برنج مناسب بدرقہ کے ساتھ مقوی و ممسک ہے۔(ز) (حکیم مولوی شیری صاحب)

نسخہ طلاء بنسخہ کلاں۔ (از حکیم عبدالحمید خان)

برادہ طلاء ۳، آب بیخ گل عباسی ۱۰ تولہ، آب گل سرخ ۱۰ تولہ، یا گل سرخ کو عرق گلاب سہ آتشہ میں بھگو کر شیرہ نکال لیا جائے۔ اب پوست کچنال ۱۰ تولہ، آب پوست اندرون نیب ۱۰ تولہ، آب تلسی ۱۰ تولہ ترتیب وار کھرل کر کے دو سکوروں میں بند کر کے پانچ سیر پختہ جنگلی اپلوں میں پھونک دیں تیار ہے۔

خوراک: دو چاول بدرقہ مناسب قوی وارواح خاص کر دماغ کے لئے خاص چیز ہے۔(ب)

کشتہ سم الفار:

نمبر ۱: سم الفار ا تولہ کو باریک پیس کر پوٹلی میں باندھ لیں، تام چینی یا مٹی کے برتن میں ایک سیر پانی ڈال کر پوٹلی مذکور کو اس میں ڈال دیں۔ الائچی سفید ۵ تولہ، مرچ سیاہ ۵ تولہ، سالم پانی میں ڈال دیں۔ سربند کر کے دو گھنٹہ تک ہلکی آنچ پر جوش دیں۔ سرد کر کے الائچی اور مرچ سایہ میں خشک کریں۔ حسب ضرورت ایک الائچی پان میں رکھ کر کھلائیں یا تین دانے مرچ کے سفوف کر کے بیضہ نیم برشت کے ساتھ استعمال کرائیں۔(ب)

ایضاً:

نمبر ۲: سم الفار ا تولہ آدھ سیر پیاز کے نغدے میں آہنی کڑاہی یا توے پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں مگر نغدے کی شکل ایسی ہو (تین کونے والا) اس پر روغن زرد ایک سیر کی تقطیر کریں۔ بطریق شنگرف یہاں تک کہ روغن ختم ہو جائے۔ ٹھنڈا ہونے پر پیس لیں بغایت ممسک ہے۔ ہمراہ مکھن استعمال کرائیں۔(ب)

ایضا:

نمبر ۳: ایک تولہ سم الفار کی صاف عمدہ ڈلی لے کر آگ پر چمٹے سے پکڑ کر جلائیں، آنکھوں کو اس کے دھوئیں سے بچائیں۔ جب سرخ ہو جائے تو بسیر میں ڈال دیں۔ کشتہ تیار ہے۔ (ب)

کشتہ سم الفار: ماخوذ از رہنمائے عقاقیر:

کٹائی کے پودے جلا کر دو سیر خاکستر حاصل کریں۔ ایک سیر خاکستر کسی مٹی کے برتن میں دبا کر رکھیں۔ اس پر سم الفار ایک تولہ کی ڈلی رکھ دیں۔ بعد ازاں ایک سیر خاکستر باقی ماندہ اس کے اوپر جما کر رکھ دیں۔ پھر برتن چولہے پر جما کر نیچے نرم آگ جلائیں، جب خاکستر اوپر تک گرم ہو جائے تو سم الفار کی جگہ پر سلائی ڈال کر امتحان لیں، جب سم الفار نرم ہو جائے کہ سلائی اس کے پار ہو جائے تو آگ کو سرد کریں، جب بالکل ٹھنڈی ہو جائے تو نکال لیں سم الفار شگفتہ ہو گا۔

فوائد: یہ کشتہ کھانسی و دمہ کے لئے مفید ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ ہاضم طعام ہے۔

خوراک: نصف چاول ہمراہ مسکہ۔ (ب)

حب کرامات:

برائے جمیع انواع ثبور وخصوص سوداوی معمول است۔

صفتہ: مردار سنگ، پوست ہلیلہ زرد، قنبیل آیک آب نارسیدہ، کات سفید ہر واحد جزء، نیلا تھوتھا، نیم جزء ب آب حب سازند و وقت حاجت بروغن زرد سودہ طلا نمایند۔ (ز)

دیگر برائے ثبور:

برائے اورام و ثبور کہ بزبینی و سر در موسم برشگال بہ ہمراہ سد مفید است، ختہ انبہ، کتہ سفید، صندل سفید ب آب سائیدہ طال نمایند۔ (ز)

دیگر برائے ثبور:

[illegible] آنرا کٹھ بالا گویند، دوائیکہ دریں باب آزمودہ است،

ایں ست آنبہ ہلدی ساڑھے تین ماشہ، بالون یعنی تخم تیرہ، تیزک، و نیلا تھوتھا ہر یک ۲/۵ ماشہ ادویہ سائیدہ روغن سرشف بقدر شش تولہ آمیختہ طلا کند۔ (ز)

ضماد برائے ثبور زیر بغل:

صندل سرخ و سفید، بیخ آک و زرد چوب سائیدہ ضماد کند۔ (ز)

ضماد برائے ثبور:

ثبور یکہ با سوزش باشد، گیرو، مازو، کات سفید بسرکہ ضماد نمایندہ۔ (ز)

ایضاً:

ثبور یکہ بہ نرمہ گوش و حوالی آن می بر آید کمیلہ در مسکہ خلط نمود طلا نمایند۔ (ز)

ایضاً:

برائے داد اگر کمیلہ در روغن کنجد شامل کردہ استعمال شود نیز نہایت مفید است۔ (ز)

مرہم نافع:

برائے ثبور یکہ رطوبت آں بہر جا کہ رسد ثبور دیگر پیدا شود و مکرر بعمل آمدہ بروغن تلخ شش دام، کمیلہ با بچی سوختہ ہر واحد یک دام، حنا نیم دام فلفل گرد سہ و نیم ماشہ مرہم سازند۔ (ز)

عرق مدنی:

موم رال سفید کافور، مردار سنگ، سندور، نیلا تھوتھا، ہموزن گرفتہ و روغن چند دو ہمہ ادویہ در روغن گرم انداختہ کہ گداختہ شود، باز رامیدہ را بیامیزد تا یک جوش بخورد، باز دیگر ادویہ را علی الترتیب یکے بعدہ دیگرے انداختہ، بوقفہ یک جوش یعنی وقتیکہ یک دوا انداختہ شود صبر کند کہ یک جوش بخورد، باز دیگر دوا انداختہ باز از آتش تہ کردہ کافور میدہ دراں حل کند، استعمال مرہم در یک پتی طلا کردہ بمقام ماؤف بچسپاند، در ہفت ہشت پتی بالکل صحت کامل خواہد یافت، ریشہ با احتیاط یکجا کردہ بیرون کشیدہ بود یعنی ریشہ نہ شکند و آں را آہستہ آہستہ جمع کردہ تا یک عقدہ شاخ و پنجدار و بر آید۔ (از سید حسین بادشاہ صاحب کنری۔ ز)

ثبور، مہاسے:

یہ طلاء مجرب ہے، سمندر جھاگ، مغز بادام تلخ مقشر، برابر وزن نرم پیس کر پانی کے ہمراہ رات کو منہ پر ملیں۔ صبح منہ گرم پانی سے دھوڑالیں۔ (ز)

جھائیاں:

دوا نفع کرنے والی جھائیوں کو کرنجوہ کا مغز پیس کر گائے کے دودھ میں طلاء کریں، چہرے کو براق اور روشن کرے گا۔ نہایت صحیح اور مجرب نسخہ ہے۔ (ز)

حسن افزاء:

عورت کے چہرہ کو خوب صاف کرے اور بالخاصیت مفید ہے۔ اکلا ناریل کا مغز لے کر اس میں سوراخ کر کے ایک دام زعفران اور ایک رام جاوتری بے پسی ہوئی ڈالیں اور سوراخ ناریل کا پارچہ ناریل سے بند کر کے آٹھ سیر گائے کے دودھ میں نرم آنچ پر جوش کریں، جب کہ دودھ جذب ہو جائے ناریل سے دوائیں نکال کر پیس کر چنے کے برابر گولی بنائیں اور صبح ایک گولی پان کے ساتھ کھلائیں اور خوب صورتی معشوق کے چہرے کی ملاحظہ فرمائیں کہ خواہ مخواہ مستعد رقابت کر دے گی۔ (علاج الغربا، ص: ۲۰۲)

دوا ماشرہ:

ابتداء تزایر انتہا میں یہ رعا اعجاز اثر پائی، کبھی خطا نہیں ہوئی، بعض مریض جن کے سر مثل بڑے تربوز کے متورم ہوئے تھے سر اور آنکھیں نظر نہیں آتی تھیں اس کے استعمال سے فوراً فائدہ ہوا۔ میرے پاس ماشری کے مریض خواہ ابتداء میں آئیں ہرگز فصد نہیں کراتے۔ بفضلہ تعالیٰ اس کے استعمال سے فورا مریض روبہ صحت ہونے لگتا ہے اور ایک دو یوم میں صحت کلی حاصل ہو جاتی ہے، جملہ ناظرین کو یہ دواء آزمانی چاہیے۔

نسخہ: برگ خراش جس کو فارسی میں گز اور عربی میں طرف کہتے ہیں ایک بہت بڑا درخت ہوتا ہے، جس کے پتلے پتلے لمبے سیوں کے مانند گچھے گچھے ہوتے ہیں، ان پتوں کو باریک

باریک کاٹ کر پتھر کی کونڈے میں پانی کا چھینٹا دے دے کر خوب گھٹوائیں تا کہ نہایت باریک لیپ ہو جائے، تمام پیشانی منہ اور سر پر اور آنکھوں پر لیپ لگاتے ہی مریض کو تسکین ہو جاتی ہے اور اشتداد مرض رک جاتا ہے اور ضماد سے قبل روغن گل سے چرپ کریں تو بہتر ہے۔ تبرید کے لیے آب نقوع، تمر ہندی و آلو بخارا کشنیز یا شیرہ لعاب بہدانہ مغز تخم ہندوانہ شربت عناب نیلوفر دیں۔ غذا مناسب۔ برائے بعض دواؤں میں قدرت بزداں کے مخفی راز انسان کو محو حیرت کر دیتے ہیں۔ اس دوا نے بعض معرکہ الاراء علاجوں میں مجھے کامیابی بخشی، اب ماشرا کا علاج اس مفرد دوا سے کیا کرتا ہے، بفضلہ تعالیٰ ہمیشہ کامیابی ہوئی ہے۔ (ز)

اکسیر ماشرہ و حمرہ و نملہ مجرب بلا تخلف:

خاص الخاص اور اطمینانی نسخہ: طباشیر، تخم خیارین، تخم خرفہ گیرو، کشنیز خشک، ہر ایک ۳ ماشہ، صندل سرخ ۱ ماشہ، نشاستہ ایک ماشہ، کافور ۴ رتی، زعفران ۲ چاول پانی میں گھونٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں اور دن میں ۳ بار شربت انار کے ساتھ ایک ایک گولی استعمال کریں۔ نیز صندل سرخ، گیرو کشنیز خشک مساوی الوزن عرق کاسنی میں گھونٹ لیپ کریں۔ انشاء اللہ ایک ہی دن میں آرام ہوگا۔ (ز)

* * *

متفرقات

برائے پیوند استخواں شکستہ ہر عضو و رفع درد و کوفت:

افیون یک جزو، زنجبیل سہ جزو دنبہ گوسفند ۲۴ جز ہر سہ را خوب میدہ کردہ کہ یک جان گردد، ہر روز صبح در آفتاب یا صندلی دست خود را گرم کردہ۔ دواب آب برداشتہ مقام ماؤف در روزہ وشب چند دفعہ خوب مالش دادہ باشند تا چند روز نہایت مجرب است۔ (از امیر محمد خاں آقا۔ ز)

کپڑے دھونے کا صابن بنانا:

سوڈا کاسٹک ے والا ایک پاؤ لے کر تین پاؤ پانی میں حل کریں۔ پھر میٹھا تیل ایک سیر ڈال کر حل کریں، جب یہ اچھی طرح حل ہو جائے تو اس میں تھوڑا تھوڑا آٹے کا میدہ ڈال کر ہلاتے جائیں۔ اتنے مصالحہ کے لیے ایک چھٹانک میدہ کافی ہے۔ جب ذرا گاڑھا ہو جائے تو کسی چوڑے برتن میں ڈال کر پھیلا دیں جب بالکل سرد ہو جائے تو چاقو سے ٹکیاں بنا دیں۔ اس حساب سے جتنا چاہیں تیار کر لیں۔ مگر اتنا خیال رہے کہ ان چیزوں کو ہاتھ سے حل نہ کیا جائے۔ (ز)

بالصفا (بال اڑانے کا صابن)

انگریزی صابون کا چورہ ایک سیر، بیریم سلفائیڈ نصف سیر ملا کر تھوڑا سا پانی ملا کر خوب گھوٹ لیں کہ لسی سی بن جائے، اگر زیادہ نرم ہو جائے تو تھوڑا سا سفیدہ کاشغری ملا لیں اور ٹکیہ بنا کر فروخت کریں مگر زیادہ پرانا کام نہیں آتا۔ (ز)

اگر بتی:

برادہ صندل ۶ ماشہ، لوبان کوڈیہ ۶ ماشہ، گوگل اصلی ۶ ماشہ، آک یا کپاس کی لکڑی کا

کوئلہ ۶ ماشہ سب کو دودھ میں کھرل کریں اتنا پتلا ہو کہ اس میں بتی ڈوب جائیں اس کو ڈبو کر دھوپ میں رکھ لیں۔ اس طرح دوبارہ سہ بارہ کریں۔ جتنی بھی بتی کی ضرورت ہو استعمال کریں۔ اعلیٰ درجہ کی خوشبودار بتی تیار ہوگی۔ (ز)

دوا جالینوس برائے گزیدگی سگ دیوانہ:

سرطان محرق ۲ تولہ، کندر ۱ تولہ، نبات سفید ۱ تولہ، کوٹ چھان کر سفوف۔

خوراک: ۳ ماشہ صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ۔ دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے کے لیے جالینوس کی کامل دوا ہے۔ (ز)

سگ گزیدہ:

گوش خر دندان سگ کی ضرب المثل ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں جو عام طور پر سمجھا جاتا ہے بلکہ دراصل اس کا مطلب یہ ہے کہ گدھے کا کان کتوں کے زہر کا دافع ہے۔ طریق استعمال یوں ہے کہ روز دو ماشہ کے اندازے سے گدھے کا کان کاٹا جائے اور ایک تولہ گڑ میں خوب کوٹ کر ہر دو وقت سگ گزیدہ کو کھلا دیا جائے۔ (ز)

طرفہ کہنہ:

کندر سائیدہ ۱۰ ماشہ، نوشادر ۱ ماشہ، نمک لاہوری ۱ ماشہ، پانی میں حل کر کے لگائیں۔ (ز)

بچھو کا کاٹا:

سی ٹی آئل (روغن دارچینی) لگاتا یا کافور ۳۰ ڈرام، کاربالک ایسڈ (۱) ڈرام لگائیں۔ (ز)

سگ دیوانہ:

سرطان نہری محرق ۱۰ تولہ، کندر ۱۰ تولہ۔ سفوف بنا لیں۔

خوراک: ۲ ماشہ۔ سرخ مرچ کا پلستر باندھنا نافع ہے۔ انگریزی علاج ٹیکہ لگوانا ہے۔ (ز)

ریش سیاہ کردن:

انار پوست ۶ مثقال، وسمہ دوازدہ مثقال، ہلیلہ زردہ ۳ مثقال، سرکہ ۱۴ مثقال، آملہ ۳

مثقال (ہیرا سیس ۳ مثقال، شیر گاؤ ۲ مثقال۔ ایں ہمہ ادویہ اور ظرف نحاس انداختہ وسر آں را محکم بند کردہ باز در سرگین دفن کردہ تا مدت چہل روز۔

بعد ازاں بیرون نمودہ در شیشہ بنگاہ دارید، ریش رشتہ ایں ادویہ را قدرے بر ریش بمالد ودرد بن خود برنج یا شیر بگیرد تا کہ دندانش سیاہ نہ گردو۔ (ز)

لوہا گلانا:

ناقوس (سنکھ) سہاگہ خام، سنکھیاں، لک مغسول، لودھ پٹھانی ہم وزن لے کر نہایت باریک سفوف بنالیں۔ اب لوہے کو خوب چرخ دیں۔ جب نرم ہونے لگے تو اس دوا کی چٹکی مارے۔ لوہا پانی کی طرح بہہ جائے گا۔ (ز)

جوارش حافظ الصحت:

جو عالی جناب حکیم امام الدین صاحب پاک پٹنی، مؤلف مخزن اکسیر کا بہترین نسخہ ہے، جس کی کئی سو اطباء کرام نے ہزار ہا مریضوں پر آزمائش کے بعد تصدیقات فرمائی ہیں۔

نسخہ یہ ہے: تخم داھتورہ سفید ۱۳ تولہ، جائفل ۲ تولہ، مگھاں ۲ تولہ، لوبان ۲ تولہ، رزیانہ (سونف) ۲ تولہ، دارچینی ۲ تولہ، علک رومی (مصطگی) ۲ تولہ، مشک خالص ۱ تولہ، شہد سہ چند ادویہ مشک خالص اگر دستیاب نہ ہو تو قرنفل ۱ تولہ بسباسہ (جاوتری) ۱ تولہ کو شامل کیا جائے تو بھی نسخہ ہذا کو تیار کر کے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک پیس کر شہد کے قوام میں ملا کر حسب دستور معجون بنالیں اور چالیس یوم تک چینی کے برتن میں بند کر کے غلہ گندم میں دفن کر دیں۔ بعدہٗ استعمال کریں۔ علاوہ ازیں یہ جس قدر پرانی ہوگی اتنی ہی مفید ہوگی اور اگر کم از کم ایک سال کی تیار کردہ ہوگی تو از حد مفید ہوگی۔

ترکیب استعمال: بقدر ایک سے ۲ رتی تک ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسب۔

فوائد: مالیخولیا، بے خوابی، دردسر، شقیقہ وعصابہ سدر دوار، صرع، ضعف معدہ، ضعف

بصر، رمد (آشوب چشم) ضیق النفس، دمہ، پرانی کھانسی، نفث الدم کثرت آروغ ترش (کھٹے ڈکاریں بکثرت آنا) غثیاں ترشی، معدہ، نزلہ، زکام دائمی، خارش، کثرت لعاب دہن، دردِ دندان، ورم لوزتین، بحۃ الصوت، وجع المفاصل، درد اعصاب، سلسل البول، ذیابیطس، استسقاء، سرعت ورقت جریان، احتلام، ذکاوت حس، درد گردہ، عقر پرسوت زنان اور تپ ہر قسم کے لیے ایک تریاق کامل ہے۔ علاوہ ازیں امراض باردہ مایوسہ کے لیے نہایت ہی اکسیری اور کامیاب ترین حکمی اور سریع الاثر دوا ہے۔ (ز)

* * *

اقوال حکماء

(۱) اگر بخار کو بار بار لوٹتے دیکھو اور یہ حالت قائم رہے تو جگر کی اصلاح کی طرف توجہ کرو۔ (حکیم اجمل خاں)

(۲) دن کو کھانے کے بعد ذرا سو رہنا بہ نسبت کسی مفید دوا پینے کے بہت اور مفید تر ہے۔ (ابو سہل مسیحی)

(۳) جن عورتوں کو ولادت کے بعد دنوں تک بخار رہنے لگے انہیں اکثر ایسی دواؤں کی ضرورت ہوتی ہے جو ان کے رحم کے اورام کو زائل کر دیں، ورنہ دونوں میں مبتلا ہو جائیں گی۔ (حکیم اجمل خاں)

(۴) ملینات اور مقویات ایک وقت میں نہ دو۔ ورنہ مقویات بے کار ہو جائیں گی۔ (حکیم اجمل خاں)

(۵) امتلائے معدہ کے ساتھ جب کسی کے حواس مکدر ہو جائیں اور وہ متحیر اور مبہوت ہو جائے تو صرع کی پیش گوئی کر دو اور جلد بتدریج حقنہ کرو۔ (حکیم اجمل خاں)

ا:۔ بتدریج حقنہ کرنے سے مراد یہ ہے کہ پہلے خفیف حقنہ کیا جائے، پھر آہستہ آہستہ تیز حقنہ کی طرف رجوع کیا جائے۔ (ز)

شناخت مشک:

نافے میں سے چند دانے مشک کے نکال کر پانی میں ڈال دیں۔ اگر یہ دانیں جوں کے

توں قائم رہیں تو مشک خالص ہے اور اگر پانی میں گل جائیں تو ناقص یا نقلی ہے، مشک کا بدل دوگنا عنبر اور ڈیوڑھا ساذج ہندی ہے اور اعصابی امراض میں مشک کے بجائے تین گنا جند بید ستر استعمال کیا جا سکتا ہے اور بعض مرزنجوش کو بھی مشک کا نعم البدل بتلاتے ہیں۔

مشک کا بہترین نسخہ:

مشک، زعفران، ست سلاجیت، جدوار مساوی الوزن لے کر سرمہ کی طرح باریک پیس کر کیوڑہ یا پانی میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں، چائے یا دودھ سے صبح سردی کے موسم میں استعمال کریں، بے حد مفید ہے۔

فوائد: دل و دماغ کو اور تمام اعضائے رئیسہ کو قوت دیتا ہے اور طبیعت میں فرحت پیدا کرتا ہے اور حرارت غریزی بڑھاتا ہے۔ فالج، لقوہ، رعشہ، نسیان، خفقان، جنون اور مرگی کے لیے مفید ہے۔

تریاق سم الفار:

خواہ اس کا اثر جسم میں پھیل چکا ہو۔ ایک ماشہ سے پانچ ماشہ تک زنگار کی گولی پانی سے نگل لیں۔ سب سم اکٹھا ہو کر قے کے ذریعہ خارج ہو کر صحت ہوگی۔

تریاق سم الفار:

ہم وزن سم کے سب سفید خام پیس کر پھنکا دیں۔ سم ہضم ہو کر کچھ ضرر نہ دے گا بلکہ طاقت دے گا۔ (ز)

عقد سیماب:

پارہ ایک تولہ کہ ۲۰ تولہ حرمل بوٹی کے تازہ عرق میں کھرل کریں، پارہ مسکہ ہو کر گرہ بن جائے گی۔ (ز) حکیم رحمت علی خان صاحب۔

ماء الحیات:

سہاگہ اصلی، روغن گاؤ، شہد اصلی طرح کریں کشتہ زندہ ہوگا۔ (ز)

سونے کے مابہ الامتیاز صفات:

سونے کے ورق کو اگر سورج کی روشنی میں رکھ کر دیکھیں تو وہ سرخ نظر آتا ہے اور اگر اسے دو شیشوں کے درمیان رکھ کر سورج کے سامنے دیکھیں تو ہرا نظر آتا ہے، مذاب شدہ سونے کو جب الٹ دیا جائے تو سرد ہونے پر اس کی بالائی سطح بتاشے کی طرح محدب ہوجاتی ہے۔ سونے کو جب چرخ دیا جائے تو بائیں سے دائیں طرف چکر کھاتا ہے۔

شمس بے نقص بنالو:

الحکیم ماہ اپریل ۱۹۳۵ء کے صفحہ ۴۹ میں جو سوال کے ماتحت ۲۹۹ منجانب خریدار ۷۵۳ شائع ہوا ہے اس کو بنا کر دیکھا تو واقعی شمس ہو تو گیا مگر نقص باقی رہا، بعدازاں اس شمس کو بچھیا کے پیشاب میں ایک گھنٹہ تک پکایا تو نقص دور ہوگیا۔ اس لیے صاحب نسخہ بھی اسی طرح بنا کر ”الحکیم“ کے ذریعہ مطلع کریں۔ (بابت ماہ جون ۱۹۳۵ء۔ز)

سفوف برائے گزیدن سگ دیوانہ کم قیمت کثیر المنفعت:

شونیز یعنی کلونجی، جنطیانا یعنی پکھان بید ہر دو مساوی الوزن۔ ان کا سفوف تیار کر کے بوتل میں رکھ لیں۔ سگ گزیدہ کو کہ اچھی پانی سے ڈرتا اور رال گراتا نہ ہو ۹ ماشہ صبح ۹ ماشہ شام کو کھلایا کریں اور ۶۰ روز تک اس کو جاری رکھیں۔ (سالانہ اشاعت خاص نومبر ۱۹۳۳ء۔ز)

اصلاح وتدبیر لاکھ:

اس کو صاف اس طرح کیا جاتا ہے اس کو خس وخاشاک سے پاک کر کے پیس لیں اور اس پر ریوند چینی کا جوشاندہ صاف کر کے تھوڑا ڈالیں اور حل کرتے رہیں، پھر اس کو ریشمی کپڑے سے چھان لیں، جو کپڑے میں رہ جائے پھر اس کو ریوند چینی کے پانی میں حل کر کے اعادہ عمل کریں تاکہ تمام کپڑے سے نکل جائے۔ اس پانی کو ٹھہرا کر رکھ دیں، لاکھ مصفی تہ نشین ہوجائے گا پانی گرا کر لاکھ کو خشک کر لیں اور استعمال کریں۔ (ز)

افیون خوردہ کو ہوش میں لانا اور دفع سمیت کے لیے:

مغز بنولہ کو پانی میں پیس کر شیرہ نکال کر پلائیں فوراً فائدہ ہوگا۔ (ز)

امرت دھارا، قطرات حیات، اکسیر زندگی، آب حیات وغیرہ:

۱۔ گندھک آملہ سار ۳ ماشہ، پارہ مصفی ۳ ماشہ، خوب عمدہ کھجلی کریں، پھر اس میں کافور ۲ تولہ، پیپرمنٹ کرسٹل تولہ، ٹنکچر کمفر کمپونڈ تولہ، کرسٹل کاربالک ایسڈ تولہ، زعفران کشمیری ۳ ماشہ، ست اجوائن (تھائمول) تولہ ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب سب اشیاء روغن ہو جائیں، تو محفوظ رکھیں۔ اکلا وطلاء تقریباً تمام امراض میں از حد مفید ہے۔

خوراک: ا قطرہ سے ۳ قطرہ۔

۲۔ منتھال ایک اونس، تھائی مول ایک اونس، کمپونڈ ایک اونس، کاربالک ایسڈ ۴ ڈرام ملا کر محفوظ رکھیں۔

خوراک: ا سے ۳ منم۔ (ز)

ترک افیون:

حب شفاء کے نسخے میں ڈیڑھ تولہ کے حساب سے ا ماشہ سنکھیاں سفید شامل کر کے سحق کریں اور دو سو گولیاں بنائیں۔ افیون کھانے سے ایک ساعت پہلے ایک گولی کھلائیں، پھر مقررہ خوراک افیون سے نصف مقدار میں افیون کھلائیں اسی طرح افیون کو کم کرتے جائیں۔ جب افیون کی عادت چھوٹ جائے تو پھر ایک ایک دن پھر دو دو دن کا ناغہ کر کے یہ گولیاں کھانی بھی چھوڑ دیں۔ یک لخت نہیں چھوڑنی چاہیے، ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ (ز)

ترک منشیات:

مریض کی گردن کے پیچھے ایمپلاسٹر آف کنتھریڈس (۲×۱) کا ٹکڑا بوقت خفتن لگا کر پٹی سے چت رکھیں، صبح تک آبلہ اٹھ جائے گا۔ اب ایک جلدی پچکاری میں لے کر مریض کو اس کا ٹیکہ کر دیں۔ دو سی سی سے زیادہ کا ٹیکہ نہ کرنا چاہیے اور ہفتہ میں دوبارہ ۲ سی سی کے تین ٹیکے عادت منشیات کو ترک کرانے میں نہایت مؤثر ثابت ہوئے ہیں، ایسے مریضوں کے لیے یہ جدید ترین معالجہ ہے۔ (ز)

دبیر شنگرف:

شنگرف رومی تولہ، گل عشر نا شگفتہ ۵ تولہ، شنگرف کو کھرل میں ڈال کر ایک ایک پھول شامل کرتے جائیں اور سحق کرتے رہیں، جب تمام ختم ہو جائے تو ایک روز کامل سحق کر کے محفوظ رکھیں۔

خوراک: برنج برابر۔

فوائد: مقوی باہ مشتہی اور ممسک، سنگرہنی اور دمہ کے لیے عجیب شئ ہے۔ (ز)

خضاب

وسمہ ۲۰ ل، آملہ ۲۸ ل، ہلیلہ ۲۸ ل، پوست انار ترش ۲۸ ل، سرکہ ۳۵۰ ل، شیرہ ۳۵۰ ل، سہ جز وادے را کوفتہ در سرکہ و شیر بجوشانند، بعدہ زیر خاک دفن کردہ تا یک ماہ بگذارند وپس ازاں ریش راب آں خضاب کردہ وقدرے برنج در دہن نگہدارند بعد از ساتے برنج از دہن بیرون اندزند۔ (میر محمد علی آقا۔ ز)

خضاب کہ بال عمر بھر سیاہ ہو جائیں:

بیخ وسمہ یک پاؤ، بیخ درخت انار یک پاؤ، بیخ بادیاں یک پاؤ، در یک سیر آب جوش دادہ شود۔ ایں قدر جوش دادہ شود کہ یک بوتل آب بماند۔ صاف کردہ بعد ازاں نیم خورد برادہ آہن در آں بوتل انداختہ۔ سرش محکم بہ کاک بند کردہ۔ در سرگین یا لب آب رواں پانزدہ روز دفن نمودہ کشیدہ۔ بذریعہ برش استعمال نمایند۔ مگر در وقت استعمال مقناطیس در دہن گرفتہ و دہن را از برنج پر کردہ باشد احتیاط کردہ باشد کہ دوا بدندان نرسد۔ (ز)

خضاب:

مازو سبز، ہیرا کسیس، برادہ آہن، مغز آنبہ، ثمر ببول، پوست گاجر، مساوی الوزن لے کر کوٹ کر ایک لوہے کے برتن میں روغن کنجد اتنا ڈالیں کہ ادویہ سے ۶ انگشت اوپر رہے، پھر چالیس دن تک زمین میں دفن رکھیں۔ بعد ازاں نکال کر چھان کر محفوظ رکھیں اور قدرے عطر چنبیلی بغر چنبیلی ملا کر بالوں پر کنگھی سے لائیں۔ بالوں کو سیاہ فام کرتا ہے۔ (من الاسرار۔ ز)

بالسف خوری

نو خضاب:

پر ہائیڈریٹ ودا فینی لیں، ڈایامین سائفتہ جرمن دو دو رتی پانی میں گھول کر بالوں پر

ی بک فوز ایاد ہوں گے ہمیں نسخہ جات چھپانے کی قطعاً عادت نہیں، ہم نے یہ نسخہ معقول

ہیں دے کر یکھا تھا۔ (حکیم ڈاکٹر سید علی اکبر آزاد صاحب۔ ز)

دوانع شیب غیر طبعی:

پیلوکارپین نائٹریٹ ۲ گرین، کونین سلفیٹ ۳ گرین، ٹنکچر آف کیپیکیم ایک ڈرام، گلیسرین ۲۰ منم، واٹر ایک اونس ملا کر کنگھی سے بالوں پر لگائیں۔ اس سے جن لوگوں کے بال جلد سفید ہو رہے ہوں ان کو بہت فائدہ ہوتا ہے اور بال سفید ہونے سے رک جاتے ہیں۔

نکتہ: اگر مریض خنازیر چنبل استسقاء سرطان را سرخ بادہ پیدا شود، عموماً خنازیر و چنبل واستسقاء سرطان خود بخود از یں ہا نجات می باید۔ (ز)

مارگزیدہ:

اول اس جگہ پر جہاں سانپ نے کاٹا ہے باریک شگاف دے کر اس میں سے چند قطرے خون نکلا دیا جائے، اور اس شگاف میں پوٹاسیم پرمیگناس پانی میں ڈال کر بہت خفیف سا پانی بنا کر بالکل قطرہ ۲ قطرہ ڈال کر بھر دیا جائے اور لائیکوار ایمونیا فورٹ یا ایمونیا کاربو ناس سنگھا دیا جائے۔ جب اچھی چھینکیں آنے لگیں سنگھانا بند کر دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا، بارہا کا مجرب ہے۔ (ز)

مارگزیدہ:

مارگزیدہ زہر خوردہ افیون خوردہ کے لیے کشتہ سنگھ کھلائیں۔ (ز)

مارگزیدہ عجائب:

روغن سرسوں ۲ تولہ عرق لیموں ۱ تولہ ملا کر پلائیں۔ حلق سے اترنے کی دیر ہے کہ فوراً زہر اتر جاتا ہے۔ (ز)

گودم گزیدہ:

مقام نیش پر موم خالص کی دھونی دیں۔ فوراً مؤثر ہے۔ (ز)

برائے عقرب زدہ:

سب سے زیادہ مفید نسخہ جو دن رات میرے عمل و استعمال میں رہتا ہے کہ جہاں بچھو نے ڈنک مارا ہو وہاں پر اور اس کے چاروں طرف لائیکوارا یمونیا فورٹ (یہ دوا انگریزی دوا فروشوں سے ہر جگہ مل سکتی ہے) پھریری کے ذریعہ لگا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ زہر اتر جائے گا اگر پوری طرح نہ اترے تو تھوڑا سا سنگھا دیں اور جب تک چھینک نہ آئے متعدد مرتبہ سنگھائیں۔ بعد چھینک آنے کے یقیناً اثر جاتا رہتا ہے، پھر نہ سنگھایا جائے۔ یہ تیز دوا ہے، اس سے دماغ بہت جلد متاثر ہوتا ہے اس لیے احتیاط سے سنگھانی چاہیے۔ (ز)

برائے عقرب زدہ:

معمولی کھانے کا نمک پیس کر پانی میں گھول لیں جس شخص کو بچھو نے کاٹا ہو اس ترکیب سے اس کی آنکھ میں ڈالیں اگر جسم کے داہنے حصے میں کسی جگہ کاٹا ہو تو بائیں آنکھ میں اور اگر بائیں حصہ میں کاٹا ہو تو داہنی آنکھ میں ڈالیں۔ مگر اس شخص کو بتایا نہ جائے۔ دوسری ترکیب نمک کے ذریعہ سے بچھو کے زہر کا اثر دور کرنے کا یہ ہے کہ نمک کو پتھر یا سل وغیرہ پر چھوٹی بٹیا سے اتنی دیر تک پیسیں یا رگڑیں کہ اس میں لیس پیدا ہو جائے پھر موضع ماؤف پر لگائیں۔ (ز)

برائے عقرب زدہ:

چڑ چڑہ یا لٹ زیرہ (خارواژ گون، پٹھکنڈا) ایک خورد نبات ہے، اس کے پھل پتے وغیرہ پیس کر لگانے سے بچھو کا اثر فوراً زائل ہو جاتا ہے۔ بیان کیا جاتا ہے کہ اگر چڑچٹے کی جڑ ہاتھ میں لی جائے تو بچھو کے ڈنگ کا اثر نہیں ہوتا ہے۔ (ز)

حبوب گولی پارہ قائم النار:

(۱) اتسی سیاہ کا عرق ۱۰ تولہ لے کر پارہ ۲ تولہ کو اس میں کھرل کریں پارہ بشکل مسکہ ہو جائے گا۔ اس کے بعد لیموں کاغذی کے عرق میں ڈال کر گرہ ہو کر سخت ہوگا۔

(۲) اس طرح دھتورہ سیاہ کے عرق میں ڈالنے سے گولی بن جائے گی۔ اگر اس کو پھونک لیا جائے تو اکسیری خواص کے حامل ہیں۔ (حکیم اکبر حسین صاحب)

حب سم الفار:

سم الفار بلوری ۶ ماشہ، کتھ سفید ۳ ماشہ، افیون ۳ ماشہ، مشک خالص ا ماشہ عنبر اشہب ارتی، کافور بھیم سینی ا ماشہ، کچلہ مدبر ا ماشہ، زعفران ۶ ماشہ، مالکنگنی ا تولہ، مغز بلادر سفید ا تولہ، عاقر قرحا ا تولہ، سم الفار کو ہمراہ آب لیموں کاغذی ۶ تولہ، آب ادرک تازہ ۶ تولہ، میں کچلہ مدبر کو عرق کیوڑہ قسم اعلی ۶ تولہ میں مغز بلادر اور عاقر قرحا کو آب پیاز ۳ تولہ، آب لہسن ۳ تولہ اور باقی ادویہ کو شراب وسکی ۶ تولہ میں حل کر کے تمام ادویہ کو باہم آمیز کر کے حبوب قدر مونگ تیار کریں اور بند شیشی میں رکھ دیا جائے۔ ہمراہ ماء اللحم محلول ۶ تولہ بہ زردہ مرغ ۲ تولہ، نبات سفید حسب ذائقہ استعمال کریں اور گاہ بگاہ شیر گاؤ بر وغن زرد داغ کردہ بھی دینا چاہیے تا کہ یبوست کا اندیشہ کم سے کم ہو سکے۔

روغن سم الفار:

ترکیب روغن سم الفار: شیر گاؤ میش ایک سیر، زعفران خالص، سم الفار ہر ایک ایک تولہ دونوں کو الگ الگ کھرل میں ڈال کر باریک کریں اور شیر گاؤ میں ملا کر جوش دیں پھر ضامن لگا کر جمادیں اور بطریق معروف مکھن نکال لیں، یہی روغن سم الفار ہے۔ (ز)

"زیوت" گندھک کا تیل:

لیجئے سیروں گندھک کا تیل کریں۔ گندھک آملہ سار کو ہم وزن کاسٹک سوڈا کے ساتھ ۲ گھنٹے کھرل کریں پھر تین گھنٹے تک چھوڑ دیں، تمام گندھک تیل ہو کر اوپر آ جائے گی، سائفین سے روغن کو علیحدہ کر لیں۔ نہ جمتا ہے نہ خراب ہوتا ہے، خالص گندھک کا سرخ روغن ہوتا ہے۔ (از ڈاکٹر عبدالحمید چغتائی۔ ز)

طریق کشید روغن جمال گوٹہ و دیگر مغزیات:

مغز جمالگوٹہ کوٹ کپڑے میں پوٹلی باندھ کر گرم طباق پر رکھیں اور دباؤ دے کر روغن نکالیں۔ (ز)

امرات دھارا:

کافور ۱ تولہ، ست اجوائن ۱ تولہ، ست بادیاں ۶ ماشہ، پودینہ ۶ ماشہ، لیمون ۶ ماشہ، روغن دارچینی ۶ ماشہ، روغن صندل ۳ ماشہ، پیپرمنٹ ۲ ماشہ، پین کلر ۴ قطرہ، کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ، سب کو شیشی میں ڈال کر حل کر لیں۔ (ب)

جواہر مہرہ:

لعل ۴ ماشہ، یاقوت سرخ ۴ ماشہ، یاقوت کبود ۴ ماشہ، یاقوت زردم مکد ۴ ماشہ، بسوار ۲ ماشہ، عقیق یمنی ۱ ماشہ، یشب ۱ ماشہ، ورق طلاء ۱ ماشہ، جدار ۱، مروارید ۱ ماشہ، فیروزہ ۱، بیخ سرخ کہربا سرخ، کافور ۴ ماشہ جو، مومیائی ۲ ماشبسرخ، افیون ۱ سرخ، قرص افعی ۶ ماشہ، زمرد زروم ہمہ نارجیل بحری ۳ ماشہ، لاجورد ۳ ماشہ، فادزہر ۶ ماشہ، عنبر اشہب سرخ، ورق نقرہ ۶ اجزاء در کھرل سماج با عرق گلاب عمدہ سحق بلیغ نمودہ، با صمغ عربی مہرہ و بورق طلا خشک نمایند۔

خوراک: از دو خوراک تا چہار سرخ۔ (ب)

ایضاً:

مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، عنبر اشہب ۳ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، بسر ۴ ماشہ، یشب عقیق سرخ، انارجیل، دریائی زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ، یاقوت سرخ ۲ ماشہ، یاقوت زرد ۲ ماشہ، در عرق گلاب سحق بلیغ نمودہ حب بقدر نمود سازند۔ (ب)

چورن: (از حکیم محمد احمد خورجوی)

گندھک آملہ سار ۶ تولہ، نوشادر قلمی ۶، دار فلفل ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۳ تولہ، زنجبیل ۳، گل آنکھ ۱ تولہ، سہاگہ بریان ۲ تولہ، جوا کھار ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، حلتیت عمدہ ۶، نمک سیاہ ۱۵ تولہ، ست لیمون ۳ تولہ۔

خوراک: ایک ماشہ۔ (ب)

جوہر شفاء:

تھائمول (جوہر یا ست اجوائن تولہ، منتھول (ست پودینہ) تولہ، کافور ۲ تولہ۔ تینوں

کو کھرل کر کے شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں، روغن بن جائے گا۔ فوائد وہی ہیں جو "امرت دھارا" کے ہیں۔

حب ابرام جان: (از رموز الاطباء، مجرب حکیم محمد قاسم صاحب نجمی)

سقمونیا ۱ تولہ، جلاپا ۱ تولہ، ایلوا ۱ تولہ، عصارہ ریوند چینی ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ، زنجبیل ۶ تولہ، مرچی ۶، ۲ رتی کی گولی بنائی جائے۔ خوراک: ایک سے دو گولیاں غذا کے بعد۔ (ب)

حلواء بلادر: (از حکیم محمد قاسم صاحب سورت)

بلادر کو کتر کر گھی میں جلا لیں جب اچھی طرح جل جائے گھی سے بلادر علیحدہ کر لیں اور اسی میں نارجیل ایک سیر پختہ خوب کوٹ کر اسی کے میں قدرے بریان لیٹ بعد پختہ شکر کا گاڑھا قوام بنا لیں۔ خوراک: روزانہ موسم میں ایک تولہ سے دو تولہ تک استعمال کریں۔

فوائد: وجع المفاصل، عرق النسا، وجع الورک، وجع الرکبۃ، درد کمر، ضعف دماغ واعصاب کے لئے بہت مفید ہے۔ (ب)

سفوف ریوند:

برائے یرقان، سدہ جگر، عظم جگر، سوء القنیۃ اور ارتیغض، حمیات مرکبہ میں بیحد مفید ہے، ریوند چینی نوشادر قلمی شور، مساوی الوزن سفوف بنائیں۔

خوراک: تین رتی تک۔

برائے یرقان:

آب برگ ترب سبز، مردن ۱۰ تولہ، شکر سرخ ۴ تولہ، برائے سدہ جگر، شربت بزوری، عظم جگر، عرق مکرہ کے ساتھ برائے اورار عرق۔ بادیان کے ساتھ حمیات کے لیے شربت بنفشہ اور عرق بادیان کے ساتھ۔ اور سوڈا سائٹرس کھانے سے قبل ایک گھنٹہ ایک رتی پانی کے ساتھ۔ (ب)

تدبیر سم الفار:

ایک تولہ سم الفار کی ڈلی کو ململ کی پوٹلی میں باندھ کر دو سیر پختہ چاول کا غسالہ اور دو سیر پختہ

اکاش بیل کے عرق میں (جو کہ دونوں ملے ہوئے ہوں) کسی کڑاہی یا دیگچی میں لٹکا کر ہلکی آنچ پر خشک کریں، کہتے ہیں کہ سمیت زائل ہو جائے گی، ۳ ماشہ تجربہ مرغی کو کھلائیں، زندہ رہے گی، واللہ اعلم۔ (ب)

تدبیر بلادر: (از حکیم محمد قاسم صاحب سورت)

بلادر یک جز، املی دو جزء آمیختہ حبوب نخودی سازند در امراض باردہ حکم اکسیر دارد۔ (ب)

تدبیر جوز مائل:

دارچینی ۱۰ تولہ، جوز بوا تولہ، دار فلفل تولہ، بادیان تولہ، لوبان ۱ تولہ، مصطگی ۳ تولہ، تخم جو زمائل سیاہ ۸ تولہ، زعفران ۱، مشک خالص اور پانچ تولہ شہد میں نخودی حبوب بنائیں اور ایک سال بعد یک گولی استعمال کریں، ہر قسم کے دردسر، ضعف بصر، اور دندان، پرسوت، عقر زنان، سوء القنیہ، استقاء، سلس البول، کثرت احتلام، سرعت انزال، ضیق النفس، وجع المفاصل تپ وبائی کو مفید ہے۔ (ب)

عرق مفرح معتدل:

پوست ہلیلہ ۵ تولہ، پوست بلیلہ ۵ تولہ، پوست آملہ ۵ تولہ، گل سرخ ۵ تولہ، گل گاؤ زبان ۵ تولہ، انیسون ۵ تولہ، دھنیہ مقشر ۳۰ تولہ، ۲ بوتل عرق کشید کریں، عرق گلاب ۱۰ تولہ، عرق کیوڑہ ۱۰ تولہ آخر میں اضافہ کر دیں۔

فوائد: مقوی معدہ و دل، دافع خفقان بواسیر و ریاح باسوری وغیرہ نافع اختناق الرحم۔ اگر معجون بنانا چاہیں تو عرق گلاب و کیوڑہ قند ملا لیں۔ (ب)

مرہم زنبق کا نسخہ:

یوکلیس آئل ۱۴، بہروزہ خشک ۲۰، ویسلین ۵۵، موم سفید ۱۱، رنگ سبز حسب ضرورت۔ (ب)

مفرح عنبری:

صندل ۱ تولہ، آملہ ۱ تولہ، عود ہندی ۱ تولہ، دھنیہ ۱ تولہ، بالچھڑ ۱ تولہ، گل سرخ تولہ، گل

گاؤزبان ۱ تولہ، ابریشم خام مقرض ۱ تولہ، کوفتہ بیختہ بانبات سفید ۲۵ تولہ، در عرق گلاب ۵ تولہ، عرق کیوڑہ ۵ تولہ، مشک ۵ تولہ، عرق عنبر ۵ تولہ، بقوام آوردہ ادویہ آمیختہ، عنبر اشہب ۵، مروارید مسحوق ۹، کہربا شمعی مسحوق ۹، زعفران تولہ، ورق نقرہ ۲۵۵ عدد اضافہ کردہ مفرح تیار سازند۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ۔ (ب)

منضج حار بنسخہ کلاں: (از حکیم محمد مختار حسن خانؒ)

بادیان ۷، بیخ بادیان ۷، بیخ کرفس ۷، بیخ اذخر ۷، بیخ کاسنی ۷، اسطوخودوس ۱۵، اصل السوس مقشر ۵، مویز منقی ۹ دانہ، انجیر زرد ۵ دانہ، شب در آب تر کردہ، صبح صاف کردہ نبات سفید شامل کردہ نبوشند۔ (ب)

ورق سونے کے امتیاز کے لیے:

سونے کے ورق کو اگر سورج کی روشنی میں رکھ کر دیکھیں تو وہ سرخ نظر آتا ہے اور اگر اسے دو شیشوں کے درمیان رکھ کر سورج کے سامنے دیکھیں تو ہرا نظر آئے گا۔

مشک کا بدل دگنا عنبر اور ڈیوڑھا ساذج ہندی اور اعصابی امراض میں تین گنا جند بیدستر اور بعض مزنجوش۔ (ب)

* * *

حبوب

حب اذاراقی:

کچلہ مدبر ۶، عود صلیب ۳، قرنفل ۳، کبابہ ۳، جائفل ۳ کھرل نمودہ حبوب فلفلی ساختہ بعد طعام یک حب یا دو حب بخورند۔

تدبیرہ: در آب جوشاندہ تا سہ روز در شیر تر کردہ، در نان گندم کہ اندرونش از روغن زرد مالیدہ باشند، نہادہ در خاکستر گرم پختہ کردہ برآوردہ بکار برند۔ (ب)

حبوب رسائن:

ماخوذ از طبی صندوقچہ کنز المجربات: قرنفل، جوز الطیب، بسبابہ ۱ درم، فلفل سیاہ ۲ درم، دار فلفل ۲ درم، زنجبیل ۴ درم، بلیلہ ۱۵ درم، بلیلہ ۳۲ درم، آملہ ۶۴ درم، نانخواہ ۲۱ درم، مشک خالص ۱ درم، دارچینی ساذج ہندی ۱ درم، زیرہ کرمانی ۲۶ درم، سیاہ دانہ ۴۰ درم۔ تمام ادویہ کے برابر مصری قوام کر کے معجون بنائیں پھر نخودی حبوب بنائیں۔

حب شوقی: (از ماسٹر عبدالحفیظ، ہیڈ ماسٹر اینگلو، اردو ہائی سکول سورت)

نمک سینڈھا، نمک سنچل، نمک سانبھر، کوکن لون، جواکھار، لونگ، الائچی خورد، باؤبڑنگ، بلیلہ، بلبلہ آنولہ، پیپل سیاہ، اجمود، ہم وزن عرق لیموں میں مٹر کی برابر گولیاں بنالیں۔

خوراک: ایک تا دو گولیاں بعد از غذا صبح و شام۔ (ب)

فوائد: امراض معدہ کے لئے نہایت مجرب ہے، بعد از طعام دی جائے۔ ان ادویہ کو اشعار میں یوں ضبط کیا گیا ہے۔

سیندھا سنچل سانبھر لانا   کونی لون جو کھار ملانا
لونگ الا نچی باؤ بڑنگ   ہڑ بہیڑا آنولہ سنگ
پیپل مرچ اجمود مسلانا   مٹر برابر گولی کھانا
گولی باندھو نیپو سات   کھانا کھالو دن اور رات

حب مراریدی: (ماخوذ الحکیم ماہ فروری ۱۹۳۶ء)

عود، لونگ کباب چینی، تخم خرفہ، فلفل سفید ہر ایک دس ماشہ، تخم بالنگو ۷ ماشہ، فلفل دراز ۳ ماشہ، طل بونہ ۳ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، باریک کر کے روح گلاب میں سرشتہ کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

خوراک: ۴ رتی سے ماشہ تک۔

فوائد: مقوی باہ، منعظ ضعیف اعضاء رئیسہ، میں بیحد مفید ہے، بھوک پیدا کرتی ہے، ہاضم بھی ہے، اعلیٰ درجے کی ممسک اور مجرب ہے۔ (ب)

حب مشکی:

مشک خالص ۵ سرخ، مصطگی رومی ۵، سرخ عنبر اشہب ۳ سرخ، مروارید ناسفتہ ۲ سرخ، ورق طلاء ۵ عدد، ورق نقرہ ۵۵ عدد، افیون ۶ سرخ، ست سلاجیت ۶ سرخ، مومیائی کانی ۲ سرخ، زعفران ۶، مغز بادام شیریں ۹ عدد، باریک پیس کر بقدر مونگ والیاں بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ماء اللحم کے ساتھ دیں۔

فوائد: اعضاء رئیسہ کو قوت دیتی ہے خصوصاً معدہ جگر و باہ گردوں کو نہائی قوت دیتی ہے۔ فالج و لقوہ و کثرت ادرار بول و ذیابیطس بارد میں بارہا تجربہ ہوا ہے۔ (ب)

حبوب مقوی دماغ و اعضاء رئیسہ: (حکیم حبیب اللہ صاحب بنوری)

نمبر ۱: کشتہ مرجان ۳، کشتہ بسد ۳، کشتہ مروارید ۲، کشتہ صدف ۳، کشتہ نقرہ ۳، کشتہ فولاد ۳، کشتہ عقیق ۴، کشتہ سنگ یشب ۳، ورق طلاء ۱۵ عدد۔

نمبر ۲: کستوری ۱، زعفران ۳، عنبر ۲ رتی۔

نمبر ۳: کچلہ مدبر ۳، ثعلب مصری ۶، ستاور ۶، موصلی سیاہ ۶، موصلی سفید ۶، جاوتری ۳، درونج عقربی ۳، عاقر قرحا ۶، جدوار خطائی ۶، شقاقل ۶، کچور ۳۔

نمبر ۴: افیون ۶۔

ترکیب تیاری: نمبر ۳ کی تمام دوائیں سوائے کچلہ کے خوب کوٹ چھان کر کھرل میں روح کیوڑہ اور کچلہ ڈال کر حل کریں بعدازاں کی دوائیں ڈال کر حل کریں اور بعدازاں نمبر ۲ بھی ڈال کر حل کر کے یک ذات کر لیں اور نمبر ۴ افیون کو علیحدہ دوسری کھرل میں روح کیوڑہ ڈال کر حل کر کے ملائیں بعدازاں تمام کو خوب کھرل کریں حتیٰ کہ دو روز میں آدھ پاؤ کم از کم روح کیوڑہ حل کریں۔ جب حبوب بنا کے قول ہو جائے تو بقدر ماش حبوب بنا کر محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال: رات کو ایک گولی ہمراہ شیر آدھ سیر نوش کریں۔

فوائد: جگر و دماغ اور تمام اعضاء رئیسہ کے لیے مقوی و مجرب ہے۔

(ترمیم جناب حکیم محمد قاسم صاحب۔ سورت) کشتہ مرجان اور کشتہ مروارید اور کشتہ صدف تینوں کی جگہ اصلی اشیاء مسحوق کر کے شامل کی جائیں۔ (ب)

حب مومیائی:

مرکی ۴، مصطگی ۴، خولنجان ۴، بہمن سرخ ۴، بہمن سفید ۴، لونگ ۶، دار چینی ۶، لوبان ۶، صمغ عربی ۶، عود ہندی ۶، رب السوس ۶، ابریشم خام ۸، مومیائی تولہ، میعہ سائلہ ۶، روغن بادام ۶، آب کوکنار میں حب نخودی بنائیں۔

حب مومیائی کا نسخہ طبی فارمیا کو پیا (ص: ۹۷) کے حوالہ سے مندرجہ ذیل وزن کے ساتھ ہے: مرکی، مصطگی و خولنجان تین تین ماشہ اور بعد کی دوائیں آبریشم تک ہر ایک ۶ ماشہ اور مومیائی اور میعہ سائلہ ۴، ۴ ماشہ حبوب نخودی بنائیں۔

فوائد: مقوی اعضاء رئیسہ، مجامعت کے بعد اگر استعمال کریں تو کمزوری محسوس نہ ہو۔ ایک اور جگہ بیاض کبیر سے حب مومیائی کا نسخہ یوں درج ہے: تمام ادویہ نسخہ اول کے مطابق البتہ میعہ سائلہ کا وزن تولہ لکھا ہے اور روغن بادام ۶ ماشہ میں چرب کر کے آب کنار سے گولی

خمیرہ جات

خمیرہ آبریشم اختراعی: عطیہ حکیم محمد قاسم صاحب سورتی

ابریشم مقرض ۴۶ تولہ، برادہ صندل سفید، صندل سرخ، بالچھڑ، پوست ترنج، قرنفل، الائچی خورد، سازج اشنہ، بادرنجبویہ، تخم خرفہ، زرشک، دھنیہ، برگ گاؤزبان، گل گاؤزبان، گل سرخ زرنب، زرنباد، ریوند چینی مرزکرش، اسارون، اذخر، بادیان، سعد کوفی درونج عقربی، دارچینی، کبابہ، بہمن سرخ بہمن سفید، اسگندر، تودری، تودری گلابی، بسباسہ، جوز بوا، برگ فرنجمشک، تخم کرفس، سوم لتا، تخم کاہو سفید، اسطوخودوس، برگ برہمی، سنکھاہولی ہر ایک ۶ ماشہ، برگ پان بنگلہ ۷ عدد، آملہ خشک ۱۰ تولہ، چوب چینی ۵ تولہ، رب سیب تولہ، رب بہی ۱۰ تولہ، عرق گلاب ۱۰ تولہ، عرق کیوڑہ ۲۰ تولہ، آب دریا ۳ رطل، شکر ۴ رطل، شہد ۳۰ تولہ، مروارید تولہ، یاقوت ۹، کہربا ۶، مرجان ۶، یشب ۶، جدوار ۶، عود صلیب ۶، عود غرقی ۶، زعفران تولہ ۷، مصطگی ۶، عنبر ۹، مشک ۹۔

خوراک: ۳ ماشہ۔ (ب)

ازمجربات حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانویؒ

خمیرہ گاؤزبان: (منقول از ''النور'' ماہ ذی قعدہ ۱۳۵۷ھ)

سازج ہندی ۶ ماشہ، برگ بادرنجبویہ، برگ گاؤزبان، گل گاؤزبان ایک ایک تولہ، کشنیز خشک ۹ ماشہ، گل نیلوفر ۹ ماشہ، آبریشم مقرض تولہ، بہمن سفید ۹ ماشہ، صندل سفید تولہ، تخم فرنجمشک تولہ، شب در آب ترکردہ صبح مولیدہ جوشانیدہ، صاف نمودہ، نبات سفید ایک سیر حل کردہ

قوام نمودہ، پوست بیرون پستہ ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، ست گلو ۶ ماشہ، دانہ پپل خورد ۶ ماشہ، صدف صادق محرق ۳ ماشہ، زہر مہرہ خطائی ۳ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ، ورق طلاء ۸ ماشہ، در عرق بید مشک محلول ساختہ قوام سازند۔

اور اگر اس نسخہ میں عنبر مشک مروارید کا اضافہ کردیں تو اکسیر ہو جائے گا۔

فوائد: دل و دماغ کو قوت دیتا ہے، اگر دل کی گرمی زیادہ بڑھ گئی ہو تو اصلی حالت پر اعادہ کرتا ہے۔ گردہ میں حدت آگئی ہو تو اس کو بھی مفید ہے۔ گرم مزاج اور سرد مزاج دونوں کو مفید ہے۔ عورتیں بھی اس کو استعمال کرسکتی ہیں۔ نوعمر بچوں کے لیے عنبر مشک اور صدف نہ ڈالیں۔ (ب)

خمیرہ گاؤزبان: (بیاض مولانا حبیب اللہ صاحب)

گاؤزبان تولہ، آبریشم خام تولہ، کشنیز خشک تولہ، برادہ صندل سفید ۲ تولہ، تخم فرنجمشک ۲ تولہ، بہمن سفید تولہ، تخم بالنگو تولہ، در دو آثار آب ۱۲۰ تولہ، شب تر کردہ صباح بجوشانند، چوں سوئم حصہ بماند، صاف کردہ نبات سفید، انار عسل خالص، مار حسب معمول خمیرہ سازند، ورق نقرہ ۶ ماشہ صبح سازند۔ و اگر تودری سرخ، بہمن سرخ، اسطوخودوس، بادرنجبویہ، جدوار، بو سعیب مکہ تولہ، مروارید ۱، زہر مہرہ خطائی ۱، یاقوت احمر ۱، زمرد ۱، عنبر اشہب ۱، ورق طلاء ۳ زیادہ کنند در تقویت اعضاء رئیسہ خصوصاً دماغ و قلب بے عدیل خواہد۔ (ب)

خمیرہ گاؤزبان عنبری: (از جناب غلام حسین صاحب)

گاؤزبان ۳، گل گاؤزبان تولہ، کشنیز خشک تولہ، آبریشم خام مقرض تولہ، بہمن سفید تولہ، تخم فرنجمشک تولہ، تخم بالنگو تولہ، صندل سفید تولہ، عنبر اشہب ۲، ورق نقرہ تولہ، ورق طلاء ۶۰ عدد، ہر عرق بید مشک ایک پاؤ، قند سفید ایک سیر شہد ایک پاؤ، حسب دستور خمیرہ سازند۔ (ب)

خمیرہ گاؤزبان عنبری: (از قاری محمد یامین صاحب سہارنپوری، جامعہ ڈابھیل سورت)

گاؤزبان ۳ تولہ، گل گاؤزبان ۱ تولہ، آبریشم خام مقرض ۱ تولہ، کشنیز خشک کوفتہ تولہ،

بہمن سفید تولہ، تخم بالنگو تولہ، تخم فرنجمشک تولہ، برادہ صندل سفید تولہ، مصری ۱۱، شہد خالص ۷، طباشیر کبود ۹، عنبر اشہب ۲، در آخر قوام اضافہ نمایند، ورق نقرہ ۳، ورق طلاء ۲۵ عدد۔ (ب)

خمیرہ مروارید: (نسخہ کلاں معمولہ مطب، حکیم محمد قاسم صاحب سورتی)

گل گاؤزبان ۲ تولہ، تخم خرفہ ۲ تولہ، برگ گاؤزبان ۶، گل سیوتی ۶، تخم کاسنی ۶، دھنیہ کوبیدہ ۶، تخم فرنجمشک ۶، آبریشم خام مقرض ۶، بادرنجبویہ ۶، بہمن سرخ ۶، بہمن سفید ۶، تودری سرخ ۶، تودری سفید ۶، عرق گلاب امارخام، عرق کیوڑہ امارخام، عرق بید مشک امارخام، رب بہی ۲ تولہ، رب سیب ۲ تولہ، رب انار ۲ تولہ، قند سفید امارخام، شہد ۱۵ تولہ، مروارید تولہ، زہر مہرہ ۶، یشب ۶، کہربا ۶، طباشیر ۶، صندل سفید ۶، مرجان ۶، عقیق سرخ ۵، زعفران ۲، ورق نقرہ ۶، ورق طلاء ۱۔ (ب)

جوارش جالینوس:

سنبل الطیب، دانہ الائچی خورد، سلیخہ سیاہ (تج) دارچینی، خولنجان، قرنفل، سعد کوفی، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، قسط شیریں (بحری) عود بلسان، اسارون شامی، تخم مورد، قصب الزریرہ (چرائتہ) شیریں، زعفران اصلی ہر ایک ۲ تولہ ہم وزن، مصطگی ۵ تولہ، قند سفید ہم وزن تمام ادویہ شہد خالص ادویہ سے دوگنا۔

خوراک: ۷ ماشہ بعد طعام۔

تنبیہ: قند سفید مساوی ادویہ، عسل سہ وزن ادویہ، مصطگی ہم وزن یا نصف ہر دوا۔ (قرابادین کبیر ۱/ ۷۳۳) (ب)

دواء المسک معتدل جواہر والی:

زرشک ڈیڑھ تولہ، طباشیر کبود، صندل سفید، صندل سرخ، کشنیز خشک مقشر، گل گاؤزبان، آملہ، تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ، گل سرخ، آبریشم خام مقرض، دارچینی، بہمن سفید، بہمن سرخ، درونج عقربی ہر ایک سات ماشہ، عود ہندی بادرنجبویہ ہر ایک ۵ ماشہ، مصطگی، دانہ الائچی

خورد ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کر ہم وزن سفوف آب سیب شیریں و شہد خالص دو چند وزن سفوف سے قند سفید لے کر قوام بنائیں، بعد ازاں مروارید ۷، کہربا شمعی ۷، عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے قوام میں شامل کریں۔ مشک خالص ۲، عنبر ۲، زعفران ۷، جدا جدا کھرل کر کے قوام میں ملائیں، ورق نقرہ دس ماشہ قوام میں ملائیں۔

خوراک: صبح کو تین ماشہ ۷ ماشہ تک۔ (ب)

لبوب کبیر: بہ نسخہ خاص:

مصطگی رومی ۹، بساسہ ۹، اندر جو شیریں ۹، سنبل الطیب ۹، زعفران ۹، زنجبیل ۹، نارمشک ۹، عود غرقی ۹، تخم فرنجمشک ۹، دار فلفل ۹، سورنجان شیریں، پودینہ خشک، جوز بوا، سعد کونی، ماہی روبیاں، ریگ ماہی، مایہ شتر اعرابی، خشک برادہ قضیب گاؤ ہر ایک یک تولہ، کباب چینی، قرفہ، خولنجان، قرنفل، شقاقل، مصری ہر ایک سوا تولہ، بہمن سفید، بہمن سرخ، بلیون، تودری سرخ، تودری زرد، تودری سفید، دار چینی، بوزیدان، میدہ لکڑی، تخم گزر، تخم شلغم، تخم اسپست، تخم پیاز، تخم گندنا، ہر ایک ڈیڑھ تولہ، تخم ترب، زرنباد، درونج عقربی، مغز حب القرطم، مغز بادام شیریں، مغز فندق، مغز پستہ، مغز حب الفلفل، مغز نارجیل، مغز حبۃ الخضرا، ہر ایک ڈھائی تولہ، مغز اخروٹ تین تولہ، تخم اونٹگن، مغز چلغوزہ، مغز تخم خربزہ، مغز حب الزلم، کنجد مقشر، خشخاص سفید، مغز سر کنجشک نر، مغز پنبہ، دانہ خصیۃ الثعلب ہر ایک ڈھائی تولہ، چورہ ورق نقرہ ۶ ماشہ، چورہ ورق طلاء یک ماشہ (عنبر اشہب ۳، مشک خالص ۳، شہد خالص، چند ادویہ بطریق معروف لبوب سازند۔

نوٹ: بدل قضیب گاؤ زردی بیضہ مرغ در روغن زرد بریان کردو چند آن۔ (ب)

از: طبی فارما کوپیا)

برشعثاء ابوالبرکات: (قرابادین قادری، ص: ۱۴۰)

دار فلفل، دار چینی، جنطیانا، سلیخہ، جند بیدستر، سنبل، فقاح اذخر، راوند طویل ہر ایک ۴

درم، افیون ڈیڑھ اوقیہ، زعفران ۵ درم، انیسون ڈھائی مثقال، فافل سیاہ ڈھائی مثقال، تخم کرفس ۱۵ مثقال، بذرالبنج ۱۵ مثقال، مجیٹھ ڈھائی مثقال، اسارون ڈھائی مثقال، زنجبیل ۷ درم، پودینہ خشک ۷ درم، روغن ملبان یا روغن گل ۱۰ درم، عسل خالص ۴۵۰ مثقال، سب ادویہ جدا جدا کوٹ کر عسل میں گھول کر معجون بنائیں اسے ۳ ماہ جو میں رکھیں۔

خوراک: ایک دانگ سے حبہ تک۔ (ب)

فوائد مختصرہ:

۱:...... صراع بارد ولقوہ کے لیے بقدر ایک رتی۔ آب مرزنوش کے ساتھ سعوط کریں۔

۲:...... امراض حلق کے لیے بقدر ایک رتی، منہ میں رکھ کر لعاب نگلتے رہیں۔

۳:...... پرانی کھانسی و بلغمی کھانسی تازہ کے ایک رتی شیرہ مرزنوش کیساتھ نوش کریں۔

۴:...... وجع الفواد (دردفم معدہ) ودرد امعاء کے لیے بقدر ایک رتی جوشاندہ زیرہ کے ساتھ نوش کریں۔

۵:...... درد جگر بغیر سدہ کے لیے بقدر ایک رتی ماء العسل کیساتھ نوش کریں۔

۶:...... سدہ سے ہو تو بقدر ایک رتی ماء الاصول کے ساتھ نوش کریں۔

۷:...... اسہال کے لیے بقدر ایک رتی ماء ال آس کے ساتھ نوش کریں۔

۸:...... درد گردہ کے لیے، موسم گرما میں دھوپ سے گرم شدہ پانی کے ساتھ نوش فرمائیں۔ اور موسم سرما میں عرق گلاب نیم گرم کے ساتھ۔

۹:...... حمیات لرزہ مع وجع الفواد کے لیے ایک رتی نیم گر پانی کے ساتھ۔

۱۰:...... تپ مرکب کے لیے ایک رتی جوشاندہ انیسون کے ساتھ۔

۱۱:...... زحیر (پیچش) کے لئے ایک رتی، آب اسبغول یا آب نیم گرم کے ساتھ۔

۱۲:...... پتھری کے لئے ایک رتی۔ آب برگ ترب یا آب سدآب کے ساتھ۔

۱۳:...... سہرا (بے خوابی) کے لیے ایک رتی مع جوشاندہ خشخاص۔

۱۴:...... بواسیر کے لیے ایک رتی آب کراث (گندنا) کے ساتھ۔

۱۵:...... ثقل لسان کے لیے ایک رتی آب سماق کے ساتھ۔

۱۶:...... غم و فکر کے لیے ایک رتی آب کاسنی کے ساتھ۔

۱۷:...... ضعف باہ کے لیے ایک رتی آب نخود جوش دادہ کے ساتھ۔

۱۸:...... نقرس کے لیے ایک رتی روزانہ نگلا کریں، ایک گولی۔

۱۹:...... ادرار نفاس کے لیے ایک رتی آب حلبہ (میتھی) کے ساتھ۔

۲۰:...... لوع عقرب کے لیے ایک رتی عسل کے ساتھ۔

۲۱:...... لسع حیہ کے لیے ایک رتی دیں، پھر جب قے ہو جائے تو پھر دیں، بار با دیں حتی کہ قے بند ہو جائے یا مار گر سو جائے یہ علامت صحت ہے۔

۲۲:...... ہر زہر قاتل کے لیے ایک رتی۔ ترکیب بالا۔

۲۳:...... ادرار حیض کے لیے ایک رتی آب سماق کے ساتھ۔

۲۴:...... احتباس حیض کے لیے ایک رتی آب عناب جوشاندہ کے ساتھ مع مویز۔

۲۵:...... قولنج کے لیے ایک رتی اصل السوس کے ساتھ۔

معجون بقراط:

انیسون ۲ تولہ، شبت ۲ تولہ، قرنفل ۳ ماشہ، تخم گلاب ۶ ماشہ، مصطگی ۳ ماشہ، عاقرقرحا ۳ ماشہ، عود غرقی ۳ ماشہ، قند ۶ تولہ، عسل ۶ تولہ۔

خوراک: ۳ ماشہ۔ (ب)

معجون عجیب:

دار فلفل تولہ، جوز بوا تولہ، دارچینی تولہ، بادیان ۲ تولہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، زعفران ۲ تولہ، الائچی خورد ۱ تولہ، ثعلب مصری ۱ تولہ، مشک خالص ۳ تولہ، عنبر اشہب ۲ تولہ، تخم جو زمائل سفید ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر باریک پیس کر سب کو ملا کر سہ چند شہد میں ملا کر معجون بنالیں اور چینی کے برتن میں رکھ کر چالیس روز تک گندم میں دفن رکھیں، جس قدر پرانی ہوگی زیادہ مفید اور سریع الفوائد ہوگی، نئی ہرگز استعمال نہ کریں، مضر ہوگی۔ علاوہ ازیں یہ بھی یاد رہے کہ تمام امراض جو نیچے بیان کئے گئے ہیں ان کے لیے اس حالت میں مفید ہے کہ وہ بارد رطب ہوں۔ گرم مزاج مریضوں کے لیے اور گرم امراض کے لیے مفید نہیں ہے۔

خوراک: ایک رتی سے تین رتی تک مناسب بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں اس میں کوئی کشتہ شامل نہیں، پھر بھی اس قدر سریع الاثر ہے کہ اس کے فوائدہ دیکھتے ہوئے عقل حیران رہ جاتی ہے، مداومت کے لیے ایک چاول سے شروع کریں۔ ہندوستان کے مختلف دواخانوں میں مختلف ناموں سے یہ چیز فروخت ہو رہی ہے۔ مشک و عنبر کا وزن مذکور کوئی نہیں ڈالتا، اگرچہ اصلی وزن یہی ہے۔

اضافہ: اسی نسخہ میں کچلہ مدبر ۶، افیون ۶، اضافہ کیا جائے تو فوائد میں مزید اضافہ ہوگیا۔

فوائد: ہر قسم کے دردسر وشقیقہ، مالیخولیا، سہر صدر، دوار صرع، تاریکی چشم، ضعف بصر، رمد خارش چشم، نزلہ، زکام، استرخا لثہ، لثہ دامیہ، منہ اور دانتوں سے پانی جانا، درد دندان، مسوڑھوں اور حلق کا ورم، بحۃ الصوت، عسر النفس، ضیق النفس، سرفہ مزمنہ، ضعف معدہ، تہوع ہیضہ، شہوت کلبی، ترشی معدہ، سلس البول، بول الفراش، پرسوت، عقر زنان جو کثرت رطوبت مزلقہ رحم سے ہو، وجع المفاصل، اوجاع اعصابیہ وغیرہ وغیرہ کے لیے اکسیر صفت ہے۔ کثرت احتلام، سرعت انزال کو دور کرتی ہے، مقوی باہ اور انتہائی ممسک ہے۔ اس کی مداومت سے بال قبل از وقت سفید نہیں ہوتے۔ جوانی کی محافظ، بوڑھوں کے لیے عصاء کا کام دیتی ہے۔ قدرتی امساک اور قوت باہ اس قدر پیدا ہوتی ہے کہ سوائے اعلیٰ کشتہ جات کے ممکن نہیں ہے۔ گرم مزاج والے موسم سرمیں بہت تھوڑی مقدار میں دودھ کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔

اگر نیم سیر دودھ نیم گرم دو عدد زردی بیضہ مرغ شامل کر کے استعمال کریں، تو دماغ کے لیے بے نظیر ہوگی۔ (راجع بیاض الاطباء، ص:۹۶)(ب)

معجون فرائٹ:

آرد اصل السوس مقشر ۲۸، پوست بلیلہ زرد ۱۴، ستاور ۱۴، فلفل دراز ۷، نمک سنگ ۷، مویز منقیٰ ۷، روغن بادام ۱۶ تولہ، شہد ایک پاؤ، مصری ۱۶ تولہ، پوست آملہ خشک تازہ ا پاؤ، فری ٹ کونین سائٹراس یا کشتہ فولاد ۱۴۔

ترکیب تیاری: آملہ کو ایک سیر دودھ میں آٹھ پہر تک بھگوئے رکھیں تاکہ دودھ کی آلائش بالکل باقی نہ رہے۔ بعد میں چار سیر پانی میں ڈال کر آگ پر پکائیں حتی کہ تمام پانی جذب ہوجائے۔ پھر پیتل کی چھلنی میں چھان لیں۔ فضلہ پھینک دیں۔ صاف چھنے ہوئے آملہ کو روغن بادام میں بطور حلوہ پکائیں باحتیاط تمام کہ نہ آملہ جلنے پائے اور نہ کچے رہیں۔ اس میں فری ایٹ کونین سائٹراس یا کشت فولاد ملائیں، بعدہ دوسری ادویہ کوفتہ بیختہ ملا کر بعد ازاں قوام شہد و قند تیار کر کے معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ۴ ماشہ ہمراہ شیر در سرما و ہمراہ ماست در گرما۔ (ب)

معجون قبض کشاء:

نہایت اعلیٰ، رموز الاطباء، ص: ۹۳۰۔

معجون مفرح: (از حکیم عبدالعزیز لکھنویؒ)

گل گاؤزبان تولہ، پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ تولہ، پوست آملہ تولہ، گل سرخ تولہ، انیسون تولہ، کشنیز تولہ کوٹ چھان کر عرق گلاب ۱۰ تولہ، عرق کیوڑہ ۱۰ تولہ میں مصری ۲۴ تولہ ملا کر قوام بنائیں، شہد خالص ۱۲ تولہ بھی اضافہ کر دیں اور ادویہ ملا لیں۔ (ب)

خوراک: ۶ ماشہ۔

معجون: (مفتاح الخزائن)

فلفل دراز تولہ، دارچینی تولہ، بادیان تولہ، جوز بوا تولہ، مصطگی تولہ، کندر تولہ، مشک خالص ۶، تخم جوز ماثل سفید ۶ تولہ۔

شہد سہ چند وزن میں معجون تیار کریں۔

خوراک: مقدار نخود۔

فوائد: وہ تمام فوائد ومنافع جو معجون عجیب میں مرقوم ہیں، ایضاً افعال وخواص وکیفیات۔ (ب)

شہیقہ:

جواکھار ۳، دار فلفل ۳، انار دانہ تولہ، فلفل سیاہ ۳، نمک لاہوری ۳، قند سیاہ تولہ۔

حب نخودی بنائیں صبح وشام نیز رات کو سوتے وقت۔ (ب)